ہندوستان کے قدیم مشہور و معتبر ماہ نامہ "تحفۂ حنفیہ" پٹنہ کا تعارف
گیارہ ۱۱ سال کے شماروں کا اشاریہ، مدیران تحفہ کا تعارف اور تحفۂ حنفیہ کے حوالے سے
مدیرانِ تحفہ کی خدمات پر مشتمل ایک تحقیقی پیش کش

ماہنامہ تحفۂ حنفیہ پٹنہ
تعارف و اشاریہ

ترتیب و تحقیق

مفتی محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی

نوری دار الافتا، مدینہ مسجد محلہ علی خان، کاشی پور، اتراکھنڈ

تاثرات گرامی

حضرت علامہ سید وجاہت رسول قادری قدس سرہ

سابق سرپرست اعلیٰ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی

"مولانا مفتی ذوالفقار خان نعیمی حفظہ اللہ الباری دور حاضر کے جواں فکر علماے اہل سنت میں ایک امتیازی شان کے صاحب بصیرت مصنف و محقق ہیں۔ علوم قرآن و حدیث کے علاوہ تاریخ کی روایات اور اس فن کے اصول جرح اور اسماء الرجال پر بھی ان کی گہری نظر ہے۔ صالح صحافت کا ستھرا ذوق رکھتے ہیں۔ اس میدان میں بھی ان کی اپنی ایک الگ پہچان ہے۔

ماہ نامہ " تحفہ حنفیہ، پٹنہ " تعارف و اشاریہ " ایک مطالعہ ان کی تازہ قابل ستائش کاوش ہے، جو 424 صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ سچ پوچھیے تو مصنف موصوف نے ایک عہد کو قرطاس کے کوزے میں بند کیا ہے۔ یہ کتاب تاریخ و صحافت سے دلچسپی رکھنے والے ہر طالب علم، استاذ اور باذوق مطالعہ کے فرد کے لیے قابل مطالعہ ہے۔
اسے ہر تحقیقی، تصنیفی ادارے، جامعات اور مدارس کی زینت بنانا چاہیئے۔

حضرت مفتی صاحب اس عظیم علمی، تاریخ ساز اور عہد ساز کاوش کے لیے قابل مبارکباد و لائق ستائش ہیں۔ اللہ تعالی ان کے علم و عمل میں اضافہ اور فکر و نظر میں مزید بالیدگی عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔

اہل سنت کی صحافت کا قبالہ آگیا	تحفہ حنفی " لیے رنگیں مقالہ آگیا
ذوالفقار حیدری کی نسبتیں کام آگئیں	معتبر تاریخ کا فکری حوالہ آگیا
دور حاضر کے کسی معیار سے پرکھیں اسے	باقدر پاؤ گے جس کو اس سے اعلی آگیا

ذوالفقاری خامہ کی ہیں کیسی یہ گلکاریاں	دل ہوا شاداب اپنا، کیسا مالا آگیا
ذوالفقاری خامہ کی ہیں کیسی یہ گلکاریاں	دل ہوا شاداب اپنا، اچھا مالا آگیا
عارفان علم تاباں کر رہے ہیں گفتگو	جو حریم حسن معنی تھا، مقالہ آگیا

گر قبول افتد زہے عزوشرف!

ان ٹیڑھی میڑی سطور کو آپ قبول کرنے کے پابند نہیں ہیں۔

اس تکبندی میں جہاں چاہیں اصلاح فرمالیں۔

فقیر گنہگار، بیمار و بے کار کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

والسلام مع الاکرام۔

[۱۵؍نومبر ۲۰۱۹ء۔ بروز جمعۃ المبارکہ]

ہندوستان کے قدیم مشہور و معتبر "ماہنامہ تحفہ حنفیہ پٹنہ" کا تعارف،
(۱۱) گیارہ سال کے شماروں کا اشاریہ، مدیران تحفہ کا تعارف اور تحفہ حنفیہ کے
حوالے سے مدیران تحفہ کی خدمات پر مشتمل ایک تحقیقی پیش کش

ماہنامہ تحفہ حنفیہ پٹنہ
تعارف واشاریہ

ترتیب و تحقیق
مفتی محمد ذوالفقار حنان نعیمی ککرالوی
نوری دارالافتاء مدینہ مسجد محلہ علی خاں کاشی پور، اتراکھنڈ

ناشر: جیلانی مشن ممبئی

تفصیلات

کتاب: ”ماہنامہ تحفہ حنفیہ پٹنہ تعارف واشاریہ، مع تعارف وخدمات مدیران تحفہ“

مصنف: مفتی محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی، خلیفہ حضور تاج الشریعہ

رابطہ: نوری دارالافتاء مدینہ مسجد محلہ علی خاں کاشی پور اترا کھنڈ

ای میل: nooridarulifta786@gmail.com

موبائل: 9719620137.9759522786

ناشر: جیلانی مشن ممبئ

صفحات: 424

ملنے کے پتے

تاج الشریعہ بک ڈپو، نزد مدینہ مسجد محلہ علی خاں کاشی پور

اردو کتاب گھر، منگل بازار سلیب بھیونڈی

نوری مشن مالیگاؤں

رفاعی مشن ممبئ

سنی پبلی کیشنز: دہلی

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو

۳۶/سال/۷/ماہ/۲۳/دن کی مختصر سی زندگی میں بڑے بڑے کارنامے انجام دینے والے، مذہب ومسلک کی خدمات میں نمایاں کردارادا کرنے والے، رد ندویت میں اہم وکلیدی کردار نبھانے والے، ماہنامہ تحفہ حنفیہ پٹنہ کی اشاعت، مطبع ومدرسہ کااہتمام وانتظام ،اعلیٰ حضرت اورمشاہیر علماے اہل سنت کی کتابوں کی طباعت واشاعت، کابوجھ تن تنہا اپنے کاندھے پر اٹھانے والے، درجن بھر علمی وتحقیقی کتابوں کے مصنف، قادرالکلام شاعر،

"ماہنامہ تحفہ حنفیہ پٹنہ"

کے سرپرست، منتظم، اور مدیر اعلیٰ، جلیل القدر صاحب قلم، صاحب علم وفضل، معمار اہل سنت، ہادم قلعہ ندویت ووہابیت، خلیفہ اعلیٰ حضرت، حضرت مولانا قاضی

عبدالصدیق محمد عبدالوحید حنفی فردوسی، عظیم آبادی،

علیہ رحمۃ اللہ القوی، کے نام نامی اسم گرامی سے معنون ومنسوب کرنے کی سعادت حاصل کررہاہوں۔

گرقبول افتدزہے عزوشرف

نیازمند: محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی غفرلہ ولوالدیہ

تقریظ جمیل

امیر القلم حضرت علامہ ڈاکٹر غلام جابر شمس مصباحی پورنوی، دام ظلہ

سمندر میں صدف ہے اور صدف میں موتی، ہر صدف میں گوہر نہیں ہوتا، چہ جائے کہ گوہر تابدار۔ جس صدف اور سیپی میں یہ موتی، مونگا، مرجان اور گوہر ہوتا ہے وہ ہے قدرت کا انتخاب۔ ٹھیک یہی صورت حال انسانی سروں کے سمندر کی بھی ہے۔ بندہ بامرادوہ ہے ،جو ٹھہرے خدا کا انتخاب اور قدرت کا شاہکار۔جی ہاں !یہ تھے امام احمد رضا قدس سرہ کے دست راست،دوست خاص اور خلیفہ ممتاز قاضی عبد الوحید فردوسی عظیم آبادی علیہ رحمۃ اللہ الھادی۔

اس بے حد اجمال کی کچھ تفصیل کے لیے ابھی اٹھایئے پیش نظر کتاب

"تحفہ حنفیہ پٹنہ تعارف واشاریہ، مع تعارف وخدمات مدیران تحفہ"

یہ نایاب تحفہ اور ھدیہ عاطرہ کسی گنج شائگاں سے کسی طور کم نہیں۔جی ہاں !یہ اس لیے کہ لاریب اس میں ایک پر تلاطم عہد رفتہ کا شور الرحیل اور بانگ جرس اپنی پوری توانائیوں اور بھرپور رعنائیوں کے ساتھ سنائی دے گا۔کان لگا کر ذرا آپ بھی سنیے اوران بندگان پاک باز کی ارواح مقدسہ کے لیے فاتحہ پڑھ کر ایصال ثواب کیجئے۔ یہ کام نہیں،کارنامہ ہے۔جو تاریخ ساز بھی ہے اور عہد ساز بھی۔

دین ودانش اور علم وادب کا یہ اہم کارنامہ تاریخ کی دبیز تہوں میں لپٹا اور سیاہ ترین تہہ خانوں میں دبا پڑا تھا۔ ان کالی راتوں کا دورانیہ کوئی سوا سو سال سے زائد ہے وہ جو کسی نے کہا تھا! ع

مردے از غیب بروں آید کہ کارے کند

جواں سال محقق محب گرامی قدر حضرت مفتی محمد ذوالفقار خان نعیمی زید مجدہ السامی، جنہوں نے اس طویل زمان ومکان پر پھیلی ہوئی کائیوں اور سیاہیوں کے اس سمندر میں کودی لگائی، غوطہ زنی کی، جان جوکھم میں ڈال کر نسیں اور سانسیں پھلا دینے والی تیراکی کرکے جوہر تاب ناک اٹھالانے میں کامیاب ہوگئے۔ اے پروانہ لاہوتی آفریں بر ہمت تو۔

زندہ باد مفتی ذوالفقار صاحب پائندہ باد

یہ خاکسار اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے پوری کتاب بالاستیعاب دیکھنے سے قاصر رہا البتہ نظرے خوش گزرے کے نتیجے میں جو تاثر افق ذہن پر نمودار ہوا وہ فوری معرض تحریر میں آگیا، جو پیش خدمت ہے۔

خاکسار: غلام جابر شمس پورنوی، ممبئی

مشمولات کتاب

مقدمہ

چودھویں صدی میں اہل سنت وجماعت کے عقائد ونظریات کی بقاوتحفظ کی غرض سے یوں تو بہت سے رسائل منصہ شہود پر جلوہ فگن ہوئے مگر ان میں سب سے زیادہ مقبولیت وشہرت حضوراعلیٰ حضرت اور تاج الفحول وغیرھما علماومشائخ قدس سرھم کی سرپرستی میں پٹنہ سے نکلنے والے ماہوار رسالے بنام ”تحفہ حنفیہ“ کو حاصل ہوئی۔ یہ رسالہ آبروئے سنیت حضرت مولانامفتی قاضی عبدالوحید فردوسی عظیم آبادی تغمدہ اللہ الھادی، کے زیر اہتمام وادارت عظیم آباد پٹنہ سے جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ سے شروع ہوا۔

اولاً اس کا اہتمام، انتظام ادارت قاضی صاحب کے ہاتھ رہی۔ اور پھر رسالہ جاری ہونے کے چھٹے ماہ یعنی شوال المکرم ۱۳۱۵ھ سے مولانا حکیم یوسف حسن صاحب رسالہ کے مدیر مقرر ہوئے۔ قاضی صاحب لکھتے ہیں:

”چھٹے مہینے یعنی شوال سے یہ پرچہ ان شاء اللہ العزیز زیرادارت حضرت مولانامولوی حکیم یوسف حسن صاحب حنفی قادری عظیم آبادی شائع ہوا کرے گا۔“

اور پھر غالباً ۱۳۱۷ھ تک مولانا حکیم یوسف حسن مدیر رہے۔ ۱۳۱۸ھ محرم میں بحیثیت مدیر قاضی صاحب کا نام لکھا ہے۔ صفر ۱۳۱۹ھ سے مولاناضیاء الدین پیلی بھیتی مدیر ہوئے۔ اوروہ آخر تک مدیر رہے۔

قاضی صاحب رسالہ کی طباعت واشاعت میں ہمت سے زیادہ تعاون کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ رسالہ کی آمد بہت قلیل تھی اوراس کا خرچ بہت کثیر یہ تو قاضی صاحب کا بازوئے سخاوت تھا جو اس بھاری بار کو اٹھا رہا تھا۔ اگر مالی طور پر حسب منشا تعاون ہو جاتا تو رسالہ کی تمام تر دشواریاں ختم ہو جاتیں اور شاید رسالہ تا خیر یا گاہے بگاہے

التوا کے ساتھ نہ شائع ہوتا۔ مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ لکھتے ہیں:

”حضرات شخص واحد کی ہمت کو دیکھیے کہ مدرسۂ اہل سنت پٹنہ ورسالۂ تحفۂ حنفیہ ودیگر امور حسنہ میں کس قدر صرف کررہاہے اور مصارف روزبروز ترقی پذیر ہیں۔ بالخصوص تحفۂ حنفیہ کا خرچ۔ اگر آپ لوگ ادنیٰ توجہ اور تھوڑی بھی ہمت فرمائیں تو اس پرچے کے مصارف پورے طور پر انجام پائیں۔ آپ حضرات کی توجہ کی دیر ہے ورنہ یہ رسالہ ہفتہ واراشاعت پائے اوردین حق کے انوارسے دنیاکو منور فرمائے۔ پیشگی تو درکنارا گر آپ رقم باقی ہی مرحمت فرمائیں توسال ڈیڑھ سال کے مصارف نکل آئیں۔ للہ اپنے پرچہ کی طرف توجہ فرمایئے اوررقم باقی وپیشگی بنام ناظم تحفہ بھجوایئے۔ والسلام۔“ (ابوالمساکین)

[تحفہ حنفیہ، شعبان المعظم، ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

مزید لکھتے ہیں:

”حضرات ۱۳۲۰ھ بھی اختتام کو پہنچا۔ للہ اپنے دین پرچے پر کرم فرمایئے اوربقایا سنین گزشتہ وحال پیشگی ۱۳۲۱ھ مرحمت فرما کر تائید شریعت واعانت سنت کیجئے۔ یہ رسالۂ شریفہ ماہ بماہ اپنا کار منصبی خدمت دینی نہایت چستی سے ادا کررہاہے آپ حضرات کی بے توجہی اس کے حق میں نہایت مضر ہے۔ افسوس کہ جس قدر ماہواری اس کا خرچ ہے اس کا نصف بھی وصول نہیں ہوتا۔ جس طرح اوررسائل شائع ہوئے اور ناقدردانی کے باعث ان کا شائع ہونا آہستہ آہستہ موقوف ہوگیا اسی طرح یہ رسالہ بھی کب کا بند ہوگیا ہوتا لیکن حامی سنت ماحی بدعت جناب مولانا مولوی قاضی محمد عبدالوحید صاحب ادام فیضہ اللہ الواہب کی صرف تنہا ہمت پر اب تک چل رہاہے حق سبحانہ وتعالیٰ شانہ ان کے دینی جوش وخروش میں ترقی عطا فرمائے اور جزائے خیر بخشے آمین۔

صاحبو! مقام غور ہے کہ تنہا ایک شخص مصارف تحفہ کا کہاں تک متحمل ہوسکتا ہے بالخصوص جس کے ذمہ دینی مصارف کثیرہ ہوں ادھر مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کا صرف، ادھر تحفہ حنفیہ کا خرچ پھر مزید برآں دیگر مصارف دینیہ کی انجام دہی ایسے شخص کی اس ہمت عالی کو دیکھ کر سوائے اس کے اور کیا خیال کیا جاسکتا ہے کہ یہ فضل پروردگار اس کے شامل حال ہے اور خالق۔۔۔نے اُن صلحاوابرار کا ہندوستان بھر میں ایک نمونہ پیدا کیا ہے جنہوں نے دین کے مقابلے میں اپنی جان ومال کو فدا کیا ہے اور سنت کی اشاعت میں ان دونوں کی کوئی وقعت نہیں سمجھی ہے۔ آپ حضرات پر لازم ہے کہ اس قدر بار عظیم کو تھوڑا تھوڑا گوارا فرمائیں اور تنہا ایک شخص پر نہ چھوڑیں۔ (ابوالمساکین)

[تحفہ حنفیہ، شوال، ۱۳۲۰ھ صفحہ اخیرہ]

رسالہ کے خریدراوں کی فہرست میں استاذزمن علامہ حسن رضا بریلوی جیسے مقتدر علمائے کرام کا نام شامل ہے۔ بریلی شریف، بدایوں شریف، کی خصوصی توجہ سے اس رسالہ کی اشاعت ہوئی۔ اور تحریری طور پر مکمل تعاون بھی رہا۔

کچھ ماہنامہ کے حصول کے سلسلے میں

اس مقدس ماہنامے کو حاصل کرنے میں کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ ماہنامہ ۱۳۱۵ھ جمادی الاولیٰ سے غالباً ۱۳۲۷ھ تک جاری رہا۔ ہمیں اس کے قریب دوسال کے پرچے دستیاب نہیں ہوئے۔ ۱۳۱۷ھ کا ایک بھی شمارہ نہیں ملا۔ اور مدیر تحفہ کی درج ذیل تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سال چند ہی شمارے شائع ہوئے۔

"گو اس سن گزشتہ ۱۳۱۷ھ میں اس کے گنتی کے پرچے نکلے"

[تحفہ حنفیہ: محرم، ۱۳۱۸ھ، ص ۲]

افسوس ہمیں وہ بھی دستیاب نہیں ہوئے۔ خدابخش پٹنہ لائبریری میں اس سال کے تین شمارے بابت، صفر، رجب، ذیقعدہ موجود ہیں مگر کوشش کے باوجود حاصل نہ ہوپائے۔ محرم، صفر ۱۳۲۶ھ دستیاب نہیں ہوئے۔ حالانکہ یہ بھی خدابخش پٹنہ میں ہیں۔

۱۳۲۷ھ کا فقط ایک ہی شمارہ محرم کا دستیاب ہوا۔ حالانکہ پٹنہ لائبریری میں صفر، رجب، شوال اورذی قعدہ، کے پرچے موجود ہیں ۔ خدابخش لائبریری میں ہمیں دستیاب نہ ہونے والے شماروں سے متعلق تفصیل مفتی امجد صاحب قبلہ ادارہ شرعیہ پٹنہ نے دی۔ حضرت مولانا اسید الحق، بدایوں شریف، اللہ انہیں غریق رحمت فرمائے۔ انہوں نے فقیر کے اصرار پر اپنی لائبریری سے تحفہ حنفیہ کے بے ترتیب شمارے فقیر کو دئے۔ فقیر نے ان کو مرتب کیا۔ اور پھر مجلد کرایااور اس کی کاپی اپنے پاس رکھی اوراصل فائل بدایوں شریف پہنچادی۔ یہ فائل جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ سے ۱۳۲۰ھ تک تھی۔ البتہ اس میں مختلف سالوں کے قریب دس شمارے کم تھے۔

۱۳۲۱ھ سے ۱۳۲۵ھ تک کی فائل نبیرۂ حضور صدرالشریعہ حضرت مولانا ریاض المصطفی صاحب کراچی، سے حاصل ہوئی۔ انہیں سالوں کے کچھ شمارے محترم حضرت مولانا محمد یامین صاحب مہتمم جامعہ نعیمیہ مرادآباد سے اورکچھ شمارے محب گرامی قدر جناب ابرار حسین صاحب لاہور، جناب محمد ثاقب رضا قادری لاہوراورکچھ شمارے جناب مولانا خرم محمود سرسالوی، صاحب کراچی سے حاصل ہوئے۔ اللہ پاک جملہ معاونین کو اپنی رضاو خوشنودی عطا فرمائے۔ اوردارین کی سعادتوں سے سرفراز فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامی الکریم علیہ الصلاۃ والتسلیم۔

کتاب کی ترتیب کے حوالے سے

ہم نے کتاب کو تین ابواب میں تقسیم کیاہے۔

پہلا باب: تحفۂ حنفیہ خود اپنے حوالے سے

اس باب میں ہم نے ماہنامہ کا تعارف، اجرا اور دیگر سالوں کے شماروں کی اشاعت سے متعلق تاریخی قطعات، ماہنامہ کے اغراض ومقاصد، مضمون اور مضمون نگاروں کے حوالے سے ہدایات، گزارشات اور التماسات، رسالہ سے متعلق ارباب علم ودانش کے تاثرات؛ بحوالہ ماہنامہ تحفہ حنفیہ جمع کئے ہیں۔

دوسرا باب: مدیران تحفۂ حنفیہ تعارف وخدمات

اس باب میں مدیران تحفہ کی حیات کا مختصر ساخاکہ اور تحفہ میں شامل ان کی نگارشات کا تعارف، منظومات، تقریظات اوران کے نام قارئین کے مکتوبات شامل کئے ہیں۔

تیسرا باب: اشاریہ ماہنامہ تحفۂ حنفیہ:

اس باب میں ہم نے ماہنامہ کے پہلے شمارے جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ سے محرم ۱۳۲۷ھ تک کے شماروں کا اشاریہ پیش کیاہے۔

کچھ اشاریہ کے بارے میں

اشاریہ کا خاکہ کو ہم نے بہت ہی سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ ترتیب یوں رکھی ہے۔ کہ ہر سال اور ہر ماہ کا الگ الگ اشاریہ ترتیب دیاہے۔ سال اور ماہ کے حوالے سے مرکزی سرخی رکھی ہے اوراس کے تحت ٹیبل میں درج ذیل ترتیب سے اشاریہ ترتیب دیاہے۔

عنوان، مضمون، مضمون نگار اور صفحات کی نشاندہی۔

ہدیہ تشکر:

فقیر ان تمام احباب کا شکر گزار ہے جنہوں نے اس کتاب کے سلسلے میں تعاون فرمایا، تحفہ حنفیہ کے شمارے عنایت کئے، مفید مشورے دئے، طباعت واشاعت میں حصہ لیا، امیر القلم حضرت علامہ ڈاکٹر غلام جابر شمس مصباحی پورنوی، صاحب دام ظلہ کا بھی فقیر ممنون ہے جنہوں نے کتاب کو طائرانہ نگاہ سے دیکھ کر اپنے قیمتی تاثرات قلمبند فرما کر فقیر کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور خصوصی طور پر

''جیلانی مشن ممبئ'' کے جملہ اراکین کا شکر گزار و ممنون ہوں جنہوں نے فقیر کی اس کتاب کی طباعت واشاعت کی ذمہ داری قبول فرمائی۔

''جیلانی مشن ممبئ'' اعلیٰ حضرت کے دس نکاتی پروگرام کی روشنی میں مذہب ومسلک کی ترویج واشاعت کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ اللہ پاک مشن کو ترقیوں کی اعلیٰ منزلیں نصیب فرمائے اوراس کے ذریعہ مذہب ومسلک کی خوب خوب ترویج واشاعت فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم علیہ الصلاۃ والتسلیم۔

آخر میں ارباب ذوق سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کہیں کوئی خامی پائیں تو للہ آگاہ فرمائیں۔ تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔

نیازمند: محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی

باب (۱)

تحفہ حنفیہ کا تعارف خود تحفہ حنفیہ کے حوالے سے

ماہنامہ تحفہ حنفیہ کا اجرا اور قطعاتِ تاریخ

جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ سے رسالہ جاری ہوا۔ اجرائے رسالہ کے حوالے سے مولانا سید محمد ابوالوفا عمر خلیقؔ مکی حیدرآبادی نے درج ذیل تاریخی قطعہ تحریر کیا۔

تحفۂ بے بہا شد از پٹنہ
جلوہ گر با مطالب علیا
سال اجرائش خلیق بگفت
نصرت دین و دولت دنیا

(۱۳۱۵ھ)

[تحفہ حنفیہ، شعبان المعظم، ۱۳۱۵ھ ص ۴۰]

مولوی سید محمد حسین حنفی متخلص شاعرؔ سید پوری نے درج ذیل تاریخی اشعار لکھے۔

مژدہ باد اے دل کہ از فضل خدا — آمدہ ایں روز مثل روز عید
مخزن تحقیق کالبدر الدجی — نور افگن گشتہ در عالم پدید
قوت بازوے احناف آمدہ — میدہد صدیق (ا) این تازہ نوید
فرط شوق دید آں از بہر سال — طبع را کردہ تقاضائے شدید
فرق بد بین دور شاعر کرد و گفت — صادق الاخبار حنفیہ مفید

۱۳۱۵ھ

فقیر کے نزدیک اس طرح سے تاریخ اشاعت ۱۳۱۵ھ نکلتی ہے۔ صادق اخبار حنفیہ مفید۔ ۱۳۱۵ھ۔ یعنی الاخبار، کے دونوں الف حذف کے ساتھ۔ نعیمی۔

(۱) اشارہ بنام عبد الوحید غلام صدیق۔ منتظم تحفہ۔ [تحفۂ حنفیہ: جمادی الاولیٰ، ۱۳۱۵ھ، ص ۸]

علاوہ ازیں ہر سال شعرا تاریخی قطعات کہتے اور رسالہ میں انہیں شائع کیا جاتا تھا ہم وہ تمام تاریخی قطعات یہاں پیش کر دیتے ہیں۔

قطعات تاریخ سال نو: ۱۳۱۶ھ

از: مولانا مولوی ابو الجمیل محمد عبد الجلیل صاحب شیفتہؔ بھگوانپوری مدرس مدرسہ کریمیہ دامودر پور ضلع مظفر پور۔

عجب نادر یہ پرچہ ہے کہ کل پرچوں میں — نظیر اس کی کہیں اب تک نہیں دیکھی گئی
یہ وہ پرچہ ہے جو اصلاح ہر انساں کی کرتا ہے — مسلماں ہو کہ ہندو ہو یہودی ہو کہ نصرانی
مضامیں لاجواب اس کے مقاصد انتخاب اس — مسائل باصواب اس کے خطا سے سر بسر خالی
اگرچہ اس میں ہر اک قوم کے ہیں فائدے — مسلمانوں کے حق میں ہے سراپا نعمتِ غیبی
رسالے یوں تو دنیا میں ہزاروں ہیں مگر ان — نہیں ہے ایک بھی ایسا رسالہ سر بسر خوبی
لکھ از روے یقیں اے شیفتہؔ تاریخ سال نو — یہی پرچہ ہے وہ اصلاح جس سے ہو خلائق کی

(۱۳۱۶ھ)

از: جناب منشی محمد عبد المجید صاحب پیلی بھیتی متخلص بہ داناؔ:

مشتہر پٹنہ سے جب تحفہ ہوا — ہاتف غیبی نے تب مجھ سے کہا
فکر کیا ہے ازروئے جدت لکھو — سال اس کا "ارمغان بے بہا"

(۱۳۱۶ھ)

آپ کی کوشش سے اے عبدالوحید — جب یہ تحفہ پٹنہ سے جاری ہوا
سال کی تب جستجو مجھ کو ہوئی — ''مخزن تحقیق'' ہاتف نے کہا

(۱۳۱۵ھ)

از: جناب مولوی سید محمد حسین شاعر سید پوری مدرس مدرسہ اجھیانی:

تحفۂ حنفیہ کی جلد دوم — ہوگئی شائع زفضل ذوالجلال
شاعرآلکھ سال دل سے وجد میں — جلد ثانی بے عدیل و بے مثال

(۱۳۱۶ھ)(۱)

[تحفۂ حنفیہ، جمادی الاخری، ۱۳۱۶ھ ص ۳۳]

(۱) پہلے مصرعہ کے لفظ وجد سے ''ج'' کے عدد اور دوسرے مصرعہ کے اعداد ملاکر تاریخ برآمد ہو رہی ہے۔ ۱۳۱۶ھ۔ نعیمی۔

قطعات تاریخ سال نو: ۱۳۱۸ھ

از: فکر رنگین شاعر بے مثال مولوی سید شاہ محمد حسین صاحب رمزؔ قادری مدرس مہتمم مدرسہ حنفیہ جرہوہ سلمہ اللہ تعالیٰ:

ہیں سراپا اس میں نفع دین کی باتیں رقم — تحفۂ حنفیہ کا احسان بے اندازہ ہے
سال نوائے رمزؔ کیا لکھوں یہ دل کی ہے صدا — تحفۂ حنفیہ سے واللہ ایمان تازہ ہے ۱۳۱۸ھ

اعلان دین کے خاطر تحفہ سیف اللہ ہے — جی ہے سارے مذہب حق کے مخالف کانڈھال
بے سر الہام لکھا ہے سال نو بھی رمزؔ نے — تحفۂ حنفیہ سے ہوں دشمن دین پائے مال

۱۳۱۸ھ

[تحفۂ حنفیہ: محرم، ۱۳۱۸ھ، ص ۱]

قطعات تاریخ سال نو: ۱۳۲۰ھ

از: جناب شاہ محمد حسین صاحب حاجی پوری المتخلص بہ رمزؔ زید مجدہم السامی:

خوش ہے مومن نور آگین تحفہ ہے　　رہنما باز یب و تزئین تحفہ ہے

۱۹۰۲ء　　۱۳۰۹ف

جلد تاریخ عدو کُش لکھ دو رمز　　آفت جان بہر بد دین تحفہ ہے

۱۹۶۰اس م ت　　۱۳۲۰ھ

اس میں ہر مذہب باطل کا ہے رد　　کچھ عجب صنعت حق ہے تحفہ

سال نو کی ہے مستر مجھ کو　　رمزؔ لکھ قدرتِ حق ہے تحفہ

۱۳۲۰ھ

رعب تحفے کا ہے عالم میں پڑا　　سرکشی کر نہیں سکتے ہیں جہول

رمزؔ کہہ دے یہ عدو دین سے　　ساتھ تحفہ کے ہے سیف مسلول

۱۳۲۰ھ

تحفہ واللہ ربہار وہ ہے　　ہے کھِلا دین کا گلشن امید

رمزؔ باد صبا بھی کہتی ہے　　یہ رسالہ ہے عشرت جاوید

۱۳۲۰ھ

چھپ کے تحفہ جب ہوا جلوہ نما　　دل میں حاسد کے ہوا پیدا قلق

رمزؔ سال طبع ہاتف نے کہا　　پر تو نور محمد نور حق

۱۳۲۰ھ

فضل خدا سے سال ششم میں رکھا قدم　　عشاق دیکھیں تحفۂ حنفیہ کا جمال

ہم دیکھتے ہیں شرق سے تاغرب اس کا نور　　عالم میں نور بخش ہے خورشید کے مثال

محروم اس کے فیض سے تیرہ دلان دہر　　ظلمات میں ہو پرتو خورشید یہ محال

ہے جن کو آنکھ دیکھتے ہیں روشنی تمام　　اندھے اگر نہ دیکھیں تو کیا مہر کو زوال

مومن جو اس کو دیکھے تو ایمان تازہ ہو — بدبین جو دیکھ لے تو دل اس کا ہو پائمال
بددین کے واسطے یہ رہے تیغ آب دار — اہل صفا کے واسطے آئینہ جمال
حسن ملیح تحفہ چھڑکتا رہے نمک — حاسد کے دل کا زخم کبھی ہو نہ اندمال
اب روک رمزؔ خامہ کہ ہے سال نو کی فکر — تحفے کے طبع ہونے کا بھی دل میں ہے خیال
تاریخیں دونوں مصرعۂ آخر میں رمز لکھ — گلدستہ طبع گشت۔ خوشا سیر ماہ و سال

۱۳۲۰ھ ۱۳۲۰ھ

باہزاراں حسن وزینت چوں نقاب ازرخ فگند — از تجلی چشم بدبیں خیرہ شد در گل نہفت
رمزؔ سال طبع بددیں اشک حسرت ریختہ — تحفۂ حنفیہ شد اللہ اکبر طبع۔ گفت ۱۳۲۰ھ
از طبع تحفہ شاد دلِ حق پرست شد — در سلک آرزو گہرِ مدعا بسفت
جستند شائقین چو سنِ طبع آب دار — رمزؔ حزین ''سفینۂ دریاے فیض'' گفت

۱۳۲۰ھ

[تحفہ حنفیہ:، محرم، ۱۳۲۰ھ ص ۲،۱]

قطعۂ تاریخ سال جدید ۱۳۲۱ھ

از: مولانا ابوالمساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی:

ہے یہ تحفہ مخزن تحقیق۔۔۔ — منبع الطافِ خلاقِ زماں
سالِ نو لکھا سر اخلاص سے — رہنماے دین فیاض ہاں ۱۳۲۱ھ

[تحفۂ حنفیہ: محرم، ۱۳۲۱ھ ص ۱]

قطعات تاریخ سال جدید ۱۳۲۴ھ

از: جناب مولوی سید عبدالعزیز صاحب عاجز بھوساہوی:

چھپا جب سالِ نو کا پھر یہ تحفہ — ہوا غُل مِہر نو روشن ہوا اب

مبارک ہے جہاں میں یہ رسالہ ہدایت کا وسیلہ پھر ملا اب

جو پوچھا بلبلوں نے سال تاریخ کہاعاجزنے ''پھر غنچہ کِھلا اب'' ۱۳۲۴ھ

از:مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی:

شکر خدا اے جہاں۔ مخزن تحقیق نے سال نہم خیر سے۔ ختم کو پہنچا دیا

سال دہم ہے یہ اب۔ کیوں نہ ہو فرح وطرب سارے جہان میں یہی۔ دین کا ہے رہنما

حامی سنت ہے یہ۔ ماحی بدعت ہے یہ ناصرِ ملت ہے یہ۔ اس میں نہیں شک ذرا

صرف سرِ دین سے۔ کہتا ہوں تاریخ یہ قابلِ مدح و ثنا تحفۂ دینی چھپا

(اس میں آخری شعر کے پہلے مصرعہ کے لفظ دین سے حرف دال اورآخری پورا مصرعہ ملاکر تحفہ حنفیہ کی اشاعت کے دسویں سال کا سن بر آمد ہو رہا ہے۔ ۱۳۲۴ھ۔ نعیمی)

[محرم الحرام، ۱۳۲۴ھ صفحہ اخیرہ]

ماہنامہ کے اغراض ومقاصد

ماہنامہ کے یوں توبہت سے اغراض ومقاصد تھے البتہ اصل مقصد ردندوہ تھا۔ قاضی صاحب نے اس رسالہ کو ندوہ کی بڑھتی ہوئی شر پسندیوں اورریشہ دوانیوں کے سدباب کی غرض سے جاری کیا تھا۔ جیسا کہ اعلیٰ حضرت کوارسال کردہ درج ذیل خط سے اس کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے:

ناصر ملت مصطفویہ حامیِ مذہب حنفیہ جناب مولانا الاجل مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی مدظلہ العالی! تسلیم

محض غائبانہ اخوت اسلامی وحمایت مذہب حنفیہ کی جہت سے یہ خط لکھ رہا ہوں

اور مولانا عبد القادر بدایونی کو بھی لکھ رہا ہوں ، جلسہ ندویہ سے سخت بیزار ہوں اور شاید حضور بھی اس کے مخالف ہیں لہذا موافقت فی المخالفت وحمایت مذہب حنفیہ کی جہت سے ایک اخبار تردید مذہب باطلہ ومخالفت ندوہ میں نکالنے والا ہوں آپ سرپرستی کریں ،مذہب حنفیہ کو حق سمجھتا ہوں اور اس ندوہ کو باطل۔ اگر آپ لوگ آمادہ ہوں تو ندوہ حنفیہ پٹنہ میں بفضلہ تعالی قائم کروں"

علاوہ ازیں رسالہ کے اغراض و مقاصد کے حوالے سے رسالہ میں درج ذیل تحریر شائع ہوتی تھی۔ ملاحظہ ہو:

مقاصد تحفہ حنفیہ

(۱) حمایت دین وملت وحفاظت مذہب اہل سنت

(۲) اشاعت مسائل نافعہ وفضائل اخلاقیہ وترویج نصائح ومصالح دینیہ ودنیویہ۔

قاضی صاحب ایک مقام پر لکھتے ہیں:

"پیارے بھائیو! حق کے فدائیو! کیا آپ نہیں جانتے کہ مخزن تحقیق کی اشاعت سے کون سی غرض متعلق ہے اس کے مقاصد ومضامین بفضلہ تعالیٰ کیسے مفید اور نافع ہیں کیوں نہیں ضرور آپ کو اس کا علم ہے کہ اس پرچہ کی اشاعت سے حمایت اسلام اعانت مذہب اہل سنت دراصل مقصود ہے کوئی دنیاوی اغراض کسی ذاتی منفعت کا بحمد اللہ اس میں شائبہ تک نہیں" [تحفہ حنفیہ: رجب المرجب ۱۳۱۵ھ ص ۴]

مولانا عبد القیوم بدایونی رقم طراز ہیں:

"تھوڑے دنوں سے بعض سنی بھائیوں نے پٹنہ عظیم آباد سے ایک ماہواری رسالہ مسمی بہ تحفہ حنفیہ کی اشاعت کا انتظام کیا ہے۔ جس کی اصلی غرض مذہب حق کی تائید

اوراوہام روافض ووہابیہ و تفضیلیہ ونیچریہ وندویہ کی تردید ہے۔''

[تحفہ حنفیہ: محرم ۱۳۱۸ھ ص ۱۹]

مضمون اور مضمون نگاروں کے حوالے سے

پہلے پرچہ کی اشاعت کے بعد مضمون کے حوالے سے مفید آراومشورے پیش کئے گئے جن کو قاضی صاحب نے قبول کیا قاضی صاحب لکھتے ہیں:

حضرات! آج یہ خادم سنت واہل سنت دوسرا پرچہ تحفہ کا آپ صاحبوں کی خدمات میں بغرض ملاحظہ پیش کرتا ہے ہمیں سخت ندامت اورنہایت افسوس وحسرت ہے کہ اس بار تحفہ کی اشاعت میں معمول سے زیادہ (تین چاردن) تاخیر واقع ہوئی۔ اوربوجہ معزولی پریس مین سابق بہت بڑی بدنظمی بھی ظہور میں آئی للہ معاف کیجئے گا۔ ان شاء اللہ تیسرے پرچے میں آپ کو شکایت کاموقع نہ ملے گا۔ بعض حامیان تحفہ کی یہ آرائیں نہایت صائب ہے کہ قید صفحات متروک ہو۔ اوربے ضرورت ناتمام مضامین درج نہ ہونے پائیں مگرچوں کہ پہلی بار ہمیں ناظرین کوپرچہ کا طرز دکھلانامنظور تھا اور ہر مضمون کاایک مختصر خاکہ پیش کردینا بھی بہت مناسب تھا کہ تحریر بھیجنے والوں کو دقت نہ ہواسی نمونہ کے مطابق تحریریں ہر عربی ماہ کے لیے ۲۵ر کو مرحمت کریں۔ بفضلہ تعالیٰ آئندہ سے ان سب باتوں کا معقول انتظام کیاجائے گا اوراس کی شان ان شاء اللہ ضرور دیکھنے کے لیے لائق ہو گی۔ آپ قدردانی تو کیجے جایئے۔ والسلام۔ الملتمس منتظم تحفہ۔ [تحفۂ حنفیہ: جمادی الثانی، ۱۳۱۵ھ صفحہ ۱تا۳]

مضامین تحفہ حنفیہ بقید صفحات

رسالہ میں کس قسم کے مضمون ہوں گے اور کس صفحہ پر کون سا مضمون ہو گا اس کی تفصیل رسالہ میں کچھ یوں بیان کی گئی۔ ملاحظہ ہو:

”(۱)صفحہ ۱۔۸۔چوٹی کے مضامین۔اعلیٰ تحریریں جن سے اسلام ومذہب اہل سنت کی تقویت ہو۔قصائد ومسدس وغیرہاجو مسلمانوں کوخواب غفلت سے بیدار کریں اوراسلامی احکام کی تعمیل اور تکمیل میں مستعد بنائیں۔

(۲)صفحہ ۹۔۱۶۔ مجلس عالی حمایت سنت محمدی ۱۳۱۵ھ ،کے ماہانہ جلسوں کااجمالی بیان، اسلام واہل اسلام کے متعلق اچھی خبریں ،بقعات متبرکہ واہل اسلام کے فضائل، محامدوبرکات اسلام ومذہب باطلہ پرافضلیت کی بحث،عروج وتنزل اسلام کے اسباب،دونوں کے صحیح جلووں کے نقشے جومسلمانوں کواشاعت مذہبی کی طرف توجہ دلائیں۔

(۳)صفحہ ۱۷۔۲۲۔مسائل ضروریہ فقیہ وفضائل شہوروایام وادعیہ ماثورہ،حالات دوزخ وبہشت وقیامت وعقائد محکمۂ اہل سنت کانفیس ذکر۔

(۴)صفحہ ۲۳۔۳۲۔تردیدعقائدفاسدۂ مشرکین وکافرین ومبتدعین منافقین مثل ہنودوآریہ سماج پادریان ومشزیان نصاریٰ ویہود۔روافض ،شیعہ، تفضیلیہ وخوارج۔وہابیہ نجدیہ وغیرمقلدین ۔معتزلہ ، قدریہ،جبریہ،نیچریہ،دہریہ،وبالخصوص ندویہ وغیرہم۔معہ تحقیق مسائل متنازعہ فیمابین المسلمین والمبتدعین وآرائے علماے اہل سنت جن سے اجماع امت کاحال معلوم ہو۔

(۵)۳۳۔۴۰۔سیرت انبیاواولیااخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم آل واصحاب وتابعین وتبع تابعین لاسیماائمہ اربعہ مجتہدین ومشاہیر سلف صالحین واصفیاے متقین رضوان اللہ علیہم اجمعین۔کے فضائل وتاریخی حالات اسلامی سلاطین حال وپیشین کے مذہبی کوششوں کامبارک تذکرہ ان کے برگزیدہ صفات کامجمل بیان۔

(۶)۴۱۔۴۴۔بطورضمیمہ کارآمدلطائف وظرائف مفیدحکایات ودل چسپ اسلامی قصے۔فقط۔[تحفۂ حنفیہ:جمادی الاولیٰ،۱۳۱۵ھ،صفحہ اخیرہ]

مطالب مضامین

مدیر تحفہ نے مضامین کے عناوین کے بعد ارباب قلم سے مضامین لکھنے اور رسالہ کے لیے اپنی نگارشات ارسال کرنے کی درخواست پیش کی۔ لکھتے ہیں:

مطبوع یہ تحفہ ہو رسول عربی کو
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی کو

نحمد اللہ ذی العلیٰ والجود و به الاعتصام فی المقصود
ونصلی علیٰ رسول اللہ و علی آل خیر خلق اللہ

ہر آبروئے کہ اندوختم زدانش و دین
فدائے خاک رہ این نگار خواہم کرد

ان شاء اللہ میرا ارادہ ہے کہ اس پرچہ کو ہر طرح کے علمی کمالات کا خزینہ اور مذہبی تحقیقات کا گنجینہ بناؤں ۔ مضامین تحفہ کو اسی دن کے لیے قصداً وسعت دی گئی کہ سخنوران زمانہ و شاعران یگانہ کو ارباب زمانہ و مشتاقان تحفہ کے سامنے اپنے عمدہ انشاپردازی و نفیس سخن طرازی کے اعلیٰ نمونے پیش کرنے کا پورا موقع ملے۔ تفسیر میں حدیث میں فقہ میں اصول میں تاریخ میں فسانہ میں بلاغت میں فصاحت میں نظماً و نثراً جس سے جو بلا تکلف ہو سکے اپنی قابلیت کے جوہر دکھائے۔ اب علمائے عصر و کملائے دہر سے بصد عجز والحاح عرض بے غرض ہے کہ مقاصد مضامین پرچہ کو پیش نظر رکھ کر چوٹی کے کلام، منتخب مضامین جلد جلد ارسال دفتر فرما کر ہمیں ممنون احسان فرمائیں ۔ اور اس ذریعہ سے اسلام و مذہب اہل سنت کو وہ تقویت پہنچائیں کہ ان کے دل فریب جلوے آنکھوں کے سامنے پھر جائیں ۔ ہاں یاران قدردان سے بھی التماس ہے کہ ہماری محنت کی داد دیں ۔ دامے، درمے، قدمے، سخنے ہر طور سے اس ارمغان کے مطبوع خاص و عام بنانے میں دریغ نہ کریں۔ اور خریداروں کے فہرست کی ارسال سے میری ہمت بڑھائیں۔ اور مخالفین کے حوصلے پست کریں ۔ اگر خواستہ خدائے برتر ہوا تو ہم بھی اس عنایت کے

صلہ میں وہ گہر آبدار نذر کرنے کو حاضر ہیں جو کبھی کسی نے دیکھے ہوں نہ سنے۔ ایسی دل پذیر تحریریں، رنگین مضامین معاوضہ میں پیش کرنے کو مستعد ہیں جسے مخالفین نکتہ چین بھی دیکھ کر پھڑک اٹھیں تو میرا ذمہ۔ یاران طریقت اسے پڑھ کر نہ اچھل پڑیں تو کچھ کہیے گا۔ مختصر یہ ہے کہ اللہ پاک وحبیب سرور لولاک۔ کی مہربانیوں اور آپ کی نوازشوں سے ہمیں بہت کچھ امید ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

[تحفہ حنفیہ، جمادی الاولیٰ، ۱۳۱۵ھ ص ۲ تا ۶]

مضمون کی خوشخطی وغیرہ کے حوالے سے ہدایات

مضمون معیاری، صاف اور خوش خط لکھنے اور وقت پر ارسال کرنیکے حوالے سے ارباب قلم سے مدیر تحفہ نے ان الفاظ میں گزارش کی۔ لکھتے ہیں:

"جملہ نامہ نگاران عالیشان سے براہ کرم ملتجی ہوں کہ اب سے جو تحریریں ارسال فرمائیں صاف حرفوں میں بقید یاے معروف ومجہول ونیز جو عبارت عربی ہو نسخ خط میں جو عبارت اردو ہو نستعلیق میں (خواہ طبعی حرف ہوں) مرحمت فرمایا کریں۔ کیوں کہ بعض کرم فرماؤں نے وہ دھر گھسیٹ مچایاہے کہ معاذاللہ آپ لوگوں کا کوئی نقصان نہیں لیکن بندہ کو دقت ہوتی ہے امیدوار کہ اس التماس کو قبول فرما کر تحریریں مرحمت فرمایا کریں۔ ورنہ تحریروں کے اندراج میں بڑی مشکل ہو گی۔ فقط۔

[تحفہ حنفیہ، ربیع الاول والآخر، ۱۳۱۶ھ ص ۴۶]

دوسرے مقام پر مدیر تحفہ نامہ نگاران تحفہ سے مضمون خوش خط، معیاری لکھنے نیز ارباب قلم سے مضامین کے عناوین منتخب کر کے لکھنے کی درخواست پیش کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"سخت افسوس ہے کہ باوجود الحاح ومنت تنبیہ شدید وتاکید بلیغ نامہ نگاران تحفہ نے حسب مطالبہ پرچہ تحریریں نہ مرحمت فرمائیں۔ ازراہ کرم ہر عربی مہینے کی ۲۵ر تک

تحریریں بھیج دیں۔ کہ اس ماہ کے بعد کے پرچہ میں تحریریں درج ہوں۔ ورنہ خلاف وقت بھیجنے میں انتظام میں دقت ہوتی ہے۔ دیگر عرض یہ ہے کہ جو تحریر بھیجیں وہ خوش خط صاف حروں میں لکھی ہو۔ عربی کا ترجمہ بھی کر دیا کریں کہ ناظرین کو آسانی ہو۔ مختصر تحریروں اور مفید مضامین کا خیال رکھیں تاکہ ناظرین تحفہ کو بار نہ ہو۔ ادھوری تحریر باقی آئندہ کر کے نہ بھیجیں۔ ایجاز کے ساتھ ضروری اور کارآمد اور کافی ہو۔

(حضرات یہ طریقۂ تحریر رکھیں کہ خلائق ہدایت پائیں اور شوق عبادات ہو برائیوں سے بچیں اس تحفہ کا یہی مقصد ہے) اس خوبصورتی کے ساتھ تحریر بھیجیں کہ جس مبحث میں قلم اٹھایا اس کے مالہ وماعلیہ پر غائر نظر ڈال جائیں کہ پھر کسی دوسری تحریر کے اندراج کی اس مبحث میں ضرورت نہ پڑے۔ تردید مخالفین اسلام وابطال مکائد فرق باطلہ میں مخالف کے کتابوں کا حوالہ بقید صفحہ وسطر ضرور دیا جائے کہ تذبذب نہ رہے۔ بسبب عدم انضباط قواعد ایک ہی مبحث میں چند آدمیوں کی مکرر تحریریں پہنچ جاتی ہیں اور بعض کے عدم اندراج میں نامہ نگار صاحب کی رنجیدگی کا خیال ہوتا ہے لہٰذا اگر یہ رائے پسند کریں تو بہت عمدہ ہے کہ ایک صاحب تردید ہنود وآریہ ونصاریٰ ویہود یا دیگر مخالفین اسلام اپنے ذمہ لیں۔ (خط وکتابت سے طے کرلیں اور تحفہ میں شائع کر دیا جائے)

اور بالالتزام ماہانہ تحریر بھیجیں (ان سے غیر مبحث میں تحریر نہ لی جائے گی الا عند الضرورت) دوسرے صاحب ردنیاچرہ ودہریہ وندویہ وقادیانی وغیرہ ضروری سمجھیں ۔ تیسرے صاحب ردوہابیہ وغیر مقلدین وخوارج اور چوتھے صاحب ابطال مکائد روافض وشیعہ تبرائیہ وشیعہ تفضیلیہ کا بار اپنے سر لیں ۔ کوئی صاحب تفسیر قرآن وشرح مضامین احادیث وفقہ اپنا فرضی منصبی تصور فرمائیں ۔ اسی طرح ایک صاحب مضامین متفرقہ تواریخ وسیر واخلاق شمائل وغیرہ مباحث میں تحریر بھیجنی لازم جانیں۔

اعلیٰ درجہ کی نظم قومی وغیرہ بھی جو تائید اسلام واعانت سنت کے قوی ذرایع ہوں ضرور درج کی جائیں گی۔ اشتہار تحفہ وتاریخ ومدرسہ چھپا ہوا رکھا ہے۔ وکلاے تحفہ

طلب فرما کر تقسیم فرمائیں۔ صاحبان اخبار گلدستہ سے بھی التماس ہے کہ اپنے پرچے کے کسی گوشہ میں وہ مضمون درج کردیں ۔ دفتر تحفہ بھی ہر وقت اس کے معاوضہ کو حاضر ہے۔"

[تحفہ حنفیہ، ربیع الاول،۱۳۱۸ھ ص ۱۲،۱۱]

ابتدا میں غزلیں وغیرہ بے ترتیب شائع ہوتی رہیں مدیر تحفہ غزلوں کے طرحی ہونے اور منتخب غزلوں کی اشاعت نیز تحریروں کے خوش خط اور صاف بھیجنے اور وقت مقررہ پر پہنچانے کے حوالے سے گزارش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ازانجا کہ یہ پہلا پرچہ ہے لہٰذا غیر طرح کی غزلیں درج کردی گئیں ان شاء اللہ اب سے ہر طرح کی منتخب غزلیں درج ہوا کریں گی۔ تحریریں خوش خط صاف ہر عربی ماہ کے پہلے تاریخ پہنچ جایا کرے۔ طرح برائے ربیع الآخر ع

یا نبی دولت دیدار میسر ہو مجھے

طرح برائے جمادی الاول ع

چار یار نبی پہ شیدا ہوں

غیر طرح کی فقط عمدہ غزلیں درج ہوں گی وبس۔"

[تحفہ حنفیہ: ربیع الاول،۱۳۱۸ھ ص۸]

مضمون نگار اور معاونین حضرات کو ہدیہ تشکر: از مدیر تحفہ

مدیر و منتظم تحفہ قاضی عبد الوحید فردوسی صاحب نے مضامین موصول ہونے پر مضمون نگار حضرات کا شکریہ ادا کیا اور ساتھ ہی مزید قلمی تعاون کی درخواست کی اور ساتھ ہی دیگر ارباب علم خاص کر استاذ زمن علامہ حسن رضا بریلوی سے قلمی تعاون کی درخواست پیش کی۔ اوران تمام معاونین کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے کسی طور بھی تعاون پہنچایا۔ ملاحظہ کریں:

من لم یشکر الناس (داد کلام) لم یشکر اللہ

حضرات! ہم پر بڑا احسان ہمارے مہربانوں کا ہے جنھوں نے محض خلوص اور ہمدردی سے میری نہیں بلکہ اپنے پاک مذہب کی اعانت فرمائی۔ ابھی پہلا پرچہ چھپا بھی نہ تھا کہ مجرد اشتہار دیکھ دیکھ کر میرے قدردانوں نے اپنے پاکیزہ نظم و نثر بھیجنے شروع کر دیئے۔ اور نہایت اصرار سے اس کے درج کرنے کی فہمایش کی۔ جسے اس بار ہم نہایت شکریہ کے ساتھ نقل کر کر ناظرین کے ملاحظہ میں پیشکش کرتے ہیں اس مقام پر ہم ان مہربانوں کے نام جن سے ہمیں اشاعت تحفہ میں کسی نوع کی مالی یابدنی مدد پہنچی ہے تحریر کر دیتے ہیں کہ دوسرے ارباب علم، مشاہیر زمانہ ان کی تقلید فرما کر اپنے فصیح تقریروں بلیغ تحریروں سے اوراق تحفہ کو زینت دیں اور میرا حوصلہ بڑھائیں۔ ان شاء اللہ ہم کسی کے کمال کی داد رائگاں نہ جانے دیں گے۔

اپنے کرم فرما حضرت مولانا مولوی حکیم عبدالقیوم صاحب عثمانی حنفی قادری بدایونی دام مجدہ کا میں سب سے زیادہ تہہ دل سے ممنون ہوں کہ آپ نے دس مشتاقان تحفہ بہم پہنچادیئے۔ اور پہلے پرچہ کے شائع ہو جانے پر آپ نے تحریراًو تقریراًنظماًو نثراًہر طرح پر اعانت کا وعدہ فرمایا ہے ہمیں آپ کا سطوہ میں وہ مناظرہ تحریری یاد ہے جو مولوی عبدالحق صاحب مولف تفسیر حقانی سے ہوا تھا، جس میں اعلام مولفہ حقانی صاحب کی پوری دھجیاں اڑ گئیں۔ اور سطوہ کے سامنے آج دو برس ہوتا آتا ہے وہ چین بول کر رہ گیا مگر یہ سب کچھ سہی ذرا نظر توجہ ادھر بھی رہے تو احسان بالائے احسان ہے۔

میرے دوست مولانا حسن رضا خان صاحب قادری بریلوی: آپ سے کہتا ہوں کہ اس وقت آپ کا سکوت کسی طرح زیبا نہیں۔ میں جانتا ہوں کہ ندوہ مطرودہ کے قلع و قمع سے آپ کو فرصت کہاں ہوگی، جو غریبوں کی طرف کچھ التفات ہو۔ خدا کرے آپ

جلد اس بلائے بے درمان کو دور کرنے کے بعد اس پرچہ کی عزت افزائی کریں۔ اور مولانا حامد رضا خان صاحب و مولانا امیر اللہ صاحب، مولانا ضیاء الدین صاحب، مولانا حافظ یقین الدین قادری و مولانا مومن سجاد و صاحبان بریلی زیدت الطافہم کو تحریر و تقریر پر ابھاریں تو زہے قسمت۔

جناب سید شاہ محمد حسین و سید شاہ احمد حسین و مولوی عبد الباری و حافظ سلامت اللہ صاحبان جرہوہ کا نہایت مشکور ہوں کہ تحریرات لاجواب سے مدد پہنچائی۔ مولوی سید محمد عبد الشکور عرشی و مولوی غیاث الدین و مولوی ظہیر الدین و حافظ محمد اسحاق صاحبان عظیم آباد کے مضامین بے مثل رہے۔ اپنے عنایت فرما جناب مولانا مولوی حافظ عبد الواحد خان صاحب رامپوری بہاری مدرس مدرسہ فیض رسول کی قدردانیوں کو بھی ہم کسی حال میں فروگذاشت نہیں کرسکتے کہ آپ نے ایک مستقل رسالہ رد وہابیہ میں تحریر کرکے شائع کرنے کو بھیج دیا ہے۔ دوسرے پرچہ میں اس کی خوبی ملاحظہ فرمائیے گا۔ حضرت کاملؔ بہاری کو اچھا موقع ہے کہ اپنا کمال دکھلائیں۔

مولانا عبد القادر و مولوی بشارت حسین صاحبان بہار کے منتخب مضامین نظم و نثر کی دید کے ہم منتظر بیٹھے ہیں۔ مولوی فضل حق صاحب پہاڑپوری و مولوی اسد اللہ صاحب منیری، مولوی فضل کریم صاحب نگر نہسوی، منشی قمر الدین و منشی مقبول احمد صاحبان جرہوہ کے مضامین کا انتظار نہایت گراں ہو رہا ہے۔

ندوہ شکن قامع فتن حضرت مولانا کریم رضا صاحب قبلہ اشاعت پرچہ میں دریغ نہ کریں گے مولانا حافظ فتح الدین و مولانا امیر علی صاحبان صدر و نائب صدر مجلس عالی پٹنہ سے التماس ہے کہ اس پرچہ کو ضرور اپنے نفیس نظم و نثر کا مستحق سمجھیں۔ بالخصوص نائب صدر صاحب کے قصائد نعتیہ کا زمانہ نہایت مشتاق ہے۔ میرے شہر کے حضرات شوق و

آزاد (تھوڑی دیر کے لیے مذوہ کا ساتھ چھوڑ کر) ذرا جی کڑا کر کے کچھ لکھیں تو پرچہ کی رونق اور دوبالا ہو جائے گی۔ اسی طرح مولوی حکیم عبد اللہ صاحب حنفی قادری اور منشی محمد اعظم صاحب فردوسی کے رنگین مضامین دلچسپ تحریروں کے دیکھنے کے لیے ارباب زمانہ بے چین ہیں۔ عبادت سے فارغ ہو کر اس پرچہ کو بھی اپنی عنایت کا مستحق سمجھیں۔

مولانا فصاحت عالم، مولانا شفیع عالم، مولانا بشارت کریم، مولانا عبد الرحمان صاحب سلر دی، مولانا ضمیر الدین، مولانا عبد القیوم، مولوی عبد الرحمن حنفی موتی ہاردی، مولوی محمد صادق صاحبان علمائے حنفیہ صاحب گنج کے بھی ہم بہت مرہون منت ہیں کہ انھوں نے بڑی عرق ریزی سے مذوہ مخذولہ کے بلائے بے درمان کو اطراف وجوانب شہر سے دور فرمایا۔ مگر ہم اتنا اور بھی ضرور چاہتے ہیں کہ تحفہ کی امداد میں دریغ نہ کریں۔ اوقات فرصت میں آپ کا تھوڑا لکھ کر بھیج دینا بھی ہم بہت سمجھیں گے۔

جناب مولانا مولوی حکیم یوسف حسن صاحب مہتمم مجلس عالی پٹنہ کی شیریں بیانیاں اور تحریر کی دل آویزیاں بھی دل سے بھولنے کی نہیں ۔خدا کرے مولانا کے صاحب زادے سلمہ اللہ صحت کلی پائیں اور جناب ممدوح کی پوری توجہ اس پرچہ پر مبذول ہو۔ آپ کی علمی قابلیت و اعلیٰ انشا پردازی و سخن طرازی کا اک زمانہ قائل ہے۔ مضامین جلد مرحمت فرمائیں تو مناسب ہے۔ مولانا سید محمد ابو سلیمان عبد العزیز صاحب بھوساہوی کا ہم پر بڑا شکریہ واجب ہے کہ آپ نے ایک مبسوط مضمون فضائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھ کر مرحمت فرمایا ہے جسے بتامہ شائقین تحفہ پرچہ جمادی الآخر میں ملاحظ فرما کر حظ وافر اٹھائیں گے۔، کاش مولانا ممدوح جیسے دین دار عاشق سنت عالی ہمت حضرات اور نکل آئیں تو پھر تحفہ کی آن بان قابل دید ہو۔ مولانا صاحب کی مزید توجہ درکار ہے۔

حامی سنت مولانا سید محمد حسین صاحب شاعر سید پوری مدرس اجھیانی کی غائبانہ

ہمدردی بھی نہایت قابل تعریف ہے، کہ آپ نے تحفہ حنفیہ کی اشاعت کی بابت ایک عمدہ قطعۂ تاریخ لکھ کر روانہ فرمایا۔ اور پرچہ کی اعانت کی بڑی امید دلائی ہے۔ جناب مولانا سید محمد ابو المنصور صاحب امام فن مناظرہ اہل کتاب و مولانا سید محمد ناصر علی و مولوی ارشاد حسین و مولانا محمد نواب مرزا چشتی صاحبان دہلی کو تحفہ اپنی جانب متوجہ کرنا چاہتا ہے۔ دیکھیے ان حضرات کے ہم کتنے مشکور ہوتے ہیں۔ اپنے معزز مخدوم مولوی محمد نصرت علی صاحب دہلوی و قدیم عنایت فرما خواجہ تجمل حسین صاحب اکبر آبادی مالک ''زمانہ'' آگرہ کی خدمت میں تحفہ کی بصد منت التجا ہے کہ اس پرچہ کو خاص اپنا سمجھ کر مثل ''زمانہ'' و ''نصرت'' اپنے خوش کلامیوں اور رنگین بیانیوں سے اس کی عزت افزائی کریں۔ بلکہ ''زمانہ'' و ''نصرت'' کے مضامین یہیں چھپا کریں تو اور بہتر ہے۔ ہر طرح کے جانی و مالی معاوضہ کو یہ پرچہ حاضر ہے۔

مولانا معین الدین صاحب کیفی میرٹھی و مولوی معین الدین صاحب آگروی کچھ مضامین اپنے یہاں بھی بھیج دیا کریں تو تحفہ کے لیے باعث فخر ہے۔ مولانا عتیق احمد صاحب پیش امام جامع مسجد پیلی بھیت کی ذات سے ہمیں بڑی تقویت ہے خدا انہیں اور حضرت محدث سورتی کو صحت عاجلہ عطا فرمائے اور اس پرچہ کے اعلیٰ معاونین سے بنائے۔ حافظ رحیم اللہ صبا اکبر آبادی مرحوم کے انتقال سے ہمیں سخت صدمہ ہے۔ ساری امیدیں میری خاک و خون میں مل گئیں۔ مولانا سید محمد امجد علی صاحب اشہری کے ملیح الکلامی کی قدر کچھ ارباب نیچر ہی جانتے ہیں۔ افسوس اصحاب ندوہ نے انھیں اپنا کر لیا۔ ورنہ جناب ممدوح سے ہم بھی کچھ لکھنے کی فرمائش کرتے۔ مگر ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارے پیارے دوست خواجہ تجمل حسین صاحب کے کہنے سننے سے مولانا مصلحین ندوہ کا شاید ساتھ دیں تو بعید نہیں۔ مولانا نذیر الحسن صاحب ایرایانی مصنف ''آہ مظلوم'' و مولوی امام

الدین صاحب فتح پوری کی تقریروں، تحریروں کے سننے دیکھنے کی بڑی آرزو ہے۔ مولانا خیر الدین صاحب پیش امام ٹیپو مسجد کلکتہ سے خاص التماس ہے کہ تردید وہابیہ کا حصہ خاص اپنے ذمہ لیں۔ دیگر ارباب سنت مصلحین ندوہ اگر میرا ساتھ نہ دیں تو جائے حیرت ہے۔

اعلیٰ حضرت تاج الفحول محب الرسول مخدومنا وسیدنا مولانا حافظ حاجی عبد القادر صاحب قادری بدایونی، عالی منزلت، حامی سنت، ماحی بدعت، مقتدانا مولانا حافظ حاجی احمد رضا خان صاحب قادری بریلوی، والا مرتبت شمس العلماء مولانا مولوی محمد ابوسعید صاحب ایرایانی استاد ناظم ندوہ وخلیفہ ارشد حضرت مولانا گج مرادآبادی مرحوم، مکرمی مولانا حافظ حاجی عبد الصمد صاحب صدر مجلس بریلی۔ معظمی مولانا عبد المقتدر صاحب بدایونی، استاد استاذی مولانا کمال صاحب قبلہ محدث عظیم آبادی، استادی مولانا عبد العزیز صاحب قبلہ انبھٹوی، حضرت سلطان العارفین مولانا شاہ امین احمد صاحب بہاری، حضرت برہان الکاملین مولانا شاہ بدر الدین صاحب پھلواری، حضرت قطب الواصلین مولانا سید شاہ محمد اکبر صاحب واناپوری، حضرت اسوۃ الزاہدین مولانا سید شاہ عزیز الدین صاحب ونخبۃ العاشقین مولاناشاہ نصیر الحق صاحب ہمیشہ سلامت رہیں ۔ جن کے دم قدم سے آج ہندوستان میں اسلام کی اشاعت، مذہب اہل سنت کی حمایت وابستہ ہے۔ ان ہی حضرات بابرکات کے اسمائے طیبہ کے ساتھ ہم اس دینی رسالہ کو معنون کرتے ہیں امید کہ حضرات ـــــ۔ اس تحفۂ مختصرہ کو قبول فرما کر اس کے بے بہا بنانے میں کوئی کسر نہ باقی رکھیں گے۔ فقط خادم سنت واہل سنت عبد الوحید غلام صدیقی حنفی الفردوسی (منتظم تحفہ)

[تحفہ حنفیہ: جمادی الاولیٰ، ۱۳۱۵ھ ص ۲ تا ۶]

مولانا حکیم عبد القیوم بدایونی کے مضمون بعنوان ''الحق یعلو ولا یعلی'' کی اشاعت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے قاضی صاحب لکھتے ہیں:

قا صد ر سید سا خت معطر مشا م ما

گو ئی چناں کہ با د صبا ا ز چمن ر سید

بھلا یہ ممکن تھا کہ اہل سنت کے لیے تحفہ سانادر پرچہ پٹنہ سے شائع ہو۔ اعلیٰ انشا دازان یگانہ قابل سخنوران زمانہ اپنے اخباروں رسالوں میں اس صحیفۂ قدسیہ کی مدح وستائش میں مصروف ہوں نفیس تقریظیں لکھیں۔ اشاعت رسالہ میں ارباب عصر کو توجہ دلائیں اور میرے یارومددگار معزز مخدوم حضرت مولانا مولوی حکیم عبد القیوم صاحب عثمانی حنفی قادری بدایونی زیدت اکرامھم خاموش بیٹھے رہیں۔ چودھویں صدی کے نگارش گر ہو کر اپنی خوش کلامیوں سے شائقین تحفہ کو محروم رکھیں، اپنے قابل قدر کلام زیبا کو بستوں میں باندھے رہیں۔ نہیں ہر گز نہیں۔ عین عالم انتظار میں آپ کی پیاری تحریر بے نظیر جس کی سرخی ''الحق یعلو ولا یعلیٰ'' ہے جس کی زیارت سے ابھی ابھی ناظرین فیضیاب ہو چکے ہیں موصول ہوئی غنچۂ امید نے صورت شگفتگی دکھلائی۔

اللہ پاک اس تحریر سے مذہب اہل سنت کو تقویت بخشے۔ اور مخالفین کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے۔ اور مولانا ممدوح کو سعادت کونین وکرامت دارین نصیب کرے۔

آمین الٰھی آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ الیٰ یوم الدین۔ (منتظم تحفہ)

[تحفہ حنفیہ: جمادی الثانی، ۱۳۱۵ھ ص ۲۱]

مولانا مولوی سید محمد عمر صاحب قادری حیدر آبادی، مولانا محب احمد عبد الرسول صاحب مارہروی اور مولانا محمد عمر الدین صاحب کے مضامین کی وصولیابی اور رسالہ کے خریدار بنانے پر قاضی صاحب نے درج ذیل الفاظ میں شکریہ ادا کیا:

''ایھا الناظرین: نظر انصاف سے ملاحظہ کیجئے۔ کہ یہ تحریر علم کے متعلق کس

وقعت کی ہے اس کے لکھنے والے کی کیسی زبردست استعداد علمی ہے اورانشاپردازی ومضمون نگاری کاتو گویااس ذات پر خاتمہ ہورہاہے۔اللہ تعالیٰ دن دونی رات چوگنی میرے پیارے نگارش گر کی عمروجاہ وحشمت میں ترقی دے کہ تحفہ کی چہل پہل آج اسی کے دم سے ہے۔آمین الٰہی آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہم اپنے مخدوم محترم حضرت مولانامولوی سید محمد عمرصاحب قادری حیدرآبادی،وحامی شرع رسول مقبول جناب مولانامحب احمد عبدالرسول صاحب مارہروی،وناصر دین نبوی مولانامحمد عمرالدین صاحب مقیم بمبئی کے بھی نہایت احسان مندہیں کہ ان حضرات موصوفین سلمہم اللہ العزیزنے مضامین زیبامرحمت فرمائے۔حسبۃ للہ تحفہ کوخریدار بہم پہنچائے۔جزاہم اللہ خیرالجزاء۔

بفضلہ تعالیٰ اس وقت تک پانچ پرچے آپ تک پہنچ چکے اوربعون اللہ اگر ہرطرح خیریت رہی برابرپرچے پہنچاکریں گے۔مگراس باردوپرچے شعبان ورمضان کے ساتھ شائع کردیئے گئے کہ ماہ مبارک کے فضائل سے لوگ واقف ہوکرہمہ تن خیرات ومبرات میں مشغول ہوں اورنیزیہ کہ ہرماہ کاپرچہ ہرماہ میں مل جایاکرے۔دوسری غرض یہ ہے کہ چھٹے مہینے یعنی شوال سے یہ پرچہ ان شاء اللہ العزیززیرادارت حضرت مولانامولوی حکیم یوسف حسن صاحب حنفی قادری عظیم آبادی شائع ہواکرے گا۔اورآپ کاخادم بحیثیت منتظم تحفہ ومہتمم مطبع بعونہٖ تعالیٰ خدمت کوحاضرہے۔والسلام۔(منتظم تحفہ حنفیہ)

[تحفہ حنفیہ:شعبان المعظم،۱۳۱۵ھ ص۶۸]

مضامین کی عدم اشاعت پرعذرخواہی

کچھ تحریروں کی ناتمام اشاعت پرمعذرت پیش کرتے ہوئے قاضی صاحب رقم طرازہیں:

اعتذار واجب الاظہار:

ہمیں نہایت افسوس ہے کہ پہلے پرچے کی ناتمام تحریریں اس وقت تک طبع نہ ہوسکیں اور میرے قدیم مہربانوں کا قرضہ بھی ہم پر باقی رہا مگر آپ جانتے ہیں ایسا کیوں ہوا اس کی وجہ صرف یہی نہیں کہ ان کی تحریریں بہت دیر کو پہنچیں بلکہ ماشاء اللہ تحفہ کے ہر دل عزیز ہونے نے لئے کرم فرماؤں کو ایسا کچھ گرویدہ بنادیا کہ ان ہی کی تحریرات عالیہ حسب موقع درج ہوتی رہیں میرے قدیم احباب دل نہ چھوڑیں ان شاء اللہ شوال کے پرچے میں یہ شکایتیں رفع ہو جائیں گی۔ نئ تحریریں ساتویں پرچے میں طبع ہونے کی غرض سے محفوظ رہیں گی۔ لہٰذا التماس ہے کہ ازراہ کرم آئندہ سے ہر ماہ کے لیے ۲۴؍تک تحریر روانہ کر دیں۔ ۲۵؍ سے انتظار تحریر نہ کیا جائے گا۔ اور دوسرے ماہ کے لیے بچار کھی جائے گی۔ العذر عند کرام الناس مقبول۔ منتظم تحفہ۔

[تحفۂ حنفیہ:، شعبان المعظم، ۱۳۱۵ھ ص ۱]

حضور اعلیٰ حضرت کے سفر حج کے حوالے سے مضمون کا وعدہ کیا گیا اور بروقت مضمون شائع نہ ہو سکا تو مدیر تحفہ نے درج ذیل الفاظ میں معذرت خواہی کی:

"حضرات ناظرین سے جو وعدہ کیا گیا تھا کہ امام اہل سنت اعلی حضرت مولانا مولوی قاری حاجی احمد رضا خان صاحب مد ظلہ العالی کے حالات سفر حرمین شریفین مع واقعات پرچۂ رجب میں شائع ہوں گے وہ اس بنا پر کہ قوی خیال تھا کہ مرتب و قلم بند ہو کر جمادی الآخرہ تک دفتر تحفہ میں پہنچ جائیں گے لیکن ہنوز نہیں آئے۔ اگر شعبان تک آگئے جیسا کہ پورا خیال ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پرچہ رمضان المبارک میں جو اغلب کہ شعبان کے پرچے کے ساتھ شائع ہو درج کیے جائیں گے۔

بالفعل نقل خط مکۂ مکرمہ پر اکتفا فرمایئے اور تفصیلی حالات کا انتظار کیجیے۔ اور فہرست وصول ہدیۂ تحفۂ حنفیہ نہ اس میں نہ گزشتہ پرچے میں شائع ہوئی اس وجہ سے کہ آپ حضرات نے ہاتھ روک لیا اور اولوالعزمی و بلند ہمتی کو چھوڑ دیا۔ دو ماہ کے عرصے میں

صرف دو تین صاحبوں نے توجہ فرمائی۔ ان کے اسمائے سامی آئندہ پرچے میں درج کیے جائیں گے۔ آپ حضرات سے آپ کا یہ غریب پرچہ آپ کے دین کا حامی و ناصر بصد آرزو و منت عرض کرتا ہے کہ اس کی طرف توجہ کامل فرمایئے۔ فراخ دستی سے کام لیجیے۔ مصارف کی زیر باری سے بچایئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر و دولت میں ترقی عطا فرمائے اور دارین کے مصائب سے بچائے۔ کیا آپ کے اوپر اس کی ہر طرح سے امداد و اعانت واجب نہیں؟ کیا اس کی اشاعت و ترقی میں سعی بلیغ آپ کا فرضِ مذہبی نہیں؟ کیا اس پر ایسے شرور و فتن کے موقع پر جان و مال قربان کرنا روا نہیں؟ ہے اور بے شک ہے۔ پھر کیا وجہ کہ آپ اس کا دَین تک جو واجب ہے ادا نہیں فرماتے۔ و اللہ المستعان و علیہ التکلان۔
ملتمس: ابو المساکین ضیاء الدین مہتمم تحفۂ حنفیہ۔

[تحفہ حنفیہ: رجب ۱۳۲۴ھ صفحہ اخیرہ]

مضامین میں اغلاط کی نشاندہی

مضامین میں اغلاط کی نشاندہی نیز اس پر معذرت پیش کرتے ہوئے قاضی صاحب لکھتے ہیں:

”پیارے بھائیو! حق کے فدائیو! کیا آپ نہیں جانتے کہ مخزن تحقیق کی اشاعت سے کون سی غرض متعلق ہے اس کے مقاصد و مضامین بفضلہ تعالیٰ کیسے مفید اور نافع ہیں کیوں نہیں ضرور آپ کو اس کا علم ہے کہ اس پرچہ کی اشاعت سے حمایت اسلام اعانت مذہب اہل سنت دراصل مقصود ہے کوئی دنیاوی اغراض کسی ذاتی منفعت کا بحمد اللہ اس میں شائبہ تک نہیں پھر ایسی حالت میں اگر سہواً کچھ غلطی ہو جایا کرے تو میں کیوں نہ آپ کو آگاہ کروں۔ یا آپ ہی از راہ اخوت اسلامی کیوں نہ مجھے واقف کریں ضرور ایسا کیجئے۔ ان شاء اللہ بمنت تمام قبول ہو گا اور اس غلطی کا اعلان دوسرے پرچہ میں واضح طور پر کر دیا جائے گا۔

(۱) تحفہ شمارہ ۲ صفحہ ۲۱ تا ۲۲ کا مضمون بالکل غلط چھپ گیا ہے اور مضامین نفیسہ

کے ساتھ ردی مضامین بھی بے غوری سے طبع ہو گئے۔ لہٰذا ازراہ کرم امیدوار ہوں کہ ان صفحات کو آپ تحفہ سے خارج کر دیں بلکہ پھاڑ کر پھینک دیں تو از بس مرہون عنایت بنائیں گے ان شاء اللہ پرچۂ چہارم میں ہم اس کا معاوضہ کرنے کو حاضر ہیں۔ آپ اپنے احباب و دیگر شائقین تحفہ سے بھی یہی کہہ دیں ورنہ ہم ملزم نہیں۔ وماعلینا الا البلاغ۔

(۲) تحفہ شمارہ ۲ صفحہ ۴ میں یہ مصرع "جمعہ کو گاؤں میں ناجائز کہیں اور فعل لغو" غلط طبع ہو گیا ہے۔ اس طرح پہ درست کر لیجئے۔ جمعہ کو شہروں میں ناجائز کہیں اور فعل لغو" السلام خیر ختام۔ المشتہر منتظم تحفہ۔"

مضمون میں اغلاط کی نشاندہی کی گزارش کرتے ہوئے نیز رسالے میں زیب وزینت میں اضافہ اور لوح رسالہ کے مضمون میں معقول ترمیم کا ذکر کرتے ہوئے مدیر تحفہ لکھتے ہیں:

"(۴) اگر کوئی مضمون جلد اول میں غلطی سے مخالف مذہب اہل سنت شائع ہو گیا ہو تو اس سے علمائے اہل سنت مطلع فرمائیں کہ بعد تنقیح کامل تصحیح یا غلط نامۂ مضمون شائع ہو۔

(۵) جلد دوم سے ان شاء اللہ پرچہ کی زینت وصفائی میں ترقی دی جائے گی۔ مضمون لوح وغیرہ میں معقول ترمیم ہو گی۔ لوح رسالہ سے چسپاں کرنے کا ارادہ ہے۔ نام خریداران طبع کر دیا جائے گا۔ اور جلد دوم جمادی الاول ۱۳۱۶ھ سے ذی الحجہ ۱۳۱۶ھ تک ان شاء اللہ تمام ہو جائے گی۔ کہ محرم الحرام ۱۳۱۶ھ سے جلد سوم شروع ہو۔

(۷) فاضل بدایونی وفاضل بریلوی وعالم صاحب گنجی اپنی تحریروں کے چھپنے کے (یعنی جلد دوم میں) منتظر رہیں۔

(۸) سوالات مطبوعہ صفحات لوح پر اب طبع آزمائی فرمائیے۔

(۹) جلد اول کی بعض ناتمام تحریریں پوری کردی گئیں مگر بعض ناول، داستان مناظرہ، دفع الشر ہنوز ناتمام رہیں وہ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد دوم میں تمام کردی جائیں گی۔ (منتظم تحفہ حنفیہ)

[تحفہ حنفیہ: ربیع الاول، ۱۳۱۸ھ ص ۱۲،۱۱]

اسمائے مضمون نگار حضرات

رسالہ میں جن لوگوں کے مضامین، مراسلات، فتاوی، مکتوبات، تاثرات و تبصرے شائع ہوئے ذیل میں ان حضرات کے نام درج ہیں۔ حد بھر کوشش کی ہے کہ کسی کا نام نہ چھوٹ جائے پھر بھی ممکن ہے کوئی نام چھوٹ گیا ہو۔ ہم نے نقل اسما میں حروف تہجی کا خیال ملحوظ رکھا ہے۔

(الف)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی	مولانا سید شاہ احمد حسین مظفر پوری
حکیم حافظ محمد اسحاق عظیم آبادی	مولوی سید شاہ اکبر ابوالعلائی داناپوری
مولانا اولاد حسن بیتھوی عظیم آبادی	مولانا سید محمد اخلاص حسین سہسوانی
ابرارالحق کیف بدایونی	مولانا سید ارتضا حسین مارہروی
مولانا اسحاق دربھنگہ	حاجی اختر الدولہ لکھنو
مولانا شاہ امین فرودسی	مولانا ابو النصر گیلانوی
حافظ ارشاد علی بریلوی	مولانا محمد اکرام الدین
مولانا ابو طاہر نبی بخش بہاری	مولانا محمد اعجاز حسین رامپوری
مولانا سید شاہ ابو سعید ایرایانی	مفتی ابراہیم بدایونی
مولانا اسحاق مظفر پوری	مولانا اعجاز حسین رام پوری

(ب)	
مولانا محمد بشیر الدین جبل پوری	مولانا محمد بادشاہ نواکھانوی
بسمل علوی کاکوروی ایڈیٹر زمانہ کانپور	مولانا محمد بدرالدین پھلواری
(ت)	
مولانا تجمل حسین ایڈیٹر آگرہ اخبار وزمانہ	
(ح)	
علامہ حسن رضا بریلوی	حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی
مولانا حفاظت حسین ممتاز بنگردی	مولانا ابوالفتح سید حیدر حسینی اورنگ آبادی،
مولانا حنیف اللہ مونگیری	حالی علی گڑھی
(خ)	
مولوی خلیل الرحمن پیلی بھیتی	مولانا محمد خلیل الرحمن برہان پوری
مولانا خلیل الدین پیلی بھیتی	مولانا خورشید بہاری
(د)	
مولانا سید دیدار الوری	
(ر)	
مولانا رضی الدین کیفی حیدرآبادی	رقیمہ اقبال بیگم حیدرآباد
(س)	
مولانا شاہ سلامت اللہ رام پوری	مولانا سید سلیمان اشرف بہاری
حافظ سلامت اللہ غازی پوری	مولانا سدید الدین شائق بدایونی

مولاناسیف اللہ اسلام آبادی جنوتوی	مولاناسید محمد حسین حنفی سید پوری بدایونی
مولاناسلطان الدین سلہٹی	مولاناسرفرازاحمد شاگرد محدث سورتی
(ش)	
مولاناشفیع صاحب گنج	مولاناحکیم شہودالحق رمضان پوری
(ص)	
مولاناصادق علی مداح شاگرد داغ دہلوی	
(ض)	
ابوالمساکین مولاناضیاءالدین پیلی بھیتی	
(ظ)	
ملک العلماء مولاناظفرالدین بہاری	مولاناظہوراللہ دہلی
مولاناظہوراحمد بہتوی	مولاناظہیرالدین فوق عظیم آبادی
(ع)	
تاج الفحول علامہ عبدالقادر بدایونی	مدیر رسالہ قاضی عبدالوحید فردوسی
مولاناحکیم محمد عبدالقیوم بدایونی	مولاناسید محمد ابوسلیمان عبدالعزیز بھوساہوی
علامہ عبدالمقتدر بدایونی	مولاناعبدالباری نعمانی حاجی پوری
مولاناعبدالواحد خاں رامپوری	مولاناسید محمد عمر خلیق حیدرآبادی
منشی سید علی احمد عظیم آبادی	مولاناعتیق احمد پیلی بھیتی
مولاناابوالجمیل محمد عبدالجلیل شیفتہ بھگوانپوری	منشی علی حسن پٹنہ
مولاناعبدالرحیم احمد امین ممبئ	مولاناعبدالرشید، رشید بجنوری
منشی عبداللطیف الطف	منشی عبدالغنی احقر عظیم آبادی

حافظ محمد عبد الشکور صاحب مرحبا کلکتوی	مولانا عبد الواسع سعد پوری
مولانا محمد علیم الدین اسلام آبادی	مولانا محمد عبد الصمد سہسوانی
حاجی عبد العزیز ایرایان فتح پور	مفتی محمد عمر الدین ہزاروی
مولانا عبد الرحمن ابو الولی مجی پوکھریروی	مولانا عبد الحی بدایونی
مولانا محمد علیم الدین رامپوری	حافظ عبد الحسین
مولانا عبد المصطفیٰ وصی احمد الوری	مولانا عبد الجبار حیدر آبادی
مولانا عبد الرحیم احمد آباد گجرات	مولانا عبد الحق، مہاجر الہ آبادی
مولانا عبد الاحد بدایونی	مولانا عبد الکریم علی گڑھی، تلمیذ اعلیٰ حضرت
مولانا عرفان بیسلپوری	مولانا عبد الرزاق بیکس جبل پوری
مولانا عبد الاول جونپوری	مولانا عبد الکریم
مولانا عبد السمیع بنارسی	مولانا سید عبد الغفار بنگلور
مولانا عبد الغنی مدراسی	

(غ)

مولانا غلام رسول کراچی	مولانا محمد غیاث الدین عظیم آبادی
مولانا سید غلام غوث حیدر آبادی	غلام شیر حنفی بلند شہری

(ف)

مولانا سید محمد فاخر بیخود الہ آبادی	مولانا فضیلت حسین گیاوی
مولانا فرزند حسین اجھولی	مولانا فرزند علی منیری
شیخ محمد فرید عظیم آبادی	مولوی فتح الدین پٹنہ
مولانا محمد فصیح احمد	

مولانا محمد نذیر الحسن فتح پوری	کپتان نور محمد خان اکبر آبادی
نشتر عظیم آبادی	
(و)	
مولانا وصی احمد محدث سورتی پیلی بھیتی	
(ہ)	
مولانا ہدایت رسول لکھنوی	
(ی)	
مولانا محمد یوسف عظیم آبادی (مدیر تحفہ حنفیہ)	مولانا محمد یعقوب ضیاء بدایونی
مفتی ابو محمد یسین شوق بدایونی،	مولانا یونس ہاشمی کھنجتری
مولانا محمد یونس مظفر آبادی	مولانا یوسف حسن بانکی پوری
منشی محمد یوسف مظفر پور	

تحفہ حنفیہ کے حوالے سے گزارشات والتماسات: ازمدیران تحفۂ حنفیہ

قاضی صاحب اور مولاناضیاء الدین پیلی بھیتی اور حکیم مولانایوسف حسن مدیران تحفۂ حنفیہ کی طرف سے گاہے بگاہے قارئین تحفہ کے نام گزارشات، معروضات، درخواست اوراعلانات پیش ہوتے تھے۔ جن میں رسالہ کی اہمیت کو بیان کیاجاتا۔ اور پھر اس رسالہ کے علمی ،مالی تعاون کی گزارش ودرخواست کی جاتی تھی۔ اور کبھی کبھی رسالہ کے خریداروں کے نام کچھ ہدایات ہوتی تھی، کبھی مضمون نگار حضرات کے نام ہدایات ہوتی تھیں۔ ہم وہ گزارشات وغیرہایہاں اس غرض سے نقل کردیتے ہیں کہ رسالہ کی اشاعت کادشوارترین سفر قارئین محسوس کرسکیں۔ اورجان سکیں کہ رسالہ تحفۂ حنفیہ نے کس قدرمذہبی ومسلکی خدمات اداکیں اور کس قدرتکالیف وپریشانیوں کاسامناکیا۔ رسالہ نکالناکس قدرمحنت طلب اور کس قدردشوارترین کام ہے درج ذیل تحریرات سے قارئین اس کابخوبی اندازہ لگاسکتے ہیں۔

ہواخواہان وخریداران تحفہ سے مطلب کی دوباتیں

کیوں میرے پیارے سنی بھائیو!اس بار کے تحفہ میں تو تمہیں کچھ جائے شکایت نہیں۔ بہت جلد خداکے فضل سے طبع کرکے آپ کی خدمات بھی بھیجاگیاقید صفحہ بھی نہ رہی۔ بدنظمی بھی ظہورمیں نہ آئی اوران شاء اللہ چوتھے پرچہ سے خریداران ومعاونین تحفہ کانام نامی بھی شکریہ کے ساتھ بطورضمیمہ طبع ہواکرے گا۔ خداکے لیے جلدروپے روانہ فرمایئے اورسال بھر تحفہ ہاتھوں ہاتھ لیجئے۔ زیادہ نیاز۔ آپ کاخادم منتظم تحفہ حنفیہ۔

[تحفۂ حنفیہ: رجب المرجب ۱۳۱۵ھ ص ۴]

”جن حضرات نے بقاعدۂ ادائے پیشگی پہلے ہی پرچہ کے وصولی پرروپے بھیج دیے

یاعلوہمتی سے اپنے المضاعف قیمت عنایت فرمائی ان کے کیا کہنے ۔اللہ انہیں جزاے خیر دے۔ہاں جن صاحبوں نے کسی وجہ سے ہنوز شش ماہی یاسالانہ نہیں عنایت کیاان سے بھی شکایت نہیں بلکہ محض برادرانہ طورپر گزارش ہے کہ اب بھی عطاکریں ۔اوراعانت تحفہ سے اجر جزیل حاصل کریں۔ہاں جن صاحبوں کی شش ماہی تحفہ ختم پر آئی انہیں بھی تحفہ کاخیال رکھناضرور ہے۔وماعلیناالا البلاغ۔ منتظم تحفہ۔

[شعبان المعظم،۱۳۱۵ھ ص ۱]

عام قدردان تحفۂ حنفیہ سے مشورہ

بعض بہی خواہان تحفہ کی یہ راے قرارپائی ہے کہ اس پرچے میں کچھ حصہ اخبار کا بھی ہوناچاہئے اس میں انہوں نے تین فائدے سمجھے ہیں۔

(۱)شائقین اخبار کو بہت قلیل خرچ میں (جس کی تفصیل آگے آتی ہے)دینی معلومات اوراخباری حالات دونوں حاصل ہوں گے۔

(۲)بعض وہ حضرات جن کواخبار کے مطالعہ سے دلچسپی دینی مضامین وتحریرات کے معائنہ سے بے توجہی ہے تعجب نہیں کہ یہی خبریں ان کے لیے تحریرات دینیہ کے مطالعہ کی آہستہ آہستہ سبب بن جائیں ۔خبروں کودیکھتے دیکھتے مضامین دینیہ پر بھی نظر فرمائیں۔احکام شرعیہ سے آگاہی حاصل کیاکریں۔

(۳)تعجب نہیں کہ خبروں کے مندرج ہونے سے اس پرچے کی رجسٹری ہوجائے اور تخفیف خرچ ڈاک نکل آئے۔رجسٹری ہوجانے سے اغلب کہ ڈاک والے اس کی روانگی میں زیادہ سعی واہتمام سے کام لیں اوراس کی اضاعت واتلاف سے احترازکریں اورعدم وصول کی جوشکایتیں زیادہ آتی ہیں ان میں کمی واقع ہو۔حال میں توپرچے کاحجم اسی قدررہے گا۴۰؍صفحے توخاص مضامین دینیہ کے لیے رہیں گے

اور۴ر صفحے مخصوص خبروں کے واسطے۔ آئندہ ان شاء اللہ تعالیٰ قدر دانوں کی قدر فرمائی پر علاوہ صفحات پرچہ کے صرف اخبار کے لیے اور صفحات کیے جائیں گے اور ہر حال میں یہ امر ملحوظ رہے گا کہ جو خبریں شریعت کے وسیع دائرے کے اندر آسکتی ہوں گی وہی درج پرچہ ہوں گی اور اخبار خلاف شرع ہر گز نہ طبع ہوں گے۔ اسی قید کے ساتھ ہر خیر خواہ تحفۂ حنفیہ سے التجا کی جائے گی کہ اپنے اپنے شہر کی خبروں سے بھی اعانت تحفہ فرمائیں ۔اس صورت میں بعض انگریزی اخبار کی خریداری اور ترجمہ کرائی کا صرف بڑھ جائے گا لہٰذا ہدیۂ پرچہ بجاے، دوروپے تین آنے کے دوروپے آٹھ آنے ہر صاحب کو دینا ہو گا۔ کم سے کم پچھتر خطوط جب اس راے کو موافقت میں آجائیں گے اس وقت اس کام کو شروع کیا جائے گا۔ اب التماس ہے کہ آپ اپنی اپنی رایوں سے بہت جلد احقر کو مطلع فرمائیں۔

(نیاز مند عبد الوحید ناظم تحفۂ حنفیہ) [محرم،۱۳۲۵ھ ص۴۳]

انتباہ:

(۱) بفضلہ تعالیٰ جلد اول تحفۂ تبرکہ سلمہا اللہ اختتام پر آئی۔ اکثر حضرات معاونین تحفہ نے حمایت سنت سمجھ کر حسب قاعدۂ مقررہ زر عطیہ مرحمت فرمایا مگر بعض نے اب تک معروضات احقر منتظم پر توجہ نہ کی۔ للہ اب بھی کرم فرمائیں ۔ بعض کے ویلو بھی ارسال ہے اگر قبول کریں تو سبحان اللہ ورنہ پرچہ نہ جاری رہنے کی شکایت معاف۔

(۲) جملہ خریداران ووکلاء تحفہ اپنے نام واسماخریداران مع مفصل پتہ مرحمت فرمائیں کہ سرکاری طور پر محصول دے کر پرچہ جایا کرے گا۔

(۳) جن صاحبوں کے پاس غلطی سے کوئی پرچہ نہ پہنچا ہو وہ ضرور طلب کریں۔

(۱۰) جملہ معاونین تحفۂ حنفیہ سے التماس ہے کہ اس دینی پرچہ کی قدر دانی فرمائیں اور دامے

درمے حتی الوسع مدد فرمائیں۔ (منتظم تحفہ حنفیہ)

[ربیع الاول والآخر، ۱۳۱۶ھ ص ۴۶]

التماس معذرت اساس

سنی بھائیو! خدا تمہیں ہر طرح خوش رکھے جمیع آفات دنیوی واخروی سے بچاوے مذہب حق اعنی مذہب مقدس سنت وجماعت پر قائم رکھے اوراس کی تائید میں چندروزایام زندگی کے بسر کرائے اوراسی پر حسن خاتمت فرمائے۔ اللھم آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ مبارک رسالہ تحفہ حنفیہ جلد ۴ جس کے پرچے ۱۱و۱۲ بابت ۱۳۱۸ھ آپ کے پیش نظر ہیں ۔آپ کی امداد کا منتظر آپ کے جانی مالی اعانت کا طلب گار ہے۔ بحمد اللہ چاربرس سے اس نے آپ کے مذہب مقدس کے مسائل وعقائدودیگر مفید مباحث کا پوراپوراخاکہ اتار کر آپ کے سامنے پیش کردیا اوراپنے کم مائگی کی حالت کو اشارۃً صراحتاً جتلا تا گیا کہ اے پاک مذہب کے خادمو حامیو داعیو!

میری طرف ذرا نظر توجہ اٹھاکر دیکھو مجھے جلد مفید تحریر وتقریر سے سرسبز وشاداب کرو۔ مگر کسی نے توجہ نہ کی الاماشاء اللہ۔ ایسا کبھی نہ ہوا کہ سال نوشروع ہوا اور پیشگی سالانہ ۔۔۔ مرحمت ہوئے ہوں ۔ سوا چند مخصوص وکلائے تحفہ حامیان سنت کے اور کسی نے سبقت نہ کی۔ جزاہم اللہ۔ لگے ہاتھوں ایک بات اور سن لیجئے کہ میں اب بقایاطلب نہیں کرتا آپ سال نو کی پیشگی ہی بھیج دیں اور سابق جو حضرات بقایادے چکے ہیں وہ سال نو کی نصف قیمت پیشگی بھیج دیں اوراگر کامل دیں گے تو احسان ہے۔

جدید حضرات کو سال نو میں پوری قیمت دینی ہوگی۔ امور مفصلہ ذیل کی پابندی فرمایئے۔ سال نو سے مفید ومختصر وسلیس وعام فہم تحریریں بھیجئے۔ اور ترجمۂ عربی ومغلقات فارسی کا کردینا ضرور ہے۔ (۲) نظم حتی الوسع نہ آئے۔

(۳) جن جن صاحبوں کو ۱۳۱۹ھ سے خریداری منظور ہو وہ خود یا بذریعہ اپنے وکلا کے قیمت بھیجیں۔ یا ویلو کی اجازت دیں اور اپنا نام معہ پتہ صاف حرفوں میں تحریر کریں ورنہ اجراے پرچہ ناممکن۔ اور حضرات منکرین تحفہ بھی صاف صاف انکار لکھ بھیجیں۔ اور دفتر کو سبکدوش بنائیں۔ انتظار میں نقصان ہوتا ہے ۲۵: ذی القعدہ تک صاف لکھئے ورنہ سکوت محمول بہ انکار ہوگا۔

(۴) وکلاے تحفہ بے ارسال پیشگی یا کامل تیقن ادائے پیشگی پرچہ جاری نہ کرائیں اور نام خریدار مع مفصل پتہ سے جلد تر دفتر کو آگاہ کریں کہ اب کوئی پرچہ تحفہ اس اثنا میں سواے روئداد جلسہ کے نہ شائع ہوگا۔ اور وہ انہیں حضرات کے پاس جاے گا جو ان امور کی پابندی کریں گے۔ اسماے گرامی کی فہرست طبع ہونی ہے پھر ان کا نام طبلق پر چھپنا یہ سب کام بے آپ کے امداد کے کیوں کر ہوسکتے۔ میں اگر محرم ۱۳۱۹ھ میں آپ کو اشاعت تحفہ ناگوار ہے تو خیر ورنہ جلد تحریرات فہرست اسماے گرامی پیشگی مرحمت فرمائیں۔ کل تحریرات ۲۵ / ذی القعدہ تک پہنچ جانی چاہئے۔ والسلام۔

جتنے روپے آج ۱۶/ شوال تک آچکے ان کی رسید درج ہے بقیہ کی ان شاء اللہ محرم ۱۳۱۹ھ کے پرچہ میں ملاحظہ فرمایئے گا۔ جو تحریریں پہنچ چکی ہیں وہ درج تحفہ ہو چکیں اب جو تحریر ۲۵/ ذی القعدہ تک آئے گی سب محرم ۱۳۱۹ھ کے اور مابعد کے پرچوں میں علی حسب مراتب درج کی جائیں گی بسبب طاعون بد مہا اللہ تعالیٰ اجراے تحفہ کا سلسلہ غیر مربوط رہا۔ دو ماہ کے پرچے ایک کر دئے گئے کم صفحات دئے گئے مگر آپ مطمئن رہیں ان شاء اللہ اس کی کسر طولانی (۷/ جزو بلکہ زائد) روئداد جلسۂ اہل سنت مطبوعہ یکم اپریل ۱۹۰۱ء۔۔۔ نکل جائے گی۔ مگر وہی پیشگی مشروط اور آپ کی نظر توجہ کا در والسلام۔

الملتمس نیاز گزار۔ خادم اہل سنت محمد عبد الوحید حنفی الفردوسی عفی عنہ مدیر تحفۂ حنفیہ

[ذوالقعدہ وذوالحجہ ۱۳۱۸ھ ص ۱۲،۱۱]

ضرور ملاحظہ کیجئے

حضرات ۱۳۲۰ھ بھی رخصت ہو چلا اور یہ نیاز مند بارہا عرض کر چکا اور اللہ جل جلالہ کے واسطے دے چکا کہ آپ تحفۂ حنفیہ کے دَین سے سبکدوشی حاصل کیجئے اور اعانت دین میں سرگرم ہو جائیے۔۔۔

سنی بھائیو! اسلام پر جان ومال فدا کرنے والو! کیا اس امر کو گوارا کرتے ہو کہ جس طرح اور رسالے شائع ہوئے اور آہستہ آہستہ ان کی اشاعت موقوف ہو گئی خدانخواستہ اسی طرح یہ رسالۂ مبارکہ بھی خدمت دینی کو چھوڑ دے۔ میں یقینا کہہ سکتا ہوں کہ آپ ہرگز اس امر کو نہیں چاہتے ہاں اس قدر عرض کرنے کی بے شک جرات کر سکتا ہوں کہ آپ اس کی طرف توجہ کامل نہیں فرماتے خدارا اس کی اعانت فرمائیے اور بقایاے سنین گزشتہ وحال پیشگی وسال آئندہ عنایت کر کے عند اللہ مثاب وماجور ہو جیے۔ والسلام۔

ابو المساکین محمد ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ۔

[ذوالقعدہ، ۱۳۲۰ھ صفحہ اخیرہ]

حضرات ناظرین ذرا غور سے سنیں

حق سبحانہ وتعالیٰ شانہ آپ کو اعانت دینی وحمایت مذہبی میں توجہ تام عنایت فرمائے اور اتباع سنت میں سرگرمی او ستقامت بخشے۔ آپ کا نیاز مند سال بھر سے عرض کر رہا ہے کہ تحفۂ حنفیہ کا بقایا مرحمت کیجئے اور پیشگی دفتر تحفہ میں بھیجئے لیکن آپ کچھ توجہ ہی نہیں فرماتے الفاظ عاجزی جس قدر یاد تھے ختم کر چکا اب حیراں ہوں کہ وہ الفاظ کہاں سے لاؤں جن کا آپ پر فوری اثر پڑے۔ اور دفتر تحفہ کو مدد ملے۔ کچھ تامل کے بعد یہ بات ذہن میں آئی کہ امسال جو رقم جن صاحبوں سے وصول ہوئی ہے اس رقم کو مع اسمائے گرامی

ملاحظہ سے گزاروں اور سالانہ رقم خرچ بھی درج کروں تا کہ غور کیا جائے کہ آمد سے خرچ کس قدر بڑھا ہوا ہے۔شاید یہی کاروائی امداد مالی کے لیے کافی ہو جائے۔ملاحظہ فرمایئے کہ کل آمد ۱۳۲۰ھ تین سو بارہ روپے ہوئی۔اور قریب قریب ۶۱۲ ،روپے کے خرچ ہوئے تین سو روپے کی رقم زائد و ناظم تحفہ حنفیہ مدظلہ العالی نے اپنے دوش ہمت پر لیا۔اور ۱۳۱۵ھ سے آج تک اس کار دینی کو اسی طرح انہوں نے انجام دیا ہے۔جزاہ اللہ تعالیٰ خیر الجزاوحماہ عن شرور السفہاء۔

دفتر تحفہ ان حامیان دین مکرم صاحبان عالی ہمم کا شکر گزار ہے جنہوں نے اپنی عالی ہمتی واعانت مذہبی سے کام لیا اور بقایاے سنین گزشتہ وپیشگی سال حال کو عنایت فرمایا۔ان حضرات کا تو شکریہ ادا کرنا دشوار ہے جو اس سنی پرچہ کو اپنا پرچہ تصور فرما کر اس کی اشاعت میں دل و جان سے کوشاں ہیں حتی الوسع جدید خریدار بہم پہنچا کر ان سے پیشگی بھجواتے اور اگلے خریداروں سے ہر سال رقم وصول کر کے دفتر تحفہ میں روانہ فرماتے ہیں۔

خاص کر ناصر دین وملت قاتل کفر وبدعت عالم نبیل فاضل جلیل جناب مولانا مولوی محمد عمر الدین صاحب سنی حنفی قادری ہزاروی مقیم بمبئی مربی تحفۂ حنفیہ صانہ اللہ تعالیٰ عن مصائب الدنیویۃ والاخرویۃ، کا شکریہ ادا ہو ہی نہیں سکتا۔اور حامی سنت ماحی بدعت جناب میاں مومن صاحب سیٹھ کا دفتر تحفہ تہِ دل سے شکر گزار جنہوں نے ایسی حالت میں اعانت تحفہ وحمایت سنت مطہرہ فرمائی اور یک مشت ساٹھ روپے بغرض مدد تحفہ حضرت مولانا ممدوح کے ذریعہ سے دفتر تحفہ میں بھجوائے۔جزاہم اللہ تعالیٰ اگر سال بھر میں پانچ سات آدمی بھی اسی طرح تحفے کو نوازیں تو بحمد اللہ تعالیٰ اس کو زیادہ دقتیں پیش نہ آئیں۔واللہ الکافی۔(ابو المساکین مہتمم تحفۂ حنفیہ)

[محرم:۱۳۲۱ھ ص۳۸،۳۷]

بغیر عرض چارہ نہیں

حضرات شخص واحد کی ہمت کو دیکھیے کہ مدرسہ اہل سنت پٹنہ ورسالہ تحفہ حنفیہ ودیگر امور حسنہ میں کس قدر صرف کررہا ہے اور مصارف روز بروز ترقی پذیر ہیں۔
بالخصوص تحفہ حنفیہ کا خرچ۔ اگر آپ لوگ ادنیٰ توجہ اور تھوڑی بھی ہمت فرمائیں تو اس پرچے کے مصارف پورے طور پر انجام پائیں۔ آپ حضرات کی توجہ کی دیر ہے ورنہ یہ رسالہ ہفتہ وار اشاعت پائے اور دین حق کے انوار سے دنیا کو منور فرمائے۔ پیشگی تو درکنار اگر آپ رقم باقی ہی مرحمت فرمائیں تو سال ڈیڑھ سال کے مصارف نکل آئیں۔ للہ اپنے پرچہ کی طرف توجہ فرمائیے اور رقم باقی و پیشگی بنام ناظم تحفہ بھجوائیے۔ والسلام۔ (ابو المساکین)

[شعبان المعظم، ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

ضروری عرض

"حضرات ۱۳۲۰ھ بھی اختتام کو پہنچا۔ للہ اپنے دین پرچے پر کرم فرمایئے اور بقایا سنین گزشتہ وحال پیشگی ۱۳۲۱ھ مرحمت فرما کر تائید شریعت واعانت سنت کیجیے۔ یہ رسالہ شریفہ ماہ بماہ اپنا کار منصبی خدمت دینی نہایت چستی سے ادا کررہا ہے آپ حضرات کی بے توجہی اس کے حق میں نہایت مضر ہے۔ افسوس کہ جس قدر ماہواری اس کا خرچ ہے اس کا نصف بھی وصول نہیں ہوتا۔ جس طرح اور رسائل شائع ہوئے اور ناقدردانی کے باعث ان کا شائع ہونا آہستہ آہستہ موقوف ہوگیا اسی طرح یہ رسالہ بھی کب کا بند ہوگیا ہوتا لیکن حامی سنت ماحی بدعت جناب مولانا مولوی قاضی محمد عبد الوحید صاحب ادام فیضہ اللہ الواہب کی صرف تنہا ہمت پر اب تک چل رہا ہے حق سبحانہ وتعالیٰ شانہ ان

کے دینی جوش وخروش میں ترقی عطافرمائے اور جزاے خیر بخشے آمین۔

صاحبو! مقام غور ہے کہ تنہا ایک شخص مصارف تحفہ کا کہاں تک متحمل ہوسکتا ہے بالخصوص جس کے ذمہ دینی مصارف کثیرہ ہوں ادھر مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کا صرف، ادھر تحفہ حنفیہ کا خرچ پھر مزید بر آں دیگر مصارف دینیہ کی انجام دہی ایسے شخص کی اس ہمت عالی کو دیکھ کر سوائے اس کے اور کیا خیال کیا جاسکتا ہے کہ یہ فضل پروردگار اس کے شامل حال ہے اور خالق۔۔۔نے اُن صلحاوابرار کا ہندوستان بھر میں ایک نمونہ پیدا کیا ہے جنہوں نے دین کے مقابلے میں اپنی جان ومال کو فدا کیا ہے اور سنت کی اشاعت میں ان دونوں کی کوئی وقعت نہیں سمجھی ہے۔ آپ حضرات پر لازم ہے کہ اس قدر بار عظیم کو تھوڑا تھوڑا گوارا فرمائیں اور تنہا ایک شخص پر نہ چھوڑیں۔(ابوالمساکین)

[شوال،۱۳۲۰ھ صفحہ اخیرہ]

اندریں دور کہ کاسد شدہ بازار عمل

بجوے کس نخرد جوہر عقل اول

بعض حضرات ناظرین کو یہ پرچہ حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتا اور کمال تحیر سے ان کا منہ تکتا ہے کہ ایک وقت وہ تھا کہ میں لخت جگر اہل سنت تھا اور جو کچھ مجھ میں مخزون ہے اس کے حصول کے واسطے بڑے بڑے دین دار جان ومال فدا کرتے اور کمال محنت ومشقت کو اپنا فخر سمجھتے اور مایۂ نجات آخرت جانتے۔طے مراحل فرماتے اب ایک وقت وہ آیا کہ میں خود دربدر پھرتا، جان نثار کرنا تو درکنار دورپے تین آنے تک خرچ کرنا دشوار۔ افسوس افسوس افسوس۔“

[صفر المظفر ۱۳۲۴ھ صفحہ اخیرہ]

ضروری عرض

”یہ احقر ایک ضرورت کے باعث ایک ماہ تک سفر میں رہا۔ اسی درمیان میں جناب ناظم تحفہ صاحب بعض مقدمات وعلالت فرزند کے سبب سے نہایت متفکر ومتردد رہے لہٰذا پرچہ ٔمادہ جمادی الآخرہ میں تاخیر واقع ہوئی۔ امید کہ قدردانان تحفہ عفو فرمائیں۔ نیز جن صاحبوں ے خطوط کے جوابات میں تاخیر نے راہ پائی ہو یا اتفاق سے کسی صاحب کا خط جواب دینے سے رہ گیا ہو وہ بھی بندہ کو معذور سمجھ کر عفو سے کام لیں۔“

[جمادی الاخری، ۱۳۲۵ھ ص ۳۸]

”امسال تو آپ نے اپنے پرچہ کی طرف مالی توجہ کو بالکل اٹھا ہی دیا اور اعانت کا خیال تک ذہن سے دور کیا۔ بعض صاحبوں کے ذمے تو کئی سال کا ہدیہ تحفہ باقی ہے۔ اور ۱۳۲۴ھ کی بابت تو گنتی کے چند صاحبوں نے امداد فرمائی ہے۔ ۱۳۲۵ھ کے متعلق تو کچھ عرض ہی نہیں کر سکتا امر خیر میں اس طرح کی بے توجہی کسی طرح مناسب نہیں چہ جائیکہ بار قرض اپنے سر پر رکھنا اور دَین کو ادا نہ کرنا کس قدر نازیبا ہے۔ اس سے زیادہ تحریر کرتے خود لحاظ مانع آتا اور قلم کی روانی کو روکتا ہے۔ درخانہ کس ست یک حرف بس ست۔ بعض حضرات تو کسی طرح کروٹ ہی نہیں لیتے نہایت بے پروائی کو دخل دیتے ہیں۔

کبھی ایک پوسٹ کارڈ تک تحریر نہیں فرماتے کہ ہمارے پاس پرچہ پہنچایا نہیں۔ ایسے صاحبوں کے نام نامی اگر ۱۳۲۶ھ سے خارج کر دیے جائیں تو ہر گز ان کو موقع شکایت نہیں جو صاحب سالانہ توجہ فرماتے رہتے ہیں وہ نہایت مغتنمات سے ہیں، دفتر تحفہ ان کا تہہ دل سے شکر گزار اور ان کی عافیت دارین کا خواست گار ہے۔ امید کہ اس مختصر تحریر کو مطول خیال فرمایئے اور بقایا سنین گزشتہ وسال حال جلد عنایت کر کے

دفتر تحفہ کو ممنون بنایئے خود بھی بار قرض سے سبکدوش ہو جایئے۔

والسلام مع الاکرام۔(ابو المساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ)

[رجب المرجب،۱۳۲۵ھ صفحہ اخیرہ]

حضرات: آپ کے پرچے کو دوماہ میں اس قدر رقم مسطور وصول ہوئی۔ آپ ہی انصاف فرمایئے کہ اس قدر قلیل رقم میں تین چار روزک مصارف بھی انجام نہیں پاسکتے چہ جائیکہ دوماہ کے مصارف کثیرہ۔ کیا عرض کیا جائے امسال تو آپ نے اپنے پرچے کی طرف مالی توجہ کو بالکل اٹھاہی دیا اور اعانت کا خیال تک ذہن سے دور کیا۔ بعض صاحبوں کے ذمے تو کئی سال کا ہدیہ تحفہ باقی ہے۔ اور ۱۳۲۴ھ کی بابت تو گنتی کے چند صاحبوں نے امداد فرمائی ہے۔ ۱۳۲۵ھ کے متعلق تو کچھ عرض ہی نہیں کرسکتا امر خیر میں اس طرح کی بے توجہی کسی طرح مناسب نہیں چہ جائیکہ بار قرض اپنے سرپر رکھنا اور دَین کو ادا نہ کرنا کس قدر نازیبا ہے۔ اس سے زیادہ تحریر کرتے خود لحاظ مانع آتا اور قلم کی روانی کو روکتا ہے۔ در خانہ کس ست یک حرف بس ست۔

دو تین ماہ سے پرچے کے شائع ہونے میں زیادہ تاخیر نہایت مجبوری کی حالت میں ہوتی ہے ماہ شعبان کے پرچے میں تو اور بھی دیر ہوئی اس کی وجہ یہ کہ مطبع کے محلہ لودی کٹرہ میں منتقل ہونے کے باعث تمام شیرازہ جمیعت منتشر اور اسباب مطبع درہم برہم ہو گیا تھا اب بعونہٖ تعالیٰ اطمینان حاصل ہوا ہے۔ حتی الوسع اشاعت میں عجلت کی جائے گی شائقان تحفہ مجبوری پر نظر کرکے تاخیر اشاعت کو عفو فرمائیں۔ والسلام۔ الو المساکین ضیاء الدین مہتمم تحفۂ حنفیہ۔

[شعبان المعظم،۱۳۲۵ھ صفحہ اخیرہ]

ضروری عرض

امسال تو آپ نے اپنے پرچے کی طرف مالی توجہ کو بالکل اٹھا ہی دیا اور اعانت کا خیال تک ذہن سے دور کیا۔ ماہ رمضان وشوال میں صرف دو تین صاحبوں نے امداد فرمائی آپ ہی خیال کیجئے کہ اگر یہی حالت رہی تو آئندہ کیوں کر کام چلے گا۔ دو ماہ میں جس قدر رقم وصول ہوئی ہے وہ اس پرچے کے دو روز کے مصارف کو بھی کافی نہیں ہو سکتی ہے۔ اس کے درج کرتے ہوئے شرم مانع آتی ہے آئندہ جب اور رقم آجائے گی اس کے ساتھ یہ بھی درج کی جائے گی۔ افسوس کہ بعض صاحبوں کے ذمے تو کئی سال کا ہدیہ تحفہ باقی ہے۔ اور ۱۳۲۴ھ کی بابت تو گنتی کے چند صاحبوں نے امداد فرمائی ہے۔ ۱۳۲۵ھ کے متعلق تو کچھ عرض ہی نہیں کر سکتا امر خیر میں اس طرح کی بے توجہی کسی طرح مناسب نہیں چہ جائیکہ بار قرض اپنے سر پر رکھنا اور دَین کو ادا نہ کرنا کس قدر نازیبا ہے۔ اس سے زیادہ تحریر کرتے خود لحاظ مانع آتا اور قلم کی روانی کو روکتا ہے۔

درخانہ کس ست یک حرف بس ست۔

بعض حضرات تو کسی طرح کروٹ ہی نہیں لیتے نہایت بے پروائی کو دخل دیتے ہیں۔ کبھی ایک پوسٹ کارڈ تک تحریر نہیں فرماتے کہ ہمارے پاس پرچہ پہنچایا نہیں۔ ایسے صاحبوں کے نام نامی اگر ۱۳۲۶ھ سے خارج کر دیے جائیں تو ہرگز ان کو موقع شکایت نہیں ۔جو صاحب سالانہ توجہ فرماتے رہتے ہیں وہ نہایت مغتنمات سے ہیں دفتر تحفہ ان کا تہہ دل سے شکر گزار اور ان کی عافیت دارین کا خواست گار ہے۔

امید کہ اس مختصر تحریر کو مطول خیال فرمایئے اور بقایا سنین گزشتہ وسال حال جلد عنایت کر کے دفتر تحفہ کو ممنون بنایئے خود بھی بار قرض سے سبکدوش ہو جایئے۔ اشاعت پرچہ میں

جو ایک ماہ کی تاخیر ہوگئی ہے وہ آہستہ آہستہ دفع کی جائے گی۔ان شاء اللہ تعالیٰ دو تین ماہ میں پرچہ ماہ بماہ شائع ہوا کرے گا اطمینان فرمائیے۔والسلام مع الاکرام۔(ابوالمساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ)

[رمضان المبارک، ۱۳۲۵ھ صفحہ اخیرہ]

اے محبان سنن وہ شیر سنت اٹھ گیا — کرتا تھا اسلام پر جو جان و مال اپنا نثار

چاہئے موقوف کیجئے اپنے اس پرچے کو آپ — خواہ جاری رکھیے اب ہے آپ ہی کو اختیار

یہ پرچہ کوئی معمولی پرچہ نہیں کہ ادھر دیکھا اُدھر گوشۂ گمنامی میں ڈال دیا بلکہ یہ بہت بڑا دین حق کا حامی بدمذہبی وبدعات کاماحی ہے ۔بڑے بڑے دین دار ونیکوکار علماو فضلاے عالی وقار اس کو حرز دین وایمان بناتے اور بحفاظت تمام نہایت عزت واکرام کے ساتھ اپنے پاس رکھتے نگاہ قدر وعظمت سے اس کو دیکھتے ہیں احاطۂ بمبئی پنجاب مدراس بنگال کاٹھیاواڑ، گجرات، بندیل کھنڈ، امصار مغربی وشمالی واودھ وروہیل کھنڈ، افریقہ، آسام حتی کہ مکہ معظمہ میں جاتا اوراپنے بحر فیض ملت حقہ سے ایک عالم کو سیراب کرتا ہے۔یہ بات مسلم ہوچکی ہے کہ یہ پرچہ سنیوں حنفیوں کے مذہب کا بہت بڑا بہی خواہ اور سچا ہمدرد ہے اوراس آخر زمانے میں حضرات اہل سنت کو اس کی سخت ضرورت ہے ۔اسی وجہ سے مرحوم ومغفور نے اس کی اشاعت کو جملہ امور خیر سے اہم واعظم اوراپنا فرض دینی سمجھ لیا تھا۔اور بارہا اس امر کو ظاہر فرمایا کہ مدرسے پر اس کو میں ترجیح دیتا اوراس کی اشاعت سے زیادہ مسرور ہوتا ہوں ۔ان شاء اللہ تعالیٰ اپنی حیات بھر اس کو جاری وقائم رکھوں گا۔ چناں چہ ایسا ہی ہوا۔

اب سرسری نگاہ میں اس کا چلنا دشوار خیال کیا جاتا ہے مگر ادنیٰ غور سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ حمایت دین کسی شخص خاص پر موقوف نہیں ۔قیامت تک اس کا بول

بالا رہے گا۔اور محبان مذہب ہر قرن میں اپنا جان ومال اس کی حمایت ونصرت میں فدا کرتے رہیں گے۔اگر تمام خریدار ہی سالانہ چندہ عنایت فرمایا کریں تو اس کے مصارف نکل آیا کریں لیکن وہ بالکل توجہ نہیں فرماتے الاماشاء اللہ۔ فی صدی زیادہ سے زیادہ دس صاحب ایسے نکلیں گے جو بالالتزام سالانہ رقم عنایت فرماتے ہوں۔ اے خیر خواہان سنت وہ وقت نہیں اب اس کی امداد آپ پر فرض ہے اگر ایسے وقت نازک میں توجہ نہ فرمایئے گا تو یاد رکھئے آپ کا پرچہ معاذاللہ بند ہو جائے گا۔اور مذہب پر جس قدر اس کے بند ہونے کا صدمہ پہنچے گا وہ ظاہر ہے میرے عرض کرنے کی ضرورت نہیں۔(ابوالمساکین مہتمم تحفہ)

[ربیع الاول،۱۳۲۶ھ صفحہ اخیرہ]

نہایت ضروری گزارش

حضرات! آپ کو اس بات کا ضرور خیال ہو گا کہ اس قدر تاخیر وقوع میں آئی کہ شعبان کے مہینے میں پرچہ ربیع الآخر شائع ہوا۔اس میں شک نہیں کہ بہت دیر ہوئی۔ ابتدائی اشاعت پرچہ سے آج تک کبھی اتنی تاخیر نہ ہوئی تھی اس میں جو جو مجبوریاں پیش آئیں اور تاخیر کی صورتیں پیدا ہوئیں ان کا بیان طوالت سے خالی نہیں۔دوماہ تک تو مطبع ہی بند رہا بند ہونے کا سبب یہ کہ مرحوم کے انتقال کے بعد جب تک بجائے ان کے دوسرے شخص کے نام مطبع کی تملیک درج رجسٹر کچہری نہ ہو لیتی مطبع جاری نہیں ہو سکتا تھا۔بحمد اللہ تعالیٰ یہ کام انجام پا گیا اور پرچہ ربیع الآخر بہت جلد طبع کرا کے حاضر خدمت کیا گیا۔اب بظاہر کوئی وجہ قوی تاخیر کی سمجھ میں نہیں آتی۔الا آپ حضرات کی بے توجہی اور امداد سے دست کشی قصہ مصمم ہے کہ باقی مہینوں کے پرچے جلد چھپوا کر شائع کئے جائیں۔پھر ماہ بماہ تاریخ معین پر اشاعت ہوتی رہے ایسے موقع پر

مصارف کثیر ہوں گے اعانت نہایت ضروری ہے۔کم سے کم باقی دار حضرات اسی قدر خیال فرمائیں کہ جس قدر ان کے ذمے رقم تحفہ نکلتی ہے صرف اسی کو بھجوائیں جب بھی مطبع کا بہت کچھ کام نکلے اور وہ حضرات بھی بار قرض سے سبکدوش ہو جائیں ۔یہ احقر آپ صاحبوں کی خدمت میں کئی مرتبہ التماس کر چکا کہ دین حق پر جان ومال فدا کرنے والا، مسلمانوں کا خیر خواہ ،مالک تحفہ حنفیہ غفرلہ خالق البریہ اس دار فانی سے رخصت ہوا۔اس کا جاری کیا ہوا یہ دینی کام مفید اہل اسلام جب کہ اس زمانے میں سخت ضرورت کو اہل سنت نے تسلیم فرمالیا ہے۔اس کا جاری رکھنا نہ رکھنا آپ حضرات کے اختیار میں ہے۔اس سعادت اخروی کو حاصل کیجئے اور اپنے سچے دین کو ترقی دیجئے۔آئندہ آپ کو اختیار ہے۔

(۲)ہم کو حیرت اس امر کی ہے کہ بعض حضرات ہدیہ تحفۂ حنفیہ کے ارسال میں نہایت چستی سے کام لیا کرتے تھے حتی کہ جدید سال شروع ہوتے ہی اس کی پیشگی بھجوایا کرتے تھے امسال ان میں سے کئی صاحبوں نے اب تک توجہ نہ فرمائی۔

(۳)ان شاء اللہ العزیز سال جدید کا پہلا پرچہ ہر خریدار تحفہ کی خدمت میں ویلو کر کے بھیجا جائے گا۔اور ار صرف ویلو کا قیمت سالانہ تین روپے بڑھایا جائے گا جن صاحبوں کو یہ منظور نہ ہو وہ ابھی سے مطلع فرمائیں۔

(۴)ارسال زر بنام قاضی عبد الودود صاحب ابن قاضی عبد الوحید مرحوم ومغفور پٹنہ محلہ لودی کٹرہ کے پتے سے کرنا چاہیے ورنہ دفتر تحفہ ہر طرح کے الزام سے بری ہے۔

(۵)خطوط ومضامین وغیرہ بنام مہتمم ارسال فرمائے جائیں۔

والسلام مع لاکرام۔(ابو المساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ عفی عنہ)

[ربیع الآخر ۱۳۲۶ھ ص ۴۴،۴۳]

التماس ضروری

حضرات اپنے اس دینی پرچے کو چلایئے اوراس کے چلنے کے سامان مہیا فرمایئے ایسی بے توجہی کس نے مانی، بے پروائی حد سے گزر گئی روپے کا کام اگر ہاتھ پاؤں سے نکلتا تو یہ احقر جملہ شائقین تحفہ کی طرف سے تنہا انجام کو پہنچاتا اور کسی کو تکلیف دینا روانہ رکھتا۔ مالک تحفۂ حنفیہ غفرالہ المولیٰ اس کے اہل تھے اپنی حیات تک باحسن وجوہ اس کو چلاتے رہے۔ واللہ الموفق والمعین ولاحول ولاقوۃ الاباللہ ذی القوۃ المتین۔

ارسال زربنام قاضی عبدالودود صاحب ابن قاضی عبدالوحید مرحوم، پٹنہ محلہ لودی کٹرہ کے پتے سے کرنا چاہئے خطوط و مضامین بنام مہتمم روانہ فرمایئے۔ والسلام

(ابوالمساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ) [جمادی الاولیٰ، ۱۳۲۶ھ صفحہ اخیرہ]

سبحان اللہ کیا قدر مذہب ہے

یہ خادم تحفۂ حنفیہ التماس کرتے کرتے عاجز آگیا کہ اے حامیان ملت حقہ واے قدردانان تحفۂ حنفیہ اس آخر دور میں اس پرچۂ دینیہ کی اشاعت کو غنیمت سمجھو کہ ہندوستان بھر میں کوئی ایسا رسالہ نہیں جو سچا دین کا ناصر، بدعات وضلالات کا کاسر ہو۔ اس کا بانی ومالک چل بسا۔ اب آپ ہی حضرات اس کے مربی وسرپرست ہیں دوروپے سالانہ بھی کوئی چیز ہے اس کے جتنے خریدار ہیں اگر وہ سالانہ ہدیہ مرحمت فرمایا کریں تواس کے تمام مصارف نکل آیا کریں۔ للہ اب بھی مستعد ہوجایئے اوراس کو کسی طرح چلایئے۔ باقی دار حضرات اگر باقی زرقیمت عنایت فرمائیں جب بھی بہت کچھ کام برآئیں۔ اس خیرخواہ کی صدا سنیئے اوراپنے پرچے کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوجایئے۔ آئندہ آپ جانیں آپ کا کام۔ والسلام مع الاکرام۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پرچہ ذی القعدہ سے رنگ برنگ کے مختلف مضمون وجدید فتاوی

شائع ہوا کریں گے پرچہ ٔشوال کی کمی بھی پرچہ ٔذی القعدہ میں پوری کردی جائے گی۔
(مہتمم تحفہ حنفیہ) [شوال المکرم،۱۳۲۶ھ صفحہ اخیرہ]

اظہار حال

حضرات اس میں شک نہیں کہ عرصہ سے پرچے کی اشاعت میں تاخیر ہوتی رہی اورامسال اتنی دیر ہوئی کہ ۱۳۲۶ھ کے پرچے بھی اب تک نہ شائع ہوئے باوجودیکہ ۱۳۲۷ھ کا بھی ایک ماہ کامل گزرگیا۔اس بارے میں بظاہر جو کچھ دفتر تحفہ پر الزام دیاجائے وہ کم ہے۔لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ دفتر تحفہ نے تعجیل میں کوئی دقیقہ اٹھانہ رکھا۔امورناگہانی وسوانح غیبی سے انسان مجبور محض ہے۔وہ امسال ایسے پیش آتے گئے کہ جب سے تحفہ شائع ہواہے کبھی پیش نہ آئے۔مالک تحفہ ٔحنفیہ غفرلہ خالق البریہ کاانتقال،ثانیاًرجسٹر کچہری میں بجاے مرحوم کے دوسرے شخص کانام درج ہونے میں قریب دوماہ کی تاخیر۔ثالثاًاس احقر کے والدماجد کاانتقال عفاعنہ الکریم المتعال۔کہ ایک ماہ کامل مجھے وطن میں رہناپڑااوریہاں دفتر تحفہ کاکام معطل رہا۔

اب ان شاء اللہ العزیز عزم بالجزم ہے کہ باقی دوماہ یعنی ذی القعدہ وذی الحجہ کے پرچے بہت جلد شائع کرکے محرم۱۳۲۷ھ کاپرچہ اشاعت پائے۔آپ سے صرف اتنی التجاہے کہ جہاں تک ہوسکے امداد تحفہ فرمایئے۔میراجو کام ہے اس کومیں انجام دوں اورآپ کاجوکام ہے اس کوآپ کیجئے۔اگربغیر روپے کے کام چل سکتااورمیری جان پرچاہے جیسی تکلیف ہوتی اس کومیں گواراکرتااورجس طرح ہوتاجھیلتا آپ حضرات کواس بابت ہرگزتکلیف نہ دیتا۔للہ توجہ کیجئے ۔ورنہ اس دینی جہاز کاچلنانہایت دشورہے۔علی الخصوص ایسے وقت میں کہ ہرچہارطرف سے بادمخالف چل رہی ہے۔

والتوفیق من اللہ العلی الجلیل وھوحسبی ونعم الوکیل۔
مہتمم تحفہ۔ [رمضان المبارک،۱۳۲۶ھ صفحہ اخیرہ]

التماس ضروری

حضرات اب تو سال ختم کو پہنچا اور آپ صاحبوں کی دریادلی موج زن نہ ہوئی اور اپنے اس پرچے کی طرف کچھ بھی توجہ معرض ظہور میں نہ آئی۔ حیرت خیز تو یہ امر ہے کہ چند صاحب بالالتزام ہدیۂ سالانہ پیشگی عنایت فرمایا کرتے تھے ان میں کے بھی اکثر صاحبوں نے اب تک کروٹ نہ لی۔ اے اسلام کے حامیو! اس دینی پرچے پر جان ومال فدا کرنے والو! اب وہ وقت نہیں کہ آپ کی دست کشی اس پرچہ کو ضرررساں نہ ہو۔ خیال تو کرو کہ یتیم بچہ اور بیوہ عورت اس کار دینی میں اپنی جان ومال سے مستعد ہیں اور پیسوں روپے خرچ کرکے ماہانہ اس پرچہ کو نکالتے ہیں۔۔۔ افسوس افسوس افسوس۔

پرچۂ جمادی الآخرہ عرصے سے تیار تھا لیکن بباعث ۔۔۔ قوی کے شائع نہ ہوسکا۔ وہ یہ کہ تین چار ماہ سے پرچے کی رجسٹری ہوگئی ہے اس کی اشاعت کی تاریخ ہر ماہ انگریزی کی پہلی تاریخ ہے اور پہلی نومبر کو پرچۂ جمادی الاولیٰ شائع ہوچکا اس کے بعد جمادی الآخرہ کا پرچہ تیار ہوا۔ بعد ازیں بعجلت تمام رجب کا پرچہ بھی طبع کرایا گیا ہنوز اس کی تکمیل نہ ہوئی تھی کہ یکم دسمبر آگئی مناسب معلوم ہوا کہ اس کو ۲ر جز میں کردیا جائے۔ شعبان کے پرچے میں ۲۱ر صفحے بڑھا دئے جائیں گے۔ لہٰذا جمادی الآخرہ ورجب کا ایک ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ ارسال زر بنام قاضی عبد الودود صاحب خلف رشید حضرت مولانا مولوی قاضی عبد الوحید مرحوم ومغفور محلہ لودی کٹرہ پٹنہ، سے کرنا چاہئے خط وکتابت وارسال مضامین بنام ابوالمساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ ہوں۔ (ضیاء الدین مہتمم تحفہ حنفیہ، لودی کٹرہ پٹنہ)

[رجب المرجب ۱۳۲۶ھ صفحہ اخیرہ]

کیا کہیں کہتے ہوئے شرم آتی ہے

حضرات ناظرین! تحفۂ حنفیہ کی خدمتوں میں بابت بقایاے زرامدادی پرچہ التجا کرتے کرتے طبیعت پژمردہ دل افسردہ ہوگیا۔ مگر وہ ہیں کہ خبر تک نہیں ہوتے اس قدر خیال فرمالیں ۔ اور بات بھی واقعی یہی ہے کہ ہم قیمت تحفہ نہیں دیتے بلکہ دینی اعانت کرتے ہیں ۔ دنیاداری میں ہزار ہا روپے خرچ ہو جائیں ذرا بھی پس وپیش نہیں ہوتا۔ اور خندہ پیشانی سے صرف فرماتے ہیں۔ کار خیر میں اگر ایک ادھی بھی خرچ ہو جائے تو نہایت افسوس آئے، چیں بر جبیں ہونا کوئی مشکل نہیں ۔ یارو "الدینا مزرعۃ الاٰخرۃ" پر توجہ فرماؤ۔ اور اس دور آخری میں دین کی ترقی، دین کی بہی خواہی، دین کی اعانت، دین کی حمایت میں شب وروز کوشاں رہو۔ درمے قدمے جس طرح ہوسکے دریغ کو کام میں نہ لاؤ۔ اس چند روزہ زندگی میں سامان آخرت جمع کرو یہی کام آئے گا۔ یہی مصائب سے بچائے گا۔ اس پرچہ کی قیمت ایسی نہیں کہ جس کا تحمل نہ ہوسکے۔ گراں گزرے۔ غریب سے غریب آدمی کو بھی ماہواری ۲روپے۰ جمع کر لینا دشوار نہیں ۔ پھر یہی نہیں کہ ہدیۂ مقررہ سے رعایت نہ کی جاتی ہو، یہاں تو شائقین کی حالت کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ اگر ثابت ہو جائے کہ مفلس و ناچار ہے اور اس پرچہ پر فریفتہ اور اس کے نہ ملنے سے دلفگار ہے تو اس سے ایک پیسہ بھی نہیں لیا جاتا۔ بلکہ مصارف ڈاک میں بھی اپنا خرچ کیا جاتا ہے۔ طلبہ پر علی العموم رعایت کی جاتی ہے ۔اس پرچے کی اشاعت اور اس کے اجرا سے دنیا طلبی، شکم پروری مقصود نہیں ۔ اس کے مصارف نکل آیا کریں اسی قدر کافی۔ اس مرتبہ یہ صورت تحریک بقایائے پرچہ نکالی کہ فہرست اسمائے خریداران ذیل میں لکھی۔ تاکہ حضرات اپنا نام نامی ملاحظہ فرما کر کچھ تو توجہ فرمائیں۔ اس فہرست میں چند قسم کے حضرات ہیں۔

(۱) کم ایسے کہ جن کا حساب پاک وصاف

(۲) اکثر ایسے کہ جن پر رقم کثیر باقی ہے۔

(۳) بعض ایسے کہ خبر تک نہیں ہوتے۔

(۴) بعض حضرات علمائے عظام و فضلائے کرام کے خدمات میں ہدیۃً پرچہ بھیجا جاتا ہے۔اس میں پرچہ اپنا فخر سمجھتا ہے۔

ا۔ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلی محلہ سوداگراں دفتر مطبع اہل سنت۔

۲۔جناب مولانا وصی احمد صاحب محدث سورتی پیلی بھیت محلہ منیر خان۔

۳۔جناب مولانا عبد المقتدر صاحب بدایوں مولوی محلہ۔

۴۔جناب مولانا مولوی ہدایتہ اللہ خان صاحب رامپوری جونپور مدرسہ حنفیہ۔)

نمبر ۳ والے حضرات سے بہت کا نام دفتر سے نکال دیا گیا۔ اول الذکر حضرات کی خدمتوں میں یہ التماس کہ سال آئندہ کی پیشگی عنایت فرمائیں ۔ نمبر ۲ صاحبوں سے عرض کہ پچھلا حساب بے باق فرمائیں اور پیشگی ۱۳۲۴ھ کی بھجوائیں۔

نمبر ۳ سے یہ التجا کہ تکلیف فرما کر دفتر تحفہ میں ایک پوسٹ کارڈ پر اپنا حال تحریر فرمائیں کہ پرچہ بند کیا جائے یا امید اعانت رکھی جائے۔ بعد انتظار سال آئندہ میں دفتر سے نام خارج کیا جائے گا پھر کسی قسم کی شکایت کا موقع نہ ملے گا۔

ہر اسم کے ساتھ تفصیل باقی وغیرہ اس خیال سے نہیں دی گئی کہ آپ کو ضرور ناگوار ہوتا کہ ہم کو سب میں رسوا کیا ہم کو نادہند بنایا اور ہماری نادہندی کو چھاپ کر مشہور کیا۔ مگر بااین ہمہ آپ کے ساتھ یہ بھی رعایت کی جاتی ہے کہ جس قدر ہو سکے ۲۹ ذی الحجہ تک اسی قدر بطور اعانت بھجوا دیجیے جو کچھ رقم رہ جائے گی وہ طلب نہ کی جائے گی۔ دفتر بقایا سے مٹا دی جائے گی ۱۳۲۴ھ سے حساب علاحدہ چلے گا۔"

[تحفۂ حنفیہ: ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ ص ۲۳ تا ۳۱]

تحفۂ حنفیہ سے متعلق ارباب علم ودانش کے تاثرات

تحفۂ حنفیہ سے متعلق مشاہیر علماو دانشوران قوم کے تاثرات رسالہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں کافی مددگار ہوں گے۔ کچھ تاثرات نثر میں ہیں اور کچھ منظوم ہیں ہم یہاں تمام نقل کر دیتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم یہاں منتظم و مدیر تحفۂ حنفیہ جناب قاضی صاحب کی تحدیث نعمت کے طور پر لکھی ہوئی مدح آمیز تحریر پیش کرتے ہیں ملاحظہ ہو:

قاضی عبدالوحید فردوسی مدیر و منتظم تحفہ

قیاس کن زگلستانِ او بہارش را:

”تحفۂ حنفیہ کے چاہنے والو! مذہب اہل سنت کے فدائیو! سچ سچ بلا ر دو رعایت تو کہو کہ یہ پرچہ جس کی اشاعت کو ابھی کچھ زیادہ دن نہ گزرے جس کا دوسرا شمارہ اس وقت آپ کے ملاحظہ میں ہے کیسا نکلتا ہے اس کی ادائیں دل کو بھاتی اور اس کی بناوٹیں دل میں کھبتی ہیں یا نہیں ؟ گو اس کی تعریف میری زبان سے قابل اعتبار نہیں اور مبالغہ سمجھا جائے مگر آپ ہی انصافانہ کہئے کبھی ایسا غضب کا پرچہ اس وقت تک نظر سے گزرا تھا۔ اس طرز کا دوسرا صحیفہ اب تک دیکھنے میں آیا تھا؟ شاید آپ اس کے جواب میں تجاہل عارفانہ کریں تو کیا تاڑ جانے والی نگاہیں نہ پہچان جائیں گی کہ اشاروں میں کیا باتیں ہو رہی ہیں۔

کون سی باتیں، وہی تحفہ کی بابت تعریفیں کہ یہ پرچہ واقعی اس زمانہ کا یادگار اور ہونہار

روز گار معلوم ہوتا ہے۔اس کے گلشن روح افزا کی دل کشا بہار کا عالم ہی اور ہے۔ جس سج دھج جس شان جس ٹھاٹ سے یہ ماشاء اللہ بر آمد ہوتا ہے وہ نرالا اور قابل دید ہے۔ اپنے کمسنی پر بھی اس وقت کے کسی پرانے سے پرانے پرچے سے بفضلہ کم نہیں۔
اس کی پیشانی سے ہر طرح کے آثاراقبال ہویدا ہیں ۔بہر حال اگر آپ کو وثوق نہ ہو اور بمقتضائے ایں کہ ؎

خو شتر آن باشد کہ سر دلبراں
گفتہ آید در حدیث دیگراں

دوسروں کی زبان سے اس کی مدح وستائش سننا چاہتے ہیں تو حامی سنت حضرت مولانا حکیم عبد القیوم صاحب بدایونی کی تحریر بے نظیر معائنہ فرمایئے۔ مولوی خلیل الرحمن صاحب پیلی بھیتی کا قابل قدر مراسلہ پھر پڑھ جایئے اگر اب بھی اطمینان نہ ہو تو تحفہ کے قدردان میرے مہربان جناب مولوی صفدر حسن خان صاحب بسمل علوی کاکوروی قابل ایڈیٹر زمانہ کانپور (جن کا میں نہایت ممنون احسان ہو اور زمانہ کی ترقی کا بدل دعا گو ہوں) کی نفیس تقریظ مندرجۂ زمانہ جلد ۶ نمبر ۴۶، سے اپنی تسکین کر لیجئے۔ اور ابھی کیا ہوا نام خدا اسے اس کا شباب تو آنے دیجئے پھر دیکھئے کہ ان شاء اللہ ایک عالم جو ابھی سے اس کی اداؤں پر فریفتہ اس کی ناوک اندازنگاہوں سے نیم بسمل ہو رہا ہے گرویدہ ہوتا ہے یا نہیں ؟ میں اپنے تحفہ کا ہاتھ اپنے عزت افزاؤں کے دامت تک پہنچائے دیتا ہوں ۔رہی دستگیری وہ آپ کے متعلق۔شاہا چہ عجب گر بنوازند گدارا۔(منتظم تحفہ)

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الثانی، ۱۳۱۵ھ صفحہ ۱ تا ۳]

نیز قاضی صاحب کا یہ تبصرہ بھی ملاحظہ ہو:

”ہندوستان بھر میں یہی ایک پرچہ ہے جو چھ سال سے مذہب اہل سنت کی تائید

اوربدمذہبوں کے خیالات باطلہ کی برابرماہانہ تردید کررہاہے دین متین کو قوت پہنچاتا، بدمذہبی کو چھڑاتاہے۔ اسلام میں جونئے نئے فتنے برپاہوتے بددین سنت پر جوطرح طرح کے حملے کرتے ہیں ان سے ہوشیار کرتاان کی اچھی طرح سے قلعی کھولتاہے۔ اسی نے سچی دینی خدمت کابیڑااٹھایااسی نے بہت سے حضرات کومذہب سنت کافریفتہ بنایا۔ وہ لوگ جوبدمذہبی کی کج راہوں میں بھٹکتے، بددینی کی بھول بھلیوں میں حیراں وسرگرداں پھرتے تھے اسی کے مطالعہ اسی کے وسیلے سے شاہراہ سنت پرہولیے۔ وادی ضلالت سے نکلے منزل مقصود پاگئے اگر کہاجائے کہ یہ مخزن تحقیق تحقیقات علمی کاچشمہ رحمت الٰہی کادریاسچے سنیوں پکے حنفیوں کے لیے نعمت عظمی رافضیوں، خارجیوں، نیچریوں، وہابیوں ، غیرمقلدوں اوران سب کامجموعہ ندویوں کے حق میں شمشیر برہنہ ہے توبہت ٹھیک اورروااوراگر لکھاجائے کہ علمائے ربانی فضلائے حقانی کے دلوں کو مسرت بے نہایت بخشادین کے بیخ کنوں خدائے تعالیٰ کے دشمنوں کے کلیجے چاک کرتاہے تونہایت سچ اوربجاہے۔ یہ وہ آفتاب دینی ہے کہ جس کی نورانی تجلی عالم میں پھیلی عجم سے عرب تک پہنچی۔ اقامہا اللہ تعالیٰ بالعزۃ والکرامۃ وادام فیوضہا الجلیلۃ وفوائدہا المنیفۃ۔

[ذوالقعدہ، ۱۳۲۰ھ صفحہ اخیرہ]

رسالہ کی اشاعت اوراس کی ترقی پر ندویوں کی بوکھلاہٹ کااظہار کرتے ہوئے قاضی صاحب لکھتے ہیں:

ہم بھی دیکھیں کہ نکلتاہے یہ تحفہ کیا

افضال ایزدمتعال سے یوں توتحفۂ حنفیہ اپنے مقاصد اپنے مضامین کے اعتبار سے جیسااس وقت تک شائع ہوتارہاہے اس کی کیفیت کچھ حضرات اہل دشمنان شرک

وکفروبدعت کے دلوں سے پوچھئے

آتش نفسان قیمت مے خانہ شناسند

افسردہ دلان را بہ خرابات چہ کار است

مگر نہیں ارباب ندوہ ودیگر مبتدعین جن کے سینوں پر یہ پرچہ سانپ سابن کرلوٹ رہاہے۔ نشتر کا کام کررہاہے جس کی تخریب میں اعوان وانصار ندوہ مطرودہ جلسۂ مخذولہ شب وروز ادھار کھائے پھرتے ہیں۔ ان کے دلوں میں اس نے رہ رہ کر وہ وہ چٹکیاں لی ہیں جس کامزا ان کا ہی دل کچھ جانتاہے۔ خیر یہ تو ہمیشہ ہوا کیاہے اور ہوتا رہے گا کہ حق اوراہل حق کی مضرت رسانی میں کافرین مبتدعین خذلہم اللہ اپنے بوتے بھر کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے۔ ہر طرح پر تقریراً وتحریراً اس سے لڑائی مول لیتے ہیں اور یہی حال اس تحفہ کے ساتھ بھی ہورہاہے کہ بعض اخباری صاحب جنہیں تہدید الندوہ اور تحفہ کے ساتھ دلی خصومت ہے اور جن کے دماغ میں مدت (سہ ماہ) کے بعد تہدید الندوہ کے زبردست ولاینحل اعتراضات کے دفع کاشوق سمایاہے۔ تحفہ کا حسن قبول دیکھ کر آتش حسد سے جل مرے۔ اور تہدید الندوہ کے رد لکھنے پر آمادہ ہو بیٹھے اور جابجا تحفہ پر بھی اٹکل پچو اعتراض کرکے اپنے دل کا بخار نکالنے کو مستعد ہوگئے ہیں۔

اے سبحان اللہ یہ منہ اور مسور کی دال۔ ہم ان اخباری صاحب سے مفصل بات چیت کرتے اور قابلیت کا دعوی باطل کردیتے مگر افسوس کہ اس بار کے پرچہ میں گنجائش نہ رہی۔ لہٰذا اخباری صاحب ذرا ہوشیار ہوجائیں اور رسالہ ’’دافع مغالطہ ندویہ‘‘(۱۳۱۵) کی اشاعت کے منتظر رہیں۔ ان شاء اللہ چوتھے پرچہ میں ان اخباری نامہ نگار صاحب کی قرار واقعی تنبیہ کی جائے گی۔ کچھ ہویانہ ہو شرم وغیرت دلانے پر ارباب ندوہ کے باسی کڑی میں ابال تو آیا۔ صدوناظم واراکین ندوہ کے دھرم قائم رکھنے کو تحریری مناظرہ

(گو تقریری مناظرہ سے جان چرائے پھرتے ہیں) پر انہیں جرات تو ہوئی۔

ایں ہم غنیمت است۔ مگر یاد رکھئے کہ اس حرکت مذبوحی سے کچھ ہوتا نہیں ان شاء اللہ تعالیٰ نور حق وہدایت کے سامنے آپ کے ظلمت زیغ وضلالت کو فروغ ہو نہیں سکتا۔ چاہے آپ لاکھ کوشش کریں جان کھپائیں۔ واللہ متم نورہ ولو کرہ النادون المبطلون لاحول ولا قوۃ میں بھی کدھر دور جا پڑا کیا کہنا چاہتا تھا کیا کہہ گزرا۔ ہاں صاحبو! اس جھگڑے کو علاحدہ تہ کر رکھئے اور مطلب کی باتیں سنئے کہ جہان اور براہین قاطعہ جو حسن وخوبی تحفہ پر شاہد عادل ہیں آپ کے ملاحظہ میں آچکے۔ ایک اور شاہد دل فریب کی جلوہ گری بھی قیامت ڈھاتی جائے۔ اور تحفہ کی بھولی صورت پیاری سیرت کا نقشہ ایک بار اور آنکھوں میں پھر جائے۔ معائنہ ہو آگرہ اخبار نمبر ۷ ۲ مطبوعہ ۲۱/ دسمبر ۱۸۹۷ء۔ (منتظم تحفہ)

[رجب المرجب ۱۳۱۵ھ ص ۱ تا ۳]

مولانا صفدر حسن خاں بسمل علوی کاکوروی قابل

ایڈیٹر زمانہ کانپور:

"تحفہ حنفیہ ۴۴، صفحہ کا ماہواری رسالہ ہے پٹنہ سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس میں صفحہ ایک سے ۸ تک مسلمانوں کے عقائد کو تقویت دینے والے مضامین قصائد و مسدس غفلت سے بیدار کرنے اور ہوش میں لانے کے لیے وقف ہیں۔

صفحہ ۹ سے ۱۶ تک اسلامی جلسوں، اسلامی خبریں، اسلام کے فضائل، اسلام کی مذہب باطلہ پر افضلیت، عروج وتنزل کے اسباب کے لیے رکھے گئے ہیں۔ صفحہ ۱۷ سے ۲۲ تک مسائل ضروریہ فقہ وحدیث، حالات دوزخ وبہشت، عقائد اہل سنت کے ذکر کے لیے چھوڑے گئے ہیں۔ صفحہ ۲۳ سے ۳۲ تک تردید عقائد مشرکین وکافرین ومنافقین کا ذکر ہوگا۔ صفحہ ۳۳ سے ۴۰ تک سیرت اولیاوانبیا اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم آل

واصحاب تابعین ومشاہیر سلف کے فضائل تاریخی مقامات حالات اسلامی سلاطین حال وپیشین کی مذہبی کوششوں کا تذکرہ ان کی برگزیدہ صفات مذکور ہوا کریں گی۔ صفحہ ۴۱ سے ۴۴ تک کارآمد لطائف وظرائف ، مفید دل چسپ حکایات ،اسلامی قصوں کے چھوڑا گیا ہے۔ یہ کتاب اپنے رنگ کی پہلی کتاب ہے جس کی ملک کو ضرورت اور سخت ضرورت تھی بلاشبہہ اگر اس کی ترتیب یہی رہی اور اسی کوشش سے یہ پرچہ چلتا رہا جیسا کہ اس کا پہلا نمبر اس وقت ہمارے سامنے موجود ہے تو ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ مسلمانوں کے لیے ایک اچھی فال اور مبارک شگون ہے۔ قیمت اس کے مضامین اور مہتمم کی کوششوں کے دیکھتے بہت ہی کم ہے۔ یعنی صرف ۔۔۔ سالانہ ہے۔

فی پرچہ ۳/ کو ملتا ہے۔ ہم اپنے ملک اور قوم سے سفارش کے ساتھ کہتے ہیں کہ وہ دل سے اس کی خریداری پر متوجہ ہوں۔ اس سے بڑھ کر شاید کوئی کتاب مذہبی عقائد رکھنے والوں کے لیے بھی اور نئے تعلیم یافتوں کے جی بہلانے والی ملک کے کسی حصہ سے شائع نہیں ہوئی۔ یہ کتاب مولوی حافظ قاضی عبد الوحید غلام صدیق صاحب حنفی الفردوس منتظم تحفۂ حنفیہ مہتمم مطبع حنفیہ واقع پٹنہ محلہ لودی کٹرہ سے مل سکتی ہے۔“

[جمادی الثانی،۱۳۱۵ھ صفحہ ۱تا۳،ماخوذ از زمانہ جلد ۶ نمبر ۴۶]

مولانا حکیم عبد القیوم بدایونی

مولانا عبد القیوم بدایونی اپنے رسالہ ”سماع الاموات بان بالاحادیث والآیات“ میں لکھتے ہیں:

”تھوڑے دنوں سے بعض سنی بھائیوں نے پٹنہ عظیم آباد سے ایک ماہواری رسالہ مسمی بہ تحفہ حنفیہ کی اشاعت کا انتظام کیا ہے۔ جس کی اصلی غرض مذہب حق کی تائید اور اوہام روافض ووہابیہ و تفضیلیہ ونیچریہ وندویہ کی تردید ہے۔ اس کے ملاحظہ سے ارباب ندوہ نے بہت کچھ پیچ وتاب کھایا کہ پٹنہ جہان کے ذی مقدور لوگ باہمت اور دل والے ہیں

جہاں سے کئی لاکھ روپیہ کی اور واثق امید ہے۔ جہاں حلقہ بگوشان و مریدان نیچریہ کی کچھ کمی نہیں اور پھر ایسے مقام سے مذہب اہل سنت کا حامی پرچہ اشاعت پائے۔"

[تحفہ حنفیہ، محرم ۱۳۱۸ھ ص ۱۹،۲۰]

نیز حضرت علیہ الرحمہ اپنے ایک مضمون کے آخر میں لکھتے ہیں:

"اس ہونہار پرچہ سے ان شاء اللہ ثم رسولہ الاعلیٰ بہت کچھ امیدیں ہیں۔ ہر مسئلہ ہر عقیدہ کو بشرط مشیت ایزدی اس کامل تحقیق سے ثابت کرے گا کہ مخالفین کی آنکھیں کھل جائیں۔" [جمادی الثانی، ۱۳۱۵ھ ص ۲۰]

مولانا محمد عتیق احمد پیلی بھیتی

مخزن تحقیق یا تحفۂ حنفیہ یا مخزن حقیقت ۱۳۱۵ھ کہ بعد تحقیق تمام امور کی حقیقت ظاہر کرتا ہے۔ ناظرین! پہلا مصرعہ فارسی زبان سے نکلا لہٰذا کل اشعار اسی مناسبت سے صرف ۱۵؍ منٹ میں لکھے ہیں۔ مطلب ادا کیا ہے۔ عبارت آرائی اگر غلطی ہو تو معاف فرمانا در حالیکہ نظر ثانی بھی نہیں کی ہے۔

وقت آن آمد کہ بردارم قلم — از برائے تحفہ تحریر می کنم (۱)
تحفۂ حنفیہ اسمے خوب شد — اہل سنت را بسے مرغوب شد (۲)
بد ضروری ایں چنیں یک پرچہ — بہر تنبیہِ عوام از خدشہ (۳)
شد ز عہد حضرت عثمان غنی — فرقہائے ضالہ را روشنی (۴)
اہل سنت حسب فرمان نبی — ہفت دو ملت شدند از کجروی
ہمدرینان شاخہا بسیار شد — نیچری وہابیہ اظہار شد (۵)
مہدویہ آخر اوندویہ — فتنۂ در ہندیان پیدا شد (۶)

منعقد شد جلسہ در کانپور — مجمع علما شد از نزدیک و دور (۷)

ندوۃ العلما مسمی شد و لے — ابتدائے او خراب آمد کہ وے

بود بے قید و شرائط اجتماع — شد مضرت زاں بجائے انتفاع (۸)

نیچران وہابیان از راہ کید — عالمان خام را کردند صید (۹)

عامیان را زیں سبب شد لغزشے — عالمانِ پختہ را شد حیرتے

کین چہ ظاہر شد فساد مذہبی — انتظام فتنہ شدہ بس لابدی (۱۰)

کندریں حلوا سم قاتل نہان ست (۱۱) — عامیان دانند قول عالمان ست

از برائے دفع این کید عظیم — تحفہ حنفیہ شد بس مستقیم (۲۱)

کانپوری تحفہ دیگر را کند — پندو وعظ و خویش را می ننگر (۳۱)

کار این تحفہ ست اول خویش را — رہ نماید بعدہ درویش را (۴۱)

یا الٰہی از طفیل آنجناب — تحفہٗ حنفیہ را کن کامیاب (۵۱)

(۱) اگرچہ بیماری کی کمزوری سے معذوری ہے تاہم میں تحفہ کا ڈھنگ دیکھ رہا تھا۔ اب بفضلہ تعالیٰ حالت بہت عمدہ ہو گئی ہے لہٰذا بے ساختہ یہ اشعار دل سے نکلے۔ ۱۲ منہ۔

(۲) اس کا نام اور کام دونوں اہل سنت کو پسند ہوں گے اور ہیں جو اس سے دل چسپی کی جگہ حسد و خصومت رکھے ضرور ہے کہ مذہب اہل سنت کا بد خواہ ہے۔ ۱۲ منہ۔

(۳) ایسے پرچے کی سخت ضرورت تھی کیوں کہ حفاظت مذہب اہل سنت کے لیے خاص کوئی رسالہ شائع نہیں ہوتا تھا۔ جس کے بغیر بہت نقصان تھا اب ان شاء اللہ تعالیٰ تمام خدشات سے عوام کو اطلاع ہوتی رہے گی۔ ۱۲ منہ۔

(۴) بعض لوگ دھوکے میں پڑتے ہیں کہ فلاں عالم ہے وہ ایسا نہیں کر سکتا۔ لہٰذا جاننا چاہئے کہ ابلیس تو معلم الملکوت تھا اور اسی مذہب اہل سنت میں حضرت عثمان ذوالنورین کے زمانہ سے برابر گمراہ فرقے نکلتے چلے آئے ہیں۔ جن کے موجد عالم ہی تھے مگر وہ عالم جو اس کے مصداق ہوئے ۔

مبادا دلِ آن فرومایہ شاد
کہ از بہر دنیا دہد دین بباد

(۵) ایک اہل سنت میں سے بہتر فرقے گمراہ حسب فرمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکلے یہ حدیث رسالہ ٔ ہٰذا کی لوح پر دائیں میں موجود ہے۔ پھر ان فرقوں سے شاخیں رافضی، خارجی، وہابی، نیچری، مہدوی وغیرہ نکلیں۔ ۱۲۔

(۶) اب اس چودھویں صدی کا پہلا فتنہ بنام ندوۃ العلما پیدا ہوا ہے۔ یہ سب سے بڑھ کر ہے کہ کسی ایک دوسے منسوب نہیں بلکہ علما کے نام سے ہے۔ ۱۲ منہ۔

(۷) یہ ظاہر ہے کہ اگر علمائے اہل سنت اجتماعی حالت سے حفاظت مذہب کے ساتھ دین ودنیا کے کام کریں تو کس قدر عظمت اور قوت ہو چنانچہ کانپور میں ندوۃ العلما کا انعقاد اس بنا پر سمجھا گیا تھا۔ ۱۲ منہ۔

(۸) اگرچہ اجتماع علما بہتر تھا مگر اس کی ابتدا ہی بگڑ گئی کہ بدمذہبوں کی دراندازی سے بلا کسی قید اور شرط کے عام فرقوں کی گویا ایک کھچڑی پکائی گئی جس سے نفع کی جگہ نقصان پیدا ہوا۔ ۱۲ منہ۔

(۹) بدمذہبوں نے بعض خاص علما کو وہ پٹی پڑھائی کہ آج تک نہیں سمجھتے کہ بھیڑیا بھی کہیں بکریوں کا رکھوالا اور دردمند ہو سکتا ہے۔ یا کسی شے میں سے کوئی چیز خلاف اس کے نکل سکتی ہے جو اس میں ہے چنانچہ بدمذہبوں کے اقوال اس کے شاہد ہیں

مگر صدر وناظم ندوہ وغیرہ بعض علما کو ایسی مصلحت سمجھائی ہے کہ مضرت مذہبی کی کچھ ان کو پرواہ نہ رہی۔ ۱۲ منہ۔

(۱۰) عوام کو اس میں یوں دھوکا ہوا ہے کہ یہ کاروائی علما کی ہے لہٰذا مذہبی مضرت نہ ہوگی لیکن جو عقل رکھتے ہیں انہوں نے حقیقت حال کو دریافت کرلیا ہے اور کیوں عام لوگ دھوکا نہ کھائیں کہ زلۃ العالم زلۃ العالم۔ بہت صحیح ہے یعنی لغزش ایک عالم کی لغزش ہے ایک جہان کی۔ اس سبب سے پکے عالموں کو جو حفاظت مذہب کو تمام مصلحتوں پر مقدم جانتے ہیں سخت ترددا ور فکر ہوئی کہ یہ کیا سے کیا ہو گیا اس کی اصلاح کرنا ضرور ہے۔ چنانچہ بہت کچھ کوشش کی مگر وہاں جڑ مضبوط ہو چکی ہے۔ ۱۲ منہ۔

(۱۱) ناواقف لوگ حلوے زہر آلود کو جس طرح بڑے شوق سے کھا لیتے ہیں اسی طرح عام لوگ اس کے ظاہری جلووں اور صرف یہ خیال کرکے کہ عالم جمع ہیں اس سے کچھ مطلب نہیں نہ آگاہی کہ کیسے عالم ہیں اور کیا کر رہے ہیں ندوے کی کاروئیوں پر نیک گمان کرتے ہیں لیکن جب واقف ہوتے ہیں تو متنفر ہو جاتے ہیں۔ ۱۲ منہ۔

(۱۲) خیال کرنے مقام ہے کہ جب ایک عالم کی گمراہی ایک جہان کو کافی ہے تو زلۃ العلما یعنی چند عالموں کی لغزش کا کیا ٹھکانہ ہے۔ پھر عوام کا دھوکا کھانا کچھ تعجب خیز امر نہیں ہے۔ مگر ان کو آگاہ کرنے کے لیے کوشش کرنا فرض ہو گیا۔ اسی واسطے تحفۂ حنفیہ جاری ہوا کہ بدمذہبوں کے مکر سے عوام کو بچائے اگرچہ وہ کسی فرقے کے ہوں ندویہ پر انحصار نہیں ہے۔ ۱۲ منہ۔

(۱۳) تحفۂ محمدیہ کانپوری صرف عیسائیوں وغیرہ کی بابت مضامین لکھتا ہے اور گھر کا انتظام نہیں کرتا بلکہ بگاڑنے کے ذمہ لیا ہے۔ وہی مثل ہے کہ خود را فضیحت و دیگران را نصیحت ۱۲ منہ۔

(۱۴) تحفۂ حنفیہ ایک جامع اور عمدہ رسالہ ہے کہ پہلے اپنے یہاں کے فرقوں کو راہ راست پر لانے کی سعی کرتا ہے بعدہ غیر اقوام کے لیے بھی ویسا ہی کارآمد ہے۔ جیسا کہ کوئی دوسرا رسالہ۔ لہٰذا مسلمانوں کو دامے درمے قدمے سخنے جس طرح ہو سکے ضرور خدمت کرنی چاہئے۔یعنی خود خریدار ہونا دوسروں کو خریدار بنانا قیمتیں بھجوانا اور مضامین سے مدد کرتے رہنا کہ کثرت اشاعت پر قیمت بھی آدھی رہ جائے گی یعنی اب دو روپے سالانہ ہے تو ایک روپیہ سالانہ دینا ہو گا۔ اوراس سے ہزاروں درجہ بہتر حالت سے شائع ہوا کرے گا۔ ۱۲ منہ۔

(۱۵) آنجناب سے مراد ہے ذات قدسی صفات سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ ۱۲ منہ۔

الراقم (جناب مولانا مولوی) محمد عتیق احمد (صاحب) سنی حنفی پیش امام جامع مسجد پیلی بھیت۔ [شوال المکرم، ۱۳۱۵ھ ص ۴۱ تا ۴۴]

مولانا عتیق احمد پیلی بھیتی مزید لکھتے ہیں:

”میں نے اپنی تحریر اور وعدے کے موافق تحفۂ حنفیہ کے خریداروں میں اضافے کی حتی الامکان کوشش کی۔ چنانچہ تبرکاً وتیمناً اول بحضور مقبول بارگاہ کبریا سالک راہ طریقت واقف راز حقیقت متبع شریعت حاجی الحرمین الشریفین عالی جناب حضرت شاہ محمد شیر صاحب دامت برکاتہم پیش کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اُس طرف (ندوے) کی تائید میں تو نہیں ہے؟ میں نے عرض کیا کہ نہیں، بلکہ تردید میں ہے۔ تب فرمایا کہ ایک کتاب وہاں (ندوے) کی بھی ایک شخص دے گئے ہیں۔ اور فرمایا کہ خدا جانے اِن لوگوں کو کیا ہو گیا ہے اللہ ہدایت فرمائے۔ (اس موقع پر میں ناظرین کو خوب وزبون کی تحقیق معمولی کی طرف متوجہ کرتا ہوں کہ عموماً اہل باطن اصحاب باصفا کا اس بارے میں یہی حال ہے چناں

چہ حضرت مولانا حاجی شاہ محمد اکبر صاحب ابوالعلائی سجادہ نشین درگاہ داناپور دام اکرامھم کا مضمون پرچہ گزشتہ بابت ماہ ذیقعدہ وذے الحجہ کے آخر میں کس خوبی و انداز سے درج ہے۔ سبحان اللہ۔ اول میں تو معمولی لیکن دلچسپ ایسا کہ آخر تک پڑھے بغیر نہ چھوڑا جائے۔ اور کس عمدہ تمہید سے مبتدا کی خبر نکالی ہے کہ دیکھ کر طبیعت کمال مسرور ہوئی۔ اور پھر ایسی مستحکم کہ جواب ندارد) منجملہ نئے خریداران کے

(۱) جناب محمد عبداللطیف خان صاحب رئیس وصدر انجمن اسلامیہ پیلی بھیت ہیں۔

(۲) جناب حکیم مولوی خلیل الرحمن خان صاحب رکن انجمن۔

(۳) جناب خان زادہ عبدالکریم خان صاحب رکن انجمن و رئیس و آنریری مجسٹریٹ ضلع ترائین۔

(۴) جناب مولوی عبداللطیف صاحب تاجر لٹھ رکن انجمن۔

اور خریداران سابق ہیں۔

(۵) جناب قاضی حافظ حاجی خلیل الدین حسن صاحب وکیل۔

(٦) جناب مولانا مولوی وصی احمد صاحب محدث سورتی رکن انجمن۔

(۷) محمد عتیق احمد نائب دبیر انجمن ہیں۔

اور بفضلہ امید ہے کہ

(۸) جناب حاجی عبدالمجید خان صاحب رئیس ورکن انجمن۔

(۹) جناب داروغہ منشی علی حسین خان صاحب سب انسپکٹر پنشنر ونائب صدر انجمن۔

(۱۰) جناب منشی اصغر علی خان صاحب منصرم محکمہ چونگی۔

(۱۱) جناب قاضی عبدالرحمن صاحب تحویل دار کتب انگریزی ریاست پٹیالہ۔

خریدار ہوں گے۔ یہ اس غرض سے عرض کیا گیا کہ دیگر ناظرین بھی ایسے ہی خریدار پیدا

کریں تو کس قدر استحکام وترقی اس رسالہ کو ہو۔ فقط

الراقم (جناب مولانا مولوی) محمد عتیق احمد صاحب از پیلی بھیت (ہم اس حمایت سنت سے مولانا کے نہایت ممنون ہیں خداوند کریم جزائے خیر دے۔ منتظم تحفہ)

[محرم ۱۳۱۶ھ ص ۵،۶]

مولانا سید ابو سلیمان محمد عبد العزیز عاجز آبھوساہوی مظفر پوری:

تحفۂ حنفیہ روح کی دوا ہے!

اس عالم ایجاد میں جتنے قسم کے جاندار ہیں خواہ اشرف المخلوقات ہوں یا مور ضعیف، انسان سے لے کر کیڑے پتنگے تک علی العموم دیکھا جاتا ہے کہ اپنی اپنی جان (روح) سب ہی کو پیاری ہوتی ہے۔ کوئی جانور دنیا میں ایسا نہیں کہ اپنی جان کی محافظت میں تاحد قوت وقدرت کچھ بھی دریغ کرتا ہو۔ اور کوئی فرد افراد انسان سے گو وہ احمق ہی سہی مگر نہیں دیکھا گیا کہ ہفت اقلیم کی بادشاہت کو ایک سکنڈ کی بھی حیات کے عوض پسند کرتا ہو۔ کیوں کہ روح اصل ہے۔ اور اسباب دنیوی فرع۔ وہ جوہر ہے اور یہ عرض۔ وہ سابق ہے اور یہ لاحق۔ وہ علت ہے یہ معلول۔ وہ سبب ہے یہ مسبب۔ وہ نور ہے یہ پرتو۔ وہ حاکم ہے یہ محکوم۔ خلاصہ یہ کہ وہ بادشاہ ہے یہ رعایا۔ جب بدن میں روح نہیں تو کچھ نہیں۔ لاکھوں قسم کی دنیاوی نعمتیں کیوں نہ حاصل ہوں مگر سب بے کار۔ ہاتھ، پیر، ناک، کان یا اور کسی دوسرے عضو بدن کے ضائع ہو جانے سے اتنا غم نہیں ہوتا جتنا کہ روح کے جسم سے مفارقت کر جانے سے۔ سب دنیاوی نعمتیں رخصت ہو جائیں چنداں قابل لحاظ نہیں، مگر جسم سے روح کا رخصت ہو جانا مطلوب نہیں۔ بادشاہ ہر ذی روح حضرت سلیمان علیہ و

علی نبینا الصلاۃ والسلام سے سوال کیا گیا دنیا میں سب سے زیادہ پیاری چیز اور سب سے زیادہ بری چیز کون ہے؟ جواب دیا سب چیزوں سے زیادہ پیاری چیز آدمی کو اپنی جان ہے جب تک جسم کے اندر رہے۔ اور سب سے زیادہ بری چیز بدن انسانی ہے جب بے روح ہو۔ اسی جواب کو ایزد جل وعلا نے بھی پسند فرمایا (عجائب القصص فارسی) وجہ یہ ہے کہ دنیاوی اسباب یا اعضائے بدن ایسے نہیں کہ اس کے فقدان سے آدمی من کل الوجوہ بے کار اور عالم دنیا میں رہنے ہی کے قابل نہ رہتا ہو، بلکہ عدم معیشت کی حالت میں تنگدستی سے اعضائے بدن کے ضائع ہو جانے کی صورت میں تکلیف سے اپنی زندگی کے ایام کسی نہ کسی روش سے بسر کر لیتا ہے۔ بخلاف موت کے جس میں ساری امیدیں تہ خاک اور دنیاوی نعمتوں سے ایک دم ابد الآباد تک کے واسطے بالکل ہی محرومی ہو جاتی ہے۔ روح ہی ایک ایسی چیز ہے جس کی تعریف میں اور ایسی تعریف کہ اس سے بڑھ کے اور کسی وصف کا ہونا خارج از امکان ہے۔ خالق الخلق ارشاد فرماتا ہے: ''ونفخت فیہ من روحی''

(اور پھوکا ہم نے اس میں اپنی وح سے، ۱۲ منہ) کیوں کہ خود خالق جس کی تعریف فرمائے اور جسے اپنی جانب منسوب کرے اس سے بڑھ کے کیا اور کس کی تعریف ہوگی۔ خداوند تعالی نے مشت خاک انسان کو جو بالکل بے حقیقت و ذلیل و خوار تھے اشرف المخلوقات بنایا۔ اور روئے زمین پر اپنی خلافت کے شرف سے ممتاز فرما کر بھیجا۔

کما قال اللہ تعالی: اذ قال ربك للملئكة انی جاعل فی الارض خلیفة''

(جب کہا تمہارے پروردگار نے فرشتوں کو تحقیق کہ میں بنانے والا ہوں زمین میں ایک خلیفہ ۱۲ منہ)

نہ جسم خاکی اور موزوں، سج دھج اور زیبا صورت ہونے کے باعث بلکہ اسی لطیف چیز روح کی بزرگی کے سبب سے۔ حضرت لقمان علیہ السلام نے جن کی حکمت اور دانائی کی

خبر قرآن پاک میں موجود ہے۔

قال اللہ تعالی و اٰتینالقمن الحکمۃ ۔ (اور دی ہم نے لقمان کو حکمت۔ ۱۲ منہ)

تادوران حیات نہ صرف روح کی نگہداشت ہی کی بلکہ اسباب دنیوی سے قطع تعلق کرکے آپ نے اپنی روح کو لطیف بھی رکھا۔ اگرچہ نظراًالی الاصل روح ایک ہی نوع ہے، مگر عمدگی اور رداءت کے اعتبار سے اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ روح لطیف اور روح کثیف۔ روح لطیف وہی روح ہے جس کی شان میں ''نفخت فیہ من روحی'' وارد ہے۔ جب اس روح لطیف نے جسم کثیف انسان میں جگہ پکڑی اور کثرت گناہ و تعلقات دنیوی کے باعث ظرف کی کثافت سے مظروف میں بھی گندگی اور کثافت آگئی تو اس کا نام روح کثیف ہوا۔ لکھا ہے کہ حضرت لقمان علیہ السلام نے اپنے رہنے کے واسطے جو گھر بنایا تھا نہایت تنگ اور غیر محفوظ تھا۔ دروازہ اور بھی ایسا تنگ تھا کہ انسان بدقت اس گھر میں جا سکتا تھا۔ نہ تو دن کو دھوپ سے بچاؤ تھا نہ شب کو شبنم اور آندھی پانی سے کوئی حفاظت۔ ایک شخص نے سوال کیا حضور اچھا مکان کیوں نہیں بناتے ہیں آپ نے جواب دیا کہ مر جانے والے کے واسطے یہ بھی بہت ہے۔

بادم سرد و چشم گریان شاہ　　　　گفت ھذا من یموت کثیر

(اس شخص کے واسطے جو مر جائے گا یہ بہت ہے۔ ۱۲ منہ)

(تفسیر فتح العزیز سورہ بقرہ فارسی و عجائب القصص فارسی وغیرہما)

غرض کہ جس پہلو سے دیکھئے طبیعت انسانی عموماً روح کی نگہداشت چاہتی ہے۔ اور بالخصوص دانا و دوراندیش نہ صرف محافظت ہی کرتے ہیں بلکہ روح کے لطیف رکھنے کے بھی ہمہ تن کوشاں وساعی رہتے ہیں۔ کیونکہ انواع ارواح سے صرف روح لطیف ہی میں یہ وصف ہے کہ اپنے خالق اور اصل سے ملنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ پوشیدہ امر

نہیں کہ کثافت ہر چیز میں باعث ثقالت اور پستی اور کم مائگی ذات شے اور موجب تنفر نظار گیاں ہوتی ہے۔ جس شخص کی کوئی اولاد نہ ہو اگر اس سے سوال کیا جائے تم چاہتے ہو کہ خالق تمہیں ایک لڑکا نہایت حسین و جمیل اور دولت مند بخشے تو بیشک وہ آہ سرد بھر کر غایت اشتیاق کے عالم میں بے اختیار بول اٹھے گا ،جی۔ اگر کوئی لڑکی لنگڑی ،لولی ،کانی، بہری بھی ہو تو میں ہزاروں شکر ادا کروں ۔صورت ، شکل، اعضا کی درستگی ،اقبال مندی نہ سہی مگر اولاد تو کہی جائے گی۔ گو اس سے ہمیں کوئی نفع نہ پہنچے مگر عاقر ہونے کا عیب تو رفع ہو جائے گا۔ دیکھیے صورت ہیأت کی عمدگی، جوارح کی درستگی، اقبال کی موجودگی نہ ہو تو نہ ہو مگر وجود روح کی خواہش ضرور ہے۔ کامل نہ ہو ناقص ہی سے اتمام حوصلہ مقصود ہے۔ اس عالم ایجاد میں علی العموم انسان چاہے تنگدست ہو یا امیر ،ذی علم ہو یا جاہل، عاقل ہو یا نادان، کسی درجہ اور کسی وصف کا ہو مگر جان کی حفاظت کے واسطے کیا کیا کوششیں نہیں کرتا ہے۔ اور کیسا کچھ زیر بار خرچ نہیں ہوتا ہے۔ ایسا کہیں نہیں دیکھا گیا کہ اعضائے بدن اور مال و دولت کی حفاظت کے واسطے کسی شخص نے جان دے دینا منظور کیا ہو۔ ہاں اتفاقات اور شاذ نادر کا وقوع نہ صرف ہمارے دائرہ بحث بلکہ عند العقل حکم کلی اور شمول تعمیم ہی سے خارج ہے یا کوئی مخبوط الحواس یا مجنوں یا بہائم صفت اگر خلاف اقتضائے طبیعت عام خلقت انسانی پسند کرے تو ایسا شخص حسب مقتضائے صفت اپنے غیر معتبر اور اس کی باتیں مردود و ناقابل قبول سمجھی جائیں گی۔ جہاں تک سنا گیا کہ جب کسی مسافر کو راہزن یا دزد عیار نے گھیرا اور مال اسباب چھین لینے کی غرض سے جان سے مار ڈالنے کی دھمکی دی تو مجبوراً آخر بیچارے مسافر نے مال اسباب سے کنارہ ہو کر اپنی جان ہی بچانا غنیمت سمجھا۔ اور گو قارون کا خزانہ یا تنگدستی کا بیادہ جو کچھ ساتھ ہو مگر سب چھوڑ چھاڑ آخر جان بچانے کی غرض سے بھاگتے ہی نظر آیا۔

ہمارا یہ منشا نہیں کہ انسان اپنے جوارح یا اسباب دنیوی کی حفاظت کسی معمولی حد تک بھی مد نظر نہ رکھے نہیں ہر گز نہیں۔ بلکہ کما ینبغی، حفاظت کام میں لائے۔ مگر جان کے مقابلے میں البتہ اسباب دنیوی کی محافظت کے واسطے نہ تو شواہدات زمانہ شاہد اور نہ قول حکما و عقلا مؤید۔

پس جب امثال مذکورہ بالا و شواہدات زمانہ و اقوال حکما سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جان اصل ہے اور اسباب دنیوی فرع۔ جان کی محافظت مقدم ہے اور مال و دولت کی حفاظت مؤخر تو اس کے بعد یہ بھی ضرور تسلیم کرنا پڑے گا کہ جو اسباب روح کے قائم رکھنے والے، روح کی محافظت کرنے والے، روح کو نقصان قبول کرنے اور غیر قابل رجوع الی الاصل ہونے سے بچانے والے، قابل قبولیت انوار ایزدی بنانے والے، دنیاوی ردی آب و ہوا کے دھبے سے پاک کر کے نورانیت کی بلندی پر پہنچانے والے، فساد عقیدہ کی کالی بلا سے نجات دینے والے ہوں، بہر حال عند العقل ایسے اسباب کی نگہداشت بھی ہر کام پر مقدم اور ضروری التسلیم ہے۔ اور مال و دولت کی حفاظت کرنے والے اسباب سے پہلے قابل لحاظ اور عمل در آمد ہے۔ تو بس ”تحفۂ حنفیہ“ جو اس وقت پیش نظر ہے، گو آپ کی سرسری نگاہ اور فوری دید میں اس کی چنداں ضرورت نہ ثابت ہو اور ممکن ہے کہ بے توجہی اور بے پروائی دینی اور کنجوسی کی سرکار میں اس کی کوئی قدر نہ کی جائے۔ مگر حضرت یہ وہ اکسیر اعظم ہے کہ تمامی ہندوستان میں سوائے شہر عظیم آباد اور وہ بھی بجز جناب قاضی عبد الوحید صاحب کے مطب کے اور کسی دوسری جگہ اس کا ملنا دشوار کیا بلکہ مشکل در مشکل ہے۔ تو اب کیا آپ خود اس کا فیصلہ نہیں فرما سکتے ہیں کہ روح کی صیقل اور قلب کی صفائی اور ایمان کی تازگی کے واسطے کس قدر اس کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ رسالہ فاسد عقیدوں سے انسان کے قلب کو پاک کرتا ہے۔ دلوں سے ردی مادے اور۔۔ پذیر عصیاں

کے زہریلی خلطوں کو دفع کرتا ہے۔ نور ایمان سے تاریک دلوں کو منور بناتا ہے۔ ایمان کو دشمنوں سے بچاتا ہے۔ ایمان کے دشمنوں کا قلع قمع کرتا ہے۔ ان کی جانوں پر بجلی گراتا ہے۔ انسان کو دہکتی ہوئی آتش دوزخ سے بچاتا ہے اور فردوس بریں میں داخل ہونے کے لائق بناتا ہے۔ یعنی روح کو تکالیف جہنمی سے بچاتا ہے اور اس کو مدام آرام دلاتا ہے۔ اسلامی خبریں مسلمانوں تک پہنچاتا ہے۔ کم علموں کو پُرمایۂ علم بناتا ہے۔ ہم خرما و ہم ثواب۔ گویا دنیا و آخرت دونوں جہاں کا تحفہ اس "تحفہ حنفیہ" میں ہے۔ جہاں آپ لاکھوں روپے بدن کی صحت مال و دولت کی حفاظت میں خرچ کرتے ہیں، حکیموں اور ڈاکٹروں کی خوشامد اور دلجوئی میں کس کس طرح جان کھپاتے ہیں، وہاں آپ روح کے معالج جان کے طبیب کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں؟ اور روح کی صحت کے اسباب موجود کرنے والوں کے ساتھ کس طرح پیش آتے ہیں؟

میں نہیں سمجھ سکتا کہ یہ کس قسم کی غفلت و بے پروائی یا ضعف ایمانی ہے کہ حفظان ایمان و صحت روح کے واسطے نہ تو ہم کچھ کرتے ہیں اور نہ کرنا چاہتے ہیں۔ چہ جائے کہ اس کے اسباب بھی ہمارے ہاتھوں میں موجود ہیں۔ کیسی حسرت اس بدنصیب کو ہوگی جس کی گود میں یار ہو اور صحبت سے کامیاب نہ ہو۔

حکایت: ایک شخص نے خواب دیکھا کنوئیں میں ایک مسافر گر گیا ہے اور اس کنوئیں پر چند اشخاص کھڑے اس کے نکالنے کے واسطے کنوئیں کے اندر ڈوریاں گرائے ہوئے اس مسافر کو پکار رہے ہیں مگر وہ مسافر پکارنے والوں کی صدا پر کچھ کان نہیں لگاتا ہے۔ اور اس فانی لذت میں مبتلا ہے جو کنوئیں کے اندر ایک برگد کے درخت سے جس میں شہد کا چھتا ہے قطرہ قطرہ شہد ٹپک ٹپک کر اس کے منھ میں گر رہا ہے۔ حالانکہ دو چوہے ایک سرخ ایک سفید برگد کی جڑ کو کاٹ رہے ہیں اور عنقریب وہ درخت مسافر کے اوپر گرنا چاہتا

ہے۔ آخر تھوڑی دیر میں برگد کا درخت مسافر پر آگرا اور اس کی ہڈیاں تک چور ہو گئیں۔ ایک باخدا نے یہ خواب سنا اور چیخ مار کر بے ہوش ہو گئے۔ کہ دنیاوی لذات میں انسان اس طرح پھنسا ہوا ہے اور داعیاں اسلام کو کچھ دھیان میں نہیں لاتا ہے۔ حالانکہ دن رات دو چوہے سرخ وسفید زندگی کی جڑ کاٹ رہے ہیں۔

قیامت کے دن معلوم ہو گا کہ دنیاوی اغراض میں ہمارے اخراجات کس قدر ہوئے۔ اور داعیان اسلام کو لبیک کہنے اور ان کی پکار پر کان دھرنے کے لیے ہم کس قدر مستعد وآمادہ ہوئے ؎

بروز حشر شود ہم چو صبح معلومت
کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور
بقول دشمن پیمان دوست بشکستی
ببیں کہ از کہ بریدی و باکہ پیوستی

(۱) قیامت کے روز صبح کے مانند تم کو معلوم ہو جائے گا کہ تم نے اندھیری رات میں کس کے ساتھ عشقی معاملہ کیا۔ ۱۲ منہ۔

(۲) دشمن کے کہنے سے دوست کا عہد تو نے توڑا تو دیکھ کہ کس سے علاحدہ ہوا اور کس سے ملا ۱۲ منہ

الراقم: سید ابو سلیمان محمد عبد العزیز عاجز بھوساہوی مظفر پوری

کپتان نور محمد خان اکبر آبادی

”لیکن چند پرچہائے تحفہ حنفیہ جس میں جوابات ندوہ شائع ہوئے ہیں نظر سے گزرے تو کہنا پڑتا ہے خدا بچائے ان کی ترچھی چتون سے، خدا کی پناہ ندوہ کیا ہے گویا جہنم

کا راستہ بتانے والا ہے۔ خصوصاً اہل سنت والجماعت حنفی المذہب کے لیے۔ اس میں شک نہیں۔ خدا دراز کرے عمر و حوصلہ ان کا۔ مدیر تحفہ مولانا حکیم یوسف حسن صاحب قادری و منتظم تحفہ حنفیہ مولوی عبد الوحید غلام صدیق حنفی الفردوسی صاحب نے بڑا احسان امت مرحومہ خاص حنفی المذہب پر کیا جو ڈنکے کی چوٹ پکار کر کہہ رہے ہیں کہ اے حنفی مذہب والے بھائیو! معظم منسٹر (وزیر اعظم) پر قربان ہو جانے والو! گورنروں کے احکام ماننے والو! دور بھاگو یہ ندوہ مصداق اسی سیار (گیدڑ) کا ہے جو نیل کے ماٹھ میں گر پڑا تھا۔

بھاگ ان بردہ فروشوں سے کہاں کے بھائی　　بیچ ہی ڈالیں جو یوسف سا برادر پائیں

کپتان نور محمد خان اکبر آبادی۔　　[ربیع الاول والآخر ۱۳۱۶ھ ص ۶۸]

(شرعی ساقی نامہ)

پلا ساقیا مجھ کو اس مے کا جام	کہ پینا نہ ہو جس کا شرعاً حرام
محبت سے دے ساقیا جام مُل	نہاں جو کہ ہے راز وہ جائے کھل
ترے در پہ آئے ہیں اے نیک نام	خدا را پلا ایک وحدت کا جام
اٹھے ہے دوئی کا جو پردہ پڑا	میں مانوں گا احسان تیرا بڑا
ذرا اس کا بھی دل میں کر لے خیال	ہوئے غم میں اس مے کے از نڈھال
نہ ترسا خدا را مجھے ساقیا	ترا ہو گا کونین میں سن بھلا
ہو احسان تیرا پلا دے مجھے	شکم سیر بھر کر چھکا دے مجھے
اٹھی کالی کالی گھٹا آج ہے	مرے پیارے ساقی ترا راج ہے
تو گردش میں اب جلد پیمانہ لا	ذرا دختِ رز کو دلہن کر دکھا
ترے میکدہ پر فدا جان ہے	کہ ندوہ بھی تجھ پر سے قربان ہے

ادھر آئیں ندوہ کے سب یار غار		کہ ہے جن کا عرصہ سے اب انتظار
اگر مرد میداں ہیں مجلس(۱) میں آئیں		ذرا آکے یاروں سے آنکھیں ملائیں
وحید اور یوسف وہ فخرانام		جو تحفہ کا کرتے ہیں سب انتظام
یہ ہیں اہل سنت کے ازدل رفیق		بڑے مہربان ہیں بڑے ہیں شفیق
کیا رد ندوہ کس انداز سے		عیاں کررہے ہیں جو کچھ راز ہے
یہی رات دن ان کو اب فکر ہے		کہ تا اہل سنت بچیں مکر سے
بچایا ہر اک طور سے دین کو		نبی کی شریعت اور آئین کو
کہیں سب مسلماں یہی برملا		خدایا تو ندوہ سے ہم کو بچا
کریں ان کی چاہت غریب وامیر		صغیر و کبیر اور برناؤ پیر
مدیر(۲)ورناظم(۳) سبھی شاد ہوں		ہمیشہ ابد تک یہ آباد ہوں
یہ کپتانؔ ہے دل سے کرتا دعا		بڑھے بانیٔ تحفہ کا مرتبہ
جہاں میں یہی نام جاری رہے		کہ ندوہ ہمیشہ کو عاری رہے
رہیں سارے دنیا میں یہ نیک نام		بحق محمد علیہ السلام

(۱) مجلس علمائے اہل سنت بریلی۔

(۲)مولانا حکیم یوسف حسن صاحب حنفی قادری مدیر تحفہ حنفیہ زاد مجدہ۔ ۱۲منہ۔

(۳)جناب مولوی حافظ قاضی عبدالوحید صاحب سنی حنفی الفردوسی زادلطفہ۔ ۱۲منہ۔

[ربیع الاول والآخر،۱۳۱۶ھ ص ۸۲،۸۱]

مولانا خلیل الرحمن پیپلی بھیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم ونصلی علی رسولہ الکریم

یاد میری میرے مخدوم کو آئی صد شکر　　آرزوے دل ناکام بر آئی صد شکر

کنایتاً کیوں کہوں کہ بلبل کو برگ گل، مخمور کو جام مُل، پروانہ کو جلنا، شمع کو پگھلنا، درد کو دوا، رنجور کو شفا، ناکام کو کام، امیدوار کو انعام ملا۔ صراحتاً کیوں نہ کہوں تحفۂ حنفیہ مع عنایت نامہ کے پہنچا۔ اورآپ کی خیریت کامژدہ اپنے ہمراہ لایا۔ ایزد پاک آپ جیسے باکمال کو جس سے بالعموم زمانے کو فخر اور بالخصوص پٹنہ کو ناز ہے۔ بہت دنوں تک صفحۂ روزگار پر جلوہ فرما رکھے۔ آمین ثم آمین۔ یہ محض آپ کی صاحبی اور نیازمند نوازی ہے کہ مجھ سے جیسے ہیچ میرزناچیز کو تحفہ تحفتاً لطف فرماتے ہیں۔

ہر مو کہ جگہ تن پہ اگر میرے زباں ہو　　تو بھی تو نہ اس بندہ نوازی کا بیاں ہو

فی الواقع اگر آپ کے تحفہ کو تحفۂ سماوی کہوں تو بے جا نہیں بلکہ بجا ہے۔

نظم

کفر و بدعت کو کھونے والا　　تحفہ پٹنہ سے یہ چھپا ہے
کفار میں پڑ گئی ہے ہل چل　　مت پوچھو کہ دم نکل گیا ہے
ایک آگ جگر میں لگ گئی ہے　　یک حشر جہاں میں بپا ہے
خالی نہیں لطف سے کوئی بات　　دریا کو زے میں بھر دیا ہے
تحریر جدا ہے سب سے اس کی　　تقریر میں اور ہی مزا ہے
مضمون ہیں اس کے نگہت افزا　　دیکھو اک باغ سا لگا ہے
اللہ رے یہ کلام شیریں　　تحفہ میں مزا نبات کا ہے

تحفہ نے ہمیں ہے مارڈالا | تحفہ ہے کہ یارخوش ادا ہے
ہے چارہ گر غم نہانی | تحفہ ہے کہ درد کی دوا ہے
ہر حرف میں صاد ہیں نمایاں | تحفہ ہے کہ چشم فتنہ زا ہے
کرتا ہے ہلاک لطف مضمون | تحفہ تیغ دودم ہوا ہے
تحفہ کی وہ حسن وخوبیوں کو | سمجھے جو کشتۂ ادا ہے
اللہ رے بندش مضامین | یہ لطف کلام اب کھلا ہے
سارے کفارسن کے چپ ہیں | سکتہ میں ہر ایک ہوگیا ہے
میں سمجھا تھا سحر کے ہیں مضمون | اب دیکھا تو معجزا ابھرا ہے
تردید میں جو لکھے ہیں مضمون | کفاروں کو گویا خون بہا ہے
ہر حرف در یتیم اس کا | جو لفظ ہے لعل بے بہا ہے
غنچے کی طرح وہاں ہے تصویر | خلق نبوی جہاں لکھا ہے
میں ہی نہیں اے وحید اکیلا | عالم ترے تحفہ پر فدا ہے
ہیں دل ہی کو لذتیں یہ معلوم | کیا کیجئے بیان کہ جو مزا ہے
تردید کرے گا سب کی تحفہ | جو جو فرقہ نیا بنا ہے
سب پادری مشنری نصاریٰ | جتنا ہندو ہے آریا ہے
اور سارے یہودا ورروافض | تفضیلیہ یا کہ نجد یا ہے
جتنے ہیں خوارج ووہابی | ہو نیچری یا کہ ندویہ ہو
اور جتنے کہ ہیں خلاف اسلام | بھیڑوں کی ہے شکل بھیڑیا ہے
ان سب کو بتائے گا یہ تحفہ | کیوں راہ خلاف چل دیا ہے

اسلام میں سب کو اک کرے گا — جو جو ہم سے علاحدا ہے
قبلہ کی طرف کو ہاتھ اٹھا کے — یارب یہ خلیل کی دعا ہے
ہیں مہر و مہ آسماں پہ جب تک — جب تک کہ یہ آسماں کھڑا ہے
تحفہ رہے پٹنہ سے یہ جاری — دل کا مرے بس یہ مدعا ہے
اسلام کا ہووے بول بالا — افلاس سے اب یہ گھر گیا ہے

میں کس منہ سے اس کی توصیف کروں واللہ اس کے دیکھنے سے آنکھوں کونوراوراس کے پڑھنے سے دل کو سرور حاصل ہوتا ہے۔ میں نہیں کہہ سکتا آپ کے حصول نیاز کا کس درجہ دل متمنی ہے ایزد پاک وہ گھڑی جلد لائے کہ مجھ کو آپ سے ملائے۔ دولت دیدار سے بہرہ اندوز کرے۔ حصول قدم بوسی سے سرمایۂ فخر ومباہات حاصل کروں۔ خداوند کریم نے چاہاتو ہفتہ عشرہ میں فہرست خریداران تحفہ ارسال خدمت کروں گا مجھ کو بھی حضور پرنور خامان تحفہ میں متصور فرمائیں۔ زیادہ سوائے شوق قدم بوسی کے کیاعرض کروں فقط ؎

رہے جاری یہی سلام و پیام
فعلیك السلام خیر ختام

(جناب مولوی) خلیل الرحمن از پیلی بھیت۔"

[جمادی الثانی، ۱۳۱۵ھ ص۵ تا۷]

مولانا حفاظت حسین ممتاز بنگروی

"الحمد للہ المتعال کہ رسالہ ٔتحفہ ٔحنفیہ کے اجرا کا یہ دوسرا سال حضرات اہل سنت کے لیے مبارک فال اور مبتدعین اہل ضلالت کے لیے جان کا وبال جان کی جنجال

ہے۔ خدا کرے اس کے بانی وحامی ساعی وداعی سب کے سب خوش وخرم رہیں۔
بحق النبی سید الانجاب وآلہٖ واصحابہٖ خیرآل واصحاب صلی اللہ تعالیٰ علیہ ورضی عنہم ورضوا عنہ۔''

[جمادی الاول، ۱۳۱۶ھ ص ۸]

ایک حنفی المذہب

تحفۂ حنفیہ: اس نام کا رسالہ ہر ماہ میں ایک بار باہتمام حافظ قاضی عبد الوحید غلام صدیق صاحب حنفی الفردوس لودی کٹرہ پٹنہ سے بڑے آب وتاب سے چمکتا ہوا اسلامی بندوں کے ہاتھ خصوصاً سنت والجماعت حنفی المذہب کو پہنچتا ہے۔ جہاں تک اس کو دیکھا گیا حنفی المذہب کا سچا ہمدرد نیک راہ دکھانے اسلام کی روشنی کو چمکانے والا ہے۔ گویا اسلامی فضائل اسلامی برکتوں کا ذخیرہ مسائل ضروری کا خزانہ غرض کہ ہمہ صفت موصوف ہے۔ اسلام کے لیے بہت مبارک ہے۔ اس کے مہتمم قابل تعریف ہیں جنہوں نے ایسے بار گراں کے اٹھانے کا ذمہ لیا ہے۔ خدا اس کو نظر بد حاسدوں سے اپنے حفظ وحمایت میں رکھ کر بارآور کرے۔ آمین ثم آمین۔ راقم (ایک حنفی المذہب)''

[رجب المرجب ۱۳۱۵ھ ص ۳]

مولانا محمد کبیر حقیر یوسف پوری

اے وحیدِ مہرباں ذی اقتدار — نیکیاں دیوے تجھے پروردگار
واہ کیا تحفہ ہے تحفہ آپ کا — مرحبا صد مرحبا صد مرحبا
دشمنِ دیں کے لیے خنجر ہے یہ — گمرہوں کے واسطے رہبر ہے یہ
ہے یہ بے شک مشعل راہ یقین — ہے یہ بیشک قامع ہر کفر وکین

کفر و ظلمت سے بچا دیتا ہے یہ — شرک و بدعت سے بچا دیتا ہے یہ

کر دیا دریا کو ہے کوزے میں بند — ہر مسلماں کے لیے ہے سود مند

سنیوں کو جان سے مرغوب ہے — جس نے دیکھا بوا اٹھا کیا خوب ہے

جو کہ ہوں گے دشمنِ دین نبی — بالیقیں ہوں گے خلاف اس کے وہی

کب چھپی تھی پٹنہ میں ایسی کتاب — کب ہوا تھا اک جہاں یوں فیض یاب

کیا ہی اس کی چلبلی تحریر ہے — واہ کیا دنداں شکن تقریر ہے

کیوں عدو کا اس سے دل پارانہ ہو — جس سے خاموشی سوا چارہ نہ ہو

اے حقیرؔ ناتواں کر اب دعا — اے خدائے دو جہاں رب العلا

جب تلک قائم رہے شمس و قمر — جب تلک ہوتی رہے شام و سحر

تحفہ بھی جاری رہے باآب و تاب — ہو عدو کا اس سے دل جل کر کباب

بول بالا اس سے ہو اسلام کا — ہو یہ دشمن دشمنِ ناکام کا

آپ کا مخلص:(جناب) محمد کبیر (صاحب) المتخلص بہ حقیر عفااللہ عنہ یوسف پوری شاگرد جناب رمز جرہوی۔

[محرم،۱۳۱۶ھ ص۲۰]

مولانا محمد یونس حنفی قادری گھنچتری المتخلص بہ یونسؔ

حمد مر محمود مطلق را سزد دایم ولیک — ہم محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم خاتم پیغمبران رابعد ازاں

دائما صلوات حق بارد چو متواتر مطر — بر شفیع المذنبین ہم آل واصحابش عیاں

تابعین و تبع شان ہم اولیاے اُمتش — راہزاران رحمتِ حق باد نازل بررواں

بشنوید اے طالبان دین احمد بشنوید — بشنوید اے سالکان سنت پیغمبراں

چشم بکشائید گوش دل نہادہ بشنوید ؎ نعمت عظمیٰ رسید از خالق ہر دو جہاں

تحفۂ حنفیہ در پٹنہ چو اجرا یافت باز ؎ شد نگوں افواج باطل ہم مذاہب باطلاں

نقد جان دادہ دراطالب بجان ودل شوید ؎ تا زا دیان مخالف می شوید اندر اماں

فرقۂ وہابیہ ونجدیہ مخذول شد ؎ نیچریہ رافضیہ شیعہ را شد ذو دماں

ندویہ را دل پتانن نجدیہ را پارہ جگر ؎ سوخت اصحابِ ظواہر جملہ قوم زائغاں

مخزن تحقیق گویا منبع دین نبی ؎ ہم صراط المستقیم اورا بدانی بے گماں

رہروان مذہب نعمان فرحت یاب ازد ؎ روح نعمان بر سمازو گشتہ دانی شادماں

چند مدحش می کنم باشد ز مدحم بیشتر ؎ ہر کہ بیند مر درا خود باشد او عطر فشاں

ہم چو فردوس ارم دروی زہر گونہ ثمر ؎ نیز گلہا ہمہ رد بشگفتہ چوں باغ جناں

یا دوا خانہ بگوئی مر ورا باشد روا ؎ بہر زیغ القلب بس دارئے ونافع بے بیاں

مر مریضانِ شکوک وشبہ را نافع کمال ؎ گزیدہ نجدیہ را تریاق اعظم بازداں

گر دوا جوئی بجو بنائت مرد خدا ؎ ہم طبیب حاذق است ہم قاسم ادویہ داں

صاحب فضل وکمالش داں ذہین وہم فتین ؎ اسمہ عبد الوحید است آں فرید عصر داں

ــ ـ تحفۂ حنفیہ پٹنہ راست او ؎ لودیکٹرہ شد محلہ جلوہ گر چون خور عیاں

ــ ـ ـ وہ خلق خدا را قاسم دین نبی ؎ حامیٔ دین محمد ﷺ راست دایم بے گماں

تا ابد یارب ورا فیاض داری دائما ؎ بعد نقل ازایں جہان مارا درا جنت بماں

الٰہی عبد خود یونس محمد را حفیظ ؎ از جہنم باش وارزقہ لقائک فی الجناں

[جمادی الاخریٰ ۱۳۱۸ھ ص ۲،۳]

جناب شیخ محمد فرید حنفی بہاری

ساقی نامہ

مئے جام وحدت پلا ساقیا | شراب حقیقت پلا ساقیا
وہ گلگوں ہو اور ارغوانی ہو مے | کروں جس سے میں عرصۂ فکر طے
دیئے جام میں ایک پر دوسرا | یہ لاؤ نعم چھوڑ بہر خدا
کہیں بھر بھی دے بادہ سرخ سے | چھلکتا ہوا جام پر جام دے
پلا دے ہمیں خوب دل کھول کر | کہ ہو جاؤں بد مست اور بے خبر
نہ آئے بجز ذات باری نظر | اسی پر ہو تکیہ بہر خیر و شر
تجھے اپنے جام و سبو کی قسم | تجھے ہے مُل مشکبو کی قسم
قسم تجھ کو تحفہ کے ہے زور کی | قسم تجھ کو تحفہ کے ہے شور کی
قسم اس کے معجز بیانی کی ہے | قسم اس کے گوہر فشانی کی ہے
قسم تجھ کو اس کے فصاحت کی ہے | قسم تجھ کو اس کے بلاغت کی ہے
قسم تحفہ کے سحر کاری کی ہے | قسم اس کے جادو نگاری کی ہے
قصاید، مسدس کی اس کے قسم | غزل اور مخمس کی اس کے قسم
حمایت کی سنت کے اس کے قسم | نکایت کی بدعت کے اس کے قسم
قسم کافروں کے ہے تردید کی | ضلالت، بطالت کے تہدید کی
قسم اس کے تائید اسلام کی | قسم اس کے تکمیل احکام کی
نصائح مصالح کے ترویج کی | وہ ہو دینیہ خواہ ہو نیوی
پلا ساقیٔ نیک طینت میرے | مجلّا مصفا وہ اک جام مے

فلک پر طبیعت کو جو لے اُڑے — قلم اوج پر چڑھ کے باتیں کرے
اب اک آخری جام تو اور دے — دعامیں کروں تاکہ معبود سے
بحق محمد شہ مرسلان — بروز جزا شافع بے گماں
بحق ابوبکر و حضرت عمر — و عثمان کہ بودہ حیا سر بسر
بحق علی برق اور ذوالفقار — مری التجا ہے یہ پروردگار
کہ جب تک رواں بحر میں آب ہو — چمن خوب تحفہ کا شاداب ہو
ہیں جب تک مہ و مہر وانجم فلک — دکھاتے ہیں جب تک ستارے جھلک
یہ تحفۂ حنفیہ جاری رہے — عدد پر عجب خوف طاری رہے
کرے یہ بیاں سیرت انبیاء — ہوئے جتنے ہیں اولیا اصفیا
یہ اسلام کا نام لیوا رہے — ثنائے نبی اس کا شیوہ رہے

(خاک پائے اہل سنت (جناب) شیخ محمد فرید حنفی بہاری)

رباعی وتبصرہ: منقول آگرہ اخبار

کیا خوب یہ تحفہ شریف آیا ہے — کس درجہ یہ پر لطف و لطیف آیا ہے
جتنے حنفی ہیں اس کو رکھیں سر پر — پٹنہ سے یہ تحفۂ حنیف آیا ہے

رباعی

تحفۂ اعظم امام اعظم وکامل کا ہے — دیکھ لو اس میں مسلسل سلسلہ اسناد کا
حق تعالیٰ اجر اعظم دے ہر اک حق کوش کو — واہ کیا تحفہ یہ تحفہ ہے عظیم آباد کا

ہمارا خیال ہے کہ ندوہ کی ترقیوں کی اعلیٰ امیدوں میں قوم کے عدم استقلال اور

بے پروائی سے روز بروز انحطاط پایا جاتا ہے۔ اور اگر چہ ارکان ندوہ اس کا کام چلا رہے ہیں لیکن ہر حصۂ ملک میں کوئی خاص گرم جوشی نظر نہیں آتی، جو ایسی مجلس کے لیے ہونا اور ضرور ہونا چاہیے۔ اور نہ ان مسائل متنازعہ کا فیصلہ قطعی ہوا ہے جس سے عام قلوب ایک اصول کے پابند نظر آتے۔ چناں چہ فی الحال خیر البلاد عظیم آباد سے ایک ماہواری رسالہ موسوم بہ تحفہ حنفیہ نکلنا شروع ہوا ہے۔ جس کے کئی نمبر ایک سے ایک بڑھ کر شائع ہو چکے اس رسالہ کے مہتمم ہمارے خاص عنایت فرما جناب مولوی قاضی عبد الوحید صاحب نقش بندی عظیم آبادی ہیں۔ رسالہ کا ہر مضمون اور ہر مضمون کا ہر فقرہ اور فقرہ کا ہر لفظ اور لفظ کا ہر حرف پتا بتاتا ہے کہ یہ ندوہ کا پورا حریف ہے۔ اور رسالہ ''تحفہ محمدیہ'' کانپور کے مقابل خم ٹھونک کر تحفۂ حنفیہ نے اکھاڑے میں قدم رکھا ہے۔ اور خاص اہتمام سے ایک مطبع مقرر کیا گیا ہے۔ اور بفضلہ تعالیٰ ہر طرح کا سامان میسر ہے۔ ہم کو امید ہے کہ مذہب کے شیفتہ اور جناب امام اعظم صاحب علیہ الرحمۃ کے فریفتہ اس رسالہ کو طلب فرما کر اس کے حسن ارادت کی داد دیں گے۔ اور اس کے مضامین عالی سے دیدہ و دل کو منور فرمائیں گے ؎

رسالہ یہ وحید عصر ہم نے آج پایا ہے
عظیم آباد سے کیا خوب تحفہ ہم کو آیا ہے

خدا ہے ایک اس کا مثل ہو ہرگز نہیں ممکن
پتہ یہ قل ھُوَ اللّٰہُ اَحَد سے ہم نے پایا ہے

محمد سایہ حق ہے محمد نور مطلق ہے
نہیں اس واسطے پیدا ہوا سائے کے سایا ہے

امام اعظم کوفی علیہ الرحمہ کو دیکھو
کہ ان کے جسم میں سایہ پیغمبر کا سمایا ہے

رسالہ کیا رسالہ ہے قواعد داں شجاعوں کا
مقابل جس نے ندوہ کے پرا اپنا جمایا ہے

آگرہ اخبار جلد ۳ نمبر ۳ مطبوعہ ۲۱ جنوری ۱۸۹۸ء''

[شوال المکرم، ۱۳۱۵ھ ص ۲۹ تا ۳۱]

تحفہ حنفیہ کا تحفہ لقب گرامی کلام ضیا

ماہنامہ تحفہ حنفیہ، سرپرستان تحفہ، مدیران تحفہ، معاونین تحفہ اور حامیان تحفہ کی مدح وستائش پر مشتمل نظم ونثر میں ۲۶ر صفحات پر مشتمل رسالہ ہے۔ جسے مولانا ضیاء الدین نے تحریر فرمایاہے۔ یہاں اس کا نقل کرنا بے محل نہیں ہے اس لیے ہم یہاں اس کو نقل کرررہے ہیں:

"اس مضمون ضیا مشحون و تحریر و تنویر میں نیارنگ نیاڈھنگ طبیعت کی وہ امنگ کہ جس سے اکثر طبائع حیران اور دنگ تحفۂ حنفیہ کی سچی تعریف اس کے مالک وبانی کی بلاکم وکاست توصیف مجد دمأۃ حاضرہ کی مشتے نمونہ ازخروار مدح وثناافراط و تفریط کی پشت دوتا، ان چند سطور کے خلعت وجود پہننے کامنشا صرف حالات واقعی کاانشابحر طبیعت کے جوش سے جوموتی برآمد ہوا وہ سلک تحریر میں آیا بر آورد کادخل نہ ہونے پایا مطلب سے مطلب نہ خواہش نام آوری نہ اس کی طلب یہ سارا بے خودی کا کرشمہ اسی کا جلوہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدا کی حمد بس حمدِ خدا ہے　　محمد کو محمد کی ثنا ہے

محمد کی ثنا حمد احد ہے　　ثنائے احمدی حمد صمد ہے

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ قدر حسنہ وجمالہ

امابعد ابوالمساکین محمد ضیاء الدین مشتاقین تحفہ کے خدمات عالیہ میں عرض رساہے کہ یہ مثنوی جس کانام تحفہ حنفیہ کاتحفہ ہے محض حق تعالیٰ کی دادوعطاہے میں کوئی شاعر نہیں فن شعر گوئی کاماہر نہیں لیکن کریم مطلق کافضل وکرم بے علت محل استعجاب نہیں۔ ان اللہ یرزق من یشاء بغیرحساب (بے شک اللہ تعالیٰ رزق دیتاہے جس کو چاہتاہے بے قیاس) مرہونِ منت اکتساب نہیں اور کیوں ہو

ہنوز آن ابر رحمت در فشان است

مے و خم خانہ با مہر و نشان است

تعجب کی وجہ کیا اگر کسی پر عنایت یوں ہو ؎

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید

دیگراں ہم بکنند انچہ مسیحا می کرد

مصرعہ داد اورا قابلیت شرط نیست ؎

بلکہ شرط قابلیت داد اوست

داد لُب و قابلیت ہست پوست

قابلے گر شرط فعل حق بدُ ے

ہیچ معدومے بہستی نامدے

مجھے اس عذر خواہی کی ضرورت داعیہ صرف اپنے ممدوح کی خدمت میں عرض، جئنابضاعة مزجاة(لائے ہم ناقص پونچی) اور مطالعین تحفہ کے خدمات میں اپنی بے مائیگی کا اقرار ہی نہیں بلکہ مضمون، واما بنعمۃ ربک فحدث (اور جو احسان تیرے رب کا ہے وہ بیان کر) کا اظہار ہے۔ اگر کسی کو گنجینۂ فضل سے گنج بے دست رنج ہاتھ آئے تو اس پر ہاتھ ملنا بے کار ہے اور جو قادر مطلق کی قدرت میں کلام ہے تو یہ ایمان کو رخصت کا پیام اور اسلام کو سلام ہے۔

اے حضرات! اس مثنوی میں صرف چند اشعار ہیں جو دشمن کی نظر میں خار اور دوست قدردان کی چشم اعتبار میں رشک درشاہوار ہیں ۔ اس پر اگر کسی کو شک ہو تو ہوا کرے اور اگر کوئی حسد کرے تو ہماری بلا سے حق تعالیٰ کی داد اور عطا سے میں اپنے ممدوح حاتم دوراں ،ناصر اہل ایماں ،حامی سنت،ماحی بدعت،فرید ویگانہ،وحید زمانہ ناظم

مدرسہ اہل السنہ، مالک تحفۂ حنفیہ، مخدو مناومکر مناجناب مولانامولوی قاضی عبدالصدیق محمد وحید صاحب، متع اللہ الاسلام والمسلمین بطول بقاہ، کاشکر تہِ دل سے ادا کرتا ہوں۔

جنہوں نے ہمارے ان پارہائے جگر کو غازہ رخسار شاہد تحفہ گر دانا اشعار مثنوی کے پیش کش کرنے سے پیشتر مجھے چند مقدمات کالکھنا ضرور جن کا مطالعہ ناظرین تحفہ کے واسطے باعث فرحت و سروراور معاونین کے لیے ذریعۂ ایضاح سعی مشکور ہے اگرچہ مجھ سے تحفہ اورمالک مجازی تحفہ کی تعریف خودستائی ہے(اس وجہ سے کہ میرے متعلق اس کااہتمام ہے گویایہ پرچہ میراہی پرچہ ہے) بخیال مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید لیکن ارباب فکرت بلند اوراصحاب فطرت ارجمند پر مخفی نہیں کہ ایسے موقع پر خودستائی بڑے بڑے بزرگوں نے اختیار فرمائی اصل حقیقت تو یہ ہے کہ یہ سب بے اختیاری کی جلوہ نمائی بے خودی کی کرم فرمائی ہے طبیعت نے مجبور کیادل اختیار سے باہر ہواحیران ہوں کیا کروں اور کیا نہ کروں ؎

حافظ بخود نہ پوشید ایں خرقۂ می آلود
اے شیخ پاک دامن معذور دار مارا

پہلا مقدمہ

میراث انبیاء علیھم السلام علم ہے اورعلماوارث۔ان الانبیاء لم یورثوادینارا ولادرھما وانماورثواالعلم وان العلم ورثۃ الانبیاء(انبیا علیھم السلام نے نہیں وارث کیادینارودرہم کو یعنی میراث دیناردرہم کی نہیں چھوڑی بلکہ وارث کیاعلم کو یعنی علمی وراثت چھوڑی اوربے شک علماوارث ہیں نبیوں کے) نتیجہ اس وراثت کادعوت اسلام اوراس کی ترقی ہے اورانبیا علیھم السلام دعوت ہی کے لیے آئے ہیں۔قل ھٰذہ سبیلی ادعواالی اللہ(کہ یہ میری راہ ہے بلاتاہوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف) حضور سید عالم

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفا کا یہی کام تھا توسیع خطۂ اسلامی مبلغ احکام شرعی یہی خلافت کا کام ہے ایک وجہ افضلیت شیخین اوراحق بالخلافۃ ہونے کی یہ بھی ہے کہ جس قدر اس کام نے ان سے انجام پایا کسی اور سے اس قدر وقوع میں نہ آیااور بقدر اشاعت اسلام علم دین ان کے بعد اور خلفا کے مراتب عالیہ قرار پائے۔

اس میں شک نہیں کہ قریب وبعید کو دعوت دین بذریعہ ایسی تحریر کے جواشاعت پائے اعلیٰ ذریعہ تبلیغ کا ہے اور یہی منشا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نامجات وخلفاے راشدین کے پروانجات ہدایت نشانات کا تھا اور یہ میراث ہمیشہ علماے دین کی تحریروں میں آج تک جاری رہی اور ہے۔اوراس میراث کا مظہر یہ پرچہ تحفہ حنفیہ ہے کہ اس میں علوم دینیہ کی ترویج اوراحکام الٰہیہ کی تبلیغ موافق قواعد کلیہ اہل سنت وجماعت خصوصاً مذہب امام اعظم ومجتہد اقدم حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فقہ کے موافق مسائل دینیہ کی اس سے اشاعت ہے نزدیک ودور سک جگہ پہنچتا ہے حاضر وغائب سب اس سے مستفید اور مستفیض ہیں۔

دوسرا مقدمہ

حدیث شریف میں وارد ہے:

خیرالناس من ینفع الناس (بہتر لوگوں کاوہ شخص ہے جو نفع پہنچائے لوگوں کو) نفع خلائق اور خاص اسلام واہل اسلام کی دینی نفع رسانی کا یہ پرچہ ذمہ دار ہے اوراعلیٰ درجہ پر ہر قسم کے منافع کو بتدریج پہنچانا اس پرچے کا فرض منصبی ہے۔

تیسرا مقدمہ

آج کل مذاہب فاسدہ اور عقائد باطلہ وکاسدہ کی طغیانی ہر چہار طرف جس

قدر ترقی پذیر ہے اور دجالین کذابین اور مبتدعین کی موج بدمذہبی جس قدر عالم گیر ہے جس کی لہریں سانپ کی لہروں سے زائد ہیں محتاج شرح وبیان نہیں خصوصاً وہابیت نیچریت ندویت مرزائیت کا زور ایسا بڑھا کہ عالم کو تہ وبالا کر دیا۔ اوران کے دینی حملوں کی ہر سو ایسی گھنگھور گھٹا چھائی کہ ظلمات بعضھا فوق بعض کی صورت ہر ایک کی نظر کے سامنے آئی۔ عقائد حقہ کی صیانت اور مذہب ودین کی حفاظت ہر شخص پر فرض عین اس فرض عین کے ادا کی سبیل کا تحفہ حنفیہ متکفل ہے۔

چوتھا مقدمہ

دین دار جو عالی ہمت ہیں وہ اگرچہ ہر قسم کی نیکیوں کی تحصیل کے درپے ہوتے ہیں اور ہونا چاہئے مگر وہ نیکی جو متعدی اور حسنات جاریہ سے ہو سب نیکیوں پر فوقیت رکھتی ہے کہ بعد مرنے کے بھی وہ منقطع نہیں ہوتی اوراس کے عمل کا سلسلہ برابر جاری رہتا ہے جیسے وہ زندگی ہیں اس کو کرتا تھا اور ایسی نیکی والا بعد مرنے کے بھی زندہ ہے اس قسم کی نیکیوں کا بتانے والا اوراس کی جڑ قائم کرنے والا تحفہ حنفیہ ہے خود اس کی بنیاد اور ایجاد اوراس کی معاونت بے شبہہ انہیں نیکیوں میں سے ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان مما یلحق المؤمن من عملہ وحسناتہ بعد موتہ علما علمہ ونشرہ وولدا صالحا ترکہ ومصحفا ورثہ اومسجدا بناہ اوبیتا لابن السبیل بناہ اونہرا اجراہ اوصدقۃ اخرجھا من مالہ فی صحتہ وحیاتہ تلحقہ من بعد موتہ، ابن ماجہ۔

(جن چیزوں سے ایمان والا مرنے کے بعد منقطع ہوتا ہے اور جو چیزیں اس کو ملتی ہیں اس کے اعمال خیر وحسنات سے ان میں سے ایک علم ہے کہ اس نے لوگوں کو سکھایا اور پھیلایا۔ دوسرے اولاد صالح کو چھوڑی اس نے تیسرے قرآن شریف کہ کسی

کو اس کا وارث کر دیا چوتھے مسجد کہ بنائی اس نے پانچوں مسافر خانہ کہ بنایا اس نے چھٹے نہر کہ جاری کی اس نے ساتویں وہ صدقہ جو اس نے اپنے مال سے حالت صحت وحیات میں نکالا یہ سب صدقات جاریہ ہیں مرنے کے بعد کام آتے ہیں اور ملتے ہیں)

وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا مات الانسان انقطع عنہ عملہ الا من ثلثۃ من صدقۃ جاریۃ او علم ینتفع بہ او ولد صالح یدعولہ، مسلم۔

(انسان جب مر جاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے لیکن تین عملوں کا سلسلہ مسلسل رہتا ہے ایک صدقۂ جاریہ دوسرے وہ علم جس سے لوگ نفع حاصل کرتے ہیں تیسرے نیک اولاد واس کے واسطے دعاے خیر کرتی ہے)

اس تحفۂ حنفیہ اور اس کے مالک وناظم اور مہتمین کا ناشر علم دین ہونا اظہر من الشمس اور اس کے معاونین کا صاحب صدقہ جاریہ ہونا ابین من الامس ہے۔

پانچواں مقدمہ

جب اجراے تحفہ سے مالک تحفہ جناب مولانا مولوی قاضی عبد الوحید صاحب دام ظلہم کا احسان خلق پر متیقن ہوا اور تحفہ کی وجہ سے بوجوہ متعددہ نفع خلائق ان سے یقینی طور پر متعین ہوا تو اگر ہم قاضی صاحب کو احب الناس اور اجود الناس کہیں تو بے شک بجا اور بہت بجا بلکہ خیر الناس کا خطاب دیں تو بے شبہہ روا اور اس دعوی پر برہان قاطع اور دلیل ساطع حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان واجب الاذعان ہے۔ الناس عیال اللہ (لوگ اللہ تعالیٰ کے عیال ہیں اور محبوب تر آدمیوں کا وہ شخص ہے کہ جس نے بھلائی کی اس کی عیال کے ساتھ) واحب الناس من احسن الیٰ عیالہ'' اور

''اللہ اجود جودا وانا اجود بنی اٰدم واجودھم بعدی رجل علم علما فنشرہ،

(اللہ تعالیٰ بخشش میں بہت بڑا سخی ہے اور میں تمام اولاد آدم علیہ السلام سے زیادہ

سخی ہوں اور میرے بعد اولاد آدم سے زیادہ سخی وہ آدمی ہے جس نے علم سیکھا اور اس کی اشاعت کی)اور ''خیرالناس من ینفع الناس''(بہتر لوگوں کا وہ شخص ہے جو نفع پہنچائے لوگوں کو)۔

چھٹا مقدمہ

ناظرین تحفہ پر عموماً اور مطالعین بالغور پر خصوصاً یہ امر مخفی نہیں کہ اس تحفۂ حنفیہ کی دولت کی بدولت تمام اطراف عالم میں عَلَمِ عِلم کے پھریرے اڑرہے ہیں تحفے کے رسالوں سے مخالفین کی فوجوں اور رسالوں کو شکست فاش، تحفہ کے گرزِ براہین سے دشمنان دین کے جگرپاش، دوست وپاپرمارے خوف کے رعشہ، تمام جسم پرقشعریرہ۔ قلب پژمردہ، چہرہ افسرہ، کیفیت سکتہ، عجب نقشہ، بات کرنے کا یارا نہیں، حواس خمسہ بجا نہیں۔

ساتواں مقدمہ

تحفہ جس غرض دینی کے واسطے موضوع ہے وہ صرف اعانت دین حنیفی و نصرت اہل اسلام خصوصاً مذہب حنفی اور علوم دینیہ کا شیوع ہے اگر کوئی شخص اپنی کوتاہ نظری سے کسی اور غرض پر محمول کرے تو بدیہی قلب موضوع ہے۔ ہرچند تحفہ کے صفحات کے شمار میں قلت اور مخالفین کی صفحۂ روزگار پر تعداد میں کثرت ہے مگر یہاں قلت میں کثرت وہاں کثرت میں قلت ہے۔ اس پر دو شاہد عادل ایک کاف دوسرا قاف ہے جس کے سبب سے اعدای دین کے دلوں میں غم کا کوہ قاف ہے۔

آٹھواں مقدمہ

جب تحفۂ حنفیہ کی خوبی اور خیر محض ہونا اور اس کا امر دینی اور سراسر نیکی ہونا بلکہ ایسی نیکی جو متعدی ہے کہ اس کی وجہ سے عام اہل اسلام کا نفع تام مقصود بلکہ متیقن ہے

توجو شخص اس کی معاونت میں خالصاً لوجہ اللہ شریک ہو گا قطعاً یہ بشارت حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے شامل حال جس سے روح رواں فرح وشاداں، من احب للہ وابغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان (جس نے دوستی اور بغض رکھا اللہ تعالیٰ کے واسطے اور سخاوت کی اور لوگوں کو برے کاموں سے روکا اللہ تعالیٰ کے واسطے پس کامل کیا اس نے اپنے ایمان کو) بلکہ حضرت حق سبحانہ کی شہادت اور زمرۂ صادقین ومجاہدین فی سبیل اللہ میں شمول کی بشارت اس کو یقینا ہے۔

انما المؤمنون الذین اٰمنوا باللہ ورسولہ ثم لم یرتابوا وجاھدوا باموالھم وانفسھم فی سبیل اللہ اولئك ھم الصادقون

(ایمان والے وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر یقین لائے پھر شبہہ نہ لائے اور جہاد کیا اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہی سچے ہیں)

اور اللہ تعالیٰ جناب قاضی صاحب اور جملہ شرکا ومعاونین کا بنص صریح دنیا اور آخرت میں مددگار ومعین۔ اللہ فی عون العبد ما دام العبد فی عون اخیہ

(اللہ تعالیٰ پنے بندے کی مدد میں ہے جب تک وہ بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہے) چوں کہ یہ تحفہ مخزن تحقیق علما وعرفا اور دافع شکوک شبہات جہلا واغبیا اور موجب ہدایت وارشاد غربا واغنیا اور سرمایہ فتاوی محققین فقہا اور گنجینہ مضامین ضروری فقہ وتفسیر وحدیث وغیرہا ہے لہٰذا اس کے بانی مبانی جناب قاضی صاحب ممدوح کو بالخصوص اور ان کے ہم مشربوں کو بالعموم ایک اور بشارت عجیب ہے کہ یہ کام اور اس کا اہتمام جو ان کے ذریعہ سے سر انجام پا رہا ہے اور ہزاروں اشخاص کو اس سے ہزارہا قسم کی ہدایت دینی علمی اخروی ہو رہی ہے یہ ان کے واسطے ہفت اقلیم کی سلطنت سے بہتر اور سارے جہان کی دولت سے افضل اور بڑھ کر ہے۔ بموجب فرمان والاشان حضرت رسول انس وجان، علیہ

افضل صلوات الرحمن لان یھدی اللہ بك رجلا واحداخیرلك من الدنیا ومافیھا (تیرے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کاایک شخص کوہدایت کرنابہتر ہے تیرے دنیاسے اورجوکچھ دنیامیں ہے)واللہ سبحانہ الموفق۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد میں ہے نعت احمد جلوہ گر — نعت میں حمد احد ہے سر بسر
ضیا ہے مست جام ناز ساقی — خراب شیوۂ انداز ساقی
شرابی ساغر حسنِ ازل کا — جمیل لایزال لم یزل کا
سویرا اس کو ہے صبحِ قیامت — کہیں گو لاکھ اسرافیل قامت
مگر ہشیار ہوا مکاں نہیں ہے — یہ مست بادۂ ایماں نہیں ہے
جو ہو مستِ شرابِ دین وایماں — وہ لے بیداریِ محشر کا احساں
کہ مزدوروں کی مزدوری کا ہے زور — وہ ہوں گے اجر سے طاعت کے فیروز
ولے جو ہر مقیمِ کوے دل دار — اسے کیا دین ودنیا سے سروکار
وہ خواب ناز میں ہے ماسوا سے — اسے مطلب ہے اپنے دلربا سے
جسے ہو دولت دیدار حاصل — جسے ہو عشق میں دل دار حاصل
بصیرت اس کو ہے اعمیٰ نہیں ہے — قیامت کی اسے پروا نہیں ہے
قیامت اس کی قائم ہو چکی ہے — کہ اس کی زیست دائم ہو چکی ہے
وہ مرنے سے بھی پہلے مرچکا ہے — سفر پہلے سفر سے کر چکا ہے
وہ زندہ ہے خدا کی زندگی سے — سدا پائندہ حق پائندگی سے
خدا کو حمد و شکر بے نہایت — کہ جس نے بے نہایت کی عنایت
جو ہم پر فضل وانعامِ خدا ہے — ازل سے تا ابد بے منتہا ہے

از انجملہ ستائش ہے خدا کی — کہ اس نے ہم کو یہ نعمت عطا کی

خود اپنی ذات کی کر کے ستائش — دکھا دی ہے ہمیں راہ نیایش

نہ ملتی ورنہ ہم کو حمد کی راہ — بتا دی اس نے خود الحمد للہ

خدا کی حمد بس حمد خدا ہے — ثنائے ما شما ترک ثنا ہے

کہ اس میں دعوی ہستی ہے مضمر — خطا ہے دعوی ہستی مقرر

خدا کی حمد اور ہم اس کے حامد — معاذ اللہ یہ شان محامد

ثنا کیا نام ہے ترکِ ثنا کا — یہی رتبہ ہے اوصافِ خدا کا

خدا وصفِ حقیقی سے ہے موصوف — وہ بندوں کے نہیں کہنے پہ موقوف

مگر بندوں کا کرنا حمدِ ربی — فقط تعمیل ہے حکم خدا کی

حقیقت سے مگر جو بہرہ ور ہے — شہود غیر سے فارغ نظر ہے

مشاہد اس کو ہیں واحد کے جلوے — عیاں کثرت میں وحدت کے کرشمے

جسے بھائے فقط وحدت کا نغمہ — نہ ہو کیوں اس کو ہر کلمہ میں کلمہ

تمامی حمد جب ثابت ہے اس کو — تو پھر تعبیر ہے کس کی من و تو

یہاں تنزیہ میں ہے عین تشبیہ — عیاں تشبیہ میں ہے عین تنزیہ

معبّر ایک تعبیریں ہیں شتی — فقط تل اوٹ کا رکھا ہے پردا

اگر ہو سرمۂ مازاغ حاصل — نظر کو روشنی ہو اس سے کامل

خودی سے خود نظر اٹھ جائے یکبار — من و تو سب میں دیکھے جلوہ یار

مے وحدت سے ہو کر مست و سرشار — پھرے پڑھتا ہوا جامی کے اشعار

بہر پردہ کہ بینی پردگی اوست — قضا جنبانِ ہر دل بردگی اوست

چو نیکو بنگری آئینہ ہم اوست — نہ تنہا گنج بل گنجینہ ہم اوست

ہوئی جب سب سے نفی حمد اے جان
کمال اثبات میں کامل ہے اثبات

کہ نفیِ حمد ہے نفیِ کمالات
توسب ہالک ہوئے اور سب سے خالی

بجز وجہ جنابِ حضرتِ حق (۱)
ہوئے کل فانی و معدومِ مطلق

ہوا جب ایک مرجع حمدِ کل کا
محمد ہر بشر کا ایک ٹھہرا

تو ثابت ہو گئے جملہ کمالات
کہ جامع سب کمالوں کی ہے اک ذات

اگراس راز (یعنی راز وحدت وجود) کا ہے کشف منظور
تو ہے قول نبی میں جلوۂ طور

کہ جو انسان کا شاکر نہیں ہے
تو وہ سبحان کا شاکر نہیں ہے

یہاں سے راز حمد کبریائی
ہوا واضح بقول مصطفائی

تو بس پہلے ہوں ہم قاضی کے شاکر
کہ اس سے ہوں شکرِ حق کے ذاکر

بشر میں گر نہ اس کا پرتوا ہے
تو اس کا شکر کیوں شکر خدا ہے

بشر میں صاحب لولاک آیا (۲)
کہ جس نے یار کا جلوہ دکھایا

وگرنہ پاک ہے شانِ خدائی
کہ اس کی اس میں ہو جلوہ نمائی

یہ ہے اس صاحب لولاک کی شان
کہ ہے جو مظہر قیوم سبحان

وہی ہے مظہر حق سب سے اعظم
وہی ہے مظہر حق سب سے اکرم

وہ ہے آئینۂ ذاتِ الٰہی
مظاہر اس کے ظاہر لاتناہی

وہ مظہر حق کا مظہر اس کا عالم
وہ مرآت احد اجلی و اعلم

اگر وہمِ غلط کافور ہو جائے
غشاوہ احولی کا دور ہو جائے

ہوں روشن سرمۂ وحدت سے آنکھیں
تو دیکھیں ایک کو کثرت سے آنکھیں

کھلے اس وقت سرّ خلقتِ نور
کہے یوں بادہ وحدت سے مخمور

چو آن بے چون درین چون دکرد آرام
محمد ﷺ شد پے روپوشیش نام

محمد را ہمہ اسمائے عالم
زروئے مظہریت شد مسلم

دلیل مدعا نام خدا ہے
کہ وہ نام محمد میں چھپا ہے

محمد مبدأ حمد خدا ہے
اسی سے حمد حق کی ابتدا ہے

محمد جب ہوئے حامد خدا کے
خدائے خالق ہر دوسرا کے

تو حامد کا محمد کیوں رکھا نام
محمد کا محمد کیوں ہوا نام

محمد حق محمد نور ٹھہرا
تو نام اس کا محمد کیوں نہ رکھا

بگویم باکہ گوشے در جہاں نیست
وگر گوشے است محتاجِ بیان نیست

ولیکن ظاہری فہموں کی خاطر
کئے دیتا ہوں میں اس سر کو ظاہر

کہاں ہے موجِ دریا سے مغائر
تعین لاتعین میں ہے سائر

کہاں اثنین اورواحد میں ہے فرق
کہ دونوں منشأ وحدت میں ہیں غرق

ثلثہ یا کہ اربعہ گو ہے کثرت
ولے ترکیب میں ہے سب کے وحدت

تعین ہے عدد میں اعتباری
وہی ہے ایک وحدت سب میں جاری

اگر اثنین دو وحدت کا ہے نام
تو ہے دو کو فقط اس ایک سے کام

حقیقت کس کی وحدت سے جدا ہے
سمجھ لے گا جسے فہم رسا ہے

یہ ہے سرّ تجرد اور زیادت
سمجھ لے ہے اگر نور ارادت

خدا کا نام ہے نام محمد
خدا کا کام ہے کام محمد

محبت کی زیادت نے نہ چاہا
کہ ہو غیرت اسمی بھی اصلا

لہٰذا وہ رکھا محبوب کا نام
کہ تھا جس سے مے وحدت کا پر جام

محمد نے ثنائے حق ادا کی
خدا نے بھی محمد کی ثنا کی

ہوا محبوب جب ہمنام باری
تو پھر ہو کیوں نہ یہ جرأت ہماری

محمد کی ثنا حق کی ثنا ہے | ثنائے حق ثنائے مصطفی ہے
لکھوں کیا حمد و نعت شاہ لولاک | کروں کیا اہل عالم کے جگر چاک
طبیعت ہے کہ بحر موجزن ہے | قلم اپنا نہیں شمع لگن ہے
دل مستانہ ہے مستی میں سرشار | ہوا کرتے نہیں کیفی خبردار
کیا احسان مجھ پر بے خودی نے | دکھایا جلوہ نعت احمدی نے
شراب تند شوخی اثر سے | ٹپکتی کیوں نہ جام بے خبر سے
خدا کی حمد میں نغمہ سرا ہوں | کہ محو حمد و نعت مصطفی ہوں
ضیائے دو جہاں پر جب فدا ہوں | تو پھر کیوں کرنہ میں عین ضیا ہوں
نہایت جب نہیں حمد خدا کی | نہایت کیوں ہو نعت مصطفی کی
درود حق کا تحفہ بے نہایت | نثار روح حضرت تا قیامت
تمامی آل اور اصحاب پر ہو | اوران کے دوست اوراحباب پر ہو
جو کرتے ہیں شریعت کی حمایت | ہوا ان پر بھی یہ تحفہ تا قیامت
خصوصاً حضرت احمد رضا خاں | زمانے پر ہے جن کا عام احساں
محدث اور مفسر بس گرامی | وصی احمد مرے استاد سامی
جناب قاضی ممتاز عالم | نیاز دین وایماں نازِ عالم
ہمیشہ ان کے اوپر بھی الٰہی | ہو تیرا رحم و فضل لا تناہی

(۱) کما قال اللہ تعالیٰ کل شیء ھالک الا وجھہ، وکل من علیھا فان ویبقیٰ وجہ ربك ذوالجلال والاکرام۔

(۲) در بشر روپوش گشت است آفتاب: فہم کن۔ واللہ اعلم بالصواب۔

یہاں سے ابتدا پاتا ہے مقصود
بتوفیق خدائے رب معبود

وہ تحفہ لاشرابِ جان ساقی	رہے جس سے کوئی ارماں نہ باقی
اچھوتی دونوں عالم سے نرالی	کرے جو ماسوا سے دل کو خالی
نہ خوشبو جس کی عالم میں سمائے	خیالِ قدسیاں میں بھی نہ آئے
ہراک قطرہ میں جس کے ہو وہ مستی	کرے ہر نیستی دعوی ہستی
مے گلگوں منصوری سے افزوں	دکھائے چوں ہیں جو رنگ بے چوں
مگر آئے نہ لب تک راز کا حرف	سنے کوئی نہ سوز و ساز کا حرف
نشے میں جس کے ہوکر مست ومخمور	کلیمی ہو بیانِ جلوہٗ طور
دکھاؤں آپ کو روپوش ہوکر	سناؤں ہوش ک بے ہوش ہوکر
نئے انداز کا طرفہ بیاں ہو	ثناؤ مدحست تحفہ عیاں ہو
شراب شوخ کے قطرے میں دریا	نہاں ہوکر بنے تحفہ کا تحفہ
نہ تحفہ شاہد نازک خیالاں	عزیز خاطر فرخندہ حالاں
نہ تحفہ تحفہ جانہائے مشتاق	نہ تحفہ تحفہٗ دلہاے عشاق
نہ تحفہ وصل جان ہجر مشتاق	دوائے عالم درد عالم شہرہ آفاق
نہ تحفہ دلبر غارت گرِ ہوش	بقامت صد قیامت جلوہ بر دوش
نہ تحفہ بزم نعمان راچراغے	دل اعدا از ہر نقطہ بداغے
نہ تحفہ بل نگارے شوخ وطناز	ہمہ عشوہ ہمہ غمزہ ہمہ ناز
بہ چہرہ آتش وادی ایمن	ہے خجلت دہِ خورشیدِ روشن
رخش نور تجلی رشک صد حور	نگاہش نور چشم شعلہٗ طور

نگویم کبکِ کہسارِ نزاکت — گلِ تازہ ز گلزار نزاکت

زہے شمشاد بستان شرافت — سہے سرو گلستاں لطافت

لبش را صد سخن بر آب حیوان — بکام او تصدق کوثر جان

نہ تحفہ مرہم زخم جگر ہا — ملیح شوخ پر فن در نظر ہا

گرامی کودکے از منصب حُسن — نگارے آمدہ از مکتب حُسن

دل آرا دلبرے دلہا نوازے — لطیفے دل کشے دل چارہ سازے

ہدایت کے چمن کا سرو آزاد — عنایت کی روش کا تازہ شمشاد

زہے شمع شبستان حقیقی — حسَنِ طفل دبستان حنیفی

گلستان کرامت کا گل تر — تمامی خوبیوں کے جس میں جوہر

مضامین آفتاب چرخ تحقیق — مطالب ماہتاب برج تدقیق

مسائل چشمہا از بہر سائل — رسائل با براہین و دلائل

بہر ماہے ہلال عید مشتاق — بہر شہرے شہیری شہرہ آفاق

فروزاں شمع مشکوۃ نبوت — فروغ افزاے مصباح فتوت

بناے دوست یہ اعداے دیں کو — چکھائے زہر قاتل اہل کیں کو

سر اعداے دیں پر سیف مسلول — بدست دوستاں شمشیر مصقول

موافق کے لیے ہے آب حیواں — مخالف کے لیے شمشیر براں

یہی ہے ہند میں وہ مرد میداں — اکھیڑے جس نے بدمذہب کے دنداں

تمام ہندوستاں کے اہل باطل — اکیلے اس بہادر سے مقابل

کبھی یہ نیچری کا بیخ کن ہے — کبھی ندوہ شکن ندوی فگن ہے

کبھی ہے شیخ نجدی کا مقابل — کبھی ہے قادیانی کا مقاتل

یہ ہے وہ رستمِ میدانِ اسلام — جو تنہا کر رہا ہے فوج کا کام
ظفر اس سے ہوئی اسلام و دیں کو — شکست فاش سارے اہل کیں کو
مقابل جو ہوا اس کو بھگایا — مزہ اظہار باطل کا چکھایا
قیامت اس سے برپا ہے عدو پر — ہزاروں آفریں ہے اس کی خو پر
وہابی کا ہے اس سے ناک میں دم — نکالا منکر تقلید کا خم
کیے باطل کے اس نے ترش دنداں — کیا لہائے حق کو اس نے خنداں
یہ ہے اسلام و دیں کا رونق افروز — عدو کے واسطے نار جگر سوز
تمامی اہل بدعت اس سے گریاں — دل بد مذہباں ہے اس سے بریاں
رسالوں کے رسالے اس میں موجود — پڑی ہے ہر ورق میں فوج مقصود
بیان اس کا بیان من لدنی — زبان اس کی زبان قم باذنی
زبان عیسوی ہے بہر ہر فوت — مسیح قادیانی کے لیے موت
جواب ہر سوال اس کی لقا ہے — تمام امراض کی اس سے شفا ہے
تسلسل اس کی زلف مدعا میں — ثبوت دور ہر بزم عطا میں
کہیں حمد الٰہی میں شکر بار — بر نگر تازہ و نو لطف گفتار
کہیں ہے نعت احمد میں قصیدہ — کسی کا جو شنیدہ ہے نہ دیدہ
غزل میں جلوۂ وحشی غزالاں — پسند خاطر نازک خیالاں
عقائد کا کہیں روشن بیاں ہے — تصوف کا کہیں گوہر فشاں ہے
کہیں تاریخ کا مضمون ہویدا — کہیں رفاض کی تردید پیدا
کہیں کچھ اور ہی دلکش ہے تحریر — عجب اک لطف کی دل چسپ تقریر
نئے مضموں نئے مطلب نیا رنگ — نئی بندش نئی شورش نیا ڈھنگ

ہر اک پرچہ نئے مضمون کا دفتر ورق ہیں اس کے اوراق گل تر

فتاوی کا خزانہ ہے یہ تحفہ زمانے میں یگانہ ہے یہ تحفہ

ہر اک پرچہ ہے دین حق کا فرماں تصدق جس پہ ہے مشتاق کی جان

یہ تحفہ ہے کہ ہے پروانۂ حق یقین کر اس کو اے مردانۂ حق

جو ڈھونڈے گے چراغ شوق لے کر نہ پائے گا کہیں تو اس کا ہم سر

نہ دیکھی آج تک روے زمین پر کوئی تحریر نافع اس سے بڑھ کر

بہت شہروں سے پرچے اوراخبار نکلتے ہیں پڑے ہیں جن کے انبار

نہ نکلا پر کوئی تحفہ کا ثانی کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہ جمعیت کوئی ہم کو دکھائے یہ کیفیت کوئی ہم کو دکھائے

اٹھا کر ہاتھ میں دیکھو یہ پرچہ عیاں ہوجائے گا جو ہم نے لکھا

یہی کرتا ہے سنت کی حمایت اسی سے ہند میں پھیلی ہدایت

تمامی ہند کے شہر و قری میں ہوا مشہور ارشاد و ہدی میں

علاوہ ہند کے نزدیک اور دور ہیں اقلیمیں جو نامی اور مشہور

جہاں پر نور ہے اسلام و دیں کا جہاں سکہ ہے ایمان و یقین کا

وہاں پر بھی یہ خورشید ہدایت برنگ رنگ انوار ولایت

چمکتا ہے مثال مہر انور جھلکتا ہے بسان ماہ و اختر

جدھر دیکھو ادھر ہے جلوہ فرما یہی نورا فگن اقلیم برھما

ہوا اس رنگ سے رنگون رنگین خجالت بخش نقشِ کشور چین

ہمیں گوید دریں جااہل ادراک چہ نسبت خاک را با عالم پاک

کجا نقش و نگار کشور چین کجا ایں رنگ جان تحفۂ دین

برائے پرتکیز امن واماں است — بہ جسم مخلص دیں ہمچو جاں است
تمامی اہل افریقہ ہیں منصور — ہر اک آسام والا اس کا مشکور
جو ہے پیر اک کی اقلیم نامی — وہاں بھی ہے یہ شرع ودین کا حامی
عجم کا جس طرح یہ دل ربا ہے — عرب کا عین مطلوب و منیٰ ہے
خصوصاً وہ گرامی خطۂ پاک — جہاں پیدا ہوئے ہیں شاہ لولاک
وہاں کے علم والے اے برادر — بناتے ہیں اسے آنکھوں کا اختر
غرض ہر ملک اس سے بہرہ ور ہے — ہر اک اقلیم میں یہ نامور ہے
ادا پر کیوں نہ مفتوں ہو زمانہ — کہ نازو ادا میں یہ یگانہ
بہر ماہے چو ماہ نو نمایاں — بنازو غمزہ رنگیں ادایاں
برنگ شاہد رنگیں قبائے — بصبح عید با زریں عبائے
گہے در بر قبائے زعفرانی — گہے در تن عبائے ارغوانی
گہے چوں سبز پختاں سبز پوشے — ہمیں آید چو مستاں بادہ نوشے
گہے چوں برق ابیض پیرہن پوش — گہے چوں زلف لیلی دام بر دوش
خرامان گاہ آن طناز دلبر — لباس سرخ چوں گل کردہ در بر
چو طفلان صبح عید شادمانی — مبارک باد ایام جوان
بصبح عید چوں طفلِ پری زاد — خرمان بہر مرگ نو باستاد
بہارِ بے خزاں کے سیر والو — کہاں ہو حوصلے دل کے نکالو
غنیمت ہے یہ کیفِ ساغر ومُل — کہاں پھر یہ گلستاں اور یہ گل
نہ کر تاخیر دورمے ہیں ساقی — کہ ہے سامانِ محفل اتفاقی
کہاں قسمت میں پھر یہ صحبت یار — پیاپی دے لبالب جام دوچار

نکالوں حوصلے جوشِ نہاں کے
دکھاؤں حسن اعجاز بیاں کے

عظیم آباد کے گلشن سے خوشبو
مہکتی ہے تمام عالم میں ہر سو

اسی گلشن سے نکلا وہ گل تر
کیا جس نے جہاں سارا معطر

اسی گلشن سے ہے وہ گل خراباں
بھرے ہیں دوستوں کے جس نے داماں

بتائیں نام ہم اس باغباں کا
ہوا منشا جو اس فیض عیاں کا

خدا کا فضل ہے اس باغباں پر
عنایت جس کی ہے سارے جہاں پر

جو ہے دیں کی حمایت میں یگانہ
کرم کا جس کے ممنوں ہے زمانہ

وحید عصر ہم عصروں کا محسود
محامد کی زبان و دل کا محمود

چو در ہر وصف آں فرد وحید است
ازاں رو نامِ او عبد الوحید است

چراغ روشن بزمِ سخاوت
فروغ دیدۂ اہل شجاعت

سخاوت میں کہیں حاتم سے بڑھ کر
شجاعت میں کہیں رستم سے چڑھ کر

کہ رستم کی شجاعت دنیوی تھی
سخاے حاتمی کب اخروی تھی

کرم اس کا ہے دینی اے برادر
شجاعت اس کی اسلامی مقرر

بھلا دنیا کو نسبت کیا ہے دیں سے
تناسُب خاک کو عرشِ بریں سے

اگر درکار ہے برہانِ ساطع
تو ہے واضح بہت برہانِ قاطع

یہی تحفہ دلیل مدعا ہے
اگر انصاف اور فہم و ذکا ہے

کہ بے زر اور مفلس اہل اسلام
فقیر و عاجز و مسکین و ناکام

غنی ہیں آج تحفے کی بدولت
ملِا ہے راج تحفے کی بدولت

تو انگر ہو گئے تحفے کو پا کر
جمے سنت پہ بدعت کو مٹا کر

مرے ممدوح کی ہے یہ عنایت
خدا دے اجر اس کو بے نہایت

عجب جان سخا کانِ کرم ہے — مبارک دم سے جس دیں میں دم ہے
بچھا ہے یہ عجب خوان کرم عام — کہ جس سے سیر ہیں سب اہل اسلام
ہر اک پرچہ ہے گویا خوانِ نعمت — چنے ہیں جس میں سواَلوانِ نعمت
بچھایا جس نے اس خوان کرم کو — رکھے اللہ دائم اس کے دم کو
علو ہمت قاضی تو دیکھو — جہاں میں اس کی فیاضی تو دیکھو
جو دیکھے غور سے قاضی کو یک بار — تو حمد اللہ کی چھوڑے نہ تکرار
مسلم سلم عرفان باری — مبرہن آیۂ فیضان باری
تو انگر ہے ولیکن میرزاہد — عزیز اہل سنت رشک شاہد
سخاوت کی صدف کا در مختار — ہے بستان کرم کا نخل پُر بار
سراجی محفل قدس خدا کا — شریفی مجلس اہل ہدا کا
وہ بے شک ہے صُراحِ اہلِ سنت — وہ بے شک ہے قُراحِ اہلِ بدعت
غیاثِ دین وملت ہے بلا ریب — مغیثِ اہل سنت ہے بلا عیب
وہ ہے تنویر ابصار عزیزاں — منارِ نورِ انوار عزیزاں
ہے نہر فائق جود وسخا وہ — ہے بحر رائق لطف وعطا وہ
کہیں ہے انتظامِ درس وتدریس — کہیں ابطال مکر اہل تلبیس
کہیں ہے فکرِ بزمِ اہلِ اسلام — ہو جس سے مجمعِ باطل کو ارغام (مراد ندوہ مقتولہ)
کہیں ہے اہتمامِ امر دیں اور — غرض دن رات ہے مصروف اس طور
قوی بازو ہے اس سے اہل دیں کا — پریشان حال اس سے اہلِ کیں کا
اعانت اس کی لازم اور واجب — ہر اک دین دار پر اس کے مناسب
جو دولت مند ہے دام درم سے — جو عالم اسے زور قلم سے

مدد اس کی مدد ہے خاص دیں کی
رسول اللہ کی شرع متیں کی

اعانت دین کی لازم ہے سب پر
علیٰ حسب المراتب اے برادر

جو ادنیٰ فہم والا ہے مسلماں
نہیں مخفی ہے اس پر حق کا فرماں

تعاون برو تقوی میں ہے مامور
تمام اخوان دیں پر تا بمقدور

خصوصاً شرع میں ایسا جو ہو کام
کہ اس میں نفع ہو اسلام کا عام

ضروری اس میں ہے شرکت بہر طور
کہ ہے یہ ضعف کا اسلام کے دور

رواج دین میں کوشش کرے جو
تو اجر سو شہید اس کے لیے ہو

لہٰذا ہر مسلماں پر ہے لازم
کہ تحفے کا بنے ہر طور خادم

جہاں تک ہو سکے اس کی اعانت
دل و جاں سے کرے بہر دیانت

کہ اس میں فائدہ ہے دین کا عام
خبردار اس سے ہیں سب اہل اسلام

خصوصاً جو کہ ہیں تحفہ کے ناظر
ہیں ان پر خوبیاں سب اس کی ظاہر

ہزاروں ہند میں ہیں اہل سنت
معین و ناصر سلام و ملت

مگر پیدا نہیں قاضی کا ثانی
کسی میں ہیں کہیں اس کی نشانی

یگانے (ا) کا وہ بندہ ہے یگانہ
وحید دہر ہے فرد زمانہ

وہ جان و مال سے دیں پر فدا ہے
محب حق حبیب مصطفی ہے

جو ہوتے ہند میں دو چار ایسے
تو ہوتے اہل سنت شاد کیسے

خلافت کا زمانہ یاد ہوتا
دل ناشاد مومن شاد ہوتا

سلامت حق رکھے اس باغباں کو
نوازا جس نے سب اہل جہاں کو

بفضل حق تعالیٰ اس زماں میں
خصوصاً کشور ہندوستاں میں

ہیں یسے چند عالم جلوہ فرما
کہ جن کا علم میں عالی ہے رتبہ

از انجملہ جناب سہسوانی (۲) — سراپا ہیں سلف کی وہ نشانی
وہ علام زمانہ جونپوری (۳) — جو صورت دیکھ لے ہو جائے نوری
وہ ہے تدریس میں فرد یگانہ — ہدایت جس سے پاتا ہے زمانہ
ہے عبد المقتدر (۴) سنت پہ شیدا — بھری ہے اس نے فیض دیں سے دنیا
مدد میں دین کی کٹتے ہیں اوقات — یہی رہتا ہے اس کا شغل دن رات
ہے جس سے مصطفی آباد (۵) آباد — ہے جاری جس سے بحر علم وارشاد
حمایت میں وہ سنت کی ہے یکتا — سلامت اس کو رکھے حق تعالیٰ
لکھوں کیا وصف میں اس مرد حق کا — کہ جس نے گردن بدعت کو کاٹا
عمر (۶) ہے دین کا وہ اس زماں میں — پڑا ہے رعب قلبِ نجدیاں میں
وہ مولانا جناب عبد غفار (۷) — کہ جس سے دین کا تازہ ہے گلزار
فضیلت میں جبل پوری (۸) ہے یکتا — حمایت دین کی اس کا ہے منشا
شرف صورت سے جس کے پائے **سورت** — مٹے بدعت کی جس کے دم سے مورت
ہو سیف خامہ میں جس کی یہ قوت — اڑیں اک وار میں اعناق بدعت
رہے دن رات جو سنت کا حامی — بھرے جو علم سے دنیا تمامی
وصی (۹) احمد کا ہو جائے نہ کیوں کر — محدث کا لقب پائے نہ کیوں کر
اگرچہ ہیں یہ سب سنت کے حامی — شرف میں فضل میں ناکامی گرامی
سوا ان کے ہیں ایسے اور فاضل — کہ جن سے کانپتے ہیں اہل باطل
مگر احمد رضا ہے سب میں یکتا — مفرد (۱۰) ہے وہ احمد کی رضا کا
مجدد ہے جہات ارتقا کا — مہدد ہے گروہ اشقیا کا
مسدد ہے طریق اہتدا کا — مشدد ہے سبیل اقتدا کا

مجدد ہے وہ اس چودہ صدی کا | موید ہے وہ شرع احمدی کا
مفرج اہل سنت سے بلا کا | مخرج ہے فنون اصطفا کا
مروجِ سنت خیر الوریٰ کا | معوج پشتہائے اغویا کا
مقنن ہے قوانین ہدا کا | مزین ہے عروس اہتدا کا
مشقق ہے قلوب دشمناں کا | مفرق ہے گروہ ملحداں کا
مقلب قالب قلب بتر کا | مکرب خاطر اہل خطر کا
مقلد ہے وہ نعمان صفی کا | وہ شیدائی ہے فرزند (۱۱) نبی کا
وہ ہے سلطان رد اہل بدعت | وہ ہے تاج سران اہل سنت
وہ ہے سحبان اقلیم معانی | تصدق جس پہ ہے جادو بیانی
وہ ہے مہر سپہر حسنِ تحقیق | وہ ہے بدر منیر برج تدقیق
ہے علم نقلی و عقلی پہ حاوی | نہیں ہے ہند میں اس کا مساوی
قلم میں زور ہے اس کے بلا کا | نمونہ قوت شیر خدا کا
علوم دین کی سلم ہے تقریر | مسلّم ہر کسی کو اس کی تحریر
شفا پاتے مریضان جہاں ہیں | عیاں اس سے اشارت نہاں ہیں
مسائل کا بیاں ہے در مختار | ضلالت کا ہے بطلاں رد محتار
ہر اک تصنیف ہے اس کی ہدایہ | ہر اک تالیف ہے اس کی کفایہ
وہ ہے بحر محیطِ علم و ہر فن | زباں غیرت دہِ صد برگِ سوسن
بیاں ہے اس کا یا کنز دقائق | مطالب ہیں کہ رشک بحر رائق
ہر اک تقریر ہے مطلب کو وافی | جو مضمون لکھ دیا بس ہے وہ کافی
وہ مفتاحِ علوم شرع و دیں ہے | وہ مصباحِ ظلام اہل کیں ہے

بیاں اس کا ہے ایضاحِ معانی — تصدق جس پہ ہے گوہر فشانی

عرب اس کی بلاغت کا ثناخواں (۲۱) — عجم اس کی فصاحت پر ہے قرباں

بیانِ مختصر الفاظ مجمل — مطول معنی و مطلب مفصل

عجب تنقیح میں اس کی ہے توضیح — عجب تصریح میں اس کی ہے تلویح

ہر اک توضیح میں ہیں وہ زیادات — کہ جسے سے فیض کے ظاہر کرامات

اگر تفسیر میں اس کا بیاں ہے — کمال ارتقاں کا اس سے عیاں ہے

غوامض میں ہے اس ذہن کشاف — رموز اسرار اس کے حل کے وصّاف

سوال اہل بدعت میں جلالین (۳۱) — جواب اہل باطل میں کمالین (۴۱)

ہیں جتنے اہل باطل کے مواقف — وہ ان کے سب مقاصد سے ہے واقف

معالم اس کے افزوں ہیں بیاں سے — مدارک اس کے بیروں ہیں نشاں سے

غرض ہر علم میں ہے بحرِ موّاج — تمام اطراف میں ہیں جس کے امواج

احادیث اس کے وہ حصنِ حصین ہیں — مشارق نور کے جس میں مکیں ہیں

ہے سینہ اس کا مشکوٰۃ مصابیح — دلِ روشن کے ہاتھوں میں مفاتیح

مدام اس کی رکھے حق خیر جاری — کہ ہے اسلام کا ابر بہاری

تبرک کے لیے اشعار مظہر (۵۱) — رقم ہیں خاتمہ میں اے برادر

خدا در انتظار حمد ما نیست — محمد چشم بر راہ ثنا نیست

خدا مدح آفرینِ مصطفی بس — محمد حامد حمد خدا بس

اگر باید مناجاتے بیاں کرد — بہ بیتے ہم قناعت می تواں کرد

محمد از تو می خواہم خدا را — خدایا از تو عشق مصطفی را

عذر خواہی اور حال واقعی

عجب میں اور عجب میرا بیاں ہے — تماشا قدرت حق کا عیاں ہے
نہ تازی میں مہارت مجھ کو پوری — زبان فارسی وہ بھی ادھوری
زبان دہلوی کا ہوں نہ ماہر — لسان لکھنوی پہ ہوں نہ قادر
شعود شعر گوئی سے معرا — عبور بحر شعری سے مبرا
نہیں میں جانتا اوزان شعری — نہیں پہچانتا میزان شعری
ردیف و قافیہ حرف روی کی — نہیں مجھ کو خبر ہرگز کسی کی
نہ ایطا کی مجھے کچھ آگہی ہے — کہاں پر ہے جلی کس جا خفی ہے
کبھی شیرِ ضرورت نے ڈرایا — کبھی جوش طبیعت نے ابھارا
تو ایسے حال میں جو کچھ کہ سوچا — ضرورت کے موافق اس کو لکھا
جو دیکھے کوئی میری کوئی تحریر — سنے جو کوئی میری کوئی تقریر
جہاں جس طور کے اغلاط پائے — تو ذیل عفو میں ان کو چھپائے
اگر شرعی خطا گزرے نظر سے — تو بے شک وہ مجھے اس کی خبر دے
نہایت اس مانوں گا میں احساں — طبیعت اس سے ہوگی شاد و فرحاں
غرض از شعرم اظہار ہنر نیست — دماغم را ازیں بو ہا خبر نیست

قطعۂ تاریخ تحفۂ از احقر ضیا مصنف ایں رسالہ

بحمد اللہ بحر طبع سے یہ گوہر مضمون
نکل کر رشتۂ تحریر میں جب ہو گئے یکجا
تو پھر تاریخ کا مجھ کو خیال ازبس ہوا پیدا
کہا ناگاہ ہاتف نے ضیا ے تحفہ ابہا

۱۳۲۳ھ

(۱)اس مصرع میں جناب مخدوم ومکرم قاضی عبد الوحید صاحب کے نام مبارک کی تلمیح ہے۔ کما لا یخفیٰ علی من له دنی فطانة

(۲)جناب مولانا مولوی حاجی سید شاہ عبد الصمد سہسوانی صدر مجلس اہل سنت

(۳)جناب مولانا مولوی ہدایت اللہ خاں صاحب مدرسہ مدرسۂ حنفیہ جونپور

(۴)جناب مولانا مولوی شاہ عبد المقتدر صاحب بدایونی خلف ارشد حضرت تاج الفحول قدس سرہ

(۵)جناب مولانا مولوی شاہ ابو الذکا سراج الدن سلامت اللہ صاحب مقیم مصطفی آباد عرفاً رامپور

(۶)جناب مولانا مولوی محمد عمر الدین صاحب ہزاروی مقیم بمبئی

(۷)جناب مولانا مولوی سید شاہ محمد عبد الغفار صاحب بنگلوری مدرس مدرسۂ جامع العلوم بنگلور

(۸)جناب مولانا مولوی شاہ عبد السلام صاحب جبل پوری

(۹)جناب مولانا واستاذنا مولوی وصی احمد صاحب سورتی مقیم پیلی بھیت معروف

بہ محدث سورتی

(۱۰)اشارہ بحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سبق المُفَرَّدون۔

(۱۱)حضرت ممدوح خاندان قادری میں شرف بیعت رکھتے اور فرزند نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جان ومال سے فدا ہیں۔

(۱۲)فتاوی الحرمین ملاحظہ ہو کہ علماے کرام ومفتیان عظام حرمین طیبین نے حضرت ممدوح کی تبحر علمی واعانت مذہبی اوراعلیٰ درجے کی دین داری کی کیسی کچھ داددی اورکس قدرن کے حق میں دعاے خیر فرمائی کیاکیاالقاب تحریر کئے کیاکیاخطابات دیے۔ عجم میں توسکہ کمال فضل وعلم کاکثرت سے جاری ہونامحتاج بیان نہیں۔

(۱۳)یعنی جلال حق وجلال رسول صلی اللہ علیہ وسلم یاجلال لفظی وجلال معنوی۔

(۱۴)یعنی کمال احقاق حق وکمال ابطال باطل یاکمل لفظی وکمال معنوی یاکمال بلاغت نظام وکمال فصاحت یاکمال تحقیق وکمال تدقیق،وعلیٰ ہذا۔

(۱۵)حضرت مرزامظہر جان جاناں دہلوی قدس سرہ القوی۔

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۳ھ ص ۱ تا ۲۶]

بابــــــــــــ(۲)

مدیران تحفۂ حنفیہ

تعارف وخدمات

قاضی عبد الوحید فردوسی حیات وخدمات

ولادت

۱۲۸۹ھ میں پٹنہ کے مقدس و معزز خاندان میں قاضی صاحب قدس سرہ کی ولادت ہوئی۔

اسم گرامی

آپ اپنا نام عبد الوحید غلام صدیق حنفی الفردوسی لکھتے تھے۔ وحید تخلص رکھتے تھے۔ تاریخی نام ''منظور النبی'' ۱۲۸۹ھ۔ تھا۔

خاندان

آپ کے والد قاضی عبد الحمید دادا قاضی محمد اسمعیل قدیمی پر دادا قاضی اکرام الحق، ان کے والد قاضی امین الحق ان کے والد کمال الحق ان کے والد مفتی غلام یحییٰ، معروف مشائخ میں شمار ہوتے تھے۔

تعلیم

قاضی صاحب نے درسیات کی تحصیل مولانا سید عبد العزیز چشتی صابری انبیٹھوی سے کی۔ ایف اے تک دنیاوی تعلیم حاصل کی۔ مزید انگریزی تعلیم کے لیے والد محترم نے انگلستان بھیجنے کا ارادہ کیا مگر قاضی صاحب حضور اعلیٰ حضرت امام

احمد رضا خاں اور حضور تاج الفحول علامہ عبد القادر بدایونی قدس سرہما کی تعلیمات سے اس قدر متاثر تھے کہ مزید دنیاوی تعلیم حاصل کرنے سے منع کر دیا۔

بیعت واجازت

حضرت مخدوم امین احمد ثبات قدس سرہ سے شرف بیعت حاصل تھا حضور اعلیٰ حضرت سے اجازت وخلافت حاصل تھی۔

ماہنامہ تحفہ کا اجرا واشاعت

قاضی صاحب تعلیم مکمل کر کے مذہبی ومسلکی سرگرمیوں میں مصروف ہوگئے۔ چوں کہ اس وقت سب سے زیادہ زور ندوہ کا تھا قاضی صاحب نے اس کے خلاف محاذ آرائی کا ارادہ فرمایا اور چاہا کہ ندوہ کی بیخ کنی کے لئے اخبار وغیرہ نکالا جائے اور اس پر حضور اعلیٰ حضرت کی اجازت درج ذیل الفاظ میں طلب فرمائی:

ناصر ملت مصطفویہ حامیِ مذہب حنفیہ جناب مولانا الاجل مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی مدظلہ العالی! تسلیم

محض غائبانہ اخوت اسلامی وحمایت مذہب حنفیہ کی جہت سے یہ خط لکھ رہا ہوں اور مولانا عبد القادر بدایونی کو بھی لکھ رہا ہوں، جلسۂ ندویہ سے سخت بیزار ہوں اور شاید حضور بھی اس کے مخالف ہیں لہذا موافقت فی المخالفت وحمایت مذہب حنفیہ کی جہت سے ایک اخبار تردید مذہب باطلہ ومخالفت ندوہ میں نکالنے والا ہوں آپ سرپرستی کریں، مذہب حنفیہ کو حق سمجھتا ہوں اور اس ندوہ کو باطل۔ اگر آپ لوگ آمادہ ہوں تو ندوہ حنفیہ پٹنہ میں بفضلہ تعالی قائم کروں"

اور پھر جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ سے بدمذہبیت کی بیخ کنی خاص کر ندوہ کی ریشہ

دوانیوں کے سدباب کی غرض سے ایک مذہبی، علمی، اصلاحی، ادبی، ماہوار رسالہ بنام تاریخی ''مخزن تحقیق'' ۱۳۱۵ھ۔ ملقب بہ ''تحفۂ حنفیہ'' جاری فرمایا۔ اوراس رسالہ کو حضور اعلیٰ حضرت وغیرہ مشاہیر علماو مشائخ کے نام معنون کیا۔

مطبع حنفیہ

تحفۂ حنفیہ اور دیگر رسائل وکتب کی طباعتی دشواریوں کے پیش نظر خود ہی ایک مطبع قائم فرمایا۔ جو ''مطبع حنفیہ'' سے مشہور ہوا۔ حضور اعلیٰ حضرت اور مشاہیر علما کے بہت سی کتابیں اس مطبع سے شائع ہوئیں۔

مدرسہ حنفیہ

اس کے علاوہ آپ نے ایک تعلیمی ادارہ بنام ''مدرسہ اہل سنت وجماعت'' بھی قائم فرمایا۔ اس کا دوسرا نام مدرسہ حنفیہ تھا۔ ربیع الاول ۱۳۱۸ھ میں مدرسہ کا افتتاح ہوا اور ۱۳۱۹ھ میں تعلیمی آغاز ہوا۔

حضور اعلیٰ حضرت نے اس موقع پر درج ذیل تاریخی اشعار رقم فرمائے۔ ملاحظہ ہو:

یا طالباً حسن المآب — ابشر فذا نہج الصواب

عبد الوحید بنیٰ ھنا — بیتاً للدرس مستطاب

بالزبر تدعو البینات — جئ عندہ علم الکتب

۱۳۱۹ھ

مدرسہ میں حضور علامہ وصی احمد محدث سورتی اور صدرالشریعہ علامہ امجد علی جیسے اساتذہ کا تقرر کیا ہوا۔ مدرسہ اور مطبع دونوں ایک دوسرے سے متعلق تھے۔ پہلے

دونوں محلہ بخشی پورامیں تھے بعد میں لودی کٹرہ میں منتقل ہوئے۔اس حوالے سے مولاناضیاءالدین پیلی بھیتی کی درج ذیل تحریر ملاحظہ ہو:

”چوں کہ مدرسہ کو مطبع سے اور مطبع کو مدرسے سے بچند وجوہ ایک خاص قسم کا تعلق ہے۔لہٰذامدرسہ بخشی پوراسے منتقل ہوکر محلہ لودی کٹرہ میں آیاتوناچار مطبع کو بھی منتقل کرناپڑا۔جوضرورتیں مدرسہ کو محلہ لودی کٹرہ میں اب کی پیش آتی تھیں اب بحمد اللہ تعالیٰ وہ دفع ہوگئیں جن کی قدرے تفصیل مختصر روداد مطبوع پرچۂ ہذامیں مندرج ہیں۔ پس موافق مشورۂ اراکین مجلس انتظامی یکم رجب سے مدرسہ مکان سابق بخشی محلہ جائے گا اور مطبع بھی اسی ماہ کے آخرتک اسی جگہ اٹھ جائے گا۔لہٰذاالتماس یہ ہے کہ یکم شعبان ۱۳۲۳ھ سے جملہ خط وکتابت متعلق تحفہ ومدرسہ اسی سابق والے پتے بخشی محلہ سے کی جائے تاکہ تعمیل حکم وارسال جواب میں قصور نہ ہونے پائے۔
(ابوالمساکین ضیاءالدین مہتمم تحفۂ حنفیہ)

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الاولیٰ ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

مزید لکھتے ہیں:

”گزشتہ پرچے میں جوعرض کیاگیاتھاکہ مدرسہ ومطبع حسب تجویزاراکین مجلس انتظامی مکان سابق محلہ میں جائے گا۔چنانچہ مدرسہ توسولہ سترہ روزسے وہیں چلاگیااور مطبع کوگئے ہوئے آج تیسراروزہے۔لہٰذاجملہ حضرات کی خدمت میں عرض کی جاتی ہے کہ تمام خط وکتابت بخشی محلہ کے پتے سے (جوآخرمیں بخط جلی مرقوم ہے)کرناچاہیئے۔تاکہ تعمیل حکم وارسال جواب میں کسی طرح کی کوتاہی نہ ہونے پائے۔“(نیازمند ابوالمساکین ضاءالدین مہتمم تحفۂ حنفیہ پٹنہ بخشی محلہ دفتر تحفۂ حنفیہ)

[جمادی الاخریٰ ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

اور لکھتے ہیں:

''مدرسہ و مطبع محلہ لودی کٹرہ سے جو منتقل ہو کر پھر بخشی محلہ میں آیا تھا اس کا یہی سبب ہوا کہ اس محلہ میں باوجود سعی و تجسس بلیغ کے کوئی وسیع مکان نہ ملا۔ طلبہ جب بڑھے تو ان کو تکلیف ہونے لگی ناچار خیال کیا گیا کہ جب تک کوئی فراخ مکان نہ ملے اس وقت تک مدرسہ و مطبع بخشی محلہ ہی میں رہے اب موافق مثل جوئندہ یابندہ کے مکان وسیع کا انتظام ہو گیا ہے لہٰذا یکم رمضان مبارک ۱۳۲۵ھ سے ان شاء اللہ تعالیٰ دوامی طور پر مدرسہ و مطبع محلہ لودی کٹرہ میں جائے گا۔ بخیال احتیاط ابھی سے آپ حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جملہ خط و کتابت وارسال زر و مضامین خواہ متعلق مدرسہ ہو یا پرچۂ تحفہ حنفیہ بنام نامی جناب مہتمم مدرسہ و ناظم تحفہ اس پتے سے ہونا چاہئے۔

پٹنہ محلہ لودی کٹرہ بخدمت جناب مولوی قاضی عبد الوحید صاحب۔

[جمادی الاخری، ۱۳۲۵ھ ص ۳۸]

اور لکھتے ہیں:

''حضرات ناظرین والا تمکین کو خیال ہو گا کہ اس کے ماقبل والے پرچے میں عرض کر چکا ہوں کہ مدرسۂ اہل سنت و مطبع حنفیہ جو عارضی طور سے بخشی محلہ میں تھا وہ دوامی طور پر محلہ لودی کٹرہ میں منتقل ہو جائے گا۔ چنانچہ مدرسہ تو محلہ مذکورہ میں گیا دو ایک روز میں مطبع بھی جانے والا ہے جملہ خط و کتابت وارسال زر و مضامین بنام جناب قاضی عبد الوحید صاحب محلہ لودی کٹرہ کے پتے سے ہونا چاہئے۔ اس مضمون کو ملاحظہ فرمانے کے بعد بھی جو صاحب محلہ لودی کٹرہ کے پتے سے خط و کتابت وغیرہ نہ کریں گے جواب نہ پہنچنے کی شکایت مسموع نہ ہو گی۔ اور دفتر تحفہ ہر قسم کے الزام و شکایت سے پاک و بری رہے گا۔

[رجب المرجب، ۱۳۲۵ھ صفحہ اخیرہ]

نگارشات

قاضی صاحب نے بہت سے قیمتی رسائل ومضامین تحریر فرمائے۔خاص کر تحفہ حنفیہ کے لیے بہت سے اداریے اور مضامین تحریر فرمائے۔آپ کی نگارشات کو کتاب ہٰذا میں شامل کرنا کتاب کی طوالت کا سبب ہے نیز وہ ایک الگ اہم کام ہے اس لیے ہم بس مضامین کے عناوین اوراس کی قدرے وضاحت نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں ۔البتہ منظومات کا مکمل حصہ ہم شامل رسالہ کررہے ہیں تاکہ قارئین قاضی صاحب کی سخنوری سے محظوظ ہوسکیں۔

ہم قاضی صاحب کی تحریروں کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

(۱)اداریے اوررسالہ تحفہ حنفیہ سے متعلق معروضات وگزارشات:

(۲)مختلف مضامین

(۳)منظومات

(۴)فتاوی ورسائل پر تقریظات وتصدیقات

(۱) اداریے اور رسالہ تحفہ حنفیہ سے متعلق معروضات وگزارشات

ہر آبروئے کہ اندوختم زدانش ودین

پہلے شمارہ میں آپ نے یہ اداریہ تحریر فرمایا۔ اس اداریہ میں آپ نے رسالہ کے تعلق سے اپنی سعی جمیل کا ذکر کیا وہیں آپ نے مضمون نگار حضرات اور تحفۂ حنفیہ کے معاونین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اور ساتھ ہی حضور استاذ زمن علامہ حسن رضا خاں بریلوی، حضور حجۃ الاسلام علامہ حامد رضا خاں بریلوی اور دیگر مشاہیر علما سے تحفہ حنفیہ کی طرف توجہ مبذول کرنے کی درخواست بھی پیش فرمائی۔ علاوہ ازیں اس مقدس رسالہ کو حضور تاج الفحول علامہ عبد القادر بدایونی، حضور اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی اور چند اہم نامور مشاہیر علما ومشائخ کے نام اس کتاب کو معنون فرمایا۔

[جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ ص ۱ تا ٦]

قیاس کن زگلستان او بہارش را

یہ اداریہ ہے۔ اس میں قاضی صاحب نے رسالہ کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے مشاہیر کے مثبت تاثرات کا ذکر کیا ہے اور انہیں نقل فرمایا ہے۔

[جمادی الاخریٰ، ۱۳۱۵ھ ص ۱ تا ۲]

ہواخواہان وخریداران تحفہ سے ضروری باتیں

رسالہ کی تاخیر اشاعت کے سلسلے میں رسالہ کے خریداروں سے معذرت پیش کی گئی ہے۔ [مرجع سابق، ص ۳]

گر قبول افتد زہے عز و شرف

موجودہ حکومت کا ذکر اور رکن سلطنت ملکہ وکٹوریہ تک رسالہ پہنچانے کی بات کی گئی ہے۔[مرجع سابق، ص۲۱]

قاصد رسید ساخت معطر مشام ما

مولانا حکیم عبد القیوم بدایونی کے مضمون بعنوان ''الحق یعلوا ولا یعلی'' کے وصول پر اظہار مسرت اور حضرت مضمون نگار کو ہدیہ تشکر پیش کیا گیا ہے۔

[مرجع سابق، ص۲۱]

کرم فرماؤں سے التماس

مضمون نگار حضرات سے مضامین کا مطالبہ کیا گیا ہے اور چند وصول یافتہ مضامین کی آئندہ اشاعت کا ذکر کیا گیا ہے۔[مرجع سابق، ص۳۹]

ہم بھی دیکھیں کہ نکلتا ہے یہ تحفہ کیا؟

رسالہ کا اولین اور اصل مقصد ندوہ مطرودہ کا قلع قمع کرنا تھا۔ اسی لیے اس میں اکثر مضامین ندوہ اور اہل ندوہ سے متعلق ہوتے۔ جس سے اہل ندوہ کو تکلیف ہونا یقینی تھا وہ معقول رد کرتے یا علمی جواب دیتے اس کی اہلیت تو تھی نہیں البتہ رسالہ کے خلاف جابا بجا زہر افشانی کرتے اسی بحث کی تفصیل بیان کی ہے اس میں قاضی صاحب نے۔

[رجب ۱۳۱۵ھ ص ۱ تا ۳]

اعلان ہوا خواہان و خریداران تحفہ سے مطلب کی دو دو باتیں

رسالہ میں درج مضامین میں اغلاط لفظی و معنوی کے حوالے سے تبصرہ اور نشاندہی۔[مرجع سابق، ص۴]

اعتذار واجب الاظہار

پہلے پرچہ کی ناتمام تحریروں کی تاخیر اشاعت پر معذرت خواہی اور شش ماہی اور سالانہ زر رسالہ نہ ادا کرنے والوں سے ادا کرنے کی اپیل۔[شعبان ورمضان ۱۳۱۵ھ ص ۱]

خدا کے لئے اس طرف دیکھئے

رسالہ میں درج مضامین کی تحسین،اور مضمون نگار حضرات کا ادئے شکریہ۔علاوہ ازیں آئندہ ماہ یعنی شوال ۱۳۱۵ھ سے مولانا حکیم یوسف حسن حنفی عظیم آبادی،کے مدیر ہونے کی اطلاع دی گئی۔

[مرجع سابق،ص ۶۴]

اعلان

رسالہ کے حوالے سے ضروری گزارشات پر مشتمل۔

[ربیع الاول والآخر ۱۳۱۶ھ ص ۴۶]

التماس معذرت اساس

خریداران رسالہ سے زرسالانہ نہ ادا کرنے کی شکایات اورازجلد ادا کرنے اور مزید تعاون کرنے کی درخواست پیش کی گئی ہے۔

[ذی القعدہ،ذی الحجہ ۱۳۱۸ھ ص ۱۲،۱۱]

اجرائے تحفہ حنفیہ کا مبارک مہینہ اوراس کے اسلامی واقعات:

ماہ جمادی الاولیٰ کی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں ۔نیزاس میں واقع چندواقعات کا اجمالی ذکر کیا گیا ہے۔[جمادی الاولیٰ ۱۳۱۶ھ ص ۷]

مـــژدہ!

محرم ۱۳۱۷ھ سے قاضی صاحب کے رسالہ ''اسلامی تاریخ''کو مختلف قسطوں میں شائع کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اوراس تعلق سے قارئین سے تعاون کی درخواست بھی کی گئی۔ [ذوالقعدہ،۱۳۱۶ھ ص ۴۰]

مـــژدہ!

محرم ۱۳۲۰ھ سے حضرت محدث سورتی علامہ وصی احمد قدس سرہ کی مدرسہ اہل سنت پٹنہ میں تقرری کا ذکر۔ مدرسہ میں امتحان کی تکمیل کا ذکر اور خریداران تحفہ سے ضروری گزارش۔[ذی الحجہ ۱۳۱۹ھ]

قدردان تحفـــہ حنفیـــہ سے مشورہ

رسالہ میں اخبار بھی ضمہ ہو اس تعلق سے چند لوگوں نے مشورہ دیا قاضی صاحب نے رسالہ کے ذریعہ قارئین رسالہ سے اس بابت مشورہ لیا کہ ایسا کرنا کیسا ہو گا کہ اس رسالہ میں بعض صفحات اخبار کے شامل کر لیے جائیں۔

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۵ھ ص ۴۳]

(۲) مختلـــف مضـــامـــین

مجلس عـالی حمـایـت سنـت محـمـدی ۱۳۱۵ھ

۱۳۱۵ھ میں ندوہ کے مقابلے میں عظیم آباد پٹنہ میں علمائے کرام کی ایک مجلس بنام تاریخی ''مجلس عالی حمایت سنت محمدی''(۱۳۱۵ھ)وجود میں آئی۔ جس کا پہلا اجلاس ۲۵ر محرم ۱۳۱۵ھ کو ہوا۔ جس میں مولانا حکیم محمد یوسف حسن حنفی صدر و مہتمم اور قاضی

عبدالوحید حنفی فردوسی نائب صدر و مہتمم قرار دئے گئے۔ قاضی صاحب نے اس مجلس کی تشکیل کے اسباب و مقاصد اور پہلے اجلاس کی تفصیلی رواد چار صفحات پر تحریر فرمائی۔ ہم یہاں اسے من وعن نقل کرتے ہیں تاکہ قارئین بھی تفصیل سے آگاہ ہو سکیں۔

مجلس عالی حمایت سنت محمدی

یوں تو ہندوستان میں صدہا انجمنیں و بے شمار کانفرنسیں اور متعدد کمیٹیاں منعقد ہوتی رہتی ہیں ۔مگر کوئی ایسی مجلس جو تائید اسلام واشاعت مذہب اہل سنت وتردید کفار لئام وازالت بدعت عمل میں لاتی ہو بادی النظر میں منعقد ہوتی نہیں دکھلائی دیتی۔ مجلس ندوۃ العلما کانپور نے زمانہ کے بعد اس امر کی امید دلائی تھی اور اسی بنا پر علمائے اہل سنت اس کے شریک ومعاون ہو کر ان امور کے اجرا میں سعی بلیغ کرنے لگے تھے۔ مگر افسوس کہ اس نے بھی سبز باغ دکھلا کر اپنے مادر مشفقہ کانفرنس سید احمد خانی پیر نیچر کولی کی پوری پوری متابعت اختیار کر لی۔ فضلائے اہل سنت بالحاح مانع آئے کہ کفار ومبتدعین منافقین مثل نیاچرہ وغیر مقلدین وہابیہ وروافض وتفضیلیہ کو ہر گز رکن مجلس نہ بناؤ ورنہ مذہب اہل سنت کے سخت نقصان کو کون پوچھے۔ کہیں اسلام ہی کی خیر نہ منانے پڑے۔ اور یہی ہوا کہ شبلی علی گڑھی نیچری وابراہیم آری نجدی نے سادہ لوحوں کو فریب دے کر اپنے تیئں سنی مشہور کر رکھا۔ پھر کیا تھا جلسہ میں دونوں کی خوب آؤ بھگت ہوئی۔ رکن مجلس بنائے گئے۔ وعظ میں موقع پا کر خوب کھل کھیلے۔ اچھی طرح اپنے اپنے دلوں کا بخار نکالا۔ قید مذہب اہل سنت بلکہ نفس اسلام کو مہمل کیا اور پیشوایان دین متین کی نہایت اہانت کی۔ اور صدر وناظم ودیگر اراکین ندوہ اس پر خوش ہوتے رہے بلکہ شکریہ ادا کیا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

دین دار علمائے اہل سنت اس امر کے مشاہدہ کے ساتھ ہی جدا ہوگئے۔ پھر بھی برسوں بکرات ومرات صدر وناظم کو سمجھاتے رہے کہ اب بھی باز آؤ۔ نیا چرہ وروافض ووہابیہ ناہنجار کو نکالو اور جلسہ کو مخصوص باہل سنت کرو۔ مگر جب اصلاح کی امید منقطع ہوئی اس شیوع کفر وبدعت کے انسداد کی فکر کی اور بحمد اللہ علمائے اہل سنت بریلی بہ زیر صدارت حضرت مولانا مولوی حافظ حاجی سید شاہ عبد الصمد صاحب سہسوانی حنفی نظامی دام مجد ہم السامی منعقد ہوئی۔ اور ابھی تک بفضلہ وکرمہٖ تعالیٰ تائید امور سنت وقلع وقمع کفر وشرک وبدعت میں ہمہ تن سرگرم ومستعد ہے۔ ناگاہ یہ کالی بلائے ندوہ مطرودہ وجلسۂ مردودہ اس شہر عظیم آباد میں بھی وبائے طاعون کی طرح نازل ہوئی۔ اول وہلہ میں تو صدہا اس کے شکار ہوئے۔ بعض جاں بلب ہیں۔

ہزارہا ابھی تک اسی مرض میں مبتلا ہیں اور ازمان مرض کی سبب ان کے جان کا اندیشہ ہے۔ خدا انہیں کامل صحت دے۔ حکمائے زمانہ وعقلائے یگانہ یعنی علمائے عظام ومشائخ کرام اہل سنت نے فرداً فرداً اپنی جانب سے کوئی دقیقہ اس طاعون کے مٹانے میں اٹھا نہ رکھا۔ مگر بحمد اللہ کہ ان کی سعی مشکور وبہزار وقت یہ بلائے بے درمان پٹنہ ۔ پھلواری بہار وصاحب گنج سے دور ہوئی۔ بہت سے مریض نے صحت کاملہ پائی۔ ہاں تھوڑے ضدی مریضوں کی زیادتیاں جب حد کو پہنچیں ۔ فرادی کوشش ان کے لیے کافی نہ ہوئی۔ اور مجموعی کوشش کا اثر ڈالنا ان پر ضرور ہوا تو حسبۃً للہ اطبائے شریعت وحکمائے دین وملت نے اس علت سراپا کفر وبدعت کے استیصال کی فکر کی اور ”مجلس عالی حمایت سنت محمدی“ نامی حنفی دار الشفا قائم کرنے کا ارادہ کیا۔

اللہ تعالیٰ کو بھی یہ پسند آیا کہ ۲۵/ماہ محرم ۱۳۱۵ھ کو بمکان باغ امیر کبیر جلیل القدر جناب سید شاہ محمد کمال صاحب حنفی قادری فضل رحمانی سلمہ اللہ الواہب کے اس

کا پہلا جلسہ منعقد ہوا۔ حامی شرع مبین جناب مولانا مولوی حافظ فتح الدین صاحب دام مجدہ پیش امام مسجد و مدرس ناصر دین احمدی جناب مولانا مولوی امیر علی صاحب حنفی قادری مدرس اعلیٰ نار بل اسکول پٹنہ، رئیس الحکما فخر الشعرا مروج سنن مولانا مولوی حکیم محمد یوسف حسن صاحب حنفی قادری دام مجدہم صدر و نائب صدر و مہتمم مجلس تجویز پائے۔ اور یہ خادم اہل سنت عبد الوحید غلام صدیق حنفی الفردوسی نائب مہتمم مجلس بنایا گیا۔ صدر الصدور مجلس و اراکین اعزازی و انتظامیہ جلسہ کی فہرست دستور العمل مجلس (جو زیر طبع ہے)۔۔۔ تحفہ کے دوسرے پرچہ سے معلوم کیجئے گا۔ انصرام امور ضروریہ جلسہ کے بعد حضرت صدر نشین مجلس عم فیضہ نے نہایت خوش الحانی کے ساتھ قرآن شریف کی چند آئتیں تلاوت فرما کر حاضرین جلسہ کو ان کے معانی نور آگیں و مطالب خوش آئین سمجھائے۔ اور احکام اوامر و نواہی سنائے۔ جزاہ اللہ خیر الجزاء۔

حضرت نور العارفین وقطب الکاملین جناب مولانا سید شاہ محمد اکبر صاحب ابو العلائی داناپوری مدظلہ رکن اعزازی مجلس کی تحریک اور رئیس مقتدر عاشق سنت سید الانس والجان جناب میر امیر جان صاحب دام مجدہ کی تائید سے انعقاد مجلس جیسے اہم تجویز کے اجرا کی عملی کوشش شروع ہوئی۔ ہوا خواہان مجلس عالی بہی خواہان مذہب حنفی نے دامے، درمے، قدمے، سخنے، غرض جس طرح پر ممکن ہوا اعانت مذہب اہل سنت کا وعدہ فرمایا۔ بعض عالی ہمت حضرات بقدر ہمت واستطاعت جلسہ کے ماہانہ انعقاد کے لیے کچھ ماہانہ کچھ امدادی طور پر اسی وقت مبالغ خطیرہ مرحمت فرمانے لگے۔ مگر حضرت صدر صاحب کے خوش بیانیوں نے حاضرین جلسہ کو ایسا محو و بے خود کر رکھا تھا کہ وصولی زر امدادی و عطیہ ماہانہ کا کسے خیال تھا۔ لہٰذا دوسرے وقت پر یہ بات اٹھا رکھی گئی۔

ناظرین رسالہ ہٰذا سے التماس ہے کہ جن صاحبوں کو شرکت واعانت مجلس

منظور ہو وہ دستورالعمل مجلس اس خادم سے طلب فرمائیں ۔جو حضرات اراکین انتظامیہ یاوکلائے مجلس بنناچاہیں وہ بھی اطلاع دیں ۔کہ بمشکوری تمام اسمااسمائے گرامی درج دفترہوں۔وماعلینا الاالبلاغ۔''

[جمادی الاولیٰ۱۳۱۵ھ ص۹تا۱۲]

اسلام واہل اسلام کے متعلق اچھی خبریں

بریلی سے مولانامولوی حکیم مومن سجاد صاحب خبر دیتے ہیں کہ حضرت عالم اہل سنت ناظم دین وملت مولاناومخدومنامولوی حافظ حاجی محمد احمد رضاخاں صاحب سنی حنفی قادری بریلوی قبلہ مدظلہ العالی کے دست حق پرست پر ایک ہندومشرف باسلام ہوا۔خدااسے اسلام پر قائم رکھے اوردیگر کفار کوشرک وکفرسے تائب ہونے کی ہدایت فرمائے۔آمین الٰہی آمین۔

جناب ممدوح یہ بھی ارقام فرماتے ہیں کہ ندوہ مخذولہ کی جماعت بحمداللہ تعالیٰ روزبروزشکستہ اورابتر ہوتی جاتی ہے۔کلکتہ کے علمانے اس جلسۂ مطرودہ کے نیچریت پر مضمون دیا۔صوبہ بہار سے خط آیاکہ کتب مرسلہ پہنچیں یہاں کے سب مسلمان بفضلہ تعالیٰ ندوہ سے بیزارہوگئے۔منشی قمرالدین صاحب رکن ندوہ نے ناظم صاحب کوخط لکھاکچھ اعتراضات علمائے اہل سنت بیان کیے کہ ان کے کیاجواب ہیں ۔ایک مہینہ ہواجواب نہ ملا۔وہ بھی مخالف ندوہ ہوگئے۔فالحمدللہ علیٰ ذلک۔

اسی ربیع الاول شریف میں مولاناشاہ فضل الرحمن رحمہ اللہ تعالیٰ کاگنج مرادآبادمیں عرس تھاان کے مرید ڈپٹی حسام الدین صاحب ڈپٹی کلکٹر سلطان پورر کن وسخت حامی ندوہ کے سامنے کچھ تذکرہ آیاآخراس پر محمول رہاکہ شاہ صاحب مرحوم کی اس

بارے میں کیارائے تھی شہادات عالیہ گزریں کہ وہ ندوہ سے سخت بیزار تھے۔ڈپٹی صاحب نے فرمایا کہ اس وقت سے میں مع چار سو آدمیوں کے جنہیں میں نے ہی داخل ندوہ کیا تھا مخالف ندوہ ہو گیا۔انتہیٰ۔

خاص حیدرآباد کا واقعہ خود ناظم ندوہ کا چھاپا ہوا رسالہ تحفہ محمدیہ میں ناظرین! تحفہ محمدیہ کے نظروں سے گزرا ہی ہو گا؟ جس میں وہ آٹھ آٹھ آنسو رونے کی جگہ بتاتے ہیں کہ حیدرآباد جیسے شہر عظیم الشان میں باوصف بار بار اشتہار دینے اعلانات کرنے کے (باآنکہ خود صدر ندوہ اس کے جج اور دوسرے حامی ندوہ جج الجوج ہیں) علما تو علما وکلا سے بھی کوئی نہ آیا۔ صرف ڈیڑھ سو آدمی بدقت جوڑ پائے۔اور کل ۹۶/روپے چندہ میں آئے۔بعون اللہ تعالیٰ وتوفیقہٖ یہ فتوحات اسلامی نمایاں ہوئے جو معرض بیان میں آئے۔ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے بڑھ کر اور آگے معائنہ فرمایئے گا۔منتظم تحفہ۔

[مرجع سابق، ص۱۴،۱۳]

مسائل ضروریہ فقہیہ وفضائل شہود وایام، وغیرہ

اس مضمون میں علم سے متعلق ضروری مسائل اور ماہ جمادی الاولیٰ کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔[مرجع سابق، ص۱۷تا۱۹]

پٹنہ میں مشنری لیڈیوں کی کثرت

اپنے حسن کے جال میں پھانس کر لوگوں کو مذہب سے منحرف کرنے والی عورتوں کے حوالے سے چند سطور پر مشتمل تحریر ہے۔[مرجع سابق/ص۲۶]

تردید عقائد فاسدہ مبتدعین

ندوہ، ارباب ندوہ، کے خلاف مذہب ومسلک عقائد ونظریات کا بیان، حدیث

افتراق امت کی روشنی میں فرقہائے باطلہ کی تردید وغیرہ پر مشتمل تفصیلی مضمون۔

[مرجع سابق، ص۲۷تا۳۱]

تحقیق مسائل وآرائے علمائے اہل سنت

فرقہ تفضیلیہ سے متعلق مولانا محمد عظیم مدرس مدرسہ مغلپورہ پٹنہ، کا دو صفحات پر مشتمل فتوی کو نقل کیا ہے۔ ص ۳۲، ۳۱پر فتوی موجود ہے۔[مرجع سابق، ص۳۱تا۳۲]

اسلامی سلاطین کی مذہبی کوششوں کا مبارک تذکرہ

اس میں سلاطین اسلامیہ کا مبارک تذکرہ ہے۔ڈھائی صفحات پر مشتمل یہ مضمون دو قسطوں میں ہے۔پہلی قسط جمادی الاولیٰ کے صفحہ نمبر ۴۰، ۳۹، پر اور ماںقی مضمون شوال ۱۳۱۵ھ کے صفحہ ۳۲، پر ہے۔

فضائل شہر جمادی الاٰخر ورجب المرجب

جمادی الاخریٰ اور رجب شریف کے دونوں مقدس مہینوں کی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں۔[رجب ۱۳۱۵ھ ص۵]

اگر ترا گزرے بر مقام ماافتد

حضرت سید شاہ محمد اکبر ابو العلائی داناپوری کی خیریت کا ذکر اور تحفہ کے لیے ان کی ایک غزل کا ذکر و نقل۔[مرجع سابق، ص۶]

عقائد اہل سنت

انبیائے کرام اور اصحاب کرام کے حوالے سے چند اہم عقائد کا ذکر۔

[مرجع سابق، ص۱۶، ۱۵]

حاشیہ ردتزویر ندوۃ العلماء

ندوہ کے حوالے سے مولانا محمد فصیح صاحب کے پانچ صفحات پر مشتمل مضمون پر قاضی صاحب کا تین صفحات کا حاشیہ جو بہت ہی معلوماتی ہے۔

[محرم ۱۳۱۶ھ، ص ۳۷ تا ۳۹]

ماہ محرم اور حضرت امام حسین کے حوالے سے گزارش

یہ ایک صفحہ کا مضمون ہے جس میں اختصار کے ساتھ ماہ محرم کے حوالے سے گزارش اور حضرت امام حسین کی عظمت ورفعت کا ذکر اوران کی بارگاہ میں اس ماہ محرم میں کس انداز میں خراج پیش کریں اس کی قدرے تفصیل۔[محرم ۱۳۱۶ھ، ص ۴۴]

تمہید سدید بتفہیم ندوہ بلید

۱۳۱۲ھ میں ندوہ اورارباب ندوہ کی بخیہ دری کے حوالے سے حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے ایک بہت ہی عمدہ لاجواب، معرکۃ الآرا رسالہ بنام تاریخی ''سل السیوف الھندیہ علی کفریات بابا النجدیۃ'' تحریر فرمایا۔ماہنامہ تحفہ حنفیہ کے شمارہ بابت صفر ۱۳۱۶ھ میں مطبع تحفہ حنفیہ پٹنہ کے اہتمام سے طبع ہو کر شائع ہوا۔ قاضی صاحب نے اس رسالہ سے پہلے پانچ صفحات پر مشتمل زبردست تمہید لکھی ہے جس میں رسالہ کا تعارف اورارباب ندوہ کے خلاف مزید سرگرمیوں اور کارروائیوں کی تفصیل بیان کی ہے۔

[ضمیمہ تحفہ حنفیہ، صفر ۱۳۱۶ھ ص ۱ تا ۵]

فضائل صفر، ربیع الاول وربیع الآخر

صفر ربیع الاول اورربیع الآخر تینوں مہینوں کی اختصار کے ساتھ فضیلت بیان کی گئی ہے۔[ربیع الاول والآخر ۱۳۱۶ھ ص ۴۷]

اسلام اوراہل اسلام سے متعلق اچھی خبریں

اس میں قاضی صاحب نے جر ہو وہ حاجی پور کے ایک مدرسہ کا معائنہ پیش کیا ہے اس مدرسہ کے مہتمم مولاناسید شاہ محمد حسین حنفی تھے۔[ربیع الاول والآخر ۱۳۱۶ھ ص ۸۳]

مسائل ضروریہ فقہیہ

فقہ وفقہا کے حوالے سے فضائل ومسائل درج ہیں۔[مرجع سابق،۱۳۱۶ھ ص ۸۴]

تاریخ اسلام ملقب بتاریخ "ہدیہ احمد مختار" ۱۳۱۸ھ

اسلامی تاریخ کے حوالے سے قاضی صاحب کے رسالہ کی قسط واراشاعت کاذکر کیاگیا تھا مگر چندوجوہات مانع ہوئے کہ رسالہ کی اشاعت میں تاخیر ہوئی۔اور پھر ربیع الاول ۱۳۱۸ھ سے رسالہ کی اشاعت ہوئی۔البتہ بس رسالہ کے ابتدائی بارہ صفحات پر ہی رسالہ شائع ہوااور مابقی رسالہ اگلے شماروں میں دستیاب نہیں ہوا۔

منکر ضروریات الدین لیس بمسلم بالیقین

اہل قبلہ کی تکفیر کے سلسلے میں پیدا شدہ شکوک وشبہات کے جواب پر مشتمل نیز ضروریات دین کے منکرین کے کافر ہونے پر قرآن وحدیث اقوال سلف کی روشنی میں قاضی صاحبنے یہ رسالہ تصنیف فرمایا۔باقی آئندہ کی قید سے پتہ چلتاہے کہ رسالہ مکمل شامل رسالہ نہیں ہواہے۔[شعبان،۱۳۲۱ھ ص ۳۷تا۴۴]

مدرسہ اہل سنت وجماعت واقع بخشی محلہ پٹنہ

قاضی صاحب کے والد صاحب نے محلہ بخشی میں اپنابہت بڑاموروثی مکان مدرسے کے لیے وقف کیاتھا۔ربیع الاول شریف ۱۳۱۸ھ میں قاضی صاحب کے اہتمام سے مدرسہ کاافتتاح ہوا۔اور۱۳۱۹ھ سے مدرسہ کا تعلیمی سفر شروع ہوا۔قاضی صاحب

نے مدرسہ کے دوسرے سالانہ جلسہ کے بعد طلبا کے امتحان ومدرسہ کی تعلمی روداد نیز مدرسہ کے سالانہ جلسے کی تفصیلی رپورٹ ترتیب دی اور تحفہ حنفیہ میں شائع فرمائی۔ جو کہ ۶۰/ صفحات پر مشتمل ہے۔ روداد کے دو تاریخی نام قاضی صاحب نے رکھے۔ ایک باعتبار انعقاد جلسہ ''نتیجۂ امتحان طلاب مدرسہ (۱۳۱۹ھ)'' دوسرا باعتبار طبع روداد۔ ''رویداد مجلس امتحان مدرسہ حنفیہ (۱۳۲۰ھ)'' ہم اسی روداد کے حوالے سے چند اہم باتیں پیش کئے دیتے ہیں۔ ۲۴، ۲۳، ۲۲/ ذیقعدہ ۱۳۱۹ھ بروز، منگل، بدھ، جمعرات مدرسہ کا سالانہ جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ کا دعوت نامہ منظوم پیش کیا گیا۔ علمائے کرام تشریف لائے ان کے قیام وطعام کا معقول بندوبست کیا گیا تھا۔ پورے مدرسہ کو سجایا گیا تھا۔ کپڑے اور کاغذ کے خوبصورت بینر اور پوسٹر تیار کئے گئے تھے۔ جن سے جلسہ کی رونق میں مزید اضافہ ہو رہا تھا۔ انہی میں ایک بینر مدرسہ کی تاریخ بنیاد سے متعلق حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے لکھے ہوئے فارسی اشعار پر بھی مشتمل تھا۔ حضور اعلیٰ حضرت نے مدرسہ کی تاریخ بنیاد پر مشتمل درج ذیل اشعار رقم فرمائے تھے۔ ملاحظہ ہو:

یا طالباً حسن المآب — ابشر فذا انهج الصواب

عبد الوحید بنیٰ هنا — بیتاً للدرس مستطاب

بالزبرتدعوا البینات — جئ عنده علم الکتب

۱۳۱۹ھ

تینوں تاریخوں میں طلبا کے امتحان بھی ہوتے رہے۔ ممتحن حضرات میں محدث سورتی جیسے علما شامل تھے۔ اس روداد میں قاضی صاحب نے بچوں کے رزلٹ بھی پیش فرما ئے۔ مغرب بعد سے رات دس بجے تک جلسہ ہوتا تھا۔ جس میں ہندوستان کے مشاہیر علما وخطبا کے خطابات ہوتے۔ جلسہ میں علامہ سید محمد سلیمان اشرف صاحب جیسے

نامور خطیب شریک تھے۔ جلسہ میں جناب شاہ محمد حسین صاحب رمز حاجی پوری کا مسدس کلام جس میں مدرسہ اراکین مدرسہ نیز مشاہیر علما کی قصیدہ خوانی کی گئی تھی، علامہ سید سلیمان اشرف صاحب نے پڑھ کر سنایا۔ ہم پورے کلام سے بس قاضی صاحب کے حوالے سے بند نقل کئے دیتے ہیں۔

یہ مدرسہ ہے کون بنا ہے جو بے نظیر　　تعمیر میں بھی جس کے ہے صرف زر کثیر
کس نے کیا ہے خرچ بتاتا ہے یہ فقیر　　اس شہر کے نہیں ہیں وہ حاشا کوئی امیر
معمولی سی کچھ آمدنی معاش ہے
نام ان کا ہے وحید یہیں بود و باش ہے

کمسن ہیں نوجواں ہیں ہمایوں خصال ہیں　　دن رات شمع دین کے محو جمال ہیں
سچ تو یہ ہے کہ اختر برج کمال ہیں　　اور آسمان علم و ادب کے ہلال ہیں
حافظ ہیں مولوی ہیں مدد گار دیں کے ہیں
ہاں جاں نثار حسن جہاں آفریں کے ہیں

اس کم بضاعتی پہ یہ ہمت خدا نے دی　　تھوڑی سی عمر میں یہ سعادت خدا نے دی
مذہب میں سعی کرنے کی عزت خدا نے دی　　اسلام کی ترقی کی رغبت خدا نے دی
کوہ گراں کو جان کے سر پر اٹھا لیا
حاجت تھی جس کی قوم کو اس کو بنا دیا

صدر المدرسین کی بابت تذکرہ ہوا تو کئی نام تجویز ہوئے آخر کو حضور محدث سورتی عہدہ صدارت تدریسی پر فائز ہوئے۔ نصاب تعلیم، نظام مدرسہ اور اوقات مدرسہ سے متعلق تفصیل پیش کی گئی۔ اور مدرسہ کے سالانہ جمع خرچ کی تفصیل بیان کی گئی۔

[ماخوذ رسالہ، مشمولہ تحفہ حنفیہ، شعبان ۱۳۲۰ھ]

مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کا ششماہی خرچ اورآمد کی تفصیل

رجب سے ذی الحجہ ۱۳۲۰ھ تک کی آمد وخرچ کی تفصیل نیز مدرسہ کے دیگر حالات اس میں بیان کیے گئے ہیں۔[محرم ۱۳۲۱ھ ص ۴۳تا۴۸]

مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کے سالانہ خرچ اورآمد کی تفصیل

اس میں مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کے، محرم سے ذی الحجہ ۱۳۲۱ھ تک مدرسہ کے جمع وخرچ کی تفصیل ہے۔[محرم ۱۳۲۲ھ ص۳۸تا۴۲]

جمع خرچ مدرسہ اہل سنت، ۱۳۲۲ھ

مدرسہ اہل سنت وجماعت لودی کٹرہ پٹنہ میں جمع خرچ کی تفصیل وغیرہ بیان کی گئی ہے۔[محرم ۱۳۲۳ھ ص۴۷تا۵۳]

روداد مدرسہ اہل سنت پٹنہ

مدرسہ اہل سنت، کے تعلیمی نظام، اور مدرسہ میں مدرسین وطلبا کی آمد ورفت اور مدرسہ کے اخراجات اورآمدنی کی تفصیلی روداد پیش کی گئی ہے۔

[جمادی الاولیٰ ۱۳۲۳ھ ص ۴۱تا۴۸]

گزارش، مدرسہ اوررسالہ سے متعلق

رسالہ کی تاخیر اشاعت اور مدرسہ کے امتحان کے حوالے سے ایک صفحہ۔

[جمادی الاخریٰ ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

اعلان متعلق امتحان وجلسہ

مدرسہ اہل سنت وجماعت پٹنہ کے جلسۂ امتحان کی تاریخوں کا اعلان وغیرہ۔

[رجب ۱۳۲۳ھ صفحہ اخیرہ]

مدرسہ اہل سنت کے سالانہ جلسہ کا التوا اور اس کا سبب، اور طلبائے مدرسہ کے امتحان کی تفصیل

کئی ماہ سے مدرسہ اہل سنت کے سالانہ جلسہ کی تیاری تھی لیکن جلسہ حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی آمد پر موقوف تھا۔ وہابیہ دیابنہ نے اعلیٰ حضرت پر جھوٹے مقدمے دائر کئے جس کے سبب جلسہ ملتوی کر دیا گیا۔ قاضی صاحب نے التوائے جلسہ کے اسباب، حضور اعلیٰ حضرت کے مقدمہ اور وہابیہ کی شکست کی تفصیل اور طلبائے مدرسہ کے امتحان کے رزلٹ وغیرہ پر مشتمل چند صفحات لکھے ہیں۔" [شعبان، ۱۳۲۳ھ ص ۱۴ تا ۴۸]

روداد مدرسہ اہل سنت پٹنہ، آمد وخرچ وغیرہ، تفصیل

جمادی الاخریٰ سے ذوالحجہ ۱۳۲۳ھ تک کے اخراجات وآمدنی اور نصاب تعلیم وغیرہ کی تفصیل [محرم ۱۳۲۴ھ ص ۱۷ تا ۴۶]

تلاوت قرآن سے متعلق چند مسائل پر مشتمل فتوی، پر تفصیلی تصدیق

قرآن شریف کے بے ترتیب تلاوت کرنے نیز اسی حوالے سے چند اور ضروری سوالات کے جوابات پر مشتمل فتوی جسے مولانا ضیاء الدین صاحب نے لکھا اس پر قاضی صاحب نے بطور تصدیق چار صفحات تحریر فرمائے۔

[۸ ذوالحجہ ۱۳۲۵ھ ص ۱۹ تا ۲۲]

(۳) منظومات

حمد باری تعالیٰ

حمد باری تعالیٰ پر مشتمل چھ فارسی اشعار جو غالباً آپ ہی کے ہیں کیوں کہ اس کے آخر میں منتظم تحفہ لکھا ہوا ہے۔ ہم یہاں وہ اشعار نقل کر دیتے ہیں۔

حمد و شکر و ثنا فزون ز عدد — می رسانم ببارگاہ صمد

صدق دل می بردد ریں کویم — ورنہ حمد تو کے سزد گویم

اے کریم و قدیر و فرد واحد — ذات تو لم یلد و لم یولد

کفوک لیس لم یکن احدا — ربی اللہ وحدہ صمدا

ورد من لا الٰہ الا اللہ — وحدہ لا شریک لہ باللہ

ربنا اغفر لنا لابوینا — ولاولادنا واخوینا

[تحفۂ حنفیہ: رجب ۱۳۱۵ھ ص ۲۴]

قصیدہ سلامیہ در شان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

السلام بے بادشاہ یثربی — السلام اے پیشوائے ابطحی

السلام اے نخل بستان ارم — السلام اے گوہر کان کرم

السلام اے در درج اصطفا — السلام اے مہر برج اقتدا

السلام اے سرور یحیٰ العظام — السلام اے شافع یوم القیام

السلام اے صاحب شق القمر — السلام اے شاہ مازاغ البصر

السلام اے چشمۂ خلق حسن — السلام اے مظہر فخر زمن

السلام اے تاج جمع انبیا　　السلام اے شمع بزم اصفیا
السلام اے مہبط روح الامین　　السلام اے آفتاب چرخ دین
السلام اے مشرق مہر شرف　　السلام اے در معنی را صدف
السلام اے غرہ ماہ فلک　　السلام اے شہپر بال ملک
السلام اے جان جاناں السلام　　السلام اے شاہ شاہاں السلام
السلام اے ابر رحمت السلام　　السلام اے گنج حکمت السلام
السلام اے خضر راہ گمرہاں　　السلام کے مرہم ریش نہاں
السلام اے ماہر اسرار حق　　السلام اے منبع انوار حق
السلام کے خاتم خیر الامم　　السلام اے قبلۂ فضل وکرم
السلام اے سرگروہ مرسلین　　السلام اے مقتدائے مقبلین
السلام اے احمد صدر الوریٰ　　السلام اے بادشاہ دوسرا
السلام اے جان عالم السلام　　السلام اے فخر آدم السلام
السلام اے غنچۂ باغ جہاں　　السلام اے رونق بستان جاں
السلام اے سید خیر البشر　　السلام اے خسرو نیکو سیر
السلام اے نقد گنج کاف ونون　　السلام اے ماہر راز درون
السلام اے ماحی کفر وظلم　　السلام اے حاجب بیت الحرم
السلام اے مطلع دیوان کن　　السلام اے کشور علم لدن
السلام اے خوان تو معطی کُل　　السلام اے نور تو شمع سبل
السلام اے چرخ در فرمان تو　　السلام اے لی مع اللہ شان تو
السلام اے ثمرہ نخل وجود　　السلام اے شاہد بزم شہود

السلام اے قابل حمد و ثنا — السلام اے کوکب چرخ دنیٰ

السلام اے نور گنجور قدم — السلام اے زینت لوح و قلم

السلام اے ہادی کون و مکاں — السلام اے عقل بخش انس و جاں

السلام کے مہر تابان السلام — السلام اے مہر رخشان السلام

السلام اے باعث ایجاد کل — السلام اے فیض بخش خار و گل

السلام اے سرور بدر الدجیٰ — السلام اے مہتر شمس الضحیٰ

السلام اے در گہت ملجائے ما — السلام اے حضرتت ماوائے ما

السلام اے لعل تو شکر فشاں — السلام اے قد تو سرور داں

السلام اے در غمت ہر خاص و عام — السلام اے ذکر تو ہر صبح و شام

تشنہ جان از مہر الطاف توئیم — مشتہی خوان اعطاف توئیم

دارم از ہجر تو اے عالی جناب — دیدہ گریاں سینہ بریاں دل کباب

کاش بودے ہر سر مویم زبان — از فراقت گفتمے صد داستان

سینۂ ویران من آباد کن — جان بے معنی ز وصلت شاد کن

تا بکے داری مرا در بند غم — تا بکے باشی جدا اے محترم

تا کے از ہجر تو گویم زار زار — دہ مرا از شربت وصلت قرار

گر بیابم خاک نقش پائے تو — سرمہ سازم از سر سودائے تو

عالمے را تیغ شوق تو قتیل — سورہ والشمس بر رویت دلیل

از من خستہ مشو غافل چنیں — ذات تو شد رحمۃ للعالمیں

ذرہ لطف تو مارا بس بود — یک نگاہ شہ گدارا بس بود

سورہ واللیل وصف موئے تو — والضحیٰ آمد مثال روئے تو

ازلب جان بخش خود اے باشرف — دہ بسویم یک نوید لاتخف

ازکرم سوئے گنہگاراں بہ ببیں — ایزدت گفتا شفیع المذنبیں

نعت پاکت اے شہ عالی مقام — ہست بیروں زاختیار خاص وعام

خطبۂ لولاک برنام تو شد — ہردو عالم شمہ جام تو شد

درمیان ماء وطین آدم ہنوز — حسن تو بودہ دلے عالم فروز

وقت میلاد تو اے عالی نژاد — زلزلہ در قصر کسری اوفتاد

بحر ساوہ خشک شد از ہیبتت — نار فارس سرد شد از مقدمت

ازتو سایہ کس ندید اندر جہاں — سنگ شد در دست تو تسبیح خواں

ازوضوئے تو عیاں شد چشمہ سار — چوب خشک از بہر تو نالید زار

بزبہ مشت زہر خود اظہار کرد — نخل تصدیق ترا اقرار کرد

ازید اعجاز تو با شاخ زر — نخل پیدا شد ز سنگ اے خوش سیر

برگزشتی دردمے از نہ (۹) فلک — تابع حکم تو شد جن و ملک

گفتگو شد از تو با ماہ منیر — شد زمانے سیر یک جمع کثیر

سوسمار آمد شہادت گوئے تو — طفل بے جاں زندہ گشت از بوئے تو

ازسر انگشت تو شق گشتہ قمر — گشت روشن از تو چشم بے بصر

گشت زاعجاز تو شیریں آب شور — چشم بدبیناں شد ازا خاک تو کور

سنگ شد چون موم نرم ازپائے تو — طارم عرش بریں شد جائے تو

وقت رفتار تو اے عالی مکاں — نقش افتادے نہ بر ریگ رواں

من چہ سازم شرح اے عالی جناب — ہست اعجاز تو بیروں ازحساب

تا بکے نالد وحیدؔ بے نوا — ازفراقت روز و شب صبح و مسا

از غمت خوں نابہ دل می خورد ہم چو مرغ نیم بسمل مے طپد
رحم کن اے ذوالکرام بر جان او مرہمے نہ بر دل بریان او
بر تو باد از رحمت حق صد ہزار کن قبولم از طفیل چار یار

خادم سنت واہل سنت عبد الوحید غلام صدیق حنفی الفردوسی منتظم تحفۂ حنفیہ)

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ ص ۸،۷ وشوال ۱۳۱۵ھ ص ۲،۱]

در منقبت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت صدیق فخر اصفیا محرم اسرار صدر انبیا
افضل اصحاب مولائے جہاں اکمل احباب شاہ کن فکاں
آیت حق نور ایمان ویقین والہ ٔ شیدائے فخر المرسلین
وقت ہجرت مصطفی را یار شد ہمنشین مجتبیٰ در غار شد
صدق وعدل وحلم وعلم مصطفی یافت از حق آں رئیس اولیا
جان خود را باختہ بہر رسول صرف زر کرد از پئے مہر رسول
حضرت ابراہیم شد حق را خلیل ایں برائے مصطفی آمد خلیل
بعد ذات کبریائے ذوالجلال نیست کس برتر ز احمد ذو لکمال
ہمچناں بعد از رسول مجتبیٰ نیز جملہ انبیاء رہنما
از ہمہ صدیق شد افضل ترین در مدارج از ہمہ اکمل ترین
شان والایش وحید آمد وحید رہنمائے ہر شقی وہر سعید

(منتظم تحفہ)[تحفۂ حنفیہ: شوال ۱۳۱۵ھ ص ۴۰]

قصیدہ سلامیہ در شان شیر خدا مشکل

کشا امیر المومنین امام المہتدین سیدنا و مرشدنا و مولانا علی

مرتضٰی کرم اللہ وجہہ الشریف

السلام اے نام پاکت مرتضی	السلام اے مظہر ذات خدا
السلام اے معنی اوصاف حق	السلام اے سر ذات کبریا
السلام اے مرشد و مولائے خلق	السلام اے باب علم مصطفا
السلام اے ابن عم شاہ دیں	السلام اے سرور ہر دو سرا
السلام اے قامع گبر و یہود	السلام اے تاج دارا نما
السلام اے مخزن اسرار غیب	السلام اے یادگار ہل اتیٰ
السلام اے نور ایمان و یقین	السلام اے کحل چشم اتقیا
السلام اے شہسوار لو کشف	السلام اے والی ملک ولا
تحفۂ سنت فرید عبد (۱) تو	راہ عرفانش نمایا مرتضٰی

(۱)عبدالوحید عفی عنہ۔(منتظم تحفہ حنفیہ)

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الاولیٰ ۱۳۱۶ھ ص۸]

نعت رسول علیہ الصلاۃ والسلام

در نعت سید انبیائے کرام علیہ وعلیہم الصلاۃ والسلام و عرض حال بدر گاہ عرش پائے گاہ محبوب ایزد متعال از طبع رشاد و ذہن نقاد ناصر سنت، قاتل بدعت جناب فیض مآب مولانا مولوی قاضی عبد الصدیق محمد وحید صاحب سنی حنفی فردوسی عظیم آبادی ناظم تحفہ حنفیہ دام فیضہ القوی۔

آں ہادیِ راہِ صفا آں شاہِ خیل انبیا — سر چشمۂ جود و عطا یعنی رسول مجتبیٰ

دانے تو اسرار خدا واقف ز احوالِ ہمہ — اے شافعِ روزِ جزا محبوب رب دوسرا

مقصود و مطلوبِ ہمہ منظور و مرغوبِ ہمہ — حق را تو محبوب از ہمہ لولاک گوید برملا

داعی الی اللہ آمدی غواصِ بحر سرمدی — از جملہ برتر آمدی اے مرسلاں را پیشوا

شہبازِ قافِ لامکاں سیاحِ دشتِ بے نشاں — سلطانِ جن و انسیاں اے انبیا را مقتدا

اے ماہِ برجِ اصطفا و اے مہرِ چرخِ ارتضا — بدرٌ منیرٌ فی الدّجیٰ یا من الیہ المشتکیٰ

کونین در فرمانِ تو قرآں ہمہ در شانِ تو — جانِ ہمہ قربانِ تو اے اصفیا را مہتدیٰ

تشریفِ رحمت در برش فوجِ ملائک بر درش — لطف الٰہی یاورش انا فتحنا در ثنا

اے شافعِ ماجرماں اے رحمت ہر دو جہاں — برحال زارِ عاصیاں جود و کرم اے رہنما

نے علم و نے تقویٰ مرا نے دین و نے دنیا مرا — از بس کہ ہستم بے نوا وریاب از لطف و عطا

مسجود آدم بہر تو طوفان نوح از قہرِ تو — لطفِ خدا از مہر تو احسن الینا ما منا

چوں سائلم بر در گہت استادہ پیشِ خر گہت — افتادہ بر خاکِ رہت دستم بگیر اے داورا

ماہِ عرب مہرِ عجم کانِ سخا بحر کرم — برحالِ زارِ خستہ ام لطفے بکن رحمے نما

پیشِ کہ آرد التجا ایں عاجزِ بے دست و پا — اے سیدِ ہر دوسرا امداد کن بہرِ خدا

من بندہ احسانِ تو برتر زِ عالم شانِ تو — امید وار از خوانِ تو آمد وحید بے نوا

[تحفۂ حنفیہ: محرم، ۱۳۲۱ھ ص ۳۳]

(۴)فتاوی ورسائل پر تقریظات وتصدیقات

ماہنامہ تحفۂ حنفیہ میں بہت سے فتاوی اوررسائل پر آپ کی تصدیقات ہیں کچھ عربی اور کچھ اردو میں۔ کچھ مختصر کچھ تفصیلی ہم یہاں وہ سب نقل کرتے ہیں ملاحظہ ہو:

تصدیق بر فتویٰ اعلیٰ حضرت

دمن میں عید گاہ جدید بنانے سے متعلق اعلیٰ حضرت کے ایک طویل فتوی پر درج ذیل عربی الفاظ میں تصدیق فرمائی:

''الحمدلولیه والصلاة علی اهلها الجواب صحیح وصواب والمجیب مصیب ومتاب بلاارتیاب ولله دُرّالمفتی المحدث الفقیه الذکی الوجیه النبیه الفاضل العلامه والکامل الفهامه السراج الوهاج مولاناالحاج المولوی عبدالمصطفیٰ احمدرضاخان الحنفی القادری البرکاتی البریلوی مدظله العالی مادات الایام واللیالی فجزاه الله تعالیٰ عناوعن سائراهل السنة جزاء موفورا وصانه فی الدارین شراوضیرا۔ الساطرالوازر

خادم السنة واهل السنة عبدالصدیق محمدعبدالوحید السنی الحنفی الفردوسی عفی عنه مدیرالحنیفه تحفة الحنفیه ومهتمم مدرسة اهل السنة والجماعة الواقعة فی بلدة عظیم آباد صینت عن الفسادوشرالمبتدعین الحسادبحق خیرالعبادوآله الامجادوصحبه الاوتادوصلی الله تعالیٰ علیه وعلیهم وسلم الیٰ یوم التنادآمین آمین یارب العباد۔''

[تحفۂ حنفیہ: شعبان ورمضان، ۱۳۱۹ھ ص ۲۴،۲۳]

تصدیق رسالہ ”اجتناب العمال عن فتاوی الجہال“

طاعون وغیرہ وباؤں کے وقت دعائے قنوت پڑھنے سے متعلق چند نام نہاد مفتیوں کے عدم جواز پر مشتمل تحریروں کے جواب میں حضور حجۃ الاسلام قدس سرہ کا ایک مدلل و مفصل فتوی جو ماہنامہ تحفۂ حنفیہ کے شمارے بابت رجب اور رمضان ۱۳۲۰ھ میں بشکل رسالہ شائع ہوا۔ قاضی صاحب نے اس پر درج ذیل الفاظ میں تصدیق فرمائی:

”الحمد لولیہ والصلاۃ علیٰ اھلہا ھٰذا ھو عین التحقیق وماسواہ باطل سحیق فقد اصاب من اجاب ومن انکر فقد خسر وخاب بلاشك وارتیاب واللہ اعلم بالصدق والصواب وعندہ حسن الثواب والیہ المرجع والمأٰب۔ الراجی رحمۃ ربہ الوھاب خادم السنۃ واھل السنۃ عبد الصدیق محمد وحید الحنفی الفردوسی العظیم الآبادی ناظم التحفۃ الحنفیۃ ومھتمم مدرسۃ الحنفیۃ“

[شوال ۱۳۲۰ھ ص ۱۶]

کتاب الحبل القوی لہدایۃ الغوی پر تصدیق

”الحبل القوی لہدایۃ الغوی“ مولانا عبد الرحمن محبیٰ پوکھریریوی کی منکرین تقلید ائمہ اربعہ کی تردید میں بہت ہی زبردست معرکۃ الآرا کتاب ہے۔ یہ کتاب تحفہ حنفیہ کے دو شماروں میں قسط وار شائع ہوئی۔ پہلی قسط محرم ۱۳۲۲ھ میں اور دوسری صفر ۱۳۲۲ھ میں چھپی۔ کتاب کے آخر میں مشاہیر علمائے کرام کی تقاریظ و تصدیقات بھی شامل ہیں۔ حضور اعلیٰ حضرت اور حضور محدث سورتی کی تصدیق بھی شامل ہیں۔ قاضی صاحب نے بھی درج ذیل تصدیق فرمائی:

”الحمد لولیہ والصلاۃ علی اھلہا

واقعی جو کچھ حضرت بحر العلوم امام العلماء رئیس الفقہا مجدد مأۃ حاضرہ مؤید ملت قاہرہ عالم اہل سنت مولانا احمد رضا خاں صاحب قبلہ مد ظلہ نے دربارہ تقلید سدید ائمہ اربعہ مجتہدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور نیز دربارہ تقلید شرعی کے فرمایا بے کم وکاست صحیح ہے۔ اور اس رسالے کے مصنف کا بھی یہی منشا ہے۔

فجزی اللہ تعالیٰ کلیھما خیرالجزاء فی الآخرۃ والاولیٰ الساطر الوازر خادم اھل السنۃ محمد وحید عبد الصدیق سنی حنفی عظیم آبادی، عفا اللہ تعالیٰ عنہ وعن والدیہ۔''

[صفر ۱۳۲۲ھ ص ۱۶]

محدث سورتی کی کتاب پر تصدیق

وہابیہ غیر مقلدین کے پیچھے نماز ادا کرنے نیز ان کو مسجد میں آنے دینے کے حوالے سے ایک استفتاء کا مدلل ومفصل جواب حضور محدث سورتی نے رسالہ مسمی ''انفع الشواہد لمن یخرج الوہابین عن المساجد'' کی شکل میں دیا۔ فتوی پر حضور اعلیٰ حضرت اور دیگر علمائے اہل سنت کی تصدیقات موجود ہیں ۔ قاضی صاحب نے بھی رسالہ کی تصدیق درج ذیل الفاظ میں فرمائی ہے:

''نحمدہ ونشکرہ علی آلاہ والصلاۃ والسلام علی خاتم انبیاہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ المتادبین بآدابہٖ للہ در، من اجاب واصاب فلاشک فیہ ولاارتیاب واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب فی کل باب۔

الساطر الوازر خادم السنۃ واھل السنۃ محمد وحید المدعو بعبد الصدیق سقاہ اللہ کاس الرحیق وجعلہ من ارباب التصدیق والتوفیق۔''

[تحفۂ حنفیہ: ربیع الاول ۱۳۲۲ھ ص ۳۴]

محدث سورتی کے فتوی پر تصدیق

"واقع میں جہاں تک دیکھا جاتا ہے بعض جہال اوراکثر عورتوں میں طاق بھرنے کی رسم کو پایا جاتا ہے۔ ہم اپنے سیدھے سادھے مسلمان بھائیوں کی خدمت میں عرض رساں ہیں کہ آپ حضرات نے فتوی ملاحظہ فرمالیا کہ اس منت کو حضرت مجیب دام فیضھم نے فعل عبث وکارلغو تحریر فرمایا ہے۔ پھر آپ حضرات اس حرکت بے جاکے باب کو مسدود کیوں نہیں فرماتے۔ چاہئے کہ اپنی اپنی عورتوں کو تنبیہ وتاکید کریں اور حتی الوسع دوسروں کو بھی نصیحت دیں تاکہ ایسی رسم قبیح کا استیصال ہو جائے اور آپ کو اللہ جل جلالہ ثواب بے قیاس مرحمت فرمائے۔(مدیر تحفۂ حنفیہ)

[ذوالحجہ ۱۳۱۹ھ ص۲۸]

مفتی عمر الدین ہزاروی کے فتوی پر تصدیق

چائے بریانی وغیرہ میں الائچی، جائفل، اورزعفران استعمال کرنے کے جوازوعدم جواز پر تفصیل فتوی پر قاضی صاحب کی تصدیق:

"الجواب صواب والمجیب مثاب خادم السنة واهل السنة عبدالصدیق محمد وحید الحنفی السنی الفردوسی عفا اللہ عنه القوی۔"

[ربیع الآخر ۱۳۲۰ھ ص۱۶]

فتوی بابت جواز دعائے طاعون پر تصدیق

"دعائے طاعون کے سلسلے میں مولوی مبارک کریم بہاری مدرس مدرسہ اسلامیہ بہارشریف، کے فتوی کے جواب میں مولانا عبدالواحد رامپوری کا مدلل ومفصل فتوی شائع ہوا جس کی کئی نامور علمائے کرام نے تصدیق فرمائی انہیں قاضی صاحب نے درج ذیل

الفاظ میں تصدیق فرمائی:

''مفتی اول کا دعائے طاعون کونادرست ٹھہرانااوراس کی نہایت شدومد سے ممانعت فرمانااورسنداً احادیث کر معرض تحریر میں لاناسراسر خلاف اور جادہ حق سے انحراف ہے۔اورجواب ثانی قرین انصاف بعید عن الاعتساف ،افراط و تفریط سے کوسوں دور قابل قبول ہر ذی شعور ،پسندیدہ اولی الالباب۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ :خادم السنۃ واھل السنۃ محمد عبدالوحید المدعوبہ عبدالصدیق السنی الحنفی کان اللہ لہ۔

(مہتمم مدرسہ اہل سنت والجماعت) [صفر ۱۳۱۹ھ ص ۱۹]

احترازالابرار عن شرورالاسرار پر تصدیق

یہ رسالہ مفتی ابراہیم بدایونی صاحب کا تحریر کردہ ہے۔اس میں فرقہائے باطلہ خاص کر فرقۂ نیچریہ کے باطل نظریات کی مدلل تردید کی گئی ہے۔اس پر علمائے بدایوں وغیرہ کی تصدیقات ہیں۔ قاضی صاحب کی تصدیق درج ذیل ہے:

''ماقال اخون المکرم العلامۃ اللبیب الادیب الاریب سلمہ اللہ القریب المجیب فی حق الخطیب النیچرالندوی الضال المضل المریب فھوالحق الصریح عند ارباب التحقیق وماسواہ باطل سحیق ،لاریب ان الخطیب المذکورمن اجلۃ نصوص الدین وکبراء اعداء الشرع المبین واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

الساطرالوازرالاحقرالافقرخادم السنۃ واھل السنۃ محمد عبدالوحید المدعوبعبدالصدیق السنی الحنفی العظیم آبادی کان لہ اللہ الھادی فی العواقب والمبادی''

[جمادی الآخرہ ۱۳۲۴ھ ص ۲۴]

مولاناضیاءالدین صاحب کے فتوی پر تصدیق

تثویب سے متعلق مولاناضیاءالدین صاحب کے ایک فتوی پر قاضی صاحب نے درج ذیل الفاظ سے تصدیق فرمائی:

''الجواب صحیح بلاارتیاب واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ محمدوحیدالمعودبعبدالصدیق السنی الحنفی العظیم آبادی وقاہ اللہ تعالیٰ من شرالاعادی''

[جمادی الاولیٰ ۱۳۲۶ھ ص ۳۲]

تحقیق علم مایکون وماکان لحبیب الدیان المنان، باسم التاریخی توضیح صواب، ۱۳۲۳ھ

یہ علم غیب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے زبردست علمی و تحقیقی، مدلل ومفصل رسالہ ہے۔ جس کو مولاناابوالمساکین ضیاءالدین پیلی بھیتی مدیر رسالہ تحفہ حنفیہ نے تصنیف فرمایا۔اس پر مشاہیر علمائے کرام کی تصدیقات ثبت ہیں۔ قاضی صاحب نے درج ذیل الفاظ میں تصدیق فرمائی:

''الحمدللہ رب العٰلمین والصلاۃ والسلام علی النبی الامین الذی علمہ اللہ علوم الاولین والآخرین فماھوعلی الغیب بضنین وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ ذوی العزوالتمکین۔

امابعد! رسالہ ناستقیم نضرۃ النعیم فقیر کی نظر سے گزراموٴلف کی چالاکی اور فریب دہی کاحال کھلا۔یہ تحریر حق سے دور باطل سے معمور ہے۔اگرمجیب سورتی صاحب مرد میدان میں توسامنے آئیں اور سائل جاہل کی (کہ اپنی جہالت سے معذور ہے) مفروضہ صورت سوال کااس عالم میں کوئی مصداق بتائیں۔ سودوسوتوبڑی بات ہے دس پانچ آدمی ہی ایسے نکالیں جومعاذاللہ بدون اعلام اللہ تعالیٰ حضور پرنور نبی کریم صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے حصول علم غیب کے قائل ہوں۔

حاشاوکلا! جوکسی سنی مسلمان کا ایسا خیال ہو بلکہ بالعکس یہ شیدایان سید الانس والجان علیہ صلوات الرحمن تو جمیع علم مایکون وماکان کا اثبات جناب سید کائنات علیہ افضل الصوات والتحیات کے لیے بطریق معجزہ واعلام اللہ تعالیٰ ثابت کرتے ہیں۔ اور مجیب سورتی کی اس کیادی کو بنظر حیرت واستعجاب دیکھتے ہیں کہ بغیر مسلم الثبوت کو مجیب وسائل کیوں بیان کرتے ہیں اور ہزار صد ہزار باراس وہمی عقیدہ نامستقیم جامع نصرۃ النعیم سے تحاشی کرتے ہیں ۔جامع رسالہ نے بہت بڑی کیادی کو دخل دیاہے۔اس کا رسالہ لائق اعتماد سنیاں اہل رشاد نہیں۔نہ اس پر عمل لازم بلکہ اس سے احترازامر متحقق۔

جامع رسالہ کیا خوبصورتی سے اپنے خیالات باطلہ پر ملمع چڑھاتا ہے اوراہل حق کو براہ فریب جادہ مستقیم سے منحرف کرنا چاہتاہے۔کہاں توسورتی صاحب نے بظاہر اس کا جواب دیاہے کہ ایسے علم غیب کا اثبات حضور کے لیے جو بدون اعلام اللہ کے ہو باطل ہے اوراس کا قائل ضال ومضل ہے۔مگر فی الحقیقت درپردہ ان حضرات اہل سنت کارد کیاہے جو حضور پر نور سید العالمین عالم کل مکان ومکین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے جمیع علوم غیبیہ ماکان ومایکون کا اثبات کرتے ہیں۔لہٰذا سورتی صاحب راہ مستقیم پر نہیں۔

مسلمان ان کے مکر میں نہ آئیں اوران کے زور سے اپنے آپ کو بچائیں پس کو کچھ مجیب لبیب مصیب مولوی ابوالمساکین محمد ضیاء الدین صاحب نے جواباً تحریر فرمایاوہ حق وبجا قابل عمل اہل سنت وجماعت۔سراسر رشد وہدایت ہے۔واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

الساطر الوازر خادم اہل السنۃ والجماعۃ محمد وحید المدعو بعبد الصدیق السنی الحنفی الفردوسی العظیم آبادی اصلح اللہ حالہ فی العواقب والمبادی۔“

[ذی الحجہ ۱۳۲۶ھ ص۲۸،۲۷]

رفض وغیرہ سے متعلق مولانا ضیاء الدین کے فتوی پر تصدیق

''لاشك ان هم الاجوبة صحيحة وصواب ومطابقة للاحاديث والكتاب والله اعلم بالصواب واليه المرجع والمآب نمقه عبدالصديق محمدوحيدالسنى الحنفى الفردوسى العظيم آبادى ناظم التحفة الحنفيةعفاعنه خالق البرية''

[ذی الحجہ ۱۳۲۵ھ ص ۱۴]

تلاوت قرآن سے متعلق چند مسائل پر مشتمل فتوی پر تفصیلی تصدیق

مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ کے ایک فتوی پر تصدیق ملاحظہ ہو:

''الحمدلله وحده والصلاة والسلام على من لانبى بعده وعلىٰ آله واصحابه وحزبه وجنده آمين۔

مجیب لبیب سلمہ اللہ القریب نے نہایت معقول جواب دیا۔فجزاه الله تعالىٰ خيرجزاء۔ وهنأه بخيرسره وروهناء۔ مگر حسب تحریر مستفتی فقیر بھی مختصر طور پر ہر مسئلہ کے متعلق عرض کرتا ہے۔ والله تعالىٰ اعلم بالصواب واليه المرجع والمآب۔

(۱) تلاوت قرآن مجید خلاف ترتیب خلیفۂ ثالث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز اور خارج نماز میں مکروہ ہے۔ قاری گنہگار وآثم ہے۔اگر عمداًاس کا مرتکب ہو اور اگر اس پر معاذاللہ اصرار بھی کرے وہ بالیقین فاسق اور سخت بدکار ہے مگر یہ اثم وفسق اسی حالت میں ہے کہ مرتکب اس کا ترتیب سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صحیح اور مثل ترتیب فی لوح الرحمن جانتا ہے اور بصورت انکار ایسا شخص بے شبہہ ضال و مضل ہے۔ کہ منکر اجماع ہے پھر ایسے کو امام بنانا کب جائز وروا ہے۔

(۲) ماأعبد کی جگہ ماعابد پڑھنے والا سخت جاہل ہے اسے امام بناناہر گز جائز نہیں۔ نہ ایسا پڑھنا حاشا وکلا درست ہے اور عمد کی حالت میں بالکل تغییر کلام ربانی ہے۔

(۳) اصل شرط تو دوطرفہ ہے اور وہ ضرور داخل قمار ہے اور بالکل حرام ہے۔ بشرطیکہ ثالث محلل سے خالی ہو۔

(۴) غلطی تلاوت قرآن پر اپنے مسلمان بھائی کو مطلع کرنا خلاف تہذیب کیسا یہ تو عین شائستگی اور تعمیل حکم امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے۔ آیت وحدیث سے ثبوت لیجئے۔ آیت:

كنتم خير امة اخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتؤمنون بالله، الآية۔

یعنی ہو تم بہترین امتوں کے جو پیدا ہوئی ہیں لوگوں میں حکم کرتے ہو امر پسندیدہ کا اور منع کرتے ہو بری بات سے۔ اور ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ پر تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ اس آیت کے معنی یوں بیان فرماتے ہیں:

اى صرتم خير امة بسبب كونكم آمرين بالمعروف وناهين عن المنكر ومومنين بالله۔

یعنی ہوئے تم بہترین امتوں کے بسبب ہونے اپنے کے حکم کرنے والے اچھی باتوں کے اور منع کرنے والے بری باتوں سے۔ اور ایمان لانے والے اللہ پر۔ سبحان اللہ وبحمدہ کہ بہترین امم کا خلعت اسی امر بالمعروف و نہی عن المنکر وایمان کے باعث عطا ہوا۔ یہ کتنی بڑی نعمت رب العزۃ ہے کہ ایمان کے ساتھ معدود ومذکور ہوئی۔ اگر اور وجوہ سے قطع نظر کی جائے تو یہی ایک وجہ کہ تؤمنون باللہ کے ساتھ اس کا ذکر ہوا۔ اس کی اعلیٰ درجہ کی شرافت پر دال ہے۔ حدیث شریف جو مشکوۃ ص۴۲۸ میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔:

من رأى منكم منكرا فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان، رواه مسلم۔

یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو شخص دیکھے تم میں سے کسی امر نامشروع کو پس چاہئے کہ بدل دے اس کو اور باز رکھے اس کے کرنے سے آدمیوں کو اپنے ہاتھ سے پس اگر ہاتھ سے قدرت نہ رکھے تو زبان سے تغیر دے پس اگر زبان سے بھی بدل دینے کی قدرت نہ رکھے تو دل سے تغیر دے کراہت کے ساتھ اور قصد رکھے ہاتھ اور زبان کے ساتھ تغیر دینے کا قدرت پانے پر اور یہ بدلنا تنہا دل کے ساتھ ضعیف تر ثمرات ایمان کا ہے۔ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا۔ اگرچہ امور ثلاثہ مذکورۂ فی الحدیث کا تعلق سلاطین و علما اور تمام سمجھ دار مسلمانوں کے ساتھ علمی قدر مراتب قدرت ہے۔ مگر امر آخر ایسا ہے جو ہر ایک کے تحت قدرت اور کسی کی استطاعت سے خارج نہیں جو اس پر بھی کاربند نہ ہو اور گریز کو راہ دے وہ مداہن اور سخت زیاں کار اور مستحق عقاب پروردگار ہے۔ تفسیر روح البیان آیت:

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ الآية۔

کی توضیح میں ہے۔

وعن سفيان الثوري إذا كان الرجل محبا في جيرانه محمودا عند إخوانه فاعلم انه مداهن،

حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص اپنے پڑوسیوں میں محبوب اپنے دوستوں میں محمود ہوتا ہے جان لو کہ وہ مداہن ہے۔ یعنی قصداً اس نے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو ترک کیا اور یہ ترک کرنا اس کا خواہ کسی دنیوی مصلحت پر مبنی ہو یا کوئی اور غرض ذاتی رکھتا ہو یا نہ وہ مخذولہ کے اصول پر عمل کرتا ہو ہر صورت میں میل جول میں فرق نہیں آتا۔ اور اس کا شیر و شکر کہیں نہیں

جاتا۔ یہی مداہنت اسی میں وبال آخرت ہے۔ اسی تفسیر میں اسی موقع پر ہے۔

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم (یحشر) یوم القیامة ناس من أمتی من قبورهم الی الله علی صورة القردة والخنازیر بما داهنوا اهل المعاصی وکفوا عن نهیهم وهم یستطیعون۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے قیامت کے روز اس امت کے کچھ لوگ اپنی اپنی قبروں سے اللہ جل جلالہ کی طرف اٹھائے جائیں گے بندر اور سور کی صورت پر اس جرم میں کہ انہوں نے گنہگاروں سے مداہنت کی اور رکے وہ امور ناپسندیدہ کے منع کرنے سے۔ حالانکہ منع کرنے کی طاقت رکھتے تھے۔ پس جو کوئی الامر بالمعروف اور خلاف تہذیب کئے اس پر واجب ہے کہ اپنے اس قول شنیع سے رجوع کرلے اور توبہ واستغفار سے رطب اللسان ہو جائے۔ واللہ ولی التوفیق۔

(۶،۵) ہر حرف اس قدر تجوید کے ساتھ پڑھنا کہ حرف حرف سے ممتاز ہو اور تبدیل سے محفوظ رہے۔ ہر مسلمان پر واجب ہے اور تصحیح مخارج باہتمام تام لازم جیسا کہ امام جزری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں ؎

والاخذ بالتجوید حتم لازم	من لم یجود القرآن آثم
لانه به الاله انزلا	و هکذا منه الینا وصلا

یعنی اوراخذ کرنا قاری کو ساتھ تجوید کے ضروری ہے جس شخص نے صحی طور پر قرآن شریف کو نہ پڑھا وہ گنہگار ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے نازل کیا قرآن شریف کو ساتھ تجوید کے اور اسی طرح یعنی تجوید کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہماری طرف پہنچا انتہیٰ۔ امر بالتجوید آیۂ ورتل القرآن ترتیلا، میں ہے۔

اور ترتیل کے معنی تجوید کے ہیں جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔ قال الترتیل هو تجوید الحروف ومعرفة الوقوف، فرمایا حضرت علی رضی اللہ

تعالیٰ عنہ نے کہ ترتیل تجوید حروف کی اور پہچاننا وقوف کا ہے۔ اور تجوید کے معنی یہ ہیں۔

ھوتحسین الفاظہ باخراج الحروف من مخارجھا واعطاء حقوقھا من صفاتھا ومایترتب علی مفرداتھا ومرکباتھا۔

یعنی قرآن مجید کے لفظوں کو عمدہ طور پڑھنا ساتھ نکالنے حرفوں کے ان کے مخارج سے اور دینا ان کے حقوق کا ان کی صفتوں سے اور اس چیز کا جس کا ترتیب ان کے مفردات اور مرکبات پر ہو۔ ھٰکذا فی المنح الفکریۃ وغیرہ من کتب التجوید۔

حرف قرآن عظیم کو قصداً تبدیل کرنا مستلزم کفر ہو جاتا ہے۔ اور اگر قصداً تبدیل نہ ہو اور معنی فاسد ہو جائیں تو ہمارے علمائے متقدمین کے نزدیک نماز فاسد ہوتی ہے اور قول متقدمین ہی احوط ہے۔ ظالین کو زالین پڑھنا اور بعث کو بعف پڑھنا ہرگز درست نہیں ۔ ایسے کے پیچھے نماز ناجائز ہے ۔ ایسے قاری بالقصد کو علما کافر فرماتے ہیں ۔ شرح فقہ اکبر لمولانا علی القاری رحمہ اللہ الباری کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ قصداً اس طرح تغیر سے پڑھنے والا کافر ہو جائے گا۔ ایسا ہی محیط اور فصول عمادی میں ہے ۔ ہاں حالت نادانی وزلت ولغزش خلقی معذوری میں گناہ مرتفع ہے۔ مگر عمر بھر ازالہ جہل میں سعی واجب ہے بالخصوص بعث کی جگہ بعف پڑھنا قطعاً مفسد صلاۃ ہے۔ کہ یہاں نہ عموم بلویٰ ہے نہ تمیز مخارج حروف میں اشکال نہ ان میں فصل بے مشقت غیر ممکن بقیہ تفصیل کتب فقہ میں ہے بہر صورت ایسے شخص کو امام نہ بنانا چاہئے۔ انہیں خلقی معذوروں کا وہ امام ہو سکتا ہے۔ نہ صحیح پڑھنے والوں کا۔

واللہ تعالیٰ اعلم و رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الساطر الوازر خادم السنۃ واھل السنۃ محمد وحید المدعو بعبد الصدیق السنی الحنفی العظیم آبادی کان اللہ.. ''

[تحفۂ حنفیہ: ذی الحجہ ۱۳۲۵ھ ص ۱۹ تا ۲۲]

تحریک ندوہ میں کلیدی کردار

چودھویں صدی کی دوسری دہائی میں یوں تو بہت سے فتنے جنم لے چکے تھے البتہ ندوہ کی ریشہ دوانیاں اور فتنہ انگیزیاں زوروں پر تھیں ۔حضوراعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی، تاج الفحول علامہ عبد القادر بدایونی اور دیگر مشاہیر علماومشائخ اہل سنت اس کے خلاف محاذ آرا تھے۔انہیں میں ایک نمایاں نام قاضی صاحب کا بھی تھا۔ قاضی صاحب نے ندوہ کی بیخ کنی کی غرض سے ہی ''تحفہ حنفیہ''ماہنامہ پٹنہ سے جاری کیا۔اور بہت سی تحریریں ندوہ کے رد اور اس کے باطل نظریات کے خلاف شائع فرمائیں۔نیز اس کے علاوہ بھی ندوہ کی فتنہ انگیزیوں کے سدباب میں ہر ممکن سعی فرمائی۔اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ندوہ کی تردید ومخالفت میں قاضی صاحب نے کلیدی کردار ادا کیا۔ندوہ کی تردید میں استاد زمن علامہ حسن رضا خاں قدس سرہ کے رسالہ ''صمصام حسن''میں درج ذیل اشعار سے تحریک ندوہ میں قاضی صاحب کے کردار کا اندازہ بآسانی لگایا جاسکتا ہے۔

از اثر کوشش عبد الوحید — خلد نہم گشت بہ پٹنہ پدید
یارب ازیں گلشن مینو نہاد — دست دے وجورِ خزاں دور باد
مدحِ علو ہمم ایں وحید — ہست زیارا ے زبانم بعید
اکرمک اللہ وحید زمن — ندوہ شکن ہستی و ندوی فگن
اے حسن احسنت حسن کن ختام — ابر شہِ دیں باد درود و سلام

[صمصام حسن، مشمولہ کلیات حسن، ص۱۴۱ ۳]

ندوہ کے خلاف آپ کی جدوجہد کا اندازہ آپ کے رسائل ومضامین سے بھی بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔البتہ ہم یہاں آپ کی خلافِ ندوہ سرگرمیوں کے حوالے سے

دوواقعے بیان کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

مختلف مقامات پر ندوہ کی ذلت آمیز شکست ہوچکی تھی۔ مگر پھر بھی ارباب ندوہ اپنی فتنہ انگیزیوں سے باز نہیں آرہے تھے۔ کلکتہ میں جب چند ندوہ پرست مولویوں نے فتنہ انگیزی شروع کی تواس سے قبل کہ اہل سنت کا نقصان ہوتا آپس ہی میں دست وگریباں ہوگئے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ انہیں میں کا ایک عبدالغفورنامی جوندوہ کارکن تھا حقیقت سے واقف ہوتے بھی ان کے ساتھ تھا اس نے جمادی الاولی ۱۳۱۹ھ میں قاضی صاحب سے رابطہ کیا اور ندوی مولویوں سے مناظرہ کا طالب ہوا۔ اس کے اصرار پر جب ندوی مولویوں سے رابطہ کیا گیا تو وہ راہ فراراختیار کرگئے۔ مگر دائیں بائیں ہوکر اپنے کام میں مصروف رہے اور علمائے اہل سنت بھی ان کی بخیہ دری میں مصروف رہے۔ اوراسی درمیان علما وارباب کلکتہ نے ایک مجلس تشکیل دی گئی جس میں علما و دانشور حضرات خاص کر حاجی لعل خاں صاحب شامل کئے گئے۔ اسی درمیان ندوہ کی طرف سے چارروزہ جلسہ بتاریخ ۲۲/شعبان تا ۲۵/شعبان طے ہوگیا۔ جس کے جواب میں علماوارباب کلکتہ نے بھی دس روزہ اجلاس کا اعلان کردیا۔ جابجا علما کو دعوتیں دی گئیں ۔ قاضی صاحب کو بھی مدعو کیا گیا اور درج ذیل خط ناظم مجلس جناب سیٹھ حاجی قاسم عارف صاحب کی طرف سے قاضی صاحب کے نام روانہ کیا گیا۔

”عالم عامل، فاضل کامل، حامی سنت، ماحی بدعت، حضرت مولانامولوی قاضی عبدالوحید صاحب دام مجدہم، بعد اہدائے ہدایا سلام سنۃ الاسلام

معروض خدمت فیض درجت یہ ہے کہ من جانب مجلس اہل سنت یہ قرار پایا ہے کہ از جانب چند معززین اہل سنت آں جناب مع بعضے دیگر علما کے مدعو کئے جائیں جلسہ ندوہ کی تاریخیں چھپ چکی ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵/شعبان سنہ رواں لہٰذا آپ اس کے متعلق

تاریخیں مقرر فرماکر مطلع فرمائیں کہ باضابطہ اس کی اشاعت ہو۔اوسط سات آٹھ علما باہر کے کہ واعظین ومناظرین ہوں۔اور علماے کلکتہ اکثر ندوے مخالف ہیں سوائے بعض الناس کے کہ جن کی چنداں وقعت کلکتہ میں نہیں۔اغلب یہ ہے کہ عدم موجودگی آپ حضرات سے یہ لوگ مناظرے کا اشتہار شائع کریں۔جواب باصواب سے ازراہ نوازش جلد مطلع فرمائیں۔فقط۔

مکرر یہ کہ جواب عریضہ لورچیت پور روڈ متصل گول کوٹھی قاسم عارف بھام کے پتے سے روانہ فرمائیں

راقم خادم اہل سنت قاسم عارف بھام۔ناظم مجلس اہل سنت کلکتہ

مورخہ ۱۴؍نومبر ۱۹۰۱ء۔

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الاخریٰ ۱۳۲۰ھ ص ۱۰]

اس خط کے ملتے ہی قاضی صاحب بلا تاخیر کلکتہ پہنچ گئے اور مشورہ کرکے ندوہ کے مقابلہ پر جلسہ طے کیا۔جس میں ملک کے مشاہیر علماومشائخ کو مدعو کیا گیا۔جلسہ کے جملہ اخراجات کی ذمہ داری ناظم مجلس جناب قاسم عارف بھام نے اپنے کاندھے پر لے لی۔اور پھر جلسہ کا اشتہار بھی عام کردیا گیا۔اشتہار میں ۲۱ شعبان ۱۳۱۹ھ سے ۲۶؍شعبان تک اجلاس کا اعلان کیا گیا حالانکہ اجلاس باضابطہ ۳۰؍شعبان تک ہوئے۔جلسہ میں امام اہل سنت اعلیٰ حضرت محدث بریلوی قدس سرہ کے علاوہ بہت سے نامور علماوخطبا تشریف نے شرکت فرمائی۔حضور اعلیٰ حضرت کی آمد کے حوالے سے حاجی لعل خاں صاحب لکھتے ہیں:

”مجدد مائۃ حاضرہ صاحب حجت قاہرہ عالم اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا حاجی قاری محمد احمد رضا خاں صاحب کی تشریف آوری کا تار بریلی سے آیا حضرات اہل سنت

کو سرور بے غایت حاصل ہوا بد دینوں کا چہرہ زرد پڑا۔ ندویوں پر ہیبت الٰہی کی بجلی ٹوٹ پڑی ان کے دلوں پر پژمردگی چھاگئی ندوے میں زلزلہ آگیا۔ ندویوں کے ہاتھ پیروں میں رعشہ پڑ گیا۔ بہت سے امرا و غربائے اہل سنت گاڑی آنے کے قبل اسٹیشن پر استقبال کے لیے حاضر ہوئے جیسے ہی گاڑی آئی ویسے ہی شربت دیدار کے پیاسے بے تحاشا ٹوٹ پڑے اور قدم بوس ہوئے۔ زیارت سے شرف حاصل کیا۔ ندوے کے والنٹر یے کروفر بھولے۔ شیر حق کو دیکھ کر سہم گئے نہایت اعزاز و اکرام بصد حشمت و اہتمام ہم خداموں نے فٹن پر سوار کرایا۔ آگے آگے آقائے اہل سنت کی سواری پیچھے کئی ایک خادموں کی گاڑیاں نہایت تیز چلی جاتی تھی۔ تمام گاڑیوں کی دور تک ایک لائن نظر آتی۔ اسی عزت وشان سے حضرت کی سواری مقام جلسہ تک پہنچ گئی۔ شہر والے جو ایک مدت سے مشتاق تھے امنڈ پڑے زہے قسمت کلکتہ و خہے شرف جلسہ۔ راہ راست پر چلنے والوں، سنت پر جان دینے والوں کو حوصلے بڑھے۔ بدمذہبوں کے جوش وخروش کم ہوئے کسی نے بہت ٹھیک کہا ہے ع

ہر جا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را

[مرجع سابق ص ۱۴]

اور پھر باضابطہ اجلاس ہوئے۔ علما وخطبا کے بیانات ہوئے ۔ ندوہ کیباطل نظریات سے عوام کو آگاہ کیا گیا اور ان کے باطل عقائد و نظریات کی خوب خوب بخیہ دری کی گئی۔ ارباب ندوہ کو برسر منبر اعلان مناظرہ دیا گیا، پیغام مناظرہ ارباب ندوہ کلکتہ تک پہنچایا گیا۔ مگر جواب ندارد۔ اشتہارات وغیرہ کے ذریعہ بھی ندوہ کی تردید کی گئی۔

اور پھر جواب الجواب کا سلسلہ بھی رہا جس میں اہل سنت ہی کو فتح وکامرانی حاصل ہوئی۔ اجلاس مکمل طور پر کامیابی سے اختتام پذیر ہوئے۔ ندوہ اور حامیان ندوہ کی

ہر طور سر کوبی ہوئی۔ ان کی پورے شہر کلکتہ میں ذلت ورسوائی ہوئی۔ اور مسلمانوں پر ندوہ کی حقیقت واقعی مکمل طور پر منکشف ہوگئی۔ اس پورے معاملہ میں قاضی صاحب کا خاص کردار رہا۔ حاجی لعل خاں صاحب نے اس پورے واقعہ کی تفصیلی روداد ۴۸/ صفحات پر بنام تاریخی "دربار سراپا رحمت" (۱۳۱۹ھ) تحریر فرمائی۔ یہ مکمل رسالہ ماہنامہ تحفہ حنفیہ بابت جمادی الاخری ۱۳۲۰ھ میں شائع ہوا۔

یوں ہی رجب ۱۳۲۰ھ میں جب امرت سر میں ندویوں کی طرف سے جلسہ کا اعلان ہوا۔ تو امرت سر کی مجلس علمائے اہل سنت نے بھی ندویوں کی ریشہ دوانیوں کے سد باب کی خاطر ۶ رجب سے ۱۰/ رجب تک پانچ روزہ جلسوں کا اعلان کر دیا۔ ۳/ رجب بروز دوشنبہ کو پٹنہ سے قاضی صاحب، حضور محدث سورتی، علامہ سید سلیمان اشرف اور مولانا عبد الاحد بغرض شرکت اجلاس روانہ ہوئے۔ بدایوں سے مولانا محب احمد بھی ساتھ ہولئے۔ یہ سب حضرات ۶/ رجب جمعرات کے دن امرت سر پہنچ گئے۔ اسٹیشن پر مولانا عبد الغنی، جناب منشی عبد العزیز مفتی عبد الصمد اپنی جماعت کے ساتھ استقبال کے لیے حاضر تھے۔ انھوں نے اور قیام گاہ پر دیگر علمانے ان حضرات کا خیر مقدم کیا۔ قاضی صاحب نے ندوہ کی تردید میں شائع شدہ کتب ورسائل خاص کر حضور اعلیٰ حضرت کی "فتاوی الحرمین برجف ندوۃ المین" تقسیم فرمائیں۔ سیکڑوں کتابیں تقسیم ہوئیں۔ اور پھر اشتہار جلسہ عام کیا گیا۔ جس میں ندویوں کے جلسہ کے ایام میں ہی جلسہ کی تاریخ رکھی گئی تھی۔ اور ساتھ ہی ندویوں کے خلاف مذہب ومسلک عقائد کی و نظریات کا ذکر کرکے ان سے مطالبہ جواب دہی کیا گیا۔ چھ رجب کی شام کو جلسہ میں اہل سنت کے خطابات ہوئے مولانا غلام قادری بھیروی کی رد ندوہ میں زبردست تقریر ہوئی۔ مولانا ممدوح نے حضور اعلیٰ حضرت سے ملاقات کی تمنا ظاہر کی۔ تو موجود علمانے ان سے کہا کہ یہاں ان

ندویوں کے لیے مقابلے میں حضرت کی کیاحاجت ان سے مناظرہ ومکالمہ کے لیے توان کے خدام ہی کافی ہیں۔ان اجلاس میں ملک کے مشاہیر علمانے شرکت وخطابت فرمائی۔

مولاناعبد المقتدر صاحب بدایونی، مولانا فضل المجید صاحب بدایونی، مولاناعبد الماجد صاحب بدایونی، مولانامحب احمد صاحب، مولاناکرم احمد صاحب اور دیگر علمائے اہل سنت شریک اجلاس ہوئے۔اسی بیچ ندویوں کوایک مناظرہ کااشتہار بھی بھجوایا گیااوراسے شہرمیں بھی عام کیا گیا۔ قاضی صاحب نے جمعہ میں مسجد میر آفتاب کے منبر پر کھڑے ہوکر اشتہارلوگوں کوسنایا۔اشتہارمیں ندوہ کی گمراہیاں بیان کی گئی تھیں ۔اورملک کی چند مقتدر شخصیات کا ندوہ سے دور ہوجانے کاذکر کرکے ندوہ کی صداقت پر سوالیہ نشان قائم کیا گیاتھاکہ اگر ندوہ تحریک ٹھیک تھی توپھر ملک کے مشاہیر علماومشائخ نے دوری کیوں اختیار کی۔اراکین کمیٹی سے اب تک کیے گئے سوالات ومطالبات کے جواب نہ دینے کے اسباب معلوم کئے گئے تھے۔نیز مزید سوالات بھی قائم کئے گئے تھے۔اور علمائے اہل سنت کی طرف اس اشتہارکے ذریعہ اراکین وحامیان ندوہ کوسینتالیسویں (۴۷)بار دعوت مناظرہ دی گئی تھی۔ مگر حسب معمول اس کابھی کوئی جواب نہیں دیا گیا۔

امرت سرمیں قادیانیوں کازورسناجارہاتھا۔اورندوہ میں ان کی بھی بحیثیت رکن شمولیت تھی۔اس کے باوجود بھی قادیانیوں کی طرف سے ندوہ کو بھی مناظرہ کی دعوت دی جاچکی تھی مگرندوہ نے راہ فرارمیں عافیت سمجھی۔ مگرالحمدللہ علمائے اہل سنت تردید ندوہ کے ساتھ تردید قادیانی بھی کرتے رہے۔ قاضی صاحب نے قادیانیوں کے ردمیں حضورحجۃ الاسلام کی معرکۃ الآراکتاب ”الصارم الربانی علی اسراف القادیانی“ تقسیم فرمائی۔۸/رجب بروزشنبہ علمائے پشاورسے علم حدیث شریف پر حضور محدث سورتی کا تین گھنٹہ کامکالمہ ہوا۔اورپھر حضرت نے علمائے پشاورکے روبروندوہ مطرودہ کے حقائق

پیش فرمائے۔مولانامحب صاحب نے ندوہ کی شناعتوں اورضلالتوں کوان کے سامنے بیان کیا۔رات کو منشی محمد اسمعیل صاحب جوندوہ کے رکن تھے ان کی دعوت پر علمائے کرام تشریف لے گئے اورمولاناعبدالمقتدر صاحب بدایونی کازبردست و مؤثرخطاب ہوا۔اراکین مجلس حنفیہ امرت سرکی طرف سے اوربھی اشتہار مناظرہ کے پیش کئے گئے مگرجواب ندارد۔اوراس طرح اہل سنت ہربارکی طرح اس باربھی فتحیاب وکامیاب ہوئے۔اس فتح کی خبرسے خوش ہوکرجناب قاضی زکی الدین وکیل پیلی بھیت نے درج ذیل دوتاریخیں کہیں۔

فتح کی خبر(۱۳۲۰)۔اہل سنت کی دلی مسرت(۱۳۲۰)

اس پورے واقعہ کی تفصیلی رودادمولاناضیاء الدین پیلی بھیتی نے ترتیب دی۔اوراسے ’’رودادجلسۂ اہل سنت امرت سر ‘‘اورتاریخی نام دربارکملائے اخیار‘‘(۱۳۲۰) کے نام سے ماہنامہ تحفہ حنفیہ ذوالحجہ ۱۳۲۰ھ میں شائع کیا۔مکمل روداد ۲۷/صفحات پر مشتمل ہے۔فقیرنے اسی سے لب لباب پیش کیاہے۔

مکتوبات ومراسلات بنام قاضی صاحب بحوالہ تحفۂ حنفیہ

تحفہ حنفیہ میں آپ کے نام کئی اہم خطوط شائع ہوئے۔ جن کا یہاں نقل کرنا دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو:

خط: مولانا اخلاص حسین سہسوانی بنام قاضی صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی حبیبہ الکریم

حضرت مولانا منتظم تحفہ حنفیہ وام فیضہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اِس وقت میں اُس مسرت کو ظاہر کرنا چاہتا ہوں جو آپ کے تحفۂ حنفیہ کے مطالعہ سے مشرف ہوئی۔ اور اس کے مقاصد و مطالب کے دیکھنے سے ہوئی ہے۔ مگر نا ممکن ہے۔ مولانا! حق یہ ہے کہ آپ نے اس نازک وقت اور فتنہ وفساد کے زمانہ میں ایسا عظیم الشان مفید کام جاری فرمایا ہے جس کا نفع اور فائدہ صرف فرقۂ حقہ اہل سنت ہی تک محصور نہ ہوگا بلکہ خود مذہب محقق سنت و جماعت کو بھی ان شاء اللہ تعالیٰ بڑا ممد و معاون ہوگا۔ فجزاك الله خير الجزا۔

میں نے جو اظہار مسرت میں اتنی دیر کی اُس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے پرچوں کی شان وشوکت اور حسن وخوبی جس نے دل کو بے طرح پھلا دیا اور بہت ہی زیادہ خوش کر دیا تھا اس کو میں قابل وشوق نہ سمجھا۔ اور یہ دیکھتا تھا کہ کہیں یہ دل کو لبھانے والی باتیں صرف چند روزہ تو نہیں ہیں۔ لیکن الحمد للہ ان پرچوں کے دیکھنے سے بخوبی ثابت ہو گیا کہ

ان شاء اللہ العزیز آپ کا تحفہ ہمیشہ اہل حق کے واسطے باعث قوت اور اہل بدعت خصوصًا اہل ندوہ کے دلوں میں مورث ہیبت ہو گا۔

مولانا! ندوہ نے تو قہر ہی کیا تھا کہ تمامی فِرَق باطلہ کو فرقہ حقہ محققہ اہل سنت میں ملا دیا تھا۔ اور پھر اسی کے واسطے ارباب ندوہ میں سے بڑوں بڑوں نے وہ وہ کارروائیاں کیں جو نہایت شرمناک تھیں ۔ سب سے بدتر اور نہایت ہی ابتر وہ سانحہ ہے جو مفتی لطف اللہ صاحب نے اسی بحث ومباحثہ میں حضرت مولانا عبد القادر صاحب بدایونی کے اوپر جھوٹ باندھا۔ یعنی جب اصحاب ندوہ نے علی الاعلان اُن مضامین کی اشاعت کی جو مضر مذہب اہل سنت تھے تو مولانا صاحب بدایونی نے حیدرآباد میں خود مفتی صاحب کے مکان پر تشریف لے جاکر کتاب روئداد ندوہ لکھنؤ کو مفتی صاحب کے سامنے پیش کیا۔ اور جن تحریروں سے مذہب اہل سنت کو مضرت پہنچتی تھی ان کو علاحدہ علاحدہ ظاہر کیا۔ اور پھر بدایوں کے شیعہ اور بریلی کے روافض ارباب ندوہ کی جن جن تحریروں سے خوش ہوتے اور جس جس تقریر کو اپنے مؤید سمجھتے تھے اس کو بھی بتلایا۔ مفتی صاحب نے ہر اعتراض کو تسلیم کیا۔ ندویوں کی سب غلطیوں کو مان لیا۔ اس کے بعد فتوے سے جو حیدرآباد میں مطبوع ہوا ہے بعض الفاظ سخت کو جو ناظم صاحب کی نسبت تھے کٹوا کر دوسرے لفظوں کو لکھوایا ان سب امور کے بعد اپنی مہر کو فتوے پر ثبت فرمایا جب فتوے چھپ کر شائع ہوا تو ندویوں کے داروگیر پر اپنے خطوط میں یہ لکھ دیا۔

”مولانا صاحب بدایونی نے میرے سامنے نہ ندوہ کا کچھ ذکر کیا اور نہ ندوہ کی نسبت کوئی اعتراض پیش کیا“

حالانکہ مفتی صاحب تنہا نہ تھے، اکیلے نہ تھے، مجمع تھا، جلسہ تھا جس میں وہ، وہ کر چکے تھے جس سے اس خط میں منکر ہو گئے۔ کیا خوب مفتی ہو کر جھوٹ بولے تو فتوے ہی کی

نسبت۔ افسوس کہ یہ فعل ان کے تقدس کو ہر گز زیبا اور شان مقتیت کے کس طرح شایاں نہ تھا۔ حیرت تو یہ ہے کہ مفتی صاحب نے اتنا بھی خیال نہ کیا کہ ایک مجمع اور جلسہ کی بات صرف ان کی جھٹلانے سے کیوں کر جھوٹ ہو جائے گی۔ اور جو لوگ وہاں موجود تھے ان کی نظروں میں مفتی صاحب کی کیا وقعت رہ جائے گی۔ حضرت مفتی صاحب کے اس صریح جھوٹ بولنے اور ایک عالم متقی محدث کی تکذیب کرنے پر اہل ایمان کے دلوں کی جو حالت اور اہل سنت کے تحیر کی جو کیفیت تھی اس کو کیا بیان کیا جائے۔ میں نے اسی ماہ میں رسالہ حادثہ جانکاہ تالیف کر کے چھپوایا۔ اور ارباب ندوہ کی خدمت میں حاضر کر دیا تھا جس کے جواب سے ان حضرات نے آج تک مشرف نہیں کیا۔ اُسی رسالہ کے آخر میں یہ بھی عرض کیا گیا تھا کہ اس معاملہ میں اگر مولانا اشرفی سے شہادت لی جائے کیوں کہ وہ مفتی صاحب کے شاگرد رشید بھی ہیں اور اس جلسہ میں موجود بھی تھے، جس میں حضرت مولانا صاحب بدایونی نے کتاب روئداد ندوہ کو پیش اور ارباب ندوہ کی غلطیوں بلکہ خاص ناظم صاحب کے ہفوات کو مفتی صاحب کے سامنے ظاہر فرمایا تھا، تو ہمیں گمان غالب ہے کہ باوجود اس کے کہ مولانا اشرفی مفتی صاحب کے شاگرد بھی ہیں، صحبت یافتہ بھی ہیں، مقیم بھی انہیں کے پاس ہیں، مگر حضرت مخدوم سید اشرف جہاں گیر کچھو چھوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اولاد میں ہونا مولانا اشرفی صاحب کو ہر گز جھوٹ نہ بولنے دے گا، اور اس معاملہ کو صحیح طور سے بیان کرا دے گا۔

حسن اتفاق سے رجب کے مہینہ میں میرا اور مولانا اشرفی صاحب کا اجتماع اور اتفاق خاص بہرائچ مخصوص حضرت سید سالا مسعود وغازی رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ شریف میں ہو گیا۔ اور یہی تذکرہ پیش آیا۔ مولانا اشرفی صاحب نے علی الاعلان صاف صاف بیان فرما دیا کہ کچھ شبہہ نہیں میری مواجہہ میں مولانا عبد القادر صاحب بدایونی نے تمام اعتراض

ندوہ پر مفتی صاحب کے سامنے پیش کئے اور ارباب ندوہ کے بہت سے اغلاط خصوصاً ناظم صاحب کی غلطیوں کو ظاہر کیا۔ اور کتاب روئداد ندوہ کو بھی پیش کیا اور ناظم صاحب کی عبارت کو نسبت مذاہب اربعہ کے لکھی ہے پڑھ کر سنا دیا۔ مجھ کو بھی اس وقت تک حیرت ہے کہ مفتی صاحب قبلہ نے یہ کیوں کر لکھ دیا کہ مولانا عبدالقادر صاحب بدایونی نے میرے سامنے نہ ندوہ کا کچھ ذکر کیا اور نہ ندوہ کی نسبت کوئی اعتراض پیش کیا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ ہمارا گمان صحیح نکلا اور جھوٹ سچ کھل گیا۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ مولانا! حق یہ ہے کہ اس پر آشوب وقت میں جن حضرات نے اہل اللہ کا دامن پکڑ لیا ہے وہی اس وقت کے فتنہ وفساد سے محفوظ ہیں۔ سچ فرمایا ہے حضرت خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

حافظا ازدست مدہ صحبت آن کشتی نوح

ورنہ طوفان حوادث ببرد بنیادت

اور سنئے میں جمادی الاخری میں ردولی شریف کے مقام پر حضرت شیخ العالم مخدوم شیخ عبدالحق صاحب ردولوی رحمۃ اللہ علیہ کے عرس شریف میں حاضر تھا۔ اور حضرت مولانا حاجی شاہ محمد حسین صاحب الہ آبادی اور جناب مولانا شاہ صوفی جان صاحب بھی تشریف رکھتے تھے۔ ۱۶ر تاریخ کو جمعہ کے دن یہ دونوں بزرگ خان کے پورے میں حضرت مولانا و مقتدانا حاجی حافظ شاہ سید عبدالصمد صاحب قبلہ کی ملاقات کو کہ وہ اسی محلہ میں مولوی فرید الدین احمد صاحب کے مکان پر قیام پذیر تھے تشریف لائے۔ اور بھی حضرات صوفیہ تشریف رکھتے تھے یہ احقر بھی اس جلسہ میں حاضر تھا۔ ندوہ کا ذکر و تذکرہ دیر تک رہا۔ ارباب ندوہ کی چالاکیوں اور بدمذہبی پر تمام حاضرین تعجب کرتے تھے۔

حضرت شاہ صوفی جان صاحب نے اپنے چند خواب بیان فرمائے ہیں۔ اُن کے

الفاظ کی نسبت اقرار نہیں کر سکتا کہ بعینہٖ یہی تھے، لیکن مضمون کو وثوق کے ساتھ عرض کرتا ہوں۔ شاہ صاحب نے فرمایا: کہ میں نے خواب میں دیکھا۔ میرٹھ میں کچھ ہاتھی لڑتے ہوئے زخمی خون اور ریم میں آلودہ جن کے اوپر بہت سی چیلیں اڑتی ہیں شہر میں گھسے ہوئے چلے آتے ہیں۔ اور پھر یہ خواب دیکھا کہ کچھ بھینسیں لوگوں کو مارتی ہوئی اور آپس میں لڑتی ہوئی شہر میں گھسی چلی آتی ہیں۔ میں نے اپنے ہمراہیوں سے کہا کہ تم درخت پر چڑھ جاؤ ورنہ تم اگر ان کا مقابلہ کروگے یا نیچے کھڑے رہوگے تو تم کو یہ پامال کر ڈالیں گی۔ صرف میں ان کا مقابلہ کروں گا۔ یہاں تک کہ میں نے ان بھینسوں سے مقابلہ کیا اور آنکھ کھل گئی۔ شاہ صاحب فرماتے تھے کہ میں متعجب و متحیر تھا کہ میں نے یہ کیسے خواب دیکھے۔ اور ان کا کیا مطلب ہے؟ ہر چند خوض کیا کچھ سمجھ میں نہ آیا۔

پھر میں نے یہ خواب دیکھا کلیر شریف کے دربار میں حاضر ہوں اور ایک بزرگ مجھ سے فرماتے ہیں کہ وہ جو تم نے ہاتھی دیکھا تھا وہ سید احمد خان کا جلسہ تھا جو میرٹھ میں قائم ہوا تھا۔ اور وہ جو بھینسیں دیکھی تھیں وہ اہل ندوہ تھے جو میرٹھ میں آئے۔ اللھم احفظنا۔ تمام حاضرین ان خوابوں کو سن کر متنبہ ہوئے اور اسی وقت فوری اثر ان خوابوں کا یہ ہوا کہ بعد ان حضرات کے تشریف لے جانے کے میرے معزز دوست مولوی فریدالدین احمد صاحب جو بظاہر ندوہ سے علاحدہ اور بباطن ارباب ندوہ کے کسی قدر ہم خیال تھے، کانوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر فرمانے لگے کہ اب میں بالقلب ندوہ سے الگ ہوا۔ اور ارباب ندوہ سے ہمہ تن بیزار ہوں۔ الحمدللہ رب العلیمن والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وآلہٖ واصحابہٖ واولیاء امتہٖ اجمعین۔ والسلام۔ فقط۔

الراقم: (جناب مولوی حافظ) سید محمد اخلاص حسین (صاحب سہسوانی از پھپھوند ضلع اٹاوہ

[محرم ۱۳۱۶ھ ص ۷ تا ۱۰]

مکتوب: مولانا عبدالقیوم بدایونی بنام قاضی صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مولوی صاحب مکرم زاد مجد ہم! بعد سلام مسنون کے واضح ہو۔ عنایت نامہ آپ کادربارہ حرام وخلاف اسلام ہونے اطلاق لفظ ناول اسلامی کے قصۂ یرغون وطاریون پر جو تحفۂ حنفیہ میں مطبوع ہوتا ہے موصول ہوا۔ موجب کمال ممنونی ہوا۔ مولانا!

فی الواقع مقتضائے محبت اسلامی کا یہی ہے کہ جو امر اپنے کسی بھائی مسلمان کا خلاف اسلام اپنے خیال میں معلوم ہو تو اس کو ضرور اطلاع دی جائے۔ اور دوسرے بھائی مسلمان کو بھی لازم ہے کہ مجرد اس اطلاع دہی پر بھی خوش ہو کر شکر گزاری کرے۔ عام اس سے کہ اس امر کو خلاف اسلام سمجھ کر ترک کر دے۔ یا اس امر کے خلاف اسلام ہونے پر کوئی دلیل قوی بنا کر پہلے خیال پر قائم رہے۔ لہٰذا میں اول آپ کا شکریہ محبت اسلامی ادا کر کے ثانیاً اس قدر گزارش کرتا ہوں کہ گو بالفرض لفظ ناول باعتبار اصل وضع لغوی کے مخصوص ساتھ خیالات باطلہ فرضیہ عشقیہ فسقیہ بھی تسلیم کرلیا جائے لیکن بر تقدیر ثبوت اس ادعائے وضعی کے بھی ہمارے یہاں کے استعمالات میں نہ اس میں تخصیص واقعہ خیالیہ فسق کے ہے نہ قصہ باطلہ فرضیہ عشق کے۔ بلکہ اطلاق اس کا ایک طرز خاص متعارف پر ہے۔ جو تمہید کے واسطے دلچسپی ناظرین کے لکھا جاتا ہے۔ پس دعویٰ لزوم طعن کا اسلام پر اور اس بنا پر حکم حرمت ومخالفت شریعت کا اس اطلاق پر مطلقاً باعتبار نظر اصل وضع لغوی کے کسی دلیل شرعی سے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ محاورات بزرگان اسلام میں ایسے الفاظ عجم کا استعمال ضرور پایا جاتا ہے۔

کہ گو وہ باعتبار اصل وضع عجم کے شرعاً قابل اطلاق نہ ہوں لیکن چوں کہ باعتبار

عرف خاص یاعام کے اصل وضع کا خیال مہجور ومتروک ہو گیا۔ ان کے استعمال میں بمعنی صحیح کے کوئی حرج نہیں جانا گیا ہے۔ مثلاً مشرکین اہل فارس جو معتقد تعدد خالق واجب الوجود کے ہو کر قائل دو خدا کے تھے ایک کو صرف خالق شر ور کا جانتے تھے جس کو وہ اپنی لغت میں اہرمن کہتے ہیں، دوسرے کو صرف خالق خیر کا جس کو وہ اپنی لغت میں یزداں وایزد کہتے ہیں۔

مگر بعد نقل کے محاوہ اہل اسلام میں اطلاق یزدان وایزد کا حضرت حق سبحانہ پر جو بلاشرکت خالق مطلق ہر خیر وشر کا ہے اولیائے کرام وعلمائے عظام کے اطباق واتفاق سے بکثرت شائع ہے۔ دیکھو باوجودیکہ اسمائے ذات وصفات حق سبحانہ توقیفی ہیں مگر اس اطلاق کو حرام وخلاف اسلام کسی نے بھی نہیں فرمایا۔

مکرما! میرے خیال میں اس وقت جو آیا بلا تکلف گزارش کیا گیا اگر احباب کے نزدیک قطع نظر استبعاد عادی سے کہ صرف نزاع لفظی سے زیادہ نہیں ہے اس کی قطعی حرمت اور اسلام کی مخالفت بدلائل شرعیہ ثابت جس کے بنا اس اطلاق پر الزام عیب اسلام کا لگایا گیا ہے تو مجھ کو ضرور اطلاع فرمائی جائے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ میں ضرور قبول کروں گا۔"

(حامی سنت ماحی بدعت جناب مولوی) محمد عبد القیوم (صاحب) بدایونی۔

[ربیع الآخر ۱۳۱۸ھ ص ۲ بطور ضمیمہ]

خط: مولانا نذیر الحسن ایرایانی بنام قاضی صاحب

یہ اقامت ہمیں پیغام سفر دیتی ہے
زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے

شفوقی وعطوفی مولانا مولوی قاضی محمد عبد الوحید صاحب اکرمکم اللہ تعالیٰ

ہدیہ سلام مسنون الاسلام قبول فرمائیں۔

ایک مختصر تحریر حاضر خدمت ہوتی ہے مع اس خط کے کسی پرچہ میں طبع فرمادیجئے گا۔ ماہ جمادی الاخریٰ سے چندروز عوارض جسمیہ میں مبتلا ہوں یہی مجبوری رہی کہ امسال حضرت خواجہ غریب نوازعلیہ الرحمہ کے عرس مبارک میں باوجودیکہ سالہاسال سے حاضری ناغہ نہ ہوتی تھی مجبوراً حاضر نہ ہوسکا۔ سخت رنج و قلق ہے۔ اب تک میری حالت بدستور رہے۔ دعافرمائیں ایسی کشمکش وضیق کی حالت میں کسی قسم کے مضامین کے لیے قلم اٹھانا اگرناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہے۔ مگر بخدا میرے دوست مولوی محمد عبدالقیوم بدایونی کی ناگہانی موت نے جس کی مفصل کیفیت حضرت مولانا عبد القادر صاحب بدایونی کے صحیفہ گرامی سے ظاہر ہوئی، مجھے ایساوارفتہ وبے خود کیاکہ مجبوراً زبانِ قلم سے جو کچھ نکلا صفحہ قرطاس پر درج کردیا گیا۔ یہ مضمون دراصل ایک مذہب سنت کے شیدائی وجان نثار ملت حنفیہ کے فدائی ووفادار کی مبارک یادگار ہے۔ اوراس صفت اضافی ونسبت قویہ کے باعث سب کچھ اور بہت کچھ ہے۔ واقعی یہ تحریر دلی حالت کا صاف صاف عکس اور قدرتی جذبات قلبیہ کی عکسی تصویر ہے۔ جس کا ہر خط وخال تصنع وبناوٹ کے روپ سے بری۔ شخصی تعزیت کا بہانہ حقیقتاً اسلامی سوزوگداز ہے۔ چشم باطن سے دیکھئے تو ظاہر ہو کہ یہ آہ اف ناشکیبائی سے نہیں، اک نازونیاز ہے۔ اہل راز اس نیاز سے بے خبر ہیں۔ جو آگاہ ہیں خشک لب چشم تر ہیں۔ جو درد نہ رکھے بے درد ہے مجہول ہے۔ درگاہ خداوندی میں صاحب درد فرد ہی مقبول ہے۔ آپ کا کیا کہنا آپ سب کچھ ہیں۔ آپ کی بڑی شان ہے۔ جو چاہا کیا اور جو ہونا ہو ہو۔

یہاں تو ہر حکم پر جان نثار دل قربان ہے۔ ونعمما قال ؎

نشود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت
سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب

اللہ اللہ کیاشان ارفع کیارتبۂ اعلیٰ ہے۔جب جہاداصغر کی صفت احیائٌ عند ربھم ہے جہاداکبر کے مراتب کاکیاپوچھنا۔وللہ درقائل ؎

ہرگزنہ میرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدہ عالم دوام ما

سبحانی مااعظم شانی کاترانہ، اناالحق کی صدا، تصرف موتی، کمالات خرق عادات، احیاسب بجاسب درست۔دیکھنے کو آنکھیں سننے کوکان چاہئے۔حقیقتاً عشق عاشق ومعشوق ایک ہے۔طالب طلب ومطلوب بقاکے مختلف اسماہیں۔حالت فنامیں مجموعہ ایک ہے۔نہ توتوہے نہ میں میں۔یہ ماومن خودی دانانیت کی پکار۔انار بکم الاعلیٰ کی بڑ، مجنونانہ۔سچ پوچھوسوچو سمجھو۔تو یہ سب اسی دنیاوی غفلت بے جامحبت کے باعث ہے۔موت کی یادہمارے جملہ امراض کاعلاج ہے۔یہی سبب ہوا کہ یہ ناچیز تحریر جس کانام یادگار قیومی ہے، زیور طبع سے آراستہ ہوکرہدیۂ ناظرین باتمکین ہوئی۔جوصاحب نفع اٹھائیں میرے مرحوم دوست کوجواس تحریر کے اصل بانی ہیں فاتحۂ خیر سے یادفرمائیں۔دنیائے سرائے فانی سمجھیں سفر کی تیاری کریں اورانجام بخیر ہونے کی دعا۔

دوستو!عزیزو! ذراقبلہ رخ ہوجاؤ میں دعاکروں تم آمین کہو۔اے اللہ اے واحد احد اے فرد صمد سمیع وبصیر علیم وخبیر۔ہم کو صراط مستقیم پر قائم رکھ۔ہماری لغزشوں خطاؤں سے درگزر فرما۔ہم نادم وپشیمان ہیں۔تیری جناب میں صدق دل سے توبہ کرتے ہیں۔تو قادرو قوی ہے۔ہم عاجزو مجبور۔اے بندہ پرور!بندہ نواز!

اپنے حبیب پاک صاحب لولاک محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل ان کی آل اطہارواصحاب کبار کے صدقے میں ہم سب پر رحم فرما۔ دین دار کھ اوردین دارا ٹھا۔ جب تک رہیں تیرے رہیں اور جب مریں تیرے مریں۔ دنیا کے چندروزہ زندگی پر مغرور نہ ہوں۔ تیری سچی طلب ہو۔ اورانجام بخیر۔

آمین آمین یااللہ العالمین بحرمۃ سیدالمرسلین وآلہ الطاھرین واصحابہ الطیبین واولیاء امتہ اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین۔''

[تحفۂ حنفیہ: ذوالقعدہ وذوالحجہ ۱۳۱۸ھ ص ۱،۲]

مکتوب: مولاناعبدالواحد خاں رامپوری وحضرت شاہ مولاناامین فردوسی

خط نقل کرنے سے قبل قاضی صاحب نے درج ذیل تبصرہ فرمایاخط کے ساتھ وہ بھی ملاحظہ ہو:

الحیاء شعبۃ من الایمان (شرم چہ کتی است پیش ندویان بیاید)

سنی مسلمانو! آپ کو یاد ہو گا کہ جلد دوم پرچۂ تحفہ حنفیہ بابت شعبان المعظم ۱۳۱۶ھ میں ایک مضمون اس سرخی ''مولوی سلیمان پھلواری اپنے پچھلے قصوروں سے بیزاری'' سے شائع ہوا تھا۔ اور مظنون یہ تھا کہ شاہ سلیمان صاحب نے رجوع الی الحق فرما کر جلسہ ندوہ مطرودہ سے ضرور کنارہ کشی کی ہوگی۔ کہ آخر ابتدا سے پورے ندوہ کُش یعنی مخالف روافض ووہابیہ ونیاچرہ رہے ہیں۔ عمر بھر ان گمراہوں کی تردید کرتے گزری ہے انہیں برا بھلا کہتے کٹی ہے۔ شاید اسی کا پاس رہاہو۔ مگر مراسلہ حامی سنت ماحی ضلالت مولاناشاہ محمد عبدالواحد خان صاحب رامفوری مدرس اعلیٰ مدرسہ فیض رسول بہار سے مجھے

حسرت ہی نہیں بلکہ شاہ صاحب کی جانب سے سخت مایوسی پیدا ہوئی کہ الٰہ العٰلمین!

یہ کیاماجراہے ؟ایسے سچے واقعے سے جیتاانکارکیوں کرروار کھاگیا۔حضاروقائع کوپھلواری صاحب کیامنہ دکھائیں گے۔انہماک فی الضلالت بھی آخرحیابھی توکوئی چیزہے۔مگراسی اوپروالی سرخی نے میری تسکین کردی۔لیجئے وہ نامہ(۱)ملاحظہ کیجئے۔

مکتوب:

جناب مولاناعبدالوحید صاحب یسلم۔میں بعافیت ہوں خیریت کاخواستگارہوں مولوی سلیمان پھلواری بہارآئے۔میں نے حافظ محمد حسین کوان کے پاس بھیجاکہ آپ ندوہ کے شریک ہیں یاندوہ سے کنارہ ہوگئے۔انہوں نے کہاکہ ہم پکارپکارکرکہتے ہیں ہم ندوہ کے شریک ہیں۔قاضی عبدالوحید صاحب نے جوتحفہ میں شائع کیاہے کہ مولوی سلیمان نے ندوہ سے کنارہ کشی اختیارکی جھوٹ ہے۔انتہیٰ بقدرالضرورت۔محمد عبدالواحد خاں۔۔۔ پنجشنبہ ۱۲ر شوال۱۳۱۶ھ۔ازبہار۔شاہ صاحب پھلواری کے اس قول کی رکاکت کاحال ابھی ابھی معلوم ہواجاتاہے۔ردولی شریف دورنہیں،وہاں کے صاحب سجادہ مدظلہ ہی حکم قراردے دئے جائیں۔پھرمعلوم ہوکہ شاہ صاحب کتنے راست گوہیں۔غضب تویہ ہے کہ جب دن دھاڑے ایسے مقدس بزرگ سرتاج مشائخ فردوسیہ حضرت مولاناشاہ امین احمد صاحب فردوسی قبلہ صاحب سجادہ مخدوم الملک قدس سرہ العزیزپرافتراکریں۔ صریح تہمت باندھیں وہ بھی کہاں کہ وہیں بہارشریف میں۔پھرمیں بےچارہ کیا۔

آنجاکہ عقاب پربریزد۔ازپشۂ لاغرچہ خیزد

ہم دعاکرتے ہیں کہ خداشاہ صاحب پھلواری کوہدایت دےاورندوہ مخذولہ کے دام سے نکالے۔ورنہ ایسے ایسے لاکھ فتنے اس کے گرہ میں ہیں۔(۲)(منتظم تحفہ)

مکتوب

عزیز دلی سعید ازلی مولوی قاضی حافظ عبد الوحید صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

بعد دعوات ترقی درجات مطالعہ باد۔ الحمد للہ بہمہ نوع خیریت ہے۔ خیریت آپ کی اور جمیع متعلقین کی خدائے کریم کی درگاہ سے مستدعی ہوں ۔حال تازہ بتقریب عرس شریف مولوی سلیمان صاحب بہار آئے۔ شریک عرس شریف ہوئے اور مجھ سے ملاقات کی۔ دوسرے روز میرے یہاں کئی صاحبوں کی دعوت تھی میں نے انہیں بھی مدعو کیا۔ چنانچہ وہ دس گیارہ بجے سے آئے۔ پہلے تو کچھ ادھر اُدھر کی باتیں رہیں پھر وہ ندوہ کے متعلق باتیں کرتے رہے۔ میں چپکا سنتا رہا وہ کہے گئے۔ یہاں سے جاکر انہوں نے مشہور کیا کہ شاہ صاحب نے ندوہ کو بہت سی دعائیں دیں اوراپنی موافقت ظاہر کی۔ اب ذرا ان لوگوں کے کید دیکھئے۔ اول تو ناشدہ بات وہ بھی کیسی وہم وگمان سے باہر۔ اور کہاں اسی شہر میں یوں مشہور کی۔ خدا جانے کس قماش کے یہ لوگ ہیں۔

امین احمد فردوسی، از بہار۔

(۱) مولوی سلیمان پھلواری کا رفض ملاحظہ ہو کہ بہار شریف میں وعظ کہنے بیٹھے اور صاف بیان کئے کہ ان شیعوں کو برا نہ ہو جو قرآن مجید کو ناقص وغیر محفوظ کہتے ہیں۔ بلکہ ان سے اتحاد چاہئے۔ ایسے روافض کافر نہیں ۔احقر نے کہا کہ یہ بات لکھ دیجئے اور مہر کر دیجئے ۔ مگر شاہ سلیمان صاحب پھلواری رکن ندوہ نے انکار کیا۔ بلکہ استاذی مولانا عبد الواحد خاں صاحب کے مستعدی مناظرہ پر چلتے بنے۔ لاحول ولاقوۃ الاباللہ۔

الراقم خادم الطلبہ حافظ محمد حسین حنفی از مدرسہ فیض رسول بہار۔

(۲) احقر بھی بہار شریف حاضر ہوا حضرت شاہ صاحب قبلہ سے بنظر مزید

اطمینان تصدیق تامہ کروائی۔ حضرت شاہ صاحب قبلہ نے فرمایا کہ میں نے تو ندوہ کے جلسہ میں ظلمت معلوم ہونا بیان کیا تھا۔ اور پھلواری صاحب نے تو الٹا مشہور کیا۔ انا اللہ ثم انا اللہ۔ (منتظم تحفہ)

(ندوہ کے یہ مفاسد اجلہ ارباب ندوہ کے یہ مکائد عقلا کو ندوہ سے احتراز کرنے کے لیے کافی ہیں۔ منتظم تحفہ۔ [تحفۂ حنفیہ: ذوالحجہ ۱۳۱۶ھ ص ۳۱،۳۰]

خط: مولانا محمود جان کاٹھیاواڑ بنام قاضی صاحب

خلیفہ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت، مولانا محمود جان کھاٹھیاواڑ نے تحفہ حنفیہ کے حوالے سے قاضی صاحب کے نام خط ارسال فرمایا جو قاضی صاحب کے تبصرے کے ساتھ رسالہ میں شائع ہوا ہے ہم خط مع تبصرہ پیش کر رہے ہیں:

تحفہ حنفیہ

جس نے اس کے مضامین پر سرسری نظر بھی ڈالی ہو گی وہ اس امر کو بخوبی سمجھ گیا ہو گا کہ اس کا موضوع اور علت غائی تائید مذہب اہل سنت تردید کفر و بدعت ہے۔ اہل اسلام کو خواب غفلت سے بیدار کرتا مذہب حق کی طرف بلاتا ہے جو کوئی مذہب سنت پر حملہ آور ہوتا ہے اس کی اچھی طرح گوشمالی کرتا ہے نئے نئے فتنے جو دین میں پیدا ہوتے ہیں ان کا استیصال کرتا ہے نہ اس نے نیچریوں کی طرح رفتار زمانہ کو سیکھا نہ ندویوں کی طرح مصلحت زمانہ کا سبق لیا۔ نہ رافضیوں کی طرح کسی وقت تقیہ کیا۔ نہ وہابیوں کی طرح آسانی کو برتا۔ یہ بلا رورعایت اپنے فرض منصبی کو ادا کر رہا ہے چند ہی سال میں نہ انوار اسلامی سے ہندوستان و دیگر ممالک کو منور کر دیا۔ تحقیقات علمی اس کا حصہ ہے۔ بڑے بڑے علما و فضلا کا کلام ہدایت نظام فصاحت و بلاغت التیام درج ہوتا ہے۔

یہ وہ تحفہ ہے کہ اہل علم، اہل ورع اس کو حرز جان بناتے، اس پر جان ومال قربان فرماتے ہیں ۔ بہت حضرات نے اس کی مدح وثنامیں تحریریں بھیجیں بڑی بڑی عبارتیں لکھیں اگرسب کودرج کیاجائے توایک رسالہ ہوجائے صرف بخیال آگاہی ناظرین دوصاحبوں کی تحریروں پر اکتفاکرتاہوں جوخالی دل چسپی سے نہیں۔

نقل دوخطوط مولانامولوی محمود جان صاحب ازملک کاٹھیاواڑبقدرضرورت۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی النبی الکریم

مخدوم مکرم شمس العلمابدرالکملامولانا قاضی محمد عبدالوحید صاحب دام مجدکم

بعد تسلیم بصد تعظیم کے واضح رای عالی ہو کہ کل کے روز مبلغ دوروپے بذریعہ منی آڈرارسال خدمت شریف کرچکاہوں۔امید کہ بمجرد مطالعہ نیازنامہ محرم شریف ۱۳۲۱ھ سے تحفہ شریفہ کے اجراسے مسرور فرمادیں ۔اورعاجزکانام تبرکاًوتیمناًدفترخریداران تحفہ معظمہ میں داخل کیاجائے۔بقول حضرت مولاناجامی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

چہ باشد گرچہ من کاسد قماشم
کہ در سلک خریدارانش باشم

واللہ اس زمانہ پرشوروفتن میں تحفے کوعروۃ الوثقیٰ سمجھتاہوں ۔اورسنت وجماعت کے واسطے حضرت خضرعلیہ السلام کی رہنمائی سے کچھ کم نہیں جانتا۔اورحضرت مہدی موعود کے وقت میں جودینی نصرتیں ظاہرہوں گی اس تحفے کوانہیں نصرتوں کے قریب قریب ایک نصرت سنت مانتاہوں ۔اس تحفے نے کل امت مرحومہ کوممنون فرمایا۔یہ تحفہ معظمہ شیاطین دزدان ایمان سے ایمان کوبچانے والاہے۔واللہ باللہ ثم تاللہ فدوی بلکہ تمام احناف پر آپ کے تحفے کی قدردانی مفروضات سے ہے اورسنت وجماعت کے واسطے ناخداہے۔روافض، خوارج ودیگرملاعنہ نیچریہ نجدیہ کی بیخ کنی کرنے والاہے۔

زیر فلک ایسا حجت قاطع کسی کو دستیاب نہ ہوا۔ حق تعالیٰ جل وعلا بطفیل خاتم الانبیا علیہ التحیۃ والثنا تمام سنی بھائیوں کو تحفہ مکرمہ کی قدردانی کی ہدایت بخشے۔ اوراس کے ناظم وحضرت مولانا محمد ضیاء الدین مہتمم صاحب اسم بامسمیٰ اور حضرات معاونین تحفہ مبارکہ اور حضرات مضامین دہندگان وساعیان تبجیل تحفہ منورہ خصوصاً اعلیٰ حضرت تاج الفحول وحضرت مجدد ماۃ حاضرہ مولانا مولوی احمد رضا خان صاحب وحضرت تاج العلما مولانا وسندنا حضرت محدث سورتی صاحب اعلیٰ مدرس مدرسہ ابر کرم دام فیضہم القوی وجمیع مدرسین مدرسہ شریفہ وحضرت مولانا مولوی نذیر الحسن صاحب ایرایانی فتح پوری کو اس کے صلے میں جزائے خیر بخشے اوران حضرات کی سعی بلیغ کو مشکور فرمائے اور برکات سے ان حضرات کے عاصی محمود جان الحنفی القادری الپشاوری ثم الجام جودھپوری کاٹھیاواڑی کو اپنے پاک مذہب مقدس ملت سنت وجماعت پر قائم رکھے۔ اور فرق ضالہ رافضیہ خارجیہ نجدیہ ندویہ وغیرہا کے شر وروفتن سے محفوظ رکھے۔

آمین ثم آمین۔ یا رب العٰلمین بجاہ سید المرسلین وآلہ الطیبین الطاہرین علیہ وعلیھم الصلاۃ والسلام الی یوم الدین'' [تحفۂ حنفیہ، محرم، ۱۳۲۱ھ ص ۳۵، ۳۴]

خط: مولانا عبد الرحیم گجرات بنام قاضی صاحب

حامدا ومصلیا ومسلما امابعد:

محبی مخلصی حامی دین متین، جناب قاضی عبد الوحید صاحب دام محبتکم!

بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے عالی ہو کہ راقم الحروف نے حضرت مولانا مولوی حاجی محمد احمد رضا خان صاحب بریلوی عم فیضہ الجلی والخفی کی نسبت وحشت اثر خبریں سنیں نیز بعض اخباروں میں بھی دیکھا کہ مکۂ معظمہ میں ان کے ساتھ لوگ بے لطفی سے پیش آئے چند روز تک اسی طرح کی خبروں کی نہایت گرما گرمی رہی۔

ایسی حالت میں بندہ کو مناسب یہ معلوم ہوا کہ مکۂ معظمہ سے حالت اصلی دریافت کی جائے چناں چہ تاریخ ۳۰/ ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ مطابق ۲۳/ جون ۱۹۰۶ء کو ایک عریضہ رجسٹری کرا کے بنام نامی حضرت مولانا مولوی محمد عبد الحق صاحب مہاجر مکی عم فیضہ کی عالی خدمت میں روانہ کر دیا جس کی رسید بمبئی کے ڈاک خانہ کی میرے پاس موجود ہے۔

راقم نے یہ مضمون لکھا تھا کہ مخالفین نے مولانا بریلوی عم فیضہ الجلی والخفی کی نسبت ایسی غلط خبریں اخباروں میں چھپوائی ہیں لہٰذا جو کیفیت سچی وہاں ہوئی ہے اور آپ اُس سے واقف ہوں اُس کو لکھ کر ضرور میری جانب روانہ فرمائیے تاکہ مخالفین کی زبانِ باطل بند ہو جائے۔ اور مجھ کو بھی حالت اصلی معلوم ہو جائے۔ مولانا ممدوح نے اس عریضے کے جواب میں ایک محبت نامہ تاریخ ۲۳/ ماہ جمادی الثانی ۱۳۲۴ھ میرے نام پر روانہ کیا ہے۔ بندہ اس کی نقل مطابق اصل کے خدمت میں بھیجتا ہے آپ اس کو اپنے تحفۂ حنفیہ کے کسی رسالے میں چھپوا دیجیے۔ تاکہ اظہارِ حق و ازہاق باطل بخوبی ہو جائے۔ ممنون و مشکور ہوں گا۔ فقط۔

از احمد آباد گجرات، دکن، محلہ جمال پور متصل مسجد کانچ رقیمہ عبد الرحیم بن پیر بخش عفی عنہما۔ تاریخ ۲۵/ جمادی الثانی ۱۳۲۴ھ روز جمعہ۔

[تحفۂ حنفیہ:، رجب، ۱۳۲۴ھ ص ۴۳ و ۴۴]

خط: مولانا عبد الحق مکی مہاجر الہ آبادی

"بخدمت شریف جناب مولانا مولوی محمد وحید صاحب!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مضمون واحد۔

بعد وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ عرض آں کہ عنایت نامہ لکھا ہوا کیم ربیع الآخر بیسویں رجب روز آخر قریب مغرب کو پہنچا۔ احوال مرقومہ سب معلوم ہوا یہ جو

خبر بہ نسبت حضرت مولانا جناب مولوی محمد احمد رضا خان صاحب سلمہ اللہ الواہب بد دینوں نے اُڑائی ہے محض کذب ہے لا اصل لہ نعوذ باللہ منہ ثم نعوذ باللہ منہ حضرت مولانا صاحب عم فیضہ کو وہ عزت و آبرو حرمین شریفین زادہما اللہ تعظیماً و تشریفاً میں حاصل ہوئی کہ شاید و باید اور مخالفین مرجفین نے دونوں جگہ بہت کوشش و سعی ذلت دینے میں کی مگر خود ہی خوار و ذلیل ہوئے۔ خابوا و خسروا تمام فضلا و کملا دونوں بقعہ شریفہ کے آپ کے فضل و کمال کے قائل ہوئے۔ اور آپ کے رسالۂ شریفہ پر تقریظیں لکھیں اور مہروں سے مزین فرمایا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عن قریب بعد چھپنے اس رسالۂ منیفہ کے سب پر یہ امر منکشف ہو جائے گا۔ عیاں راچہ بیاں۔

اور حال آپ کی مقبولیت رسالۂ موصوفہ کا تحریر و تقریر جناب حضرت شیخ الاسلام سلمہ اللہ ذوالجلال و الاکرام سے بھی جو کہ بالفعل دارالسلطنت قسطنطنیہ میں اس مرتبہ عالیہ پر مشرف ہیں بہت ہی جلد سب پر واضح و لائح ہو جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ حق سبحانہ و تعالیٰ حضرت مولانا صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے متع اللہ المسلمین بطول بقائہٖ آمین بمنہ و کرمہ حضرت جناب مولانا بعد تشریف لانے کے یہاں چند بار علیل ہو گئے علی الخصوص وقت روانگی قافلہ بعد از فراغ حج یہاں تک اس باعث و بباعث اشتداد گرما عزم ہونے لگا کہ طائف شریف تا بقائے اشتداد گرما برعایت رفقا قیام ہووے من بعد سفر زیارت جناب حضرت سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا جائے مگر۔

واللہ غالب علیٰ امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون ؎

بود ہر کسے را دگر گونہ رائے

نباشد مگر آنچہ خواہد خدائے

یکایک سامان سفر مدینہ منورہ علی صاحبہا الصلاۃ و السلام ہو گیا اور اعلانیہ حضرت

جناب موصوف بے طواف الوداع بعد اشراق کیا اور جم غفیر کے ساتھ مکہ معظمہ زادہا اللہ تعالیٰ تعظیماً و تشریفاً سے مدینۂ منورہ علیٰ صاحبہا الصلاۃ و السلام تشریف لے گئے۔ اور بعد حصول زیارت حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متوجہ بطرف ہندوستان ہوئے در حقیقت یہ امر ہے اور مخالفون نے بباعث خبث باطن جو خلاف اس کے مشہور کیا ہے وہ سب کذب وافترا ہے۔ نعوذ باللہ منه سبحانك هذا بهتان عظيم و السلام مع التعظيم والاکرام۔ مہر (محمد عبد الحق ۱۳۱۸ھ))

مکرر آں کہ اس عنایت نامہ میں لکھا تھا ٹکٹ ۳/ ارسال ہے۔ اس میں کوئی ٹکٹ دستیاب نہ ہوئے اور اطلاعاً عرض ہے اور ٹکٹ ہند یہاں مروج نہیں ہے بے کام ہے۔

[تحفۂ حنفیہ:، شوال المکرم، ۱۳۲۴ھ ص ۴۴، ۴۳]

خط: مولانا محمد اسحاق بنام قاضی صاحب

بعالی خدمت جناب مولانا مولوی قاضی عبد الوحید صاحب!

بعد سلام مسنون عرض ایں کہ بحمد اللہ و المنہ بندہ سفر حج سے بخیریت تمام مقام جالہ (غریب خانہ) پہنچا۔ حسب الحکم حضرت فاضل بریلوی کی نسبت کما حقہ دریافت کیا۔ شیخ الدلائل مولانا استاذنا عبد الحق صاحب مد ظلہ، شیخ العلماء مولانا بابصیل مفتی شافعیہ، شیخ الفقہاء و الخطبا مولانا ابوالخیر مفتی حنفیہ، حافظ امام الدین صاحب سیالکوٹی یکے از مشائخ مشہورین وغیرہم سے خود جاکر قدم بوس ہوا اور ہر ایک کو ان کی تعریف میں دفتر بیان کرتے سنا۔ جو جو خبریں ہندوستان میں سنی تھیں ہر ایک کو میں ظاہر کرتا تھا۔ اور وہ حضرات لعنة الله على الكاذبين یا هذا كذب یا حاشا و کلا، فرماتے جاتے تھے۔ جب میں نے پوچھا کہ آپ حضرات کے نزدیک عقائد ان کے کیسے تھے؟

مفتی شافعیہ نے طیب طیب فرمایا۔بقیہ الفاظ مدحیہ بعینہا یاد نہیں رہے۔ مفتی حنفیہ کے یہ الفاظ بعینہا یاد ہیں:

واللہ ما رأیت رجلاً مثلہ نحن معشر العلماء کنا متمنین ان یقیم مولانا سنۃ اوسنتین۔ انت یا اخی اذا وصلت بریلی اقرأ سلامی بالاشتیاق التام علیہ و علی ابنہ مولانا حامد رضا انتھی۔

جنابا! میں نے نقل بالمعنی مناسب نہیں جانااور شیخ الدلائل کے بیان کے بعد تطبیق خط سابق کی ضرورت نہ دیکھ کر اسی پر اکتفا کیا۔ جس کو اس کے حق ہونے میں اب بھی کلام ہو وہ مجھ سے اور بین بین ثبوت طلب کرے میں جس جس مستند علما فضلا کے پاس جاتا تھا۔۔۔ تاہم دوسرے لوگوں کو بھی لے جاتا تھا تاکہ شہادت علی الشہادۃ کا کام دے۔ افسوس! بوجہ عدم تندرستی و کمی زاد راہ بریلی نہ جاسکا بذریعۂ عریضہ سلام پہنچاتا ہوں جس قدر پرچے رمضان شریف سے ربیع الاول تک باقی ہیں سب عنایت فرمائیے۔

خادم محمد اسحاق: موضع جالہ ڈاک خانہ جوگیارہ، ضلع دربھنگہ۔"

[تحفۂ حنفیہ:، جمادی الاخریٰ ۱۳۲۵ھ ص ۳۶]

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی

اعلیٰ حضرت کا ایک خط بنام جناب لعل خاں صاحب ماہنامہ میں شائع ہوا جس میں قاضی صاحب کے حوالے سے درج ذیل اقتباس ملاحظہ ہو:

"آپ اور مولانا قاضی عبد الوحید صاحب اور مولانا مولوی وصی احمد صاحب محدث سورتی کی شان کا ایک ایک سنی بھی ہر شہر میں ہو جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اہل سنت کا طوطی بول جائے۔ فقیر احمد رضا قادری غفرلہ، رجب ۱۳۲۱ھ"

[تحفۂ حنفیہ: جمادی الاولیٰ ۱۳۲۵ھ ص ۱۵]

مولانا ضیاء الدین پیلی بھیتی

مولانا ضیاء الدین صاحب نے پوکھریرا اور بنارس میں اہل سنت کے دو جلسوں کی روداد اور ہندوستان میں موجود فرقہائے باطلہ کے عقائد و نظریات کا بیان اور علمائے حق کی مدح وثنا پر مشتمل مسدس تحریر فرمایا۔ کتاب کا تاریخی نام باعتبار تصنیف "توضیح ملل" ۱۳۲۴ھ، رکھا۔ اور باعتبار طباعت تاریخی نام "تذکرہ" ۱۳۲۵ھ، رکھا۔ یہ رسالہ تحفہ حنفیہ کے شماروں بابت ربیع الاول سے جمادی الاولیٰ ۱۳۲۶ھ میں قسط وار شائع ہوا۔ مکمل رسالہ ۳۸ر صفحات کا ہے۔ اس رسالہ میں قاضی صاحب کے حوالے سے مدحیہ اشعار نقل کئے دیتے ہیں۔

لقب جن کا قاضی وہ ممدوح عالم ہے عبد وحید ان کا نام مکرم
حمایت میں رہتے ہیں سنت کی ہر دم سمجھتے ہیں ہر کام سے اس کو اقدم
کیا صرف مال کثیر اور ہیں کرتے
غوی و شقی نام سے ان کے ڈرتے
وہ ہیں چرخ تقریر کے بدر انور نہیں گفتگو میں کوئی ان کا ہمسر
قضارا کوئی ان سے باطل کا یاور ہوا جب مکالم گیا منہ کی کھا کر
بہاری کو آئی یہ نوبت ہے اکثر
ہوا پیش قاضی زبر زیر ابتر
انہیں نے بعون وبتوفیق باری کیا مطبع دیں کو پٹنے میں جاری
کہ شائع ہو اک پرچۂ ماہواری ہمیشہ رہے اس سے سنت کی یاری
ہے قاضی کے دم سے یہ مذہب کی نصرت
فیوض ان کے دائم رکھے رب عزت

[ربیع الاول ۱۳۲۶ھ ص ۴۴]

مزید لکھتے ہیں:

”جب اجرائے تحفہ سے مالک تحفہ جناب مولانا مولوی قاضی عبد الوحید صاحب دام ظلہم کا احسان خلق پر متیقن ہوا اور تحفہ کی وجہ سے بوجوہ متعددہ نفع خلائق ان سے یقینی طور پر متعین ہوا تو اگر ہم قاضی صاحب کو احب الناس اور اجود الناس کہیں تو بے شک بجا اور بہت بجا، بلکہ خیر الناس کا خطاب دیں تو بے شبہہ روا۔ اور اس دعوی پر برہان قاطع اور دلیل ساطع حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان واجب الاذعان ہے۔ الناس عیال اللہ (لوگ اللہ تعالیٰ کے عیال ہیں اور محبوب تر آدمیوں کا وہ شخص ہے

کہ جس نے بھلائی کی اس کی عیال کے ساتھ)واحب الناس من احسن الی عیالہٖ او ر اللہ اجود جود او انا اجود بنی آدم و اجودھم بعدی رجل علم علما فنشرہ
(اللہ تعالیٰ بخشش میں بہت بڑا سخی ہے اور میں تمام اولاد آدم علیہ السلام سے زیادہ سخی ہوں اور میرے بعد اولاد آدم سے زیادہ سخی وہ آدمی ہے جس نے علم سیکھا اوراس کی اشاعت کی)اور خیر الناس من ینفع الناس (بہتر لوگوں کا وہ شخص ہے جو نفع پہنچائے لوگوں کو)" [تحفہ ٔحنفیہ: محرم ۱۳۲۳ھ]

باقیات

آپ نے تین بیٹے چھوڑے تھے جن میں ایک قاضی عبد الودود تھے جو آپ کے بعد رسالہ کے منتظم اور مدرسہ کے مہتمم ہوئے۔

سفر آخرت

۳۶/سال ۷/ماہ ۲۳/دن اس دار فانی میں گزار کر ۲۰/ربیع الاول ۱۳۲۶ھ بدھ کی شب رات کے دو بجے ،داربقا کو روانہ ہوگئے۔ نماز جنازہ حضور اعلیٰ حضرت نے پڑھائی۔ مقام جٹھلی جو پٹنہ سے دو کوس دور تھا اس میں مخدوم شرف بہاری علیہ الرحمہ کے نانا حضور سیدنا شہاب الدین معروف بہ پیر جگجوت علیہ الرحمہ کے مزار کے پاس تدفین عمل میں آئی۔

مولانا ضیاء الدین صاحب لکھتے ہیں:

"یہ صاحب اعانت سنت اماتت بدعت میں وحید تھے۔ پٹنہ عظیم آباد میں پیدا ہوئے۔ اوراسی شہر میں ۲۰/ربیع الاول شریف ۱۳۲۶ھ کو انتقال کر گئے۔ ۳۶/سال ۷/ماہ ۲۳/دن کی عمر پائی۔ اتنی ہی عمر میں بڑے بڑے دینی کام انجام کو پہنچائے۔ ہزاروں

روپے دین پر لٹائے۔ حمایت سنت میں ہر وقت جان و مال سے مستعد رہتے۔ اسلام کا بول بالا کرنے میں طرح طرح کی تکلیفیں سہتے اور کچھ پروانہ کرتے تھے۔

غفر اللہ تعالیٰ ذنوبہ و ستر عیوبہ و جعل مثواہ دار السلام و حشرہ فی زمرۃ اولیاہ الکرام آمین یا خالق الانام۔

[تحفۂ حنفیہ: ربیع الاول ۱۳۲۶ھ ص ۴۴]

آپ کے وصال پر اہل سنت کے نامور شعرا نے تاریخی قطعات و رباعیات اور تعزیتی کلام لکھے جو ماہنامہ تحفۂ حنفیہ میں شائع ہوئے ہم یہاں نقل کئے دیتے ہیں۔:

قطعۂ تاریخ انتقال حضرت مولوی حافظ قاضی عبد الوحید مرحوم رئیس پٹنہ غفر لہ خالق البریہ

از نتائج فکر سلیم و ذہن مستقیم جناب مولوی حکیم محمد شہود الحق صاحب رمضان پوری تلمیذ جناب منشی سید محمد باقر صاحب عظیم آبادی صانہما اللہ عن شر و ر الاعادی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ ہیں معاملہ زندگی و موت اے دوست	کہ آج تک نہ ہوا کوئی محرم اسرار
جو ان کے سر نہاں سے کوئی ہوا آگاہ	تو اس نے بھی تو نہ کھولا کبھی لب اظہار
مگر سوجھا دیا اتنا تو زور قدرت نے	کہ اس کو مان لیا اک جہاں نے بے تکرار
جو جینے والا ہے ہرگز وہ مر نہیں سکتا	جو مرنے والا ہے جینے کا وہ نہیں زنہار
گدا و شاہ ہیں مرنے میں دونوں ایک مگر	جو حق کے ساتھ ہیں ان کا کچھ اور ہی ہے شمار
انہیں کا جینا ہے جینا انہیں کی موت ہے موت	جو اپنی ذات کو بھی کرتے ہیں خدا پہ نثار
انہیں کو عیش ہے حاصل جو جان و دل سے ہیں	مطیع حکم خدا و محمد مختار ﷺ

جو صرف کرتے ہیں عمر اپنی اچھے کاموں میں — وہ اور ہی ہیں بشر پیش ایزد غفار

رضائے حق کے جو رہتے ہیں رات دن جویا — خدا بھی کرتا ہے پایہ کو ان کے عرش وقار

مآل کار پہ جن کی نظر ہے دنیا کی — وہی تو پاتے ہیں کچھ رتبۂ اولی الابصار

اک اک کتاب میں احوال ان کے ہیں مرقوم — تمہاری عمر سے جو گزرے پیشتر اخبار

خدا کے کام میں کیسے تھے خود بھی وہ کیا تھے — میں کیا کہوں کہ جب آگاہ ہیں صغار وکبار

تمہیں بتاؤ تمہیں سے یہ پوچھتا ہوں میں — وہ کیسے لوگ تھے جو قصر دیں کے تھے معمار

یہ ہر طرح سے عیاں ہے نہاں نہیں بخدا — دو عالم ان کے لیے ہے جو لوگ ہیں دین دار

یہ اگلے لوگوں کا تھا ذکر اس کو جانے دو — سنو فسانہ عبد الوحید نیکوکار

وہ آج چشم خلائق سے ہو گیا روپوش — یہ بات کل ہی کی ہے حاصل اس کا تھا دیدار

فنا پذیر ہوا چشم خلق میں تو کیا — جو جان حسن عمل ہے تو سمجھو ہے جاندار

مآل کار بشر ہے جو ارتضائے خدا — بہت کچھ اس کا وہ مرحوم کر گیا اظہار

گیا جو سایۂ لطف خدائے پاک میں وہ — اب اس سے بڑھ کے بھی دنیا میں ہے نتیجہ کار

میں اس کو یوں نہیں کہتا ہوں۔۔۔ کرم — سمجھنا اس کا تو آساں ہے کچھ نہیں دشوار

نگاہ غور سے دیکھو تو اس کی جانب تم — کہ فعل کیسے تھے کیسی روش تھی کیا گفتار

کیے زمانۂ طفلی سے اس نے کیا کیا کام — رہا وہ کون سی لیلی کی دھن میں مجنوں دار

وہ صرف کرتا رہا اپنا وقت تو کس میں — گزاری کون سے کاموں میں اپنی لیل ونہار

خیال وقت جو رکھا تو کس طرح رکھا — کسی نے پایا کسی وقت بھی اسے بے کار؟

نہ دن کو دن وہ سمجھتا تھا رات کو وہ نہ رات — یہ یوں بھی ہوتا ہے جاندادہ نمایاں کار

حصول علم کا کیسا تھا شوق کیا کہئے — اسی کی فکر رہی صبح وشام ولیل ونہار

کیا زمانۂ تحصیل علم میں یہ بھی
اخیر شب کو وہ روزانہ ہوتا تھا بیدار

اسی میں یاد وہ کر لیتا تھا بلا ناغہ
کلام پاک الٰہی کی آئتیں دو چار

یہ فضل حق ہوا اس پر کہ تھوڑے ہی دن میں
ہوا وہ حافظ قرآن ایزد غفار

کلام پاک کو ازبر جو اس طرح سے کرے
ریاض حسن عمل کا وہ نہ دیکھے گا بار

علوم فقہ واصول اس طرح کئے حاصل
کہ اس کے علم کا شہرہ ہوا دیار دیار

عمل بھی اس پہ رہا اس کا ایسا جوش کے ساتھ
زباں پہ تھا اسے کہتے ہیں مردم دین دار

فتاوے آنے لگے دور دور سے چل کر
جواب دیکھ کے ہوتے تھے دل سے شکر گزار

سخاوجود کا داد و دہش کا تھا یہ حال
کہ بے دئے نہیں آتا تھا دم بھر اس کو قرار

کہا جو منہ سے وہی کر دکھایا پھر نہ پھرا
وہ ایسا سچا تھا ایسا تھا صادق الاقرار

کسی نے اس سے کسی کام کے لئے جو کہا
زباں پہ لایا نہ اقرار کے سوا۔۔۔

اگرچہ چشم خلائق میں تھا وہ مور ضعیف
مگر وہ ہمت دل رکھتا تھا سلیماں دار

صبر کی عمر تو کس طرح صورت غربا
شمار اہل دول میں تھا ایسا تھا دل دار

عروج پایا تھا اس نے یہ یاد خالق سے
جبیں اثر سے تھی سجدے کے مطلع انوار

جو اس پہ کھل گیا کچھ راز حب قومی کا
تو ایک مدرسہ کیا جلد کر لیا تیار

کہاں کہاں سے پئے کسب دانش طلبا
بولائے عالم پرہیز گار و نیک شعار

خیال خاطر خواہان علم و فن یہ تھا
کہ دھیان آتا نہ تھا اپنے عیش کا زنہار

کسی سبب سے جو پایا کسی کو کچھ غمگین
مزاج پوچھتا تھا پاس جا کے خود کئی بار

نکالا اپنے یہاں سے وہ تحفۂ حنفی
کہ ہوتے جاتے ہیں لوگ اس کتاب سے دیندار

خدا کرے کہ نہ موقوف ہونے پائے یہ
عدوِّ دیں کے لیے ہے خدا کی یہ تلوار

یہ شوق انجمن ذکر خیر تھا دل میں | قرار پائی تھی یہ ایک سال میں کئی بار
امور خیر کے انجام سے تھا بس مطلب | کچھ اس کا غم نہیں ہو خرچ اس سو کہ ہزار
بلایا ان علما کو پئے ہدایت عام | کہ جن کو دیکھ کے کہتے تھے ہاں یہ ہیں ابرار
وہ دیکھے اس کے سبب عالمان دیں پرور | کہ سر بھی پٹکیں تو حاصل نہ ان کا ہو دیدار
وہ ایسے راہ خدا و نبی میں تھے جانباز | کہ جن سے اور بڑھی حرمت صحاب کبار
وہ باغ دل تھا گل معرفت سے ان کا بھرا | کہ جن کے حصہ میں جنات تحتھا الانھار
بیان وعظ کو ان کے جو لوگ سنتے تھے | تھے اس طرح متحیر کہ نقش بر دیوار
کیا وہ سرور عالم کے معجزے کا بیان | کسی کے بھی نہ ہوا تھا کبھی وہ گوش گزار
کئے کلام خدا و نبی کے وہ معنی | کہ پھر نہ آئینۂ دیں میں آنے پائے غبار
غرض وہ کون سی تھیں خوبیاں جو اس میں نہ تھیں | اور اس کے گلشن دل میں تھی کون سی نہ بہار
اثر دکھا ہی دیا من احب شیءً کا | کہ وقت نزع بھی بول اٹھتا تھا وہ نیکو کار
نماز یو ہو کدھر جلد آؤ پڑھ لو نماز | کہ تم پہ سہل ہو آساں ہو منزل دشوار
جو آئے تھے صلحا واسطے عیادت کے | وہی تو کرتے رہے فکر چارہ بیمار
حباب زندگی مستعار جب ٹوٹا | یہ قطرہ جا ملا پھر اپنے بحر سے یک بار
پس فنا بھی رہا فضل ایزدی شامل | شریک کار رہے کچھ وہ تو نیکو کار
انہیں کے ہاتھ سے غسل و کفن ملا اس کو | کسی کا ہوتا ہے اس طرح سے بھی بیڑا پار
نماز اس کے جنازے کی اس بشر نے پڑھی | ملک خصال جو مشہور رہے دیار دیار
زبان خلق پر احمد رضا ہے آپ کا نام | اور آپ بندہ حق ایسے ہیں کہ اس پہ نثار
یہ ہند میں جو مقدس جگہ بریلی ہے | حضور ہی کے تو دم سے ہے آج وہ گلزار

خدا نے آپ کو ہر طرح سے کیا لائق — بلند حوصلہ و زیرک و مروت دار
شریعت اور طریقت کے راز سے واقف — نظر میں رہتی ہے جو ہے زمانے کی رفتار
علم کے ساتھ ہے علم اور وہ بھی کیسا علم — کہ جس کو مانے ہوئے جی سے ہیں صغار و کبار
یہ آپ مفتی عالم ہیں ایسے عالم ہیں — بغیر آپ کے چلتا نہیں ہے دین کا کار
فنون شعر و سخن میں بھی آپ ہیں یکتا — چوٹیلے لکھتے ہیں مضمون وہ ہیں طبیعت دار
مثال خضر خدائے جہاں بڑھاتے عمر — کہ آپ فیض کے دریا کے ہیں در شہوار
مقام قابل غور و لحاظ ہے یہ بھی — کہ اس کے مرتبہ کا اس سے بھی تو ہے اظہار
کہاں کی مٹی مقدر میں اس کی لکھی تھی — یہ جانتے ہو بنا کس زمیں میں اس کا مزار
وہ کیسی جا ہے جسے لوگ کہتے ہیں جیٹھلی — وہ کیسے گل سے ہے ہر لحظہ پر فضا و بہار
نزول رحمت باری ہے اس جگہ کتنا — ہے کیسا سایہ فگن لطف ایزد غفار
وہ کون شاہ ہیں اس جا کے ہیں جو زینت بخش — پئے بر آری حاجت وہ کیسی ہے سرکار
بتاؤں کون ہیں مخدومنا شہاب الدین — حضور شرف بہاری کے نانا ہیں اے یار
وہ بارگاہ ہے جس کا یہ مختصر ہے بیان — مراد پاتے ہیں آکر یہاں صغار و کبار
جو سوکے چین سے سائے میں ایسے حضرت کے — بتاؤ رکھتا ہے کیا اپنا طالع بیدار
غرض یہ ہے کہ جو ہے اپنے رب کا دل سے مطیع — تو کیوں نہ خوب ہو آغاز کار و آخر کار
شہود اسی جگہ یہ لکھ دو تم تو آگے بڑھو — کہ تا یہ ہو سبب یادگار شہر و دیار
حبیب پاک خدائے جہاں کا تھا جو محب — تو اس کے حب کے عیاں ہر طرح ہوئے آثار
اسی مہینے میں اس کا وصال بھی تو ہوا — کہ جس مہینے میں محبوب کبریا کا ہے یار
جو آئی بیسویں ماہ ربیع الاول کی — ہوئی فرشتۂ اللہ پاک سے یہ پکار

کہ خواستگار ہے آغوش رحمت باری
کہاں ہے تو نکل اس سے نہ اب ٹھہر زنہار

بجے تھے رات کے دو چار شنبہ کی شب تھی
یہ مژدہ پاکے نہ ٹھہرا رواں ہوا ایکبار

تن کثیف کو اپنے اسی جگہ چھوڑا
لطیف روح کو پہنچایا تا مقام قرار

سن وفات جو مرحوم کا کوئی پوچھے
تو اس سے کہدو کہ "مغفور" اس میں
ہے وہ شمار (۱۳۲۶ھ)

کچھ اس کے مدرسہ و تحفہ کا جو ذکر آیا
تو لوگ کہنے لگے اب تو چلنا ہے دشوار

مگر یہ تھا اثر و رنگ نیت خالص
کہ مدرسہ کا تو پرساں ہوا وہ نیک اطوار

جو حسن خلق سے معمور خوبیوں سے بھرا
رئیس اعظم پٹنہ ہے ایسا ہے زردار

ہے اسم پاک محمد کمال شاہ کے ساتھ
وہی تو اس کا ہوا ہے مربی و غمخوار

خدا نے اس کو نوازا ہے ہر طرح سے یہاں
شرافت اور سیادت سے بھی ہے عزت دار

یقین ہے کہ اسے دے وہ اس طرح رونق
کہ خشک کشت کے حق میں ہے جیسے ابر بہار

کہ علم دوست بھی ہے اور حامی اسلام
اور اپنے دین کا بھی ہے رفیق و مونس و یار

خدائے پاک ترقی دے عمر میں اس کی
بسر ہو شادی و عیش و خوشی میں لیل و نہار

شہود قطعہ کو تم ذکر حق پہ ختم کرو
کہ سب کلام سے ہے خوب تر یہی گفتار

خدا ہی سے جو سروکار ہر بشر کو ہے
تو غافل اس سے نہ دم بھر رہے کوئی زنہار

وہ ایسا صاحب قدرت ہے زور والا ہے
کہ اک بشر کو کیا دو جہاں کا نقشہ دار

جہان بھر میں جو ہے وہ بشر میں ہے موجود
اک ایک عضو میں سو صفتیں ہزار اسرار

نظارہ رخ و گیسو سے عقل حیراں ہے
کہ ایک جا ہیں عیاں روز روشن و شب تار

نگاہ غور جو کرتا ہوں میں تو کہتا ہوں
کیا ہے قدرت بے حد کا کس میں کیا اظہار

دیا ہے زلف سیہ کو جو رنگ باد خزاں — تو رخ کو بخشی ہے کیفیت نسیم بہار
نہال قامت انساں ہی میں تو ہیں رخ و زلف — کیا جو اس کو گل تر بنایا اس کو خار
بشر ہی میں تو ہے اسلام اور اسی میں ہے کفر — جو عارض اس کا ہے مصحف تو زلف ہے زنار
اک ایک عضو بشر کا یہی تو ہے احوال — کہ سب کا رنگ جدا اور سب میں ہیں اسرار
کہے تو کیا کہے کوئی بشر کو دیکھ کے کچھ — ظہور قدرت حق وہ ہے جس کا کچھ ہے شمار
غرض بشر ہی ہے آئینۂ جمال و جلال — اسی میں کر دیا اپنے کمال کا اظہار
دکھایا قدرت بے حد کا اس طرح بھی رنگ — کہ نار سے لیا جس وقت چاہا آب کا کار
یہ اختیار میں ہے اس کے دست قدرت کے — کہ رخ کو زلف کرے اور زلف کو رخسار
شب سیہ کو جو چاہے تو رشک روز کرے — کرے وہ روز کو دم بھر میں غیرت شب تار
وہ کر دے شہد کو سم، سم کو انگبیں کر دے — وہ کر دے نیک کو بد، بد کو کر دے نیک اطوار
زمیں فلک کو کرے آسماں کو کر دے زمیں — وہ خار کو جو کرے گل تو گل کو کر دے خار
گدا کو شاہ کرے اور شاہ کو وہ فقیر — سب اختیار میں ہے اس کی ایسی ہے سرکار
وہی ہے حاضر و ناظر تمام عالم میں — کرے چھپا کے بشر اس سے کس طرح کوئی کار
خدا کے حکم سے ہرگز نہ چاہئے اعراض — دکھا نہ دے کہیں شان غضب کہ ہے قہار
نشان لطف و کرم ہے رضائے حق ہی میں ہے — خلاف حکم میں قہر و غضب کے ہیں آثار
خدا نے کی جو تم پر ہدایت اسلام — اسی لیے کہ رہو اپنے رب کے شکر گزار
نبی خاص کو اپنے اسی لیے بھیجا — کہ ان کے صدقے میں ہو عام رحمت غفار
پھر اس نبی مکرم کا جو نہ ہو پیرو — وہ کیسے دیکھے گا گلزار لطف حق کی بہار
خدا نے جتنی ہیں راہیں وہ تم پہ کھول دیں سب — تمہارے ہاتھ میں ہے جس سے رکھو تم سروکار

جو راہ رکھی ہے اسی راہ کا یہ احوال — قدم قدم پہ دھرا ہے یہیں نتیجہ کار

یہیں سزا و جزا ہے مگر ہے فرق اتنا — یہاں نمونۂ حسن عمل وہاں انبار

خدا نے عقل کی دولت اسی لیے دی ہے — کہ اختیار کرو دیکھ کر نتیجہ کار

تمہارے ہاتھ میں ہے جب عنان اسپ خیال — تو بھول کر نہ کرو قصد راہ ناہموار

عمل کرو نہ کرو مانو یا نہ مانو حکم — بلائے جاؤگے تم پیش ایزد جبار

خدا ضرور یہ پوچھے گا تم سے محشر میں — کیا تھا عالم فانی میں تم نے کون سا کار

خدا کے آگے نہ تم سے چلے گی کوئی بھی — سفر ضرور ہے زاد سفر کرو تیار

شہو داب تمہیں لازم ہے کچھ دعا مانگو — کہ خوب چارہ ہے یہ بہر بندہ ناچار

کہو خدا سے کہ یارب طفیل میں اس کے — کہ جس کے دم سے ہے وابستہ دو جہان کا کار

یہ مجھ سے بندے کو تو نے وہ نعمتیں دی ہیں — کہ جن کا تا دم محشر بھی ہو سکے نہ شمار

طفیل اسی کے تو توفیق دے عمل کی بھی — تری ہی یاد میں ہو اس جہاں سے اپنا گزار

مجھے بھی قوم کو بھی دے الٰہی وہ ہمت — کہ رہ نہ جائیں پہنچ جائیں تا مقام قرار

شاعر نازک خیال ناظم شیریں مقال جناب شاہ محمد حسین صاحب رئیس حجرہوا

بود عبد الوحید مرد سخی — روح حاتم نثار ہمت او

باخبر او ز کید ندوہ کرد — حق عیاں شد مگر بدولت او

مدرسہ ہم بہ شہر جاری کرد — نیز شد تحفہ وجہ شہرت او

دیں پنہ مثل او بہند کہ دید — ہست بر ہر زباں حکایت او

بود سرکوب دشمن دیں را — برق بد خنجر طلاقت او

غر با ر ا کشو د کا ر ا ز و — خلق گر و ید ہ محبت او
دا شت حق بیں و حق پسند نگاہ — بو د وا د ید ہ بصیر ت او
نوجوان آخر از جہاں بگزشت — با د ر حمت بپاک تر بت او
در غمش چشمہا ست دریا بار — خو ن د لہا ز د ر د فر قت او
یا الٰہی کند ز اولادش — د یر پا د ر جہا ں نیا بت او
شکر حق خا تمہ بخیر ش شد — دا د جنبش لب مسر ت او
رمز سالش چو از ملک جستم — گفت 'مغفو ر' سال ر حلت او
(۱۳۲۶ھ)

دیگر

شد بجنت حامی دین مولوی عبدالوحید — میرسد از چار سو شور دریغا حسرتا
می کند فریاد ہر سو چاک داماں تہی — شد کجا فیاض گوہر بخش و دریائے عطا
بودذات آں سخی ہر زخم دل رامر ہمے — بیوگاں در ماتم سخت اندوہ زشیون گدا
رمز تاریخ وفات اوچو پرسیدم زدل — گفت نادانی نہ بینی مصرع آخر چرا
بیں کہ ازرنج وفاتش بے سروپاگشتہ اند — سائل ومحتاج وحاجت مندو مفلس اقربا
(۱۳۲۶ھ)

[تحفۂ حنفیہ: ربیع الآخر ۱۳۲۶ھ ص ۳۳تا ۴۰]

شاعرنازک خیال ناظم شیریں مقال جناب شاہ محمد حسین صاحب رمز حاجی پوری

شد وحیدم بگلشن جنت — مر اجل بد چہ دستگاہ وحید
غسل و تکفین دست پاکاں یافت — اللہ اللہ عز و جاہ وحید
دفن قرب مزار جٹھلی شد — یعنی شد خلد عیش و گاہ وحید

غرق چوں کرد دشمن دیں را ضربت تیغ بے پناہ وحید

عالمے را نمود نورانی مدرسہ تحفہ مہر وماہ وحید

کلمہ لا الہ الا اللہ بود در نزع خیر خواہ وحید

رحمت کردگار تا محشر باد بر روح دیں پناہ وحید

رمزؔ چوں خواستم زہاتف غیب سال ترجیل بے گناہ وحید

زو در ضوان زروئے ایماں گفت زیب دہ خلد خواب گاہ وحید (۱۳۲۶ھ)

(ا) یہ مقام پٹنہ سے دو کوس پر واقع ہے۔ جس میں مزار اقدس حضرت سیدنا شہاب الدین معروف بہ پیر جگجوت قدس سرہ ہے۔

[تحفۂ حنفیہ: ربیع الآخر ۱۳۲۶ھ ص ۵۵]

مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی مدیر تحفۂ حنفیہ

مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی نے ۱۳۲۶ھ میں وفات پانے والے پیشوایان اہل سنت کے حوالے سے ایک منظوم رسالہ بنام تاریخی ضیائے رشاد [۱۳۲۶ھ) افسانہ غم افزا ۱۳۲۶ھ اور قطعات رحلت پاک دلان (۱۳۲۶ھ)۔ لکھا۔ اور خود ہی مطبع تحفہ حنفیہ سے طبع کر کے شائع کیا۔ رسالہ تحفہ حنفیہ میں بھی شامل اشاعت ہوا۔ یہ منظوم رسالہ بس ہمیں تحفہ حنفیہ محرم ۱۳۲۷ھ ہی دستیاب ہوا رسالہ کا مابقی حصہ جو ماہ صفر ۱۳۲۷ھ میں شائع ہوا وہ دستیاب نہیں ہوا۔ ہم اس رسالے سے قاضی صاحب کے حوالے سے تاریخی قطعات وغیرہ اشعار نقل کرتے ہیں۔

اور باقی حمدیہ ونعتیہ کلام مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ کی منظومات کے ضمن میں پیش کریں گے:

ایک تھے ان میں سے قاضی مولوی عبدالوحید / حق جانبازی کو پورا کر گیا وہ نیک نام

اس زمانے میں ہوا ایسا جان نثار دین حق / ہے تماشا قدرت اللہ کا یہ لا کلام

حق کو باطل سے جدا کر کے دکھایا اس نے یوں / جس طرح سے ہے نمایاں امتیاز صبح و شام

رہنمائی کو ہماری آیا تھا گویا ملک / حق کو اپنے کر گیا پورا وہ باحسن تمام

خود عمل میں لا کے افعال حسن اس نے بتائے / پچھلے دوراں میں دکھایا اس نے اگلا احتشام

نیکیوں اور خوبیوں کو جو بُھلا بیٹھے تھے ہم / از سر نو دے گیا ان کا سبق بر وجہ تام

راہ نورو جادہ حق وہدا ور شد بود / نور عین راستی و نور گلزار قسام

بود شمشیر برہنہ در حق اعدائے دین / نیک میداد اغویا و اہل باطل را تمام

واجب ولازم شمردہ ہر زمان بر نفس خویش / انتصار سنت سردار سلطان کرام

در سرشت او نہادہ شد نکوئی ہائے دین / چوں نمی گردید صیت خوبی او درا نام

تھا خلیق و بردبار و رحم دل اس طور کا / مانتے تھے اس کو سب چھوٹے بڑے مثل امام

ذی مروت اس کے مانند آج کل کوئی نہیں / بے گماں اس پر ہوا حلم و حیا کا اختتام

اس طرح کا تھا وہ مسکیں پرور و بے کس نواز / عفو کر دیتا تھا ان کو بار ہا وہ اپنا دام

خالصاً للہ دیتا جس کو دیتا تھا وہ کچھ / اس پر احسان کا کبھی لب پر نہ آتا اس کے نام

حاجت دنیا و دیں لے کر جو آتا اس کے پاس / جلد اس کا ہوتا تھا باحسن و خوبی انتظام

بے عطا دم بھر نہ آتا تھا اسے صبر و قرار / جاتا تھا ہر شخص اس کے در سے بانیل و مرام

جیسے ہوتا پوری کرتا اہل حاجت کی غرض / چاہے جیسی پیش آتی اس میں تکلیفِ تمام

دوسروں کا مطلب و مقصد مقدم رکھتا وہ / خواہ بنتا یا بگڑتا اپنا کوئی خاص کام

کیا عطا تھی آتا مسکین اور ہوتا خالی ہاتھ / فوراً اس کا پورا کر دیتا تھا مطلب لے کے وام

ہے بجا کہیے گر در فرید بحر جود — یا کہ اقلیم سخا وفیض کا شاہ وقدام
حاتم ثانی اگر کہئے نہیں جائے عجب — حق تو یہ ہے خود سخاوت کو تھا اس پر فخر تام
ہوتے جب اس پر کسی کے دین یا دنیا کے حق — مضطرب رہتا نہ جب تک ان کا ہوتا انصرام
تھا غنی ایسا کہ کھاتا بے تکلف ذوق سے — چاہے خالی روٹی ہوتی یا کہ ساتھ اس کے ادام
چاہتی جس جا طبیعت شوق سے سوتا وہاں — کیسی ہی ہوتی مزین یا کہ بے سامان مَنام
بیٹھنے کو اس کے قالین یا کہ ہوتا بوریا — یا کہ ابریشم کا بستر ہوتا یا فرش رُخام
اس کو آرام دو روزہ کا نہ تھا ہرگز خیال — تھا وہ مصروف حصول راحت وعیش مدام
دوستوں سے رہتا تھا شیر وشکر وہ نیک ذات — دشمنوں سے آشتی وصلح رکھتا مستدام
کیا قیامت کی تھی اس میں جودت وتیزی طبع — تھا ذکاؤ ذہن میں بے مثل ویکتا وہمام
تھا مناظر بھی وہ ایسا دن کو کہہ دیتا جو رات — کہنا پڑتا یہ ثریا ہے یہ ہے ماہ تمام
آتے تھے نامی مناظر اہل باطل کے مگر — جاتے تھے وہ منہ کی کھا کر پھر نہ کرتے تھے کلام
ہیں جہاں میں جتنے باطل کوش وبدخواہ سنن — ہر دم ان سے اس کی سیف بغض رہتی بے نیام
اور ہی سیر گلستاں سے وہ رہتا باغ باغ — اور ہی خوشبو سے رہتا تھا بسا اس کا مشام
اور ہی سودا سے اس کا کاسۂ سر تھا بھرا — اور ہی بادہ کے نشے میں وہ رہتا تھا مدام
اور ہی جلوہ رہا کرتا تھا اس کے سامنے — اور ہی گلزار میں کرتا تھا دائم وہ خرام
اور ہی دلدار پر وہ جان ودل کرتا نثار — اور ہی بستان سے کرتا تھا وہ ہر دم انتسام
اور ہی فکریں تھیں اس کو اور ہی تھیں خواہشیں — اور ہی گلشن سے گلچینی وہ کرتا مستدام
اور ہی دھن میں رہا کرتا تھا مثل قیس وہ — اور ہی پھندے میں اس کے مرغ دل کا ارتطام
اور ہی رنگت میں تھا سرتا پا ڈوبا ہوا — اور ہی گل رخ کی جانب اس کا رخ تھا صبح وشام

اور ہی کچھ تھا خیال اس کے رگ وپے میں بھرا
جس سے اک لحظہ بھی سر تابی سمجھتا تھا حرام

اور ہی مہ رو کی اس نے دیکھ لی تھی کچھ جھلک
روشن اس کی مہر سے رکھتا تھا بیت دل مدام

اور ہی مقصود اس کا اور ہی مطلوب تھا
جانتا ہے اس کو ہر اک کیا کروں میں اکتتام

یعنی شمع شرع پر تھا وہ فدا پروانہ وار
اس کی الفت سے تھا مملو اس کے تن کا ہر مسام

اہل حق پر تھے بہت کچھ اس کے الطاف وکرم
دشمنان دیں کو دیتا تھا سزائے احتصام

قوت جسمی تو صرف کار دین کرتا ہی تھا
جان کا جانا بھی اس رہ میں سمجھتا اغتنام

کیا کرے گا کوئی اپنے دیں پہ اتنا صرف زر
فی الحقیقت تھا وہ اس میں ہفت کشور کا قدام

کیوں نہ روشن ہوتا نور نصر دیں سے روئے دل
رکھتا تھا بے حد وہ ماہ طیبہ کی مہر وہیام

کیا اولو العزمی سے کتنے مذہبی جلسے کیے
سیکڑوں بلوائے ان میں ملت حق کے ہمام

اس قدر ان جلسوں میں اس نے اٹھایا مال وزر
والیان ملک بھی ہوں جس کو سنکر مستہام

اپنی ہی دریا دلی سے مدرسہ جاری کیا
ایک چھاپے خانہ کھولا بہر نفع خاص وعام

اس میں تعلیم وتعلم علم شرعی کا ہوا
اس سے جاری پرچۂ ماہانۂ دینی کا کام

خرچ ان میں بھی کیے اس نے ہزاروں ہی روپے
اور بہت سے ایسے کاموں میں اٹھاتا زر مدام

مدرسے میں ایسے بلوائے اطبائے علوم
پائے خرم جہل جن کی شکل ہی سے التجام

چند ہی ن میں ہوا فیض اس کا جاری ہند میں
بھرتا ہر اک طالب علم اپنا دامان مرام

جملہ علم وفن پڑھاتے جاتے اعلیٰ طور پر
رہتا ہر دم کیسے کیسے اذکیا کا ازدحام

بیسیوں پاتے تھے کھانا کیوں نہ بے فکری سے پھر
کرتے حاصل علم کو ہر لحظہ بروجہ تمام

ایسا اطراف جہاں میں شہرہ علمی ہوا
غیر ملکوں سے بھی مشکل مسئلے آتے مدام

جاتے تھے ان کے جوابات ایسے عمدہ طور پر
دیکھتے ہی جن کو اہل علم ہوتے مستہام

اس کے ماہانہ رسالے کی صفت کیا ہو عیاں
اس کے وصف پختہ کاری میں ہے اپنا خامہ خام

کر گیا جاری ہدایت کے دواخانے کو وہ
پایا کرتے ہیں شفاغی و ضلالت کے سقام

دفتر خوبی و نیکی اس کا ہے ہر اک ورق
ہو گیا صدہا کو حاصل اس کے باعث اعتصام

کھو دئے اس نے بہت افعال ممنوع و قبیح
بو دیا تخم کرم کو دھو دیا داغ غرام

ہو گیا اس مہر دینی سے منور کیسا جلد
ملک ہندوستان کیا جاپان و چین روم و شام

ہے یقینا عرصۂ تائید دیں کا شہسوار
سیکڑوں اعدا سے لیتا ہے اکیلا انتقام

قتل دیو کفر میں رہتا ہے ہر دم مستعد
سنت خیر الوری کو زندہ کرنا اس کا کام

ڈال دی تھی سارق ایماں نے بدعت کی کمند
ہو گیا اس شحنۂ سنت سے اس کا انحطام

کر دیے بد مذہبوں کے راز پنہاں آشکار
ڈال دی ان کے سروں پر ذل وخواری کی رخام

اس عصائے رشد نے ان سب کو مارا جان سے
جتنے پیدا ہو گئے تھے اس زمانے میں ہوام

جاہلوں کو اپنے جس پھندے میں دشمن پھانستے
توڑ ڈالا بالکل اس سیاف نے ان وہ دام

کتنے ہی زنجیر گمراہی سے تھے جکڑے ہوئے
ہو گیا اس ہادی اشجع سے اس انحصام

کتنے ہی سیر اب اس دریائے فیضاں سے ہوئے
ہو رہے ہیں کتنے کتنے ہوں گے تا روز قیام

خیر جاری اس کو کہتے ہیں یہ ہے اس کا اثر
نیکیاں پاتا رہے گا اس کا بانی مستدام

واہ کیسا کام اپنی زندگی میں کر گیا
حشر تک کی نیکیاں لیں اور باقی رکھا نام

ہو چکا تحریر سے میری یہ ظاہر مثل مہر
ہے یقینا الفت اسلام بیخ ہر قسام

جس کو جتنی حب اسلامی ہے اتنا ہی وہ شخص
جامع خوبی و خیر دو جہاں ہے لا کلام

کر لو اس مرحوم کے خیرات کا اس پر قیاس
گویا خیر دین و دنیا تھا ہمہ تن وہ ہمام

ہے یہ واضح تر علامت حب دینی کی سنو
تا بہ امکاں اس کی نصرت کرتے رہنا صبح وشام

رہنا پابندی امر و نہی میں سرگرم وچست
کرنا اس کی بے نہایت قدر و عز و احتشام

رکھنا اعدا سے عداوت دوستوں سے دوستی
اس کی آسیب زمانہ سے بچانا مستدام

جس میں یہ باتیں نہ ہوں اور دعوی الفت کرے
ہے بلا شبہہ یہ افسوس و تحیر کا مقام

واقعی رکھتا تھا وہ مرحوم سچی حب دین
دیتے ہیں اس کا نشاں اخلاص سے پُر اس کے کام

کیا کروں میں ان کے عادات وخصائل کی صفت
ہیں اسی قابل کریں ہم ان میں اس کا اہتمام

زیست اس کی واقعی رحمت ہمارے حق میں تھی
ہے ہماری بد نصیبی کا نشاں اس کی حرِام

خاص اس کے حق میں بھی اس کی ممات زندگی
تھی یقینا لائق صد آفرین و احترام

لیکن اس دور فتن کے خوف وشر وفتنہ سے
کر گیا جلدی سفر وہ جانب دار السلام

بدھ کی شب تھی دو بجے تھے بیسیوں اس ماہ کی
کوچ جس میں کر گیا محبوب خلاق انام

وقت وہ بھی جس میں پاتی رحمت حق ہے نزول
ناگہاں پیک اجل لایا یہ مولیٰ کا پیام

چھوڑ دو اس دار کو رہنے کے قابل وہ نہیں
آؤ میرے گھر کرو آسائش ورا رحت مدام

سن کے اس مژدے کو فوراً طائر روح ورواں
کر گیا پرواز سوئے خلد با صد احتشام

اس مسرت کا نشاں ملتا تھا اس کے چہرے سے
دفن تک دیکھا گیا ہے اس کو کرتے ابتسام

ہے مناسب اس جگہ لکھ دو ضیاؔ یہ سال فوت
ہو گیا وہ دیں کا یاور داخل دار السلام

۱۳۲۶ھ

بردالحی المقیت مرقد عبد الوحید
ہے سن فصلی یہ کیسا لائق صد احترام

۱۳۱۵ف

نور الحی المتین مرقد عبد الوحید
دو ہی لفظوں کے تغیر سے وہ ہے یہ بھی عام

۱۳۱۵ف

اے ضیاؔ لکھ دو یہ سال عیسوی بھی اس جگہ | رحمت واجب تعالیٰ اس پہ ہو ہر صبح وشام

۱۹۰۸ء

چار تاریخیں لکھیں یکجا ضیاء الدین نے | یادگار سال فوت آں وحید نیک نام

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۷ھ ص ۳۵ تا ۴۰]

مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی نے درج ذیل تعزیتی اشعار بھی لکھے۔

آج کیوں عالم ہے تاریک وسیاہ | کس کے غم میں اہل دیں ہیں نوحہ گر

کیوں درودیوار ہے نالہ کناں | کس لیے روتے ہیں اشجار وحجر

شب نے کیوں پہنا لباس ماتمی | کیوں ہے سناٹے میں ہر جن وبشر

کس کے غم میں ایسا بےخود ہے ہر اک | جسم وجاں تک کی نہیں رکھتا خبر

کون ایسا حامی دیں اٹھ گیا | جس کا صدمہ خاص پہنچا دین پر

گر لکھوں اوصاف اس مرحوم کے | غم سے پھٹ جائے محبوں کا جگر

نام نامی ان کا تھا عبد الوحید | ان پہ رحمت حق کی ہو شام وسحر

بیسویں تاریخ تھی اور بدھ کی شب | گرمی سردی کا نہ تھا اس دم اثر

دو بجے تھے ناگہاں شہباز روح | اڑ گیا اک دم میں پہنچا چرخ پر

چرخ سے آگے بڑھا با صد طرب | زیر عرش رب کیا اپنا مقر

پا یا ماہ رحلت محبوب حق | ایسے ہوتے ہیں سعید وبخت ور

تھے وہ میدانِ شرف کے شہسوار | اور ہم خوبی کے تھے یکتا گہر

جان وتن سے دین حق پر تھے فدا | بے حساب اس پر لٹایا مال وزر

اہل حق کو جان سے رکھتے عزیز | اہل باطل سے وہ کرتے تھے حذر

اہل بدعت کے تھے جتنے پیشوا | بھاگتے تھے ان کی صورت دیکھ کر

جتنے بد مذہب ہیں ہندوستان میں — دل میں ان کا رکھتے تھے خوف وخطر

اس زماں میں خاص ان کی ذات سے — کم ہوا اہل فتن کا شور و شر

تھے وہ بے شک نصرت دیں میں وحید — کوئی مثل ان کا نہیں آتا نظر

بود کان حلم واخلاق وحیا — در سخا و جود گشتہ نامور

عالم وحافظ تھا وہ مرد خدا — دین دار اور ذی شرف نیکو سیر

تھا جو ان صالح وفرخ نہاد — بے گماں نخل کرامت کا ثمر

بحر فیض ان کا تھا جاری ہر طرف — کیا لکھوں تفصیل ہے یہ مختصر

ہند اور افریقہ اور آسام میں — اور جہاں ہے مولد خیر البشر

ہائے ایسا اہل سنت کا رئیس — کر گیا اس دار فانی سے سفر

موت کی دارو نہ ہرگز ہو سکی — مر مٹے اس میں ہزاروں عقل ور

ہے یہ ایسی شے کہ اک دم میں کرے — حال دنیائے دنی زیر و زبر

سیکڑوں گھر اس سے ویراں ہوگئے — ایک بھی باقی نہیں ان میں بشر

ہوگئے بالکل وہ بے نام ونشاں — ہے وہاں اب صرف بوموں کا گزر

بعد صد محنت پھلا تھا جو درخت — کر دیا دم بھر میں اس کو بے ثمر

زوج کو زوجہ کو غم میں ڈال دے — کر دے مادر اور پدر کو بے پسر

ناز میں جن کی ہوئی تھی پرورش — ہوگئے وہ طفل بے مادر پدر

ہوتے ہی شادی کیا عورت کو رانڈ — کچھ ترس کھایا نہ اس کے حال پر

مل گیا سب خاک میں اس کا سہاگ — حزن وغم میں اس کو رکھا عمر بھر

جن کو آسیب زماں کا غم نہ تھا — ہمکنار عیش تھے شام وسحر

ان کی حالت کا کوئی پرساں نہیں — کھاتے پھرتے ٹھوکریں ہیں دربدر

کل شیء ھالك الا وجهه　　لیس للحی من الموت مفر

جو ہوا پیدا مرے گا بالیقیں　　ہاذم اللذات سے کیا ہو حذر

اے ضیاؔ تاریخ اگر منظور ہے　　کہ ''ہوا خلد بریں ان کا مقر''

(۱۳۲۶ھ)

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۷ھ ص ۴۳،۴۴]

تذکرہ مدیر رسالہ مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی

شوال المکرم ۱۲۹۰ھ مطابق ۱۸۷۴ء میں قصبہ تلہر ضلع شاہ جہاں پور میں ولادت ہوئی۔ اپنے والد مولانا حسین علی سے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ علم حدیث وغیرہ علوم کی تحصیل کے لیے پیلی بھیت مدرسۃ الحدیث میں پہنچے جہاں علامہ وصی احمد محدث سورتی سے علم حدیث وغیرہ علوم کی تحصیل فرمائی۔ بعدہ تکمیل الطب کالج لکھنؤ سے علم طب پڑھا۔ اور پھر صفر ۱۳۱۹ھ سے ماہنامہ ''تحفۂ حنفیہ'' کے مدیر مقرر ہوئے۔
اور غالباً ۱۳۲۷ھ یعنی جب تک رسالہ جاری رہا تب تک آپ ہی مدیر رہے۔ نظم ونثر میں بہت سے مضامین ورسائل تحریر فرمائے۔ اپنے استاد گرامی حضور محدث سورتی کی معیت میں بریلی شریف حاضر ہو کر امام اہل سنت سے شرف بیعت حاصل کیا۔ اور پھر اعلیٰ حضرت سے تمغہ خلافت بھی حاصل کیا۔ اور ساتھ ہی اورادووظائف کی اجازت بھی۔ حضور محدث سورتی کے وصال کے بعد آپ پٹنہ سے واپس آگئے اور پیلی بھیت ہی میں مستقل قیام پذیر ہوگئے۔ حضور محدث سورتی کے مزار سے متصل بیلوں والی مسجد میں خطیب رہے۔ ۲۸ر محرم ۱۳۶۴ھ مطابق فروری ۱۹۴۵ء فجر کے وقت عین نماز کی حالت میں وصال ہوا۔ آپ کے شاگرد خاص حضور شیر بیشہ اہل سنت علامہ حشمت علی لکھنوی ثم پیلی بھیتی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اور پیلی بھیت ہی میں بہشتیوں والی مسجد سے متصل قبرستان میں تدفین ہوئی۔

نگارشات تحفہ

ماہنامہ تحفہ حنفیہ میں آپ کی بہت سی تحریریں شائع ہوئیں کچھ تحفہ کے حوالے سے کچھ مہتمم تحفہ کے حوالے سے کچھ مدرسہ حنفیہ اور مطبع حنفیہ کے حوالے سے ہیں ۔اور کچھ فقہ و فتاوی اور کچھ مستقل مضامین ہیں۔ کچھ نظم ونثر میں مستقل رسالے ہیں۔ کچھ کتب و فتاوی پر تقریظات و تصدیقات ہیں اور کچھ تاریخی قطعات ورباعیات ہیں ۔ہم یہاں آپ کی نگارشات کا فقط تعارف اور رسالہ میں موجود تمام تر تاریخی منظوم کلام اور تقریظات وتصدیقات مکمل پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اورآپ کے نام ماہنامہ میں شائع ہوئے مکاتیب بھی پیش کرتے ہیں:

دمن خرد میں عیدگاہ جدید پر بحث

پرتگیز کے علاقہ دمن خرد میں ۱۲۲٦ھ میں ایک عیدگاہ تعمیر کی گئی تھی۔اور پھر لگ بھگ ۱۳۱۸ھ میں چند مفسدین نے نفس پرستی کی زد میں آکر ایک اور عیدگاہ تعمیر کرنے کی کوشش۔ جس سے دمن کے علاقہ میں فتنہ وفساد پیدا ہو گیا۔

دانشور طبقہ نے شریعت کا سہارا لیتے ہوئے علمائے کرام خاص کر حضور اعلیٰ حضرت سے عیدگاہ جدید سے متعلق فتاوی حاصل کئے۔ فتاوی میں عیدگاہ جدید جو خاص نفس پرستی کے نتیجہ میں تعمیر ہوئی تھی سے باز رہنے اور عیدگاہ قدیم ہی کو باقی رکھتے ہوئے اسی میں نماز ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔چوں کہ اس سارے معاملہ میں مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ پیش پیش تھے اس لیے مخالفین کی زد میں آپ بھی آئے اور فریق مخالف کی طرف سے ایک تحریر شائع ہوئی جس میں علما کے فتاوی کو غلط ثابت کرنے کی ناپاک کوشش کی گئی اور مفتیان کرام خاص کر مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ کو مغلظات سے یاد کیا گیا، جس کے

جواب میں موصوف نے ۱۰ر صفحات پر مشتمل مضمون لکھا، جو کہ ذوالحجہ ۱۳۱۹ھ کے شمارے میں ص ۱۷ر سے ۲۶ر تک شائع ہوا۔ اور مضمون میں غالباً درج ذیل اشعار حضرت ممدوح کے ہی ہیں۔

ہوگی افزوں جہاں میں تا محشر
عید گاہ قدیم کی عزت
گھٹ نہیں سکتی وہ گھٹانے سے
ہے جو عرش عظیم کی عزت

مسدس دربیان وہابی ناکس

وہابی فتنہ باز سے متعلق دو صفحات پر مشتمل تعارفی کلام ہے۔

[محرم ۱۳۲۰ھ، ص۷،۸]

تنبیہ الضلال

طاعون وغیرہ وباؤں کے وقت دعائے قنوت پڑھنے سے متعلق کچھ فتنہ باز فتوی بازوں نے عدم جواز کا فتوی دیا جس پر علمائے کرام کی مختلف تحریریں منظر عام پر آئیں مگر ان میں حجۃ الاسلام علامہ حامد رضا خاں قدس سرہ کا فتوی بہت مشہور ہوا۔ ماہنامہ تحفۂ حنفیہ میں یہ فتوی بشکل رسالہ شائع ہوا۔ حضور اعلیٰ حضرت اور دیگر مشاہیر علما و مفتیان کرام نے تقریظات و تصدیقات تحریر فرمائیں ۔ مولانا ابو المساکین ضیاء الدین مدیر تحفہ نے بھی تقریظ اور تاریخی منظوم کلام بھی تحریر فرمایا۔ علاوہ ازیں دو قسطوں میں بتیس ۳۲ر صفحات پر مشتمل بہت ہی معرکۃ الآرا مقدمہ تحریر فرمایا۔ جو ''تنبیہ الضلال'' کے نام سے ماہنامہ کے شمارہ بابت ربیع الآخر و جمادی الاولیٰ ۱۳۲۰ھ میں شائع ہوا۔ ہم تقریظ تقریظات کے باب

میں اور قطعات منظومات کے باب میں نقل کریں گے۔

عوام کی اصلاح اور رسالہ امور عشرین کا ذکر

بد دینوں کی شناخت و پہچان کے حوالے سے امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قدس سرہ نے ایک رسالہ بنام ''امور عشرین'' تحریر فرمایا جو مولانا سید غلام غوث حیدرآبادی کی شرح کے ساتھ ماہنامہ تحفہ حنفیہ کے شمارے بابت رمضان وشوال ۱۳۲۰ھ میں شائع ہوا۔ اسی رسالہ سے متعلق بطور تبصرہ یہ دو صفحات کا مضمون ہے جو تحفہ حنفیہ شوال ۱۳۲۰ھ کے ص ۳۳،۳۴ میں شائع ہوا۔

روداد جلسہ اہل سنت امرت سر بنام دربار کملایا خیار، رد ندوہ وغیرہ

یہ روداد مدیر تحفہ نے رجب ۱۳۲۰ھ میں ندویوں کے خلاف امرت سر میں قاضی عبد الوحید مہتمم تحفہ و دیگر علمائے اہل سنت کی طرف سے ہوئے اجلاس اور مناظرانہ سرگرمیوں (جس کی تفصیل قاضی صاحب کے ذکر میں بیان ہو چکی ہے) سے متعلق ترتیب دی۔ مکمل روداد ۲۷ر صفحات پر مشتمل ہے۔ اور اس کا نام

''روداد جلسۂ اہل سنت امرت سر'' اور تاریخی نام ''دربار کملائے اخیار'' (۱۳۲۰) ہے۔ یہ روداد ماہنامہ تحفہ حنفیہ ذوالحجہ ۱۳۲۰ھ میں شائع ہوئی۔

رسالہ سے متعلق گزارشات

مختلف شماروں میں ماہنامہ تحفہ حنفیہ کے حوالے سے قارئین سے معروضات وگزارشات پر مشتمل ایک، دو یا چند صفحات پر مشتمل بہت سی تحریریں ہیں جن میں سے چند کے عناوین درج ذیل ہیں۔ اور کچھ ہم گزشتہ اوراق میں درج کر آئے ہیں۔

رسالہ سے متعلق گزارش۔ حضرات ناظرین ذرا غور سے سنیں۔ اطلاع ضروری۔ تحفہ حنفیہ کی گزارش۔ تحفہ حنفیہ کی آمد و خرچ اور اسماے معاونین۔ گزارش۔ اب تو شکایت باقی نہ رہی۔ مہتمم تحفہ حنفیہ کی ضروری عرض۔ ضروری عرض۔ ناظرین تحفہ سے شکایت۔ ضروری عرض۔ دو مضمون کی عدم اشاعت پر معذرت۔ اب تو شکایت باقی نہ رہی۔ اعلان۔ اطلاع ضروری، تحفہ حنفیہ کے حوالے سے۔ التماس تحفہ حنفیہ۔ ہدایات تحفہ حنفیہ۔ گزارش، مدرسہ اور رسالہ سے متعلق۔

کتاب المعتقد اور المعتمد پر تبصرہ

عقائد اہل سنت اور رد بد مذہبیت کے حوالے سے سیف اللہ المسلول علامہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ کی بہت ہی معرکۃ الآرا تصنیف لطیف ''المعتقد المنتقد'' اور اس پر حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہ کا بہت ہی علمی و تحقیقی حاشیہ مسمیٰ ''المستند المعتمد'' ہے۔ جس پر بہت ہی زبردست تعارفی تبصرہ مولانا ابو المساکین ضیاء الدین مدیر تحفہ نے تحریر فرمایا۔ ماہنامہ تحفہ حنفیہ محرم ۱۳۲۲ھ اور اس کے علاوہ کئی شماروں میں یہ تبصرہ شائع ہوا۔ یہاں اس تبصرہ کا نقل کرنا دلچسپی سے خالی نہیں ہو گا۔ ملاحظہ ہو:

المعتقد المنتقد ۱۲۷۰ھ مع تعلیقہ اللطیف المستند المعتمد ۱۳۲۰ھ

''اس کتاب لاجواب پسندیدہ اولی الالباب سراپا صدق و صواب خزینۂ عقائد اہل سنت گلدستۂ رشد و ہدایت ہیں شمس العلما بدر الفضلا جامع معقول و منقول حاوی فروع واصول حضرت مولانا و مقتدانا مولوی شاہ فضل الرسول صاحب بدایونی قدس سرہ العزیز نے عقائد حقۂ اہل سنت و جماعت کو بلا کم و کاست اس خوبی کے ساتھ لکھا کہ بڑے بڑے فاضلوں نے بالاتفاق پسند فرمایا خوب ہی داد تحقیق دی بہت کچھ توصیف لکھی اس

کتاب نایاب کی تصنیف تک جو جو فرق باطلہ نکلے مصنف علام نے ان سب کے عقائد کا سدہ کھولے۔ عرصہ ہوا کہ یہ کتاب بمبئ میں نہایت غلط چھپی تھی تاہم شائقین نے ہاتھوں ہاتھ لے لی چند سال کے بعد معدوم سی ہوگئی بہت سے طلبہ بلکہ علمااس در بے بہا کی کامل جستجو فرماتے اور پھر بھی نہ پاتے۔جب مشتاقین صادقین کی تمناحد سے گزری اوراس کے طبع میں منفعت طلبہ وعلماے اہل سنت سمجھی گئی بالخصوص طلبہ درجہ عربی مدرسہ اہل سنت واقعہ پٹنہ بخشی محلہ کے لیے زائد ضرورت خیال کی گئی تب حامی سنت قاتل کفروبدعت مکر مناومخدومناجناب مولانامولوی قاضی عبدالوحید صاحب عظیم آبادی مہتمم مدرسۂ اہل سنت وناظم تحفہ حنفیہ صانہ اللہ تعالیٰ عن مصائب الدنیویۃ والاخرویۃ نے خدمت والامرتبت مجددماۃ حاضرہ موید ملت قاہرہ جامع علوم عقلیہ ونقلیہ ماہر رموز جلیلہ وخفیہ بقیۃ السلف حجۃ الخلف امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولاناوسیدنامولوی حاجی قاری محمد احمد رضاخان صاحب بریلوی مدظلہ العالی میں التجاکی کہ اس کتاب کے مطالب مغلقہ کی توضیح وبیانات مشکلہ کی تشریح فرمائی جائے۔اوراغلاط کثیرہ جوطبع بمبئ میں واقع ہوئے ہیں ان کی تصحیح کی جائے۔ اور ۱۲۰۷ھ سے اس وقت تک جوجو مذاہب حادث ہوئے نئے فرقے نکلے ان سب کی قلعی کھولی جائے تاکہ حضرات اہل سنت کا نخل تمنابارآورہو جائے۔

مقصددلی برآئے اپنے ایمانوں کودرست کریں۔عقائدباطلہ سے بچیں۔صراط مستقیم دیکھیں۔نعمت سرمدی کے مستحق بنیں۔للہ الحمد کہ حضرت ممدوح نے یہ التجاقبول فرمائی المعتقدالمنتقد پرتعلیق انیق سراپاتحقیق مسمیٰ باسم تاریخی المستندالمعتمد تحریرکرکے نہایت تصحیح کے ساتھ مطبع اہل سنت بریلی میں چھپوائی، یہ کتاب مع صفحات لوح کے ۲۳۲ صفحے کی ہے۔بخیال نفع رسانی قیمت کم رکھی ہے جوصاحب خریدناچاہیں اس خادم اہل سنت سے موافق نشان ذیل منگوائیں قیمت بلامحصول ڈاک ۱۲/ یامع محصول

ڈاک ۱۳/ بھیجیں یابذریعہ ویلو طلب کریں۔خادم اہل سنت ضیاء الدین نائب مہتمم مدرسہ اہل سنت و منتظم تحفہ حنفیہ واقع پٹنہ بخشی محلہ۔"

[محرم ۱۳۲۲ھ ص ۴۴،۴۳]

آخر حالت اصلی کھل ہی گئی (ردقادیانی)

یہ تحریر قادیانی کی ایک پیشن گوئی کی تغلیط کے حوالے سے ہے۔اس میں آپ کے نام مولانا سید فتح علی شاہ حنفی کا ایک خط بھی شامل ہے۔

[جمادی الاخریٰ ۱۳۲۲ھ ص ۴۳،۴۲]

تحفہ حنفیہ کا تحفہ لقب گرامی کلام ضیا

ماہنامہ تحفہ حنفیہ، سرپرستان تحفہ، مدیران تحفہ، معاونین تحفہ اور حامیان تحفہ کی مدح وستائش پر مشتمل نظم ونثر میں ۲۶/ صفحات پر مشتمل رسالہ ہے۔ماہنامہ تحفہ حنفیہ کے شمارہ بابت محرم ۱۳۲۳ھ میں شائع ہوا۔گزشتہ اوراق میں نقل کردیا گیاہے۔وہیں ملاحظہ کیا جاسکتاہے۔

ضیاء سنت، دافع ہذیانات مسمیٰ باسم تاریخی ضیاء سنت (۱۳۲۲ھ) ملقب بلقب تاریخی، دافع ہذیانات (۱۳۲۲ھ)

وہابیوں نجدیوں کی بیخ کنی کے حوالے سے نظم ونثر میں ۹۴/ صفحات پر مشتمل بہت ہی معرکۃ الآرا رسالہ ہے۔ماہنامہ تحفہ حنفیہ ۱۳۲۳ھ کے شمارے محرم/ صفر، ربیع الاول، شعبان، رمضان، شوال، ذی القعدہ اور ذی الحجہ میں شائع ہوا۔ مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ کا یہ رسالہ اگر کتاب کی طوالت کا سبب نہ بنتا تو ضرور نقل کیا جاتا۔البتہ منظوم کلام منظومات کے باب میں شامل کیا جائے گا۔

رسالہ سبحان السبوح پر تبصرہ

حضور اعلیٰ حضرت کی کتاب کذب باری تعالیٰ کے محال ہونے سے متعلق علمی و تحقیقی کتاب ''سبحان السبوح عن کذب مقبوح'' کے پہلے حصہ کی اشاعت پر مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ نے مختصر مگر زبردست تبصرہ تحریر فرمایا جو ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ میں ص ۱۲ر پر شائع ہوا۔

التماس متعلق حدائق بخشش

حدائق بخشش کی اشاعت اور اس کی خریداری کے حوالے سے التماس ہے۔

اشتہار کتب ردوہابیہ

ردوہابیت و نجدیت کے حوالے سے اہل سنت کی چند کتابوں کا تعارف واشتہار۔

پیسہ اخبار میں ڈبلو صاحب اور النجم لکھنو میں اعلیٰ حضرت کے خلاف یاوہ گوئی کا مسکت جواب

۱۳۲۳ھ میں اعلیٰ حضرت دوسری بار سفر حج کے لیے تشریف لے گئے۔ اور بہت سی علمی مصروفیات کے سبب وہاں سے آنے میں تاخیر ہوئی۔ تو وہابیہ و دیابنہ ہند نے افواہیں اڑانا شروع کر دیں کہ آپ کو مکہ معظمہ میں گرفتار کر لیا گیا ہے جیل میں ڈال دیا گیا ہے۔ آپ سے علم غیب کی بابت استفسار کیا گیا تو جواب نہیں بن پڑا۔ اسی سلسلے میں روکا گیا ہے۔ الغرض جتنی منہ اتنی باتیں۔ ان سب مزخرفات کا مسکت وزبردست جواب مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ نے دیا۔

مضمون جمادی الاولیٰ ۱۳۲۴ھ کے ص ۳۷ تا ۴۴ پر شائع ہوا۔

مہ نور می فشاند وسگ بانگ می زند

یہ مضمون بھی امام اہل سنت کے تعلق سے وہابیوں کی یاوہ گوئی والزام تراشیوں کے جواب میں مولاناضیاء الدین مدیر تحفہ کی طرف سے لکھا گیا۔ شمارہ بابت رجب ۱۳۲۴ھ میں ص ۴۵ تا ۴۷/ شائع ہوا۔

کیفیت امتحان سالانہ مدرسۃ الحدیث، پیلی بھیت

۶/ ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں مولاناشاہ سلامت اللہ رامپوری نے حضور وصی احمد محدث سورتی کے طلبا کا امتحان لیا حضور صدر الشریعہ نے امتحان میں اول درجہ سے کامیابی حاصل کی اور دستار فضیلت سے نوازے گئے۔ مولاناضیاء الدین مدیر تحفہ نے اس کی مختصر روداد تحریر فرمائی۔ اور درج ذیل تاریخی قطعہ بھی لکھا ؎

سنی جب خبر جلسۂ امتحان کی ضیاؔ کو ہوئی فکر تاریخ پیدا
خرد نے کہا جہل کا سر اڑا کر ہوا واقعی امتحاں خوب زیبا
(۱ ۳ ۲ ۴ ھ)

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۵ھ ص ۴۴]

خاتمہ طبع کتاب ردالروافض وانکشاف حالات روافض والتماس بااہل حق

ردروافض میں مولاناسید فرزند حسین اجھوئی کے رسالہ بنام تاریخی ”ردالرافضہ (۱۳۲۱ھ) رادالرفضہ (۱۳۲۱ھ) جوماہنامہ تحفہ حنفیہ کے مختلف شماروں میں شائع ہوا۔ اس کے آخر میں خاتمہ کے طور پر چند صفحات مولاناضیاء الدین مدیر تحفہ نے تحریر فرمائے ہیں۔ جو ماہنامہ کے شمارے بابت شوال ۱۳۲۵ھ میں شائع ہوئے۔

فتوی متعلق رفض وغیرہ

رفض وغیرہ کے حوالے ایک سوال کے جواب میں چند صفحات پر مشتمل مدلل فتوی ہے۔ حضور محدث سورتی وغیرہ علمائے کرام کی تصدیقات بھی اس میں شامل ہیں۔ ماہنامہ کے شمارے بابت ذی الحجہ ۱۳۲۵ھ میں ص۹ تا ۱۴، پر فتوی شائع ہوا۔

خلاف ترتیب قرآن پڑھنے اور تلاوت قرآن سے متعلق چند مسائل پر مشتمل فتوی

نماز وغیر نماز میں ترتیب عثمانی کے خلاف قرآن کی تلاوت اور اسی ضمن میں چند دیگر مسائل پر مشتمل مدلل فتوی ہے جسے مولاناضیاء الدین مدیر تحفہ نے تحریر فرمایاہے۔ یہ فتوی ذی الحجہ ۱۳۲۵ھ میں ص۱۵ تا ۱۸ر پر شائع ہوا ہے۔

تثویب سے متعلق فتوی

نماز کے بعد تثویب کے جواز و مستحسن ہونے کے حوالے سے مدلل فتوی ہے۔ تحفہ حنفیہ کے شمارہ بابت جمادی الاولیٰ ۱۳۲۶ھ میں شائع ہوا۔

تحقیق علم مایکون وماکان لحبیب الدیان المنان، باسم التاریخی توضیح صواب، ۱۳۲۳ھ

یہ علم غیب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے زبردست علمی و تحقیقی، مدلل و مفصل رسالہ ہے۔ جس کو مولانا ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی مدیر رسالہ تحفہ حنفیہ نے تصنیف فرمایا۔اس پر مشاہیر علمائے کرام کی تصدیقات ثبت ہیں ۔رسالہ ۲۴ر صفحات پر مشتمل ہے۔ تحفہ حنفیہ کے شمارے بابت ذوالحجہ ۱۳۲۶ھ میں شائع ہوا۔

سوانح بحر العلوم مولانا عبد العلی لکھنوی

حضرت بحر العلوم مولانا عبد العلی لکھنوی قدس سرہ کی حیات وحالات حیات کے حوالے سے ایک معلوماتی مضمون ہے ۔یہ محرم،صفر،ربیع الاول۱۳۲۶ھ میں شائع ہوا۔البتہ فقیر کو کوشش بسیار کے باوجود محرم اور صفر۱۳۲۶ھ کے شمارے دستیاب نہ ہوسکے۔ربیع الاول کے شمارے میں مضمون کی آخری قسط شائع ہوئی ہے۔جو چھ صفحات پر مشتمل ہے۔

ذکر ابرار تاریخی نام ضوء حسنات، مع تشریح

مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ نے حمد ونعت ومنقبت صحابہ پر مشتمل مسدس مع شرح وتوضیح بشکل رسالہ بنام باعتبار تصنیف ”ذکر ابرار“(۱۳۲۴ھ)اور باعتبار طباعت واشاعت ”ضوء حسنات“(۱۳۲۵ھ)تحریر فرمایا۔یہ ۴۹/صفحات پر مشتمل رسالہ ماہنامہ تحفہ حنفیہ بابت شوال،ذی القعدہ۱۳۲۵ھ اور جمادی الاخریٰ۱۳۲۶ھ میں تین قسطوں میں شائع ہوا۔ہم اس رسالہ کا منظوم حصہ باب منظومات میں پیش کریں گے۔

توضیح ملل

پوکھریرا اور بنارس میں اہل سنت کے دو جلسوں کی روداد اور ہندوستان میں موجود فرقہائے باطلہ کے عقائد ونظریات کا بیان اور علمائے حق کی مدح وثنا پر مشتمل مسدس ہے۔تاریخی نام باعتبار تصنیف ”توضیح ملل“۱۳۲۴ھ اور باعتبار طباعت تاریخی نام ”تذکرہ“۱۳۲۵ھ ،ہے۔یہ ۳۸/صفحات کا رسالہ تحفہ حنفیہ کے شماروں بابت ربیع الاول سے جمادی الاولیٰ۱۳۲۶ھ میں قسط وار شائع ہوا۔

ضیاے رشاد، افسانہ غم افزا، قطعات رحلت

پاک دلان

۱۳۲۶ھ میں وفات پانے والے مشاہیر علما و مشائخ کی رحلت کے حوالے سے تاریخی قطعات اور موت وغیرہ سے متعلق منظوم کلام پر مشتمل یہ رسالہ تین تاریخی نام رکھتا ہے۔

"ضیاے رشاد"(۱۳۲۶ھ)"افسانہ غم افزا"(۱۳۲۶ھ)"

"قطعات رحلت پاک دلان"(۱۳۲۶ھ)۔

ماہنامہ تحفہ حنفیہ کے شمارے بابت محرم ۱۳۲۷ھ، میں رسالہ کے ۲۰/ صفحات درج ہیں باقی ماہ صفر میں ہوں گے فقیر کو صفر اور مابعد رسالے دستیاب نہ ہو سکے۔

منظومات

ماہنامہ تحفہ حنفیہ میں آپ کی بہت سی حمد، نعت، منقبت، تاریخی قطعات، مدح وذم پر مشتمل مسدس ودیگر منظومات شائع ہوئے ہم ان سب کو یہاں پیش کرتے ہیں۔

کتاب میں دیگر مقامات پر بھی آپ کا منظوم کلام محل کے مطابق درج کیا گیا ہے۔ جس کو ہم تکرار کے سبب یہاں نقل نہیں کریں گے۔

مسدس دربیان وہابی ناکس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کرے حمد خالق زبان میں یہ قوت　　لکھے نعت حضرت قلم میں یہ جرأت
نہیں ہے نہیں ہے نہیں ہے یہ قدرت　　عبث ہے جو کوئی کرے اتنی ہمت
فرشتوں کی اس جا پہ عاجز زباں ہے
بھلا پھر بشر کی یہ طاقت کہاں ہے

زمانہ ہے قرب قیامت کا یارو　　جہاں تک بنے دین وملت سنبھالو
غنیموں کو چاروں طرف سے بھگادو　　مددگار خالق ہے ہمت نہ ہارو
عجب وقت اسلام پر آگیا ہے
شیاطیں کے پھندوں میں آکر پھنسا ہے

عداوت کو بددین سے فرض جانو　　وہابی کو دشمن شریعت کا مانو
بچو اس کی صحبت سے اور دور بھاگو　　مرمت کرو اس کی جس جا پہ پاؤ
یہ دشمن خدا کا خدا کے نبی کا
بزرگان دیں کو ہے دشنام دیتا

یہ کیسا نرالا طریقہ نکالا خرابی وذلت میں اپنے کوڈالا
پڑا جہل کا اس کی آنکھوں پہ جالا کیا اپنے منہ کو گناہوں سے کالا
برستی ہے پھٹکار چہرے پہ اس کے
کئے اس نے اسلام پر سخت حملے

ہے تہذیب کا اس کی عالم میں چرچا اسی طرح اخلاق میں فردو یکتا
ترفع تعلی میں وہ مشق پیدا چڑھا آسماں پر رہا سب سے اعلیٰ
نہ ہے خوف عزت نہ بیم ملامت
عجب اس کی طینت عجب اس کی عادت

جو پوچھا کسی نے کہ اے دیں کے یاور تو عامل ہے کس پر بتادے سراسر
کہا اس نے سن نے توالے میرے دل بر کلام خدا اور حدیث نبی پر
انہیں پر عقیدہ انہیں پر یقیں ہے
نہ مانوں گا اس کو جو ان میں نہیں ہے

یہ جھوٹا ہے دعویٰ جو تم نے کیا ہے فریبوں سے مکروں سے بالکل بھرا ہے
پلاؤ اورزردے کو کس جا لکھا ہے کہ کھاؤ اسے تم کو یہ سب روا ہے
نہ آیت سے تصریح تم لا سکو گے
نہ ہرگز احادیث میں پا سکو گے

ہوئے نفس پرورذرا کچھ نہ سوجھی محبت اطاعت خدا کے نبی کی
نہ پیش نظر آیا الفقر فخری سمجھ لوکرو غور حالت پہ اپنی
اٹھو خواب غفلت سے وقت سحر ہے

کرو جلد توبہ کھلا اس کا در ہے

سنو کان رکھ کر یہ کہتا ضیاؔ ہے نہ دنیا پہ پھولو یہ جائے فنا ہے

قیامت کا دن سامنے آرہا ہے کھلے گا اسی روز جو کچھ کیا ہے

کرو کام وہ جو وہاں کام آئے

جہنم کی آتش سے تم کو بچائے

[تحفہ حنفیہ، محرم ۱۳۲۰ھ ص۷،۸]

ضیاء سنت، دافع ہذیانات

حمد وستائش باری تعالیٰ ونعت سید الوری علیہ التحیۃ والثناو منقبت آل واصحاب وائمہ اربعۂ مجتہدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین۔

اسی کو ستائش ہے اور حمد زیبا معائب سے ہے ذات جس کی مبرا

صفات اس کے عالی ہیں ذات اس کی اعلیٰ نہیں کذب کا اس میں امکان اصلا

جو مانے گا امکان کذب الٰہی

بلا ریب ابلیس کا ہے وہ بھائی

بڑی شان والا وہی رب عزت کہ دی جس نے ہے مذہب حق کو رفعت

بصد حرمت وحشمت وشان وشوکت وہ رکھے گا قائم اسے تا قیامت

جو ادیان باطل ہیں شائع بکثرت

مٹائے گا ان کو بخواری و ذلت

ادا ہو سکے شکر مناں کا کیوں کر کہ دیں نعمتیں حد احصا سے باہر

پیمبر وہ بھیجا کہ اللہ اکبر نہیں اس کا ثانی وہ ہے سب کا سرور

وہ ختم الرسل شاہ دنیا و عقبی
وہ مولیٰ وہ آقا وہ ہادی ہمارا
نہیں جس طرح تاب حمد الٰہی یوہیں سخت مشکل ہے نعت گرمی
یہ طاقت یہ جرأت ہوئی تھی نہ ہوگی سرموادا ہو جو مدحت نبی کی
ہوئی اصل ایماں محبت انہیں کی
بچائے گی دوزخ سے الفت انہیں کی
انہیں پر ہوئی نعمتوں کی تمامی وہی ہیں دوعالم کے مولیٰ ووالی
انہیں کے ہے دم سے یہ ساری خدائی انہیں کی اطاعت ہے طاعت خدا کی
انہیں پر ہوا ختم وصف رسالت
درود وسلام ان پہ دائم بکثرت
ہیں آل نبی گوہر بحر سنت صحابہ بھی ہیں سب نجوم ہدایت
ائمہ بھی ہیں نائبان نبوت خصوص ان میں نعمان شمع امامت
وہ ہیں باعث زینت دین ودنیا
وہ ہیں تاجدار حدیث ثریا

سبب نظم رسالۂ ہدایت قبالہ

پس حمد خدا خالق پس نعت حضرت میں لکھتا ہوں اس نظم کی پوری حالت
جو ہیں عالم و پیشوائے شریعت جو کرتے ہیں ہر آن سنت کی نصرت
گرامی و سامی لقب ان کا قاضی
ملا عبد صدیق اسم گرامی

یہ ارشاد عالی ہوا مجھ سے ان کا کہ دیکھا ہے تونے یہ مضمون گندا
وہابی نے لکھا وہابی نے چھاپا انہیں نے مصلیٰ میں لے جاکے بانٹا
جہالات اس میں فزوں از بیاں ہیں
جو ان کی نہانی کو کرتے عیاں ہیں
مناسب ہے تجھ کو جواب اس کا لکھ دے کہ کھل جائے حالت مصنف کی اس کی
جو ہو جائے کامل تو پرچے میں اپنے اشاعت کو اس کی مقدم سمجھ لے
یہ سن کر کہا میں نے ان سے کہ اچھا
جو چاہا خدا نے تو رد اس کا ہوگا
بفرمان وارشاد ممدوح سامی ہوا اس کا لکھنا مجھے حتم مقضی
اٹھاتا ہوں خامہ بتوفیق باری جواب اس کا لکھتا ہوں ترکی بترکی
ذرا بھی جو غیرت وہبڑوں میں ہوگی
تو چھوڑیں گے ہذیان گوئی وہ اپنی

حقیقت وہابیان

وہابی کی سن کو حقیقت کو پہلے یہ نکلے ہیں سب نجد کی سرزمیں سے
وہاں عبد وہاب کے اک پسر نے باغوائے شیطاں کئے دیں پہ حملے
وہابی کے معنی ہیں شیطان کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
وہابی ہیں بد دین نص و خبر سے جسے شک ہو وہ ہم سے آکر کے سمجھے
ہیں بے شک یہ چاہ ضلالت میں ڈوبے حقیقت کو اپنی نہیں ہیں سمجھتے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

یہ چڑھتے تھے لفظ وہابی سے پہلے جو کہتا کوئی ان کو اس سے یہ لڑتے
مگر اب بہت شاد ہوتے ہیں اس سے خدا جانے کیا اپنے دل میں ہیں سمجھتے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جو چاروں طرف سے ہوئی ان پہ لے دے تو پھر خاص مرکز پہ آکر یہ ٹھہرے
گروجی پہ کرتے ہیں ملت کو صدقے کہ عالم میں خاص اس کے کہلائیں چیلے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جب اس پر بھی حملے ہوئے ہر طرف سے تو اہل حدیث وموحد یہ ٹھہرے
کئی کھائے پلٹے کئی رنگ بدلے پھر آئے حقیقت پہ آخر پاٹ کے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

ہوئے تھے جو بیزار پہلے لقب سے برا جان کے یا کہ اچھا سمجھ کے
جواب اس کا دیں مجھ نجدی کے چیلے حقیقت چھپاتے ہیں کیوں اپنی گرگے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

برا تھا تو پھر کیوں برائی میں پہنچے۔ بھلا تھا تو کیوں اس کو چھوڑا تھا پہلے
برائی ضرور اس میں تم بھی ہو سمجھے اسی واسطے اتنے کھائے ہیں پلٹے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

ہے رمز اس میں یہ بھی جسے ہو سمجھ، گورمنٹ کے باغیوں میں تھے پہلے
سزا پاچکے اور ذلت کو پہنچے نہیں باز آتے ہو تم اپنے شر سے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

تو اس خوف سے بھی لقب اور چھانٹے کہ باغی نہ ٹھہریں گے قلب لقب سے
جو دیکھا کہ اب سالہا سال گزرے وہابی بنو اب تو پہلے سے بڑھ کے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المغوی

ہیں سنی وہابی بڑی شان والے زبس حق وباطل کی پہچان والے
یہی ہیں بحق دین وایمان والے مگر جانیں کیا بدع وطغیان والے
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

ہیں راہ ہدایت پہ نعمان والے ہیں سنی یہی اور رحمن والے
وہابی تو بے شک غسان والے یہ فتان ومغوی ہیں شیطان والے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

کیا خود میں جو حصر ایمان وملت تو بے دین وایماں ہوئے اہل سنت

بکا کلمۂ کفر بے خوف و دہشت میں کہتا اسی واسطے ہوں بشہرت
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
انہیں حرکتوں سے ہوئی شان عالی انہیں خصلتوں سے بنے ہو گرامی
یہ ہے عقل فاسد کی ساری خرابی نہیں جانتے ہیں یہ مضمون نجدی
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

ہدایت ہو عالم میں طوفانیوں کو بڑا مرض مہلک ہے بہتانیوں کو
وہابی بتاتے ہیں رحمانیوں کو سنادو یہ مضمون شیطانیوں کو
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

خدا کی ہدایت ہو شیطانیوں کو یہ کافر بناتے ہیں رحمانیوں کو
عداوت ہے سنت سے غسانیوں کو نہیں ہے سمجھ بوجھ خسرانیوں کو
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
مرض نے جہالت کے ایسا کیا ہے نہیں ہوش کچھ اس میں باقی رہا ہے
مرض کو یہاں مرض اس نے لکھا ہے جہالت کا اس کی مرض لا دوا ہے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

وہابی بڑے مخلص دین حق ہیں سدا حکم حضرت کا رکھتے سبق ہیں
یہی عزواکرام کے مستحق ہیں جو ان کو کہیں بد وہی پر حمق ہیں

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جہاں میں تو گمراہ بہت سے فرق ہیں مگر لے گئے سب پہ نجدی سبق ہیں
یہ ذلت اہانت کے بے شک احق ہیں یہ حقا بڑے دشمن دین حق ہیں

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

سنو مستحق ہیں جو ہے جائے حطی زبر اس کا سمجھا وہابی خاطی
محل زیر کا ہے اتعلی یہ کیسی نہیں چھوڑتا چال اپنے گروکی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

سمجھتا نہ ہو جو کہ مفعول فاعل وہ ہوا پنے فرقے کا ذی علم وفاضل
تو ہوگا وہ فرقہ بلا شبہہ باطل اور افعال ابلیس کا پورا عامل

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

حماقت تو دیکھو حمق کو نہ سمجھا　　بجا تھا سکوں میم کا اور ضمہ
انہیں ترک کر کے زبر کو تراشا　　یہ پونجی اورارباب سنت پہ حملہ
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جہالت کا اس کی نمونہ دکھایا　　ہیں ہر بند میں اس کے اغلاط صدہا
لیاقت نہیں نجدیوں میں ہے اصلا　　اسی واسطے ان پہ شیطاں ہے شیدا
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

نہ اردو نہ تازی سے واقف ہے اصلا　　لکھوں ایسے اجہل کے اغلاط کیا کیا
مسلم یہ عالم ہے سب نجدیوں کا　　تو ایسوں کو کیا جادہ حق ملے گا
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

سراسر غلط ہے یہ نظم سقط گو　　جواب اب خرافات کا صرف سن لو
ہیں نجدی شیاطین انسان مجبو　　حقیقت جو اپنی یہ پوچھیں تو کہدو
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

نہ چڑھنا کہ ہیں اہل وحدت وہابی　　لقب ہے پئے اہل سنت وہابی
پڑے گو کہیں غیر ملت وہابی　　ہیں مستوجب وصف ومدحت وہابی
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

ہیں بس دشمن دین وملت وہابی — شب وروز بدخواہ سنت وہابی
ہیں شایان تعزیر وذلت وہابی — مضل ضال اوراہل بدعت وہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

مسلمانوں کو غیر ملت بنا کے — بنے آپ تم ملت غیر والے
مقر خود ہو تم اپنی لامذہبی کے — توچڑھتے ہو کیوں اس مقولے سے میرے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

ہے دنیا میں جن سب کا مذہب رکابی — وہی کہتے ہیں اہل حق کو وہابی
غلط در غلط سمجھے ہیں یہ لہابی — سنادو یہ ان سب کو مطلع شتابی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جنہیں اولیا سے ہے غیظ التہابی — وہی شعلہ زادے ہیں ناری وہابی
وہی ہیں یہاں بھی وہاں بھی لہابی — انہیں پر ہے یہ ضرب تیر شہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

عجب طرح کے وہ بھی ایک مثل خر ہیں　　وہابی کہانے سے کرتے حذر ہیں
نہیں چشم بینا بہت بے بصر ہیں　　کریں کیا کہ اس رمز سے بے خبر ہیں
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

وہابی سزاوار نار سقر ہیں　　بڑے دشمن شرع خیر البشر ہیں
نہیں چشم حق بیں نرے بے بصر ہیں　　سمجھ ان کو اصلا نہیں گاؤ خر ہیں
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

خدا کو جو کوئی اگر دل سے جانے　　بچے شرک سے راہ توحید مانے
وہی سب لگے ہیں وہابی کہانے　　مگر کیوں لگے تم براجی میں لانے
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جو فرقہ کہ تعظیم سرور نہ جانے　　قیاس اور اجماع کو حق نہ مانے
بزرگان دین سے عداوت کی ٹھانے　　اسی کو وہابی کہا اصفیا نے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

عمل جو کرے سنت احمدی پر — تو اس کو وہابی بتاتے ہیں یہ خر
یہ انساں نہیں ہیں مگر ریچھ بندر — نہیں مطلقاً کچھ سمجھتے مچھندر
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

ہیں اقوال نجدی کے عامل جو خچر — وہ ملک ضلالت کے ہیں میر وافسر
وہ صحرائے بدعت کے لنگور، بندر — وہی ہیں وہابی وہی خر سے بدتر
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

ہیں اس درجہ شہ زور بدعت ستم گر — مگر مچھ ہو جیسے سمندر کے اندر
یہ ہیں دشمن قول و فعل پیمبر — خیالات شیطاں سے مملو سراسر
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

جو چھوڑیں ہنود اور بکر ما نکی چالیں — ستم ہے یہ ان کو وہابی بنالیں
کہاں تک ہم ان سب کی باتوں کو ٹالیں — ہے لائق کہ یہ شعر منہ سے نکالیں
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جو دیں میں نئی روز چالیں نکالیں　　جو بدعات مردہ میں پھر جان ڈالیں
ہے دشوار وہ اپنی حالت چھپالیں　　اگرچہ وہ کیسی ہے باتوں میں ٹالیں
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جو چلتے نہیں چال ہیں ہندؤں کی　　بنایا ہے ان سب کو کس نے وہابی
یہ بیہودہ گوئی یہ تہمت ہے تیری　　تو ہب کو کرتا ہے کیوں اپنے مخفی
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

عقائد میں آئی ہو جن کے خرابی　　جو ہوں راہ پر نجدی و دہلوی کی
انہیں کو تو کہتی ہے دنیا وہابی　　انہیں پر تو صادق ہے یہ بیت میری
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

نہ پوجے کوئی سیتا و بھوانی　　علم شدہ ولال بیگ و مسانی
تو اس کو وہابی یہ شیطان ثانی　　بنادیں مگر کیوں بری تو نے مانی
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جنہیں دین حق سے عداوت ہے جانی　　اماموں کے قولوں کو سمجھیں کہانی

بری جانتے ہوں جو میلاد خوانی وہی ہیں وہابی و شیطان ثانی
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

جو چھوڑے دیوالی و ہولی دسہرے لگن بیاہ میں کنگنے اور سہرے
تو اس کو یہ شیطان کے ہاتھ پھیرے وہابی کہیں اس سے ہو اندھے بہرے
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

چڑھے رنگ ہوں جہل کے جن پہ گہرے بھڑکتے چمکتے روپہلے سنہرے
اورایوان بدعت کے دیتے ہوں پہرے وہابی ہیں وہ اس سے ہیں اندھے بہرے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

یوہیں ناچ اور رنگ میں جو نہ جائیں نہ رنڈی نچائیں نہ طبلہ بجائیں
انہیں کو یہ مردک وہابی بتائیں تو کیوں کر صلہ میں نہ یہ شعر پائیں
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جو افعال شیطاں کی رنڈی نچائیں　　ضلالت کا دف اور طبلہ بجائیں
خرافات وآفات کے گیت گائیں　　وہی ہیں وہابی نہ حالت چھپائیں
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

ہے اس قول سے صاف ظاہر یہ حالت　　وہابی میں سمجھے ہو تم بھی قباحت
دکھاتے ہو پھر کیوں ذہانت فطانت　　ملمع سے چھپتی نہیں اصل حالت
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

جو کر دے ترک زنا اور چوری　　شراب وجوا جھوٹ اور سود خوری
تو اس کو وہابی یہ کر سینہ زوری　　بتاتے ہیں غافل ہو اس سے اگھوری
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

بڑھی جن کی حد سے کری اور کوری　　نہیں تھامتے ہیں وہ سنت کی ڈوری
وہ نجدی ہیں کرتے ہیں کیوں سینہ زوری　　میں کہتا ہوں بے غش مجھے کس کی چوری
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

غرض یہ کہ ہے جس قدر روسیاہی　　گناہ اشد گمرہی و تباہی

جو چھوڑے وہابی اسے یہ قصائی بتاتے ہیں پر بات ہے ان کی واہی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

وہابی ہیں اشرار و بدکار و واہی شب و روز مشغول فسق و ملاہی

تنفر اوامر سے میل نواہی بہت خوب شیطان کی سنت نباہی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

توکر الغرض ترک کل بت پرستی کہ تا فضل سے اس کے ہووے بہشتی

چلا بحر وحدت میں سنت کی کشتی پڑے گو وہابی کہیں اہل زشتی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

کرو ترک سفاکی و چیرہ دستی دکھائے گی یہ تم کو اک روز پستی

نہیں کام آئے گی شیطاں پرستی ہے پھٹکار چہروں پہ دیکھو برستی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

چلا بحر دیں میں فقاہت کی کشتی اسی سے تجھے راہ سنت ملے گی

وہ ڈوبا فقیہ ہوں پہ جس نے کی جفا کی   مگر اس کو سمجھیں تو کیوں کر وہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

گناہوں کو ٹھہرا دیا بت پرستی   ذرا ہوش میں آ یہ تیزی یہ مستی

عقائد پہ ہو جن کی یہ چیرہ دستی   وہ اور ہوں بہشتی چہ دیوانہ ہستی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

یہ ہے اعتزال اے عدو شریعت   خوارج بھی رکھتے ہیں ایسی عقیدت

یہ مذہب ہے مجموعہ ہر بطالت   وہبڑوں کی ظاہر ہے اس سے حقیقت

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

تو بچ تعزیہ سے کہ ہے شرک بھائی   علم شدہ و قبہ کی ہے مناہی

نہ مانو انہیں تا ہو جنت کو راہی   یہی ہے وہابیت و دیں پناہی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

وہبڑوں سے رہ دور اے میرے بھائی   جو منظور ہے تجھ کو دینی بھلائی

یہ کنجڑے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔   بھری ان کی طینت میں ہے بس برائی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جو کہتا ہو امکان کذب الٰہی | جو ختم رسالت کا منکر ہو واہی
جو اعراس اور فاتحہ کا ہو ناہی | وہی ہے وہابی و مغوی ولاہی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

کہا جس کو بھائی یہاں اے ستم گر | وہ ہم سے ہے یا تمہارا برادر
تمہارے ہی جرگے کا ہے جو کوئی خر | تو کیوں لکھ گئے بے خبر اس سے ہو کر

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جو بوچھار او پر سے کی ہے انہیں پر | یہاں بھی مخاطب ہمیں ہیں سراسر
ہم اور تو بہ تمہارے برادر | بھلا نور اور نار کا ساتھ کیوں کر

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

مسلم نہیں تم کو ایمان جن کا | انہیں کو برادر بناتے ہو اپنا
یہ ابلیس نے خوب مذہب نکالا | کہ ہے شرک اور کفر کا جس میں رستا

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

خلاصہ تو سن تعزیے کا یہ ہم سے | نہیں شرک ہے ہاں یہ بدعت ہے اندھے

سبق شرک کا بس وہابی ہیں پڑھتے　　حقیقت میں مومن کے دشمن ہیں پکے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

شریک صفات خدا تعزیے کو　　مسلمان کیوں کر کرے گا سفیہ ہو

زباں ایسے الفاظ سے اپنی روکو　　کرو توبہ اور شیطنت اپنی چھوڑو

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

عوام اس کی کرتے ہیں جو قدر و قیمت　　یہ ہے ان کی پابندی رسم و عادت

ہیں مذنب نہ مشرک بحکم شریعت　　تم اپنی تو دیکھو کہ ہے کیسی حالت

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

زیارت کو قبروں کی ہیں منع کرتے　　یہ نجدی بڑے بے خبر ہیں خبر سے

زبانی ہیں دعوے بڑے لمبے چوڑے　　حقیقت میں دیکھو تو مصداق اس کے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

زیارت ہے مستحسن و خوب و بہتر　　فضیلت ہے آثار سے اس کی اظہر

قبور بزرگاں ہیں رحمت کے مصدر　　وہابی ہیں محروم رحمت سراسر

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

نہ کر رسم تو ہند کے ہندؤں کی نہ آتش پرستوں کی اور بدعیوں کی
تو چل چال سنت کی اور سنیوں کی قرون ثلثہ کے وہابیوں کی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

جو ہیں متبع نجدی ابلمیسیوں کے وہ بھوپال ودہلی کے تلبمیسیوں کے
مخالف ہیں سنت کے تقدیسیوں کے قدم بر قدم اپنی تدلیسیوں کے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قرون ثلثہ میں کب تھے وہابی ابھی تو یہ نکلے ہیں سارے وہابی
نہیں حق تعالیٰ سے ڈرتے وہابی ہیں کذاب وناپاک پورے وہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

ہو بدعات تو اس کو بدعت بتائے یوں ہی فسق کو فسق کہہ باز آئے
مگر کر عمل وہ کہ سنت سے پائے نہ ڈرتا اگرچہ وہابی کہائے

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

ضلالات کو جو ہدایت بتائے ہدایت جو ہو اس کو بدعت بنائے
اسی طور فاسق کو مشرک بتائے وہابی وہ ہونے سے کیوں خوف کھائے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

سبھی شرک وبدعت کو دل سے بسارو بتوحید و سنت چلو دین دارو
احادیث و قرآن پہ کل شی کو وارو نہ ڈرنا وہابی کہانے سے یارو
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

خیالات بد چھوڑ دو بد شعارو لباس ضلالت کو فورا اتارو
وہابی پہ چڑھتے ہو کیوں نابکارو ذرا اپنی حالت تو سوچو گنوارو
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
نہ یوں نجدیو اپنی حالت بگاڑو خدارا نہ گلزار سنت اجاڑو
غوایت کے دیو لعین کو پچھاڑو توہب کی جڑ اپنے دل سے اکھاڑو
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

احادیث وقرآن پہ قائم رہے تو وجوباً نہ تقلید کوراہ دے تو
پڑے سر پہ جو بہر سنت سہے تو وہابی کہاوے نہ ہرگز ڈرے تو
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

نہ ترک خرافات ہرگز کرے ت پڑیں جس قدر سر پہ سب کو سہے تو
ہے تقلید واجب جو چاہے بکے ت طریق ہدایت پہ کیوں کر چلے تو
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
ہے تقلید واجب کلام خدا سے اسی طور اخبار خیر الوریٰ سے
بھرا ہے ترا قول مکر و دغا سے پڑا ہے بہت دور راہ ہدیٰ سے
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

احادیث قرآن کو اصل جانے پھر اس بعد اجماع کو نیک ٹھانے
قیاس ائمہ کو بھی دل سے مانے اگرچہ لگے تو وہابی کہانے
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

لگا دام تزویر اب تو بچھانے — کہ پھنس جائیں جاہل یہ سن کر ترانے
ہیں مشہور عالم میں تیرے فسانے — یہ کہتا تو اس سے جو حالت نہ جانے

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

گڑھا ہے جو مضمون اس جانر الا — تو باقی مضامیں کو یک لخت بھولا
نہ سوجھا لکھا کیا ہے لکھوں گا کیا کیا — حقیقت کا کیوں کر کروں گا میں اخفا

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

تو تقلید شخصی کو واجب نہ کہنا — بری بات بد مذہبوں کی تو سہنا
بہر حال سنت پہ ثابت ہی رہنا — جو اس پر وہابی کہے اس سے کہنا

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

نہ بیہودہ افعال سے باز رہنا — ہمیشہ یوں ہی بحر ذلت میں بہنا
نہ سننا کبھی خیر خواہوں کا کہنا — بس ابلیس ہی کے تو قبضے میں رہنا

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المغوی

قرون ثلثہ کے اندر عمل کر　　فدا جان کر سنت احمدی پر
نہیں اوراس سے ترے حق میں بہتر　　کسی کے وہابی تو کہنے سے مت ڈر
وہابی کے معنی ہیں رحمن والے
یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

بہت روپ بدلے بہت کھائے چکر　　کیا پھر حقیقت کو ظاہر مقدر
ضلالت میں اس کا نہیں کوئی ہمسر　　بگڑتا ہے کیوں اپنی حالت کو سن کر
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
نہ عامل قرون ثلثہ کے اندر　　نہ راغب قرون ثلثۃ کے باہر
وہابی ہیں بدخواہ دین مطہر　　وہابی ہیں سنت کے دشمن سراسر
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
تراویح پڑھتے نہیں بیس رکعت　　بتاتے ہیں حضرت عمر کی یہ بدعت
سمجھتے ہیں سب بدعتوں کو ضلالت　　اسی واسطے ان کی پہنچی یہ حالت
وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے
سمجھ لے تو بدعت کی مجھ سے حقیقت　　کوئی ہے حسن اور کوئی ضلالت

حسن بلکہ سنت ہیں بیس رکعت　　　وہ سمجھے گا کیا جس کی ہو یہ حقیقت

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

خلیفہ کی سنت کو بہتر نہ جانا　　　عمل ہے قرون ثلاثہ پہ کیسا
جو عویٰ کیا وہ ہوا تیرا جھوٹا　　　یہی ہے وہبڑوں کا اصلی طریقہ

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قرون ثلاثہ میں اسے مردلاغی　　　کہاں تھی یہ مسلم کہاں تھی بخاری
تھی مشکوۃ کب اور کہاں ترمذی تھی　　　انہیں کیوں نہیں چھوڑتے ہیں وہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

جو تطویل مد نظر مجھ کو ہوتی　　　تو گمراہیاں کھولتا تیری پوری
جو عاقل ہے اس کو ہے اتنا ہی کاف　　　نمونے سے کھلتی حقیقت ہے ساری

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے
یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

خدا شرک وبدعت کی ہو سد بابی　　　وہابی بنے جتنے ہیں یہ لہابی
دعا میری مقبول ہو یہ شتابی　　　الٰہی تو کر سب کو سنی وہابی

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

ہیں کان ضلالات وبدعت وہابی وہبڑوں سے پھیلی ہے دیں میں خرابی

وہابی ہی ہوتے ہیں سارے لہابی خدایا نہ کرنا کسی کو وہابی

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

قال الوہابی المعنوی

الٰہی تو مسلم پہ اپنا کرم رکھ ہریک لحظہ سنت پہ ثابت قدم رکھ

بتدریج توحید عالی ہمم رکھ وہابی اسے اپنا تامرتے دم رکھ

وہابی کے معنی ہیں رحمن والے

یہ کچھ اور سمجھے ہیں شیطان والے

قال السنی الحنفی

خدایا ضیاؔ کو تو پُر از نعم رکھ سدا پیرو حکم شاہ امم رکھ

طریق ہدایت پہ ثابت قدم رکھ وہابی کا ہر دم عدواتم رکھ

وہابی کے معنی ہیں شیطاں کے بندے

یہ کچھ اور سمجھے عقیدوں کے گندے

تاریخ تالیف و طبع ضیائے سنت ازماحی بدعت حامی سنت جناب سید شاہ محمد حسین صاحب رمزؔ حجرہوی حاجی پوری عفا عنہ اللہ القوی

مرحبا مولوی ضیاء الدین ۔۔۔ آپ کو دے خدا جزائے خیر

برق چمکی ضیائے سنت کی ۔۔۔ دل وہابی کا جل کے خاک ہوا

خوب تردید لاجواب لکھی ۔۔۔ جس سے ان کا بگڑ گیا نقشہ

اس رسالہ سے صاف ظاہر ہے ۔۔۔ بہر اعدائے دیں ہے اک تیغا

اب وہابی یہ کہہ کے روتے ہیں ۔۔۔ چبھ گیا دل میں نوک نشتر کا

ان کی روداد مختصر یوں ہے ۔۔۔ ہوئی اس طرح ان کی نشو ونما

ابن وہاب نجد کا شیطاں ۔۔۔ مقتدا ان کا پیشوا ان کا

نجد سے جب کیا خروج اس نے ۔۔۔ ظلم سے کعبہ کو شہید کیا

حرمت مسجد نبی بھی نہ کی ۔۔۔ واں سبھی گستاخیاں نہ کیں کیا کیا

فوج سلطان روم نے آکر ۔۔۔ اپنی دانست ان کو نیست کیا

اس زمانے میں ایسے تھے معدوم ۔۔۔ اسم ناپاک ان کا تھا عنقا

چھپ رہا مار آستین ہوکر ۔۔۔ قتل سے فوج شاہ کے جو بچا

دین باطل مٹا تو بے کھٹکے ۔۔۔ مذہب حق کا نور پھر چمکا

ان کے ایذا سے ایک مدت تک ۔۔۔ رہی محفوظ رمزؔ خلق خدا

ہوئے دہلی میں جب کہ اسمعیل ۔۔۔ ہند میں لائے نجد کی یہ ہوا

بچ رہا تھا جو نجدیوں کا کام ۔۔۔ اس کو اتمام دہلوی نے کیا

شیخ نجدی کا یہ گرو بن کر ۔۔۔ حملہ پر حملہ دین حق پہ کیا
ایک عالم کو کر لیا تسخیر ۔۔۔ قعر دوزخ کا رہنما یہ بنا
پر تھا اللہ کا کرم جس پر ۔۔۔ ان کے تزویر وکید سے وہ بچا
کیا اعمال نامہ اپنا سیاہ ۔۔۔ اک جہاں کو برا بھلا لکھا
ان کی تحریروں کو کوئی دیکھے ۔۔۔ عیاں لامذہبی کا ہے نقشہ
کم کیا درجۂ نبوت کو ۔۔۔ چھوٹا بھائی بنا پیمبر کا
جو نہ مانے وہ پڑھ لے ان کی کتاب ۔۔۔ سنی ہوں مجھ میں تاب شرح کجا
ابن وہاب اور اسمعیل ۔۔۔ ہیں وہابی کے دونوں جد وابا
ہیں یہ دونوں وہابیوں کے امام ۔۔۔ کلمہ پڑھتے ہیں سبھی ان کا
ان کے پیرو کی کیا کروں تعریف ۔۔۔ ہوں وہابی یہی تھا قول ان کا
سوچ کر دل میں کچھ یہ قوم شریر ۔۔۔ پھر لباس محمدی پہنا
کبھی کہنے لگا موحد ہوں ۔۔۔ کبھی دکھلایا رنگ وروپ نیا
چھوڑی تقلید گہ ہوا آزاد ۔۔۔ اشتر بے مہار بن بیٹھا
نجد کا رنگ جب لگا کھلنے ۔۔۔ عامل بالحدیث نام رکھا
ہر زمانہ میں اک نیا جامہ ۔۔۔ اپنے جسم کثیف پر پہنا
ٹھیک آئی ہے ہندؤں کی مثل ۔۔۔ کئی اوتار نجدیوں کا ہوا
گمرہی ہے سرشت میں ان کے ۔۔۔ ان کے ماتھے پہ کفر کا ٹیکا
ان کا ظاہر کچھ اور باطن اور ۔۔۔ اندرایں کے پھل یہ ہیں گویا
شرع پر تیز کرتے ہیں یہ چھری ۔۔۔ خون پیتے ہیں روز سنت کا
یہ برے اور عقیدے ان کے برے ۔۔۔ کہتے ہیں دین کے رہنما کو برا

بو حنیفہ کے خاص دشمن ہیں | حشر میں ہو گا ان کا منہ کالا
رہتے ہیں بھیس میں مسلماں کے | ان کے دستار و جبہ پر تو نہ جا
جامعیت یہ اپنی چاہتے ہیں | سلطنت کی بھری ہے سر میں ہوا
پر زباں سے یہ کہہ نہیں سکتے | ہم وہابی ہیں فتنے کے ماوا
خوف حکام ہند غالب ہے | پا چکے ہیں کیے کی اپنی سزا
ان کی شامت پھر آنا چاہتی ہے | پھر کریں گے کوئی یہ فتنہ بپا
فتنہ پردازی ان کا شیوہ ہے | اے خدا ان کی کید سے تو بچا
چار سو اب تو ہند میں پھیلے | ان کو اک طرح کی سمجھ لو وبا
کرتے جاتے ترقیاں پھر ہیں | گل کھلائیں گے یہ ضرور نیا
پھر یہ اپنی سزا کو پہنچیں گے | شاہ پر جب کھلے گا راز ان کا
سال تصنیف کی جو فکر ہوئی | خوب اچھی طرح جو غور کیا
سر اعد اسے یہ سنا مصرع | ہم پہ کوہ بزرگ ٹوٹ پڑا (۱۳۲۲ھ)
چھپ کے یہ نسخہ جب ہوا تیار | طبع کے سال کا خیال آیا
ہاتف غیب نے کہا اے رمزؔ | ماشاءاللہ رسالہ خوب چھپا (۱۳۲۳ھ)

تاریخ طبع از جناب مولوی عبد الباری صاحب نعمانی

حاجی پوری غفر اللہ ذنوبہ الجلی والخفی

ضیائے ملت ودیں مولوی ضیاء الدین | مدیر مخزن وآگہ رموز نعمانی
گذر بر ہگذری کرد و دید چند ورق | پر از مکائد و مشحون ز مکر شیطانی
بچشم غور نگہ رد و خون بجوش آمد | نوشت خوب جوابی ز فضل ربانی

اگر ترا و ہوس سال طبع ہست شنو　　خ۱۱یید شوک لعین عدوی سجانی

(۱۳۲۳ھ)

[محرم،۱۳۲۳ھ ص ۴۰ تا۴۶، صفر ص ۳۳تا ۴۰، شعبان ص ۳۴، ۳۳، ذی الحجہ ص ۷ تا ۱۴]

ذکر ابرار تاریخی نام ضوء حسنات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد ایزد جل وعلاونعت پادشاہ دوسرا علیہ الصلاۃ والسلام (۱۳۲۴ھ)

اسی ذات کو حمد بے حد ہے لائق　　بشر کو کیا جس نے ہر شے پہ فائق
کیا اس کو بحر علوم حقائق　　بھرا اس کے سینے میں کنز دقائق
کہ ہو جائے عرفان حق اس کو حاصل
نہ ہو بندگی و عبادت سے غافل

کمال اس میں جتنا کیا جس نے پیدا　　وہ اتنا ہی بام تقرب پہ پہنچا
کسی نے لباس ولایت کو پہنا　　ہوا کوئی اقطاب سے فرد و یکتا
ہزاروں بشر بحر عرفان میں ڈوبے
ولیکن نہ پایا کنارہ کسی نے

بنایا خدا نے جنہیں سب سے اکرم　　نہیں جن کا سایہ ہیں نور مجسم
کمال شرف ان کا اور شان اعظم　　نہیں جانتا کوئی جز رب عالم
جنہیں لی مع اللہ وقت ہے حاصل
وہ عارف بھی ہیں ما عرفنا کے قائل

وہ محبوب ایسے کہ ایمان کا گوہر　　محبت سے ہوتا ہے ان کی میسر
ہے زائد جسے جتنی حب پیمبر　　ہے اتنا ہی ایمان اس کا قوی تر

نہ جب تک ہو مہر نبی سب سے بڑھ کر
تو دعوی ایمان خطا ہے سراسر

وہ محبوب جن کو ملا حوض کوثر — وہ شہ جن کے ہے تاج لولاک سر پر
وہ سرور کہ کونین جن کے مسخر — نہیں حکم سے کوئی شی ان کے باہر

غرض سب سے بڑھ کر ہے رتبہ انہیں کا
دو عالم میں چلتا ہے سکہ انہیں کا

رقم کی ہزاروں مشینیں چلیں گر — لکھیں گرچہ ہر روز دفتر کے دفتر
ہمیشہ یہ کھاتی رہیں یوہیں چکر — سرِ مُو ادا ہو نہ وصف پیمبر

بشر ان کے اوصاف کیا کر سکے گا
ہوا جن کا مداح باری تعالیٰ

سلام ان پہ کرتے شجر اور حجر تھے — ہوئے کف میں تسبیح خواں سنگریزے
دوپارہ ہوا مہ اشارے سے ان کے — ہوئے زندہ کتنے ہی اموات ان سے

انہیں پر ہوا علم اگلوں کا ظاہر
انہیں پر ہوا علم پچھلوں کا زاہر

انہیں سے درختوں نے پائی نضارت — گلوں میں مہک ہے انہیں کی بدولت
انہیں سے ملی مہر و مہ کو وضارت — انہیں سے ہوئی عرش وکرسی کی حرمت

بہار دو عالم انہیں سے ہے پیدا
انہیں سے وجود انس و جن و ملک کا

انہیں کو ملی خاص تشریف اسرا — دنا وتدلی نے قرب ان کا کھولا
ہوا قاب قوسین شارح پھر اس کا — اوادنیٰ نے کچھ اور ہی سِر بتایا

اب آگے لکھوں قرب کا حال کیوں کر

نہ مکشوف و ظاہر ہوا وہ کسی پر

فاوحیٰ الیٰ عبدہ تا بآخر یہ آیت ہے اسرار مخفی پہ مشعر

رموز خفیہ ہوئے ان پہ ظاہر وہی رازدار خداوند قادر

وہ تھے رمز ایسے وہ تھے راز ایسے

نہ پائی خبر جن کی جبریل تک نے

کروں کیا بیاں ان کے فضل و شرف کا ہوا بے جہت ان کو دیدار مولیٰ

تجلی نور الٰہی کی موسیٰ نہیں طور پر تاب لائے تھے اصلا

مگر مصطفی میں وہ طاقت بھری تھی

تحمل کیا جس سے رویت کا اس کی

تحمل اسی طور وحی خفی کا اسی سید انبیا نے کیا تھا

وہ قوت ہے کیسی تحمل ہے کیسا محال ان کے اوصاف کا ہے سمجھنا

کہ از نور پیدا کن عرش انور

منور شدہ شمع ذات پیمبر

وہ ذات وصفات خدا کے ہیں مظہر وہ اشیائے ہر دو سرا کے ہیں مصدر

جلیں جس جگہ طائر سدرہے کے پر وہ پہنچے وہاں ہے یہ شان پیمبر

ملے ہر پیمبر کو اوصاف جتنے

ہوئے سب کے جامع پیمبر ہمارے

وہ سردار عالم رسل کے وہ خاتم وہ دریائے وحدت کے غواص اعظم

وہی باعث خلقت ہر دو عالم ہیں بعد خدا بس وہی سب سے اکرم

ہوئی عرش کی ان سے عزت فزائی
انہیں کی ہوئی لامکاں تک رسائی

عجائب غرائب صنائع خدا کے سنے جو رسل نے وہ دیکھے انہوں نے
بھرے ہیں فلک ان کی مدح وثنا سے جناں میں بھی ان کی ستائش کے چرچے

رفعنا لک ذکرک نے بتایا
کہ کونین میں ہے پیمبر کا چرچا

ہوئی پہلے تخلیق نورنبی کی پھر اس سے ہوئی جملہ اشیا کی ہستی
نبوت اسے جب سے خالق نے بخشی کہ آدم کے تن میں نہ روح رواں تھا

وہ اول وہ آخر وہ ظاہر وہ باطن
وہ وصفوں کے مظہر خزانوں کے خازن

نبی انبیا کے اور ان کی امم کی کھلے آپ میثاق پیغمبراں سے
لوائے شہ ہر دو عالم کے نیچے تمامی پیغمبر قیامت میں ہوں گے

بیاں کس سے ہوں اس کے اوصاف اعلیٰ
ملا جس کو ہو فضل محبوبیت کا

اگر طائر وہم تا روز محشر پر د سوئے اوج صفات پیمبر
نگر دد رسائی در آنجا میسر کہ اوج کمالش زوہم ست برتر

اگر ایک ہی وصف خُلق نبی پر
کرے جو نظر درک سے سے ہو وہ ششدر

وہ ہول قیامت وہ قہر الٰہی صدا ہو گی یارب نفسی ہر اک کی
محبت تو دیکھو ہے امت سے کیسی وہ سرور کہیں گے کہ یارب ھب لی

وہی سب سے پہلے بروز قیامت
بصد جوش کھولیں گے باب شفاعت

کروں گر میں اس دن کی حالت ہویدا تو جاری ہو ہر چشم مومن سے چشمہ
ہر اک مبتلا اپنی حالت میں ہوگا نہیں حال پوچھے گا کوئی کسی کا

برادر برادر سے فرار ہوگا
پسر سے پدر تک کرے گا کنارہ

دراں حال آں شافع روز محشر نماید ترحم بہ از مہر مادر
بود غم گسار و مدد گار و یاور کند دستگیری ناچار و مضطر

ببخشاید از رب ہمہ اہل عصیاں
رہاند ز دوزخ ہمہ اہل ایماں

وہی بے کسوں کے ہیں والی و مولی انہیں کا ہے دونوں جہاں میں سہارا
جو ان سے پھرا قعر دوزخ میں پہنچا ہمیشہ اسی میں وہ جلتا رہے گا

صلاۃ و سلام ان پہ دائم ہو حق کا
اور ہو آل و اصحاب پر بھی ہمیشہ

جان و دل اس شہِ لولاک پر قربان کیجئے ان کے قدموں پہ تصدق یہ دل وجاں کیجئے
مال کیا چیز ہے اک جان کی حقیقت کیا ہے لاکھ جاں فرش رہ سرور دوراں کیجئے

اسی ذکرابرار میں ان مذکورہ اشعار کے ضمن درج ذیل نعتیں بھی توضیح میں درج تھیں پیش ہیں ملاحظہ ہوں:

نعت پاک

شان تیری سب سے اعلیٰ ہے شہا
ذکر تیرا سب پہ بالا ہے شہا

نام ہر شی پر ترا مرقوم ہے
تو کسی پر بھی نہیں مکتوم ہے

ذکر تیرا مونس بیچارگاں
ذکر تیرا باعث آرام جاں

ذکر تیرا بے بسوں کا ہے رفیق
ذکر تیرا بے کسوں کا ہے صدیق

ذکر تو گوشہ نشیناں را جلیس
دردمنداں محبت را انیس

ذکر سے تیرے منور دل ہوا
ماسوائے حق کا دھبا مٹ گیا

اولیا کا ہے یہی نور نظر
اصفیا کا ہے یہی کحل بصر

قید نفس سے بد جو آزاد ہیں
وہ بھی ذکر مصطفی سے شاد ہیں

ہو منور قلب تیرے ذکر سے
حق تعالیٰ ذکر سے تیرے ملے

من چہ واوصاف ذکر تو کجا
ذکر تو با ذکر خود کردہ خدا

عرش پر نام گرامی ہے لکھا
فرش پر بھی تذکرہ ہے آپ کا

ہے یہ حال عرش جب پیدا ہوا
بے خود اور بے تاب اور جنبش میں تھا

جب ہوا اس پر رقم نام نبی
ہو گیا ساکن اور اس کو کل پڑی

بے کلوں کی کل ہے آنحضرت کا نام
دونوں عالم میں اسی کی دھوم دھام

ہر درخت خلد پر لکھا ہے نام
حور و غلماں اس سے ہر دم شادکام

گونجتا اس ذکر سے ہے ہر فلک
شاد ہیں اس یاد سے جملہ ملک

دونوں عالم میں ہے شہرہ آپ کا　　ہر جگہ چلتا ہے سکہ آپ کا
جن وانساں را فلاح دو جہاں　　ہست از ذکر جلیلت بے گماں
قوت روح وقت جان نزار　　بے قراراں را زو گردد قرار
رافع اعلام شان صالحاں　　دافع آثام در حبس طالحاں
نامرادوں کی مراد اس سے ملے　　ناتوانوں کو توانا یہ کرے
ہے وہ ارفع ذکر شاہ مرسلاں　　ہو نہیں سکتا ہے جس کا کچھ بیاں
ذکر تو اے رحمۃ للعلمین　　تا بقا گردد انیس وہم قریں
حرز ایمان ضیائے ناتواں　　نام پاک تو شود تا نزع جاں

[رسالہ ذکر ابرار مشمولہ، تحفۂ حنفیہ: شوال ۱۳۲۵ھ ص ۴۳،۴۲]

مظہر ذات خدا تیری ہے ذات　　ہیں ترے سب اعظم واکمل صفات
تو صفات حق کا آئینہ ہوا　　دل ترا بھیدوں کا گنجینہ ہوا
جملہ چیزوں میں ہوا جلوہ ترا　　باعث تخلیق عالم تو ہوا
قدرت انساں سے خارج ہے یہ بات　　کر سکے جو شرح ذات پر صفات
عقل حیراں فہم سرگرداں یہاں　　عاجز وقاصر یہاں وہم وگماں
عقل جب گم ہو کرے پھر کیا بشر　　درک کنہ ذاتِ شاہ بحر وبر
ہے مقام خامشی چپ ہو ضیاؔ　　پڑھ درود ان پر سدا صبح ومسا

[تحفہ حنفیہ، ذی القعدہ ۱۳۲۵ھ ص ۲۳،۲۲]

نہ پہچانتا کوئی بھی ذات قادر　　تمہیں سے ہوئی معرفت اس کی ظاہر
تمہیں مظہر ذات واوصاف سبحاں　　مظاہر تمہارے ہیں بے حد وپایاں
ہے وحدت سے کثرت تو کثرت میں وحدت　　کروں کیا میں وحدت کی زائد صراحت

یہ ہے مسئلہ فہم و دانش سے باہر — عقول اس کے حل سے ہیں عاجز سراسر
غرض حق کی وحدت کا ہر شی میں جلوہ — ہر اک شی میں عرفاں کا اس کے تماشا
دکھایا ہے کس نے اسی مصطفی نے — بتایا ہے کس نے حبیب خدا نے
یقینا اسی اصل خلقت سے ظاہر — ہوئے ذات و اوصاف خلاق قادر
وہ ہے سر وحدت وہ ہے راز قدرت — خدا اس کی جانے کہ کیا ہے حقیقت
ازل میں نہ تھی جب کسی شی کی ہستی — وہی تھی بس اک ذات قدسی باری
پھر اس نے یہ چاہا عیاں ہو خدائی — رہے اب نہ مخفی مری کبریائی
تو نور نبی نور سے اپنے پیدا — کیا اور بنایا اسے اصل اشیا
جو پیدا نہ کرتا اسے حق تعالیٰ — تو ہوتا وہی اور کچھ بھی نہ ہوتا
چہ آدم چہ حوا چہ دنیا چہ عقبیٰ — ز نور نبی ہر یکے گشت پیدا
ہے بے شک وہی مبدء ہر دو عالم — فصلی اللہ علیہ و سلم
ضیاؔ چپ کہ ہے خامشی تجھ کو زیبا — کہاں تو کہاں ان کے اوصاف اعلیٰ

[تحفہ حنفیہ، ذی القعدہ ۱۳۲۵ھ ص ۲۴،۲۳]

بشر ہیں مصطفی ایسے کہ شاہ دوسرا ٹھہرے — صفی الاصفیا ٹھہرے نبی الانبیا ٹھہرے
وہ قصر ارفع پیغمبری کے درکشا ٹھہرے — وہی اس پاک و اعلیٰ سلسلہ کی انتہا ٹھہرے
نبوت اور رسالت کل جہاں کو عام ہے ان کی — وہی جملہ جہاں کے پیشوا اور رہنما ٹھہرے
امامت انبیا کی کی شب معراج میں تم نے — وہ ٹھہرے مقتدی اور تم ہر اک کے مقتدا ٹھہرے
ہوئی شمع وجود خلق ان کے نور سے روشن — وہی اصل وجود چیز ہائے دوسرا ٹھہرے
صفات کاملہ ہیں ان کے حد حصر سے باہر — وہی آئینۂ ذات وصفات کبریا ٹھہرے
ہماری کیا سمجھ میں آئے کنہ ذات پیغمبر — کہ اس کے درک سے عاجز فہوم انبیا ٹھہرے

سمجھ سکتا ہے کوئی کس طرح ان کی وجاہت کو
تھی ان میں اس قدر زائد کہ محبوب خدا ٹھہرے

ذرا بھی شک نہیں اس میں وہ دل ہو رشک صد گلشن
کہ اس اصل بہار دور جہاں کی جس میں جا ٹھہرے

رہیں کس طور میری حاجتیں اور مشکلیں لا حل
کہ وہ مولیٰ مرے حاجت روا مشکل کشا ٹھہرے

ضیا کیا کثرت عصیاں کا رنج وخوف ہے تجھ کو
کہ وہ سر تاج تیرے شافع روز جزا ٹھہرے

[تحفہ حنفیہ، ذی القعدہ ۱۳۲۵ھ ص ۲۸،۲۷]

تم زینت کون ومکاں تم پادشاہ سروراں
تم سید پیغمبراں تم زبدہ ہر دو جہاں

تم افضل البشر وخیر البشر تم نے کئے گویا شجر
تم نخل عزت کے ثمر، تم تاج جملہ خسرواں

تم سے وجود ہر ملک، خورشید میں تم سے چمک
تم سے کواکب میں جھلک، تم سے بہار آسماں

باغ نبوت میں کلی، باصد شرف تم سے کھلی
بے وہم وشک تم یا نبی، ہو خاتم پیغمبراں

کیا فضل اور کیا مرتبہ، تم کو کیا حق نے عطا
پہنچا نہ کوئی جس جگہ، تنہا گئے ہو تم وہاں

کیا عرش وکرسی وفلک، کیا جن وانسان وملک
تم سے وجود دیک بیک، تم سے ظہور کن فکاں

شمس الضحیٰ بدر الدجی، نور الہدی زین الوری
بحر سخا ابر عطا، ہر وصف میں فرد زماں

دونوں جہاں کی نعمتیں، سب ہیں تمہارے ہاتھ میں
جملہ خزانوں کی تمہیں، خالق نے بخشیں کنجیاں

رحمت تمہاری عام ہے، نعمت تمہاری تام ہے
کیا رحم کیا انعام ہے، مملو ہیں جن سے دو جہاں

تم شائع روز جزا، تم دافع کرب وبلا
تم بے کسوں کے ملتجا، تم مونس بے چارگاں

جب آئے ایسا زلزلہ، دیکھے جو اس کو حاملہ
دے حمل کو اپنے گرا، اس کرب سے پاؤں اماں

نیر اس کی حالت الاماں، سورج کی حدت الاماں
گرمی کی شدت الاماں، ثم الاماں ثم الاماں

جس روز اے خیر الوری، میدان محشر ہو بپا
بھائی سے بھائی ہو جدا، بیٹے کے کام آئے نہ ماں

دوزخ سے نکلے یہ صدا، بھر دے مجھے اے کبریا
اس دن تمہارا آسرا، مجھ کو ہے اے فخر جہاں

قہر وغضب میں جب ہو رب، تلنے لگیں اعمال جب ۔۔۔ عصیاں ہوں ظاہر میرے سب، دہشت سے لب پر آئے جاں
اس دم شہ بطحا تمہیں، اس دم مرے مولیٰ تمہیں ۔۔۔ اس دم مرے آقا تمہیں، کرنا مدد میری وہاں
عصیاں مرے حد سے سوا، ہیں گرچہ لیکن غم ہے کیا ۔۔۔ تم سا مجھے شافع ملا، ہے شکر خلاق جہاں
ہوں غرق دریائے خطا، محبوس زندان ہوا ۔۔۔ محکوم نفس پر جفا، رحمت کا خواہاں ہوں ہر آں
بے شک ہے یہ حالت مری، نیکی نہیں ہے ایک بھی ۔۔۔ پر دل میں ہے حب آپ کی، بس ہے یہ ساماں جناں
پوچھوگے جب مجھ سے وہاں، کیا کی ہیں تو نے نیکیاں ۔۔۔ کرتا ہوا آہ وفغاں، کھولوں گا یوں باب بیاں
سب عمر غفلت میں کٹی، کچھ فکر زاد رہ نہ کی ۔۔۔ اس کا سبب تھا بس یہی، تم ہو شفیع مذنباں
ہے قبر کی منزل کڑی، اس جا بھی مجھ پر یا نبی ۔۔۔ رکھئے نظر الطاف کی، بہر خداوند جہاں
اے رحمت ہر دو سرا، ہے حم کے قابل ضیاؔ ۔۔۔ دامن مراحم کا سدا، اس پر رہے سایہ کناں

[تحفہ حنفیہ، ذی القعدہ ۱۳۲۵ھ ص ۳۴]

مدحت آل اطہار واصحاب ہدایت انوار بالخصوص خلفائے اربعہ ابرار ومنقبت ائمہ اربعہ اخیار خصوصاً امام اعظم عالی وقار رضی اللہ عنہم اللہ الغفار

محبت ہوئی فرض آل نبی کی ۔۔۔ بلا ریب ایمان کی ہے یہ کسوٹی
جو بغض ان حبیبوں سے رکھے ذرا بھی ۔۔۔ جہنم کا ایندھن ہوا وہ یقینی

محبت ہے ان کی محبت نبی کی
اطاعت ہے ان کی اطاعت نبی کی

یہ تمثیل شاہِ دو عالم نے دی ہے ۔۔۔ مثّل آلی کشتی نوح کی ہے
جو راکب ہوا اس پہ وہ جنتی ہے ۔۔۔ جو اس سے کنارے ہو ہالک وہی ہے

بیان نبی ہے یہ عین ہدایت
ابوذر سے احمد نے کی یہ روایت

شرف جن کا قرآن سے ہو ہویدا مناقب ہیں جن کے حدیثیں ہوں صدہا
محامد ہوں آثار سے جن کے پیدا رقم کیا کروں ان کی میں شان اعلیٰ

سر مو ادا ہو نہ حق فضیلت
اگرچہ میں لکھتا رہوں تا قیامت

نجوم ہدایت ہیں اصحاب حضرت مٹی شرک اور کفر کی ان سے ظلمت
انہیں کی بدولت تو ایمان کی دولت ملی ہم کو اور کھل گئی راہ جنت

نہ کرتے اگر دین کی وہ حمایت
نہ ملتی کسی کو صراطِ ہدایت

ہے شان ان کی عالی واعلیٰ مراتب بہت ہیں مدائح بہت ہیں مناصب
ہیں تحریر سے ان کے افزوں مناقب سکوت اس میں بہتر خموشی مناسب

اگرچہ ہے رتبہ ہر اک کا گرامی
ولیکن ہے فرق مراتب ضروری

وہ صدیق اکبر وہ اول خلیفہ مسلم ہے بعد رسل ان کا رتبہ
حبیب حبیب الٰہ البریہ علوم حقائق معارف یک چشمہ

وہ تھے مخزن صدق و علم و ہدایت
وہ سلطان اقلیم عز و کرامت

وہ مقبول درگاہ خلاق اعلیٰ سعادت کے ماوا شرافت کے ملجا

تصدق کیا جتنا تھا مال اپنا　　برائے رضا جوئے حق تعالیٰ

وہ تھے بحر زخار جود و سخاوت

وہ تھے آفتاب سپہر شجاعت

نہ ورع و تقویٰ میں کوئی ان کا ثانی　　نہ ذہن وذکا میں کوئی ان کا ثانی

نہ مجد و علا میں کوئی ان کا ثانی　　نہ قرب خدا میں کوئی ان کا ثانی

امم میں نہ گزرا کوئی ان سے افضل

وہ ہیں ان میں ہر اک سے اعلیٰ واٴجل

ہوئی جب کہ ناسازشہ کی طبیعت　　مرض کی تھی شدت بہت تھی نقاہت

امامت کی صدیق کو دی اجازت　　ہے پہلی خلافت کی اس میں بشارت

ہوئے شفق بعد حضرت صحابہ

کہ بیشک ہیں صدیق اول خلیفہ

پیمبر نے کی جب کہ مکے سے ہجرت　　ہوئی آپ کی جب سوئے طیبہ نہضت

عجب وقت تھا وہ عجب تھی وہ ساعت　　ابوبکر نے کی سفر میں رفاقت

کہ جتنے تکالیف ہوں ہم اٹھائیں

اذیت سفر کی پیمبر نہ پائیں

ہوا راہ میں عزم یہ مصطفی کا　　کہ ہوں ثور کے غار میں جلوہ فرما

تو صدیق نے پہلے اس کو مصفا　　کیا پھر گئے اس میں شاہ برایا

کہ اگر کوئی چیز اس میں ہو ہم کو پہنچے

رہیں اس سے محفوظ مولیٰ ہمارے

رکھا اپنے زانو پہ سر مصطفیٰ کا　　که آرام فرمائیں اب شاہ والا
انگوٹھے میں پاؤں کے افعی نے کاٹا　　کیا ضبط اس کو نہ زانو ہلایا
ہماری اگر جان جائے تو جائے
خلل خواب میں مصطفیٰ کے نہ آئے

یہ ارشاد و فرماں ہوا مصطفیٰ کا　　خلیل اپنا گر میں کسی کو بناتا
سوائے خداوند دنیا و عقبیٰ　　تو بیشک تھے صدیق ہی اس کے احری
ولے خلت دین و ایماں ہے افضل
بس اسلام ہی کی مودت ہے اکمل

بھری تھی رگ وپے میں مولیٰ کی الفت　　ٹپکتی تھی چہرے سے ہر دم محبت
اسی میں سمجھتے تھے عقبیٰ کی عزت　　اسی کو سمجھتے تھے ایمان کی دولت
مئے حب اقدس سے تھے مست ہر دم
نہ پروائے جاں تھی نہ تھا مال کا غم

ہوا ان کے حق میں یہ ارشاد مولیٰ　　کہ ایمان وعرفانِ صدیق شیدا
اگر جملہ امت کے ایماں سے یک جا　　تلے گا تو پلہ اسی کا جھکے گا
یہ ہے فرط حب پیمبر کا ثمرہ
یہ ہے جوش مہر نبی کا نتیجہ

اسی کے سبب سے تو رتبہ یہ پایا　　کہ قرآن میں ہے جابجا وصف ان کا
کہ حق نے اکرم انہیں اور اتقیٰ　　کروں کیا بیان ان کا رتبہ تھا کیسا
ہیں واللیل ہیں ان کے اوصاف لکھے

احادیث میں ان کی مدحت کے چرچے

تھے مہر ہدایت وہ فاروق اعظم خلیفہ ہوئے بعد صدیق اکرم
ہوئی ان سے بنیان اسلام محکم خدا نے کیا ان کو عدم مجسم

وہ تھے مورد لطف خلاق عالم

عبادت میں رہتے تھے مشغول ہر دم

جہاں چمکی اس شاہ کی برق خنجر جلا کفر کا سر ڈھا ظلم کا گھر
تسلط ہوا اہل ایمان کا یکسر ستارہ ہدایت کا چمکا جہان پر

عجب ان کی ہیبت عجب ان کی شوکت

قدم دور سے چومتی فتح و نصرت

عیاں وصف اعلیٰ ہوا ان کا اس سے کہ جس کو ہویدا کیا مصطفی نے
اگر کوئی ہوتا نبی بعد میرے تو بے شک عمر ابن خطاب ہوتے

جو ہیں عقبہ فرزند عامر صحابی

ہوئے حاکم و ترمذی ان سے راوی

یہ ارشاد کرتے ہیں عالم کے سرور کیا حق کو خالق نے جاری سراسر
بلا شک عمر کی زباں اور دل پر تو حق بیں و حق گو عمر ہوں نہ کیوں کر

جو ابن عمر ہیں بڑی شان والے

انہیں سے روایت یہ کی ترمذی نے

ابی بن کعب اس طرح ہیں ثناگر کہ فرماتے تھے شافع روز محشر
کیا مجھ سے جبریل نے عرض آکر کہ اسلام روئے گا موت عمر

کیا پرورش ایسا دین کو عمر نے
کہ جس طور ماں اپنے بچے کو پالے
یہ ارشاد کرتے ہیں محبوب حق کے　　کہ جس شخص نے بغض رکھا عمر سے
بلاریب مجھ سے رکھا بغض اس نے　　کیا مصطفی نے یہ ارشاد آگے
کہ فاروق سے جس نے رکھی محبت
تو البتہ اس نے رکھی مجھ سے الفت
بہت آئتیں حسب رائے عمر کے　　اتاریں خداوند ارض وسما نے
لحاظ وادب ان کا کرتے فرشتے　　شیاطیں انسان وجن ان سے ڈرتے
انہیں نے شریعت کی عزت بڑھائی
انہیں سے ہوئی دیں کی مشکل کشائی
زمیں پر نہیں کوئی شیطان ایسا　　نہ رکھتا ہو جو ترس خدا اور خوف ان کا
سما میں نہیں کوئی ایسا فرشتہ　　جو توقیر و عز عمر ہو نہ کرتا
نبی سے ہیں یہ ابن عباس راوی
رہے سب صحابہ سے اللہ راضی
وہ عثمان ذی شان ومقبول رحمن　　کیا ایک جا اس طریقہ سے قرآن
نہ واقع ہوا کچھ تغیر الی الآن　　وہی اس کی ترتیب اور ہے وہی شان
کئے صرف طاعات اوقات اپنے
نہ غافل رہے ایک دم کار دیں سے
وہ پاکیزہ صورت کہ اللہ اکبر　　حسین ان پہ ہو جائیں قربان یکسر

سخاوت کے معدن تھے وہ نیک اختر حیا میں نہ تھا کوئی ان کا ہم سر

بہت ہیں مناقب بہت ہیں فضائل

ہے احصائے اوصاف دشوار مشکل

سنو ترمذی نے یہ جابر سے لکھا کہ خدمت میں شہ کی اک آیا جنازہ

نماز اس کی شہ نے ادا کی نہ اصلا سبب آپ سے اس کا لوگوں نے پوچھا

کہا اس کو عثمان سے تھا بغض و کینہ

ہوا اس سے مبغوض و مغضوب حق کا

حدیث نبی سے ہوا یہ ہویدا حیا ان سے کرتا ہے ہر اک فرشتہ

رفیق اپنا مولیٰ نے ان کو بتایا کہا اپنے ید کو کہ ہے یہ انہیں کا

بیان کیا کروں ان کی مدح و فضیلت

احادیث وارد ہیں اس میں بکثرت

وہ مشکل کشا تھے شجاعت کے ماوا بلا شک ہوئے بعد عثماں خلیفہ

وہ شہ زور تھے بس زمانے میں یکتا کہ خیبر کے در کو اکیلے اکھیڑا

خداداد طاقت بدن میں بھری تھی

لرزتے تھے کفار صورت سے ان کی

یہ فرماتے ہیں ان سے محبوب باری تھی تخصیص ہارون کو موسیٰ سے جیسی

اسی مرتبے میں ہو تم میرے ساتھی مگر بعد میرے نبی ہے نہ کوئی

جو ہیں حضرت سعد ذی مجد و عزت

صحیحین میں ہے یہ ان سے روایت

جو ہیں حضرت زید ارقم کے بیٹے وہ کہتے ہیں بے شک کہا یہ نبی نے
کہ میں یار جس کا علی دوست اس کے میں محبوب جس کا علی اس کے پیارے
علی مجھ سے ہیں اور میں ہوں علی سے
وہ محبوب و یاور ہیں سب مومنوں کے

وہ چرخ ہدایت کے مہر منور وہ ملک قناعت کے سرتاج وافسر
وہ دریائے عرفان کے پرنور گوہر وہ صحرائے زہد و تقی کے غضنفر
کلام الٰہی میں ہیں وصف ان کے
احادیث مملو ہیں فضل و شرف سے

ائمہ جو ہیں اہل سنت کے اشہر وہ تھے اجتہاد و فقاہت کے مصدر
نہ ہوتے جو یہ دین کے حامی و یاور نہ کہتا کوئی آج اللہ اکبر
ہوئے ہیں یہی حق و باطل کے فارق
یہی آفتاب ہدی کے مشارق

انہیں سے ہوا دہر میں دیں کا چرچا انہیں سے بجھی آتش شر و فتنہ
انہیں نے کیا شرک کا بند رستہ انہیں نے مٹایا ضلالت کا دھبا
انہیں چار نے چاروں دنیا کے گوشے
منور کئے نور ایمان و دیں سے

انہیں نے تحقیق فہم رسا سے نکالے مسائل کلام خدا سے
ازاں بعد اخبار خیر الوری سے پھر اجماع صحب نجوم ہدی سے
بھرا خوان عالم کو نعمائے دیں سے

ہوئے کشف شرعی غوامض انہیں سے

یہی ان کے ملحوظ خاطر تھا ہر آن	کہ احکام دین سے ہوں واقف مسلمان
ہو ناپاکی جہل سے پاک دوراں	رہے مشعل علم دائم درفشان

پھلے پھولے بستان اسلام و ایمان
رہے سبز و شاداب تا ختم گیہان

بھری فیض دینی سے دنیا انہوں نے	کیا مذہب حق کو زندہ انہوں نے
بتایا ہدایت کا رستا انہوں نے	بطالت کی جڑ کو اکھیڑا انہوں نے

لہٰذا ہوا اس پہ اجماع امت
کہ تقلید انہیں کی ہے راہ ہدایت

اگرچہ بڑا مرتبہ ہے ہر اک کا	مگر رتبہ بو حنیفہ ہے اعلیٰ
انہیں نے زمانہ صحابہ کا پایا	انہیں کی فقاہت رہی سب سے بالا

ائمہ کو تسلیم ان کی فقاہت
اکابر کو تسلیم ان کی نباہت

یہ وہ حضرت بو حنیفہ ہیں جن کا	سنایا ہے پہلے سے مولیٰ نے مژدہ
اگر دیں ثریا پہ ہوگا لٹکتا	تو ابنائے فارس سے اک مرد لے گا

احادیث کے شارحین نے یہ لکھا
کہ وہ مرد فارس کا ہے بو حنیفہ

خلاصہ ہوا یہ حدیث نبی کا	کہ دیں میں تبحر اسے خوب ہوگا
فقاہت میں ہوگا زمانے میں یکتا	وہ دیں کی حمایت کرے گا ہمیشہ

کریں جس کے اوصاف دینی پیمبر
وہ بے شک سمائے ہدی کا ہے اختر

وہ فہم وخرد میں تھے یکتائے دوراں   زمانہ ہے ان کے ذکا کا ثنا خواں
وہ مشکل مسائل ہوئے ان سے آساں   ہیں ذی فہم جن کے سمجھنے میں حیراں

کھلے ان سے دینی رموز و دقائق
ہوئے ان سے سرسبز علمی حدائق

وہ تخم عمل کشت دین میں تھے بوتے   منٹ بھر نہ وقت اپنا بے کار کھوتے
وہ عابد تھے ایسے کہ شب کو نہ سوتے   سدا خوف باری تعالیٰ سے روتے

میں قاصر ہوں لکھنے سے ان کے مناقب
کہ بالا بیاں سے ہیں ان کے مراتب

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات جل جلالہ

وعم نوالہ

بہت مجھ سے عصیاں ہوئے میرے مولیٰ   رہا مبتلائے ملاہی ہمیشہ
نواہی کیے اور اوامر کو چھوڑا   زمانہ جوانی کا غفلت میں کاٹا

ہوا نفس و شیطاں بہت مجھ پہ غالب
کئے عمر بھر میں نے صدہا معائب

تو ہے غافر ذنب راہل عصیاں   تو ستار و تواب ورحمن و منان
نہیں تیرے دریائے رحمت کا پایاں   ہے لا تقنطوا تیرا ارشاد و فرماں

ہے ہم پر ترا لطف و انعام بے حد
ہے ہم پر ترا فضل و اکرام بے حد

جب اس دار فانی سے میرا سفر ہو　　گناہوں سے طاہر لحد میں مقر ہو
نہ گرمی محشر کا مجھ پر اثر ہو　　نہ نار جہنم کا خوف و خطر ہو

گلستان جنت میں مسکن ہو میرا
الٰہی ہو ہر وقت دیدار تیرا

طفیل شہ انبیا و رسولاں　　طفیل ابو بکر و فاروق و عثماں
طفیل علی و ہمہ آل ذیشاں　　طفیل ہمہ صحب محبوب سبحاں

طفیل رئیسان اہل فقاہت
دعائے ضیاؔ پائے فضل اجابت

مناجات فارسی از ضیائے عاصی غفرلہ رب الاناسی

غریض بحر عصیاں و خطائم　　اسیر نفس و پابند ہوائم
دریغا در پے لذات فانی　　بآخر رفت ایام جوانی
فقیرم مایہ طاعت ندارم　　تہی دستم خدایا شرمسارم
نگاہ مرحمت سوئے گدا کن　　ز بند جرم و عصیانم رہا کن
روا کن حاجت دنیا و عقبیٰ　　امانم دہ زآسیب و بلایا
انا العاصی و الٰھی انت غافر　　بہ بخش اثم و خطائے عبد قاصر
کشا بر من در الطاف و رحمت　　کہ رحم تو بقہرت برد سبقت
طمع دارم زبوائے رب اکبر　　نہ رسوائم کنی در روز محشر

دم تسلیم داری کام مسکین ابشہد کلمۂ توحید شیریں

زنار دوزخ و دیگر عقوبت نگہ داری و بفرستی بجنت

دعائی استجب و ارحم الٰھی بجاہ شافع یوم الحساب

قطعۂ تاریخ تصنیف از مصنف رسالہ عفاعنہ اللہ تعالیٰ

ضیا نے کیا ختم جب یہ رسالہ تو کی سال تصنیف لکھنے کی نیت

سنا یہ معاً چرخ چارم سے مژدہ یہ ہے مطلع آفتاب کرامت (۱۳۲۴ھ)

ایضاً تاریخ طبع

ہے شکر خداوند بستان عالم کہ تیار چھپ کر ہوا یہ رسالہ

لکھا سن یہ از روئے ابجد ضیاؔ نے چھپا یہ مسدس بہت خوب عمدہ

(۱۳۲۵ھ)

[تحفہ حنفیہ، جمادی الاخریٰ، ۱۳۲۶ھ ص ۳۱تا۴۴]

توضیح ملل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمدو سپاس رب العلمین ونعت وفضیلت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ

آلہ وصحبہ اجمعین

اسی ذات اقدس کو ہے حمد و منت   کہ جس نے کیا ہم کو ذی مجد و عزت
بنایا ہمیں مورد لطف و رحمت   عطا کی ہمیں دین و ایمان کی دولت
کیا ہم کو ارباب حق و ہدا سے
بچایا ہمیں ظلم اہل جفا سے
بیان کیا ہو محبوب خالق کی مدحت   ہوئی ختم ان پر رسالت نبوت
انہیں سے ہوئی دو جہاں کی ہدایت   انہیں پر کیا حق نے اتمام نعمت
مثال و نظیر ان کی ممکن نہیں ہے
جو ممکن کہے وہ عدو مبین ہے
ملی ان کی طاعت سے ہم کو یہ عزت   بنے خیر امت ہوئے اہل سنت
ہوئی ان سے توحید رب کی اشاعت   انہیں نے کی منہاج حق کی ہدایت
وہ ہیں جامع جملہ اوصاف کامل
صلاۃ و سلام حق ان پر ہو نازل

ان فرقہائے باطلہ وضالہ کے مختصر عقائد وحالات جنہوں نے ہندوستان میں زیادہ زور پکڑا اور اس دور آخر میں ان کا فتنہ بڑھا اور بعض فرقوں نے خاص ہندوستان ہی میں شیوع پاکر مذہب حق پر حملہ کیا۔اور مختصر حال جلسۂ اہل سنت پوکھریرا ضلع

مظفرپور۔احاطۂ ترہت اور سنیوں کو دشمنان دین سے بچنے پر دینی فہائش بالخصوص فرقۂ وہابیہ کے شرور سے استحفاظ کی مذہبی فرمائش۔

بہت زور پہ جہل کی اب ہوا ہے　　　تلاطم پہ بحر فتن آگیا ہے
بھنور میں جہاز شریعت پڑا ہے　　　جہالت کی موجوں سے ٹکرا رہا ہے
کنارہ بہت دور طوفاں بپا ہے
یہ وقت مدد اے حبیب خدا ہے

ضلالت کی چھائی ہر اک سو گھٹا ہے　　　اندھیری نے عالم پہ قبضہ کیا ہے
نہیں سوجھتا آفتاب ہدی ہے　　　بس اب دین وملت کا حافظ خدا ہے
ہے قرب قیامت کی ظاہر علامت
خبردار ہو اے مطیعان سنت

جسے کچھ بھی پہچان حرفوں کی آئی　　　فضیلت کی چربی بس آنکھوں پہ چھائی
جہالت نے پٹی کچھ ایسی پڑھائی　　　برائی میں سمجھا سراسر بھلائی
یقینا ہوا کور راہ ہدایت سے
پھرا وہ خدا و رسول خدا سے

بلاریب اب یہ وہی وقت آیا　　　کہ جس میں ہوں دجال کثرت سے پیدا
کوئی ان کے مانند کاذب نہ ہوگا　　　فریبی دغاباز دھوکے میں یکتا
کریں گے وہ اس طور کے تم سے چرچے
نہ تم جن سے واقف نہ آبا تمہارے

ہوا بعد اس کے یہ فرمان نبی کا　　　کہ تم ان سے بچنا انہیں دور رکھنا
کہیں تم کو گمرہ نہ کردیں وہ اعدا　　　کہیں تم پہ فتنہ نہ کردیں وہ برپا

لکھا اس کو مسلم نے با صد روایت
کیا بوہریرہ سے اس کو روایت

وہ جھوٹی حدیثوں کا اعلاں کریں گے — وہ احکام فاسد کا تبیاں کریں گے
وہ سچے عقیدوں کا کتماں کریں گے — وہ اپنی حقیقت کو پنہاں کریں گے

نہیں میں نے اپنی طرف سے یہ لکھا
ہے شراح اخبار کا یہ مقولہ

کہیں پیر نیچر کی جاری ہے سنت — کہیں قادیانی کی شائع کرامت
کہیں رفض و تفصیل جاری بکثرت — کہیں شیخ نجدی کی پھیلی ہے امت

پھر ان سب فِرَق کو کیا جس نے یکجا
خدا اس سے سمجھے وہ ہے ذات ندوہ

یہ نیچر نہ دوزخ نہ جنت کو مانے — نہ اعجاز و معراج حضرت کو مانے
زمین و زماں کی قدامت کو مانے — محالات سے حق کی رویت کو مانے

وجود ملائک کو سمجھا کہانی
نہیں شیطنت میں کوئی اس کا ثانی

بہت قادیانی نے ڈھائی ہے آفت — بنا پہلے مہدی یہ کان غوایت
جب اس میں نہ دیکھی ترقی کی صورت — بنا مثل عیسی وہ بے خوف و دہشت

کرشمے بہت گرچہ اس نے دکھائے
مگر ان پہ کم لوگ ایمان لائے

یہ دعوی ہے اس کا کہ الہام مجھ پر — شب و روز ہوتا ہے ہوں میں پیمبر

بہت پیش گوئی کا خو گر ہے وہ خر — چلاتا ہے اٹکل کے گھوڑے وہ اکھڑ

بٹیر اس کو اندھے کا سمجھو مقرر

کبھی مل گیا اور نہیں ملتا اکثر

روافض ہیں تحریف قرآں کے قائل — ہیں صدیق وفاروق وعثماں سے بددل

ہوے ان پر تبرا تو اس دیں میں داخل — بڑھا اس میں جو جتنا اتنا ہے کامل

جو رکھتے ہوں اس طور کا دین و ملت

وہ بے شک ہیں مرتد بحکم شریعت

بہت صوفیان زمانہ نے دعوی — کیا اتحاد و حلول خدا کا

یہ الحاد اور زندقہ ہے سراپا — پر ان صوفیوں کو نہیں اس کی پروا

محرم سرود و مزامیر بھاتے

بہت ان پہ مرتے ہیں اور حال لاتے

نیا ایک پیدا ہوا ہے ستم گر — کہ حملہ کیا اس نے آل نبی پر

شہادت کا انکار کرتا ہے کھل کر — وہ دن میں چھپاتا ہے مہر منور

ہوئی نیچریت میں پہلے تو شہرت

ازاں بعد ظاہر ہوئی یہ خباثت

مقولہ ہے یہ بعض اہل جفا کا — کہ عیسیٰ تو بے شک ہے بیٹا خدا کا

ہے منکر کوئی خاص روز جزا کا — شفاعت پہ حملہ ہے اہل دغا کا

کسی نے حدیثوں کی اور آیتوں کی

وہ تفسیر کی جو کسی کو نہ سوجھی

کوئی عقل کی پتلیاں ہے چلاتا　　کوئی نقل پر پھبتیاں ہے اڑاتا
کوئی عیب ذات خدامیں لگاتا　　کوئی شان شاہ رسالت گھٹاتا
کسی کو صحابہ سے جانی عداوت
کسی کو ائمہ سے کینہ بغاوت
کہیں معجزات نبی کے یہ چرچے　　کہ تھے شعبدے مسمریزم یہ ان کے
حیات پیمبر پہ حملے یہ ہوتے　　کہ مٹی میں مل کر ہوئے اس کے جیسے
نشان وجود ان کا باقی کہاں ہے
یہ نجدی دہلی کے دیں کا نشاں ہے
عجب نجدیوں نے کیاہے تماشا　　کہ امکان کذب الٰہی کو مانا
قیامت تو یہ کی سفیہوں نے برپا　　کہ اب فعلیت پر مچایاہے غوغا
ہے فتوائے گنگوہ کی یہ خرابی
بہت شاد و خرم ہیں اس پر وہابی
نہ تقدیس باری کو مانا انہوں نے　　نہ رتبہ پیمبر کا جانا انہوں نے
عداوت کو نیکوں کی ٹھانا انہوں نے　　لیاہاویہ میں ٹھکانہ انہوں نے
شرور و فتن ان کے جاری بکثرت
حفاظت میں اپنی رکھے رب عزت
کسی نے تو تقلید سے سر اٹھایا　　چھٹا تھان سے اور ہر اک کھیت کھایا
نہ دیکھا کہ ہے کون اپنا پرایا　　بھرا پیٹ بس اپنا مقصود پایا
کھلے بند پھرتے ہیں پروا ہے کس کی

کریں گے جو تقلید بیڑی پڑے گی

کوئی منکر علم غیب نبی ہے   کو کافر نہ کہتا وہ اس نے کہی ہے

کہ علم پیمبر پہ نص کون سی ہے   خبر علم شیطاں کی قرآں نے دی ہے

جہاں سے براہیں ہوئی ہے نہیں گم

پڑھو اس کا تم صفحہ چہل و ہفتم

اسی میں وہیں پر یہ جملہ ہے لکھا   کہ علم پیمبر کا اثبات کرنا

یہ ہے شرک اور شرک ہوتا ہے کیسا   نہیں ہے یہ ایمان کا کوئی حصہ

یہ شرک اس کا دیکھو وہ تمثیل دیکھو

وہ محبوب باری کی تبجیل دیکھو

جنہیں علم ماکان اور مایکون کا   ملا ہے باعطائے باری تعالیٰ

نصوص واحادیث سے ہے ہوا ید   نہیں علم غیبی کا ان کے ہے احصا

یہ سلب ان سے کرتا ہے ہر علم غیبی

وہابی حقیقت میں ہوتے ہیں عیبی

عجب یہ کہ اپنے کو سنی بنا کے   شریعت کا حامی و ناصر جتا کے

ہیں جڑ کاٹتے دیں کی دشمن خدا کے   اور ایمان لیتے ہیں مومن بتا کے

نئے شعبدے ان کے ساری زماں میں

نئے ہتھکنڈے ان کے جاری جہاں میں

یہ ارمان دل ہے یہ جوش طبیعت   اجاڑو کسی طور گلزار سنت

نہ دنیا میں باقی رہے ذکر ملت   نہ سوجھے کسی طور رہ استقامت

خیالات باطل جو دل میں سمائے
تو صد ہا مسلمان کافر بنائے
غضب نجدیوں نے یہ ترہت پہ ڈھایا بہت اہل سنت کو مارا ستایا
کسی کے پسر کو پدر سے چھڑایا کسی کا مکان نصف شب میں جلایا
بتر و تیج شرک و بہ نشر ضلالت
اٹھائی انہوں نے سروں پر قیامت
کسی کے یہی سر میں سودا سمایا کیا سنیوں کے مساجد پہ قبضہ
اگر سنیوں سے کوئی شخص بولا کچہری میں الٹا کیا استغاثہ
یہی ان ارماں یہی ان کا منشا
کہ ویراں رہے خانہ حق تعالیٰ
کہیں نقص ذات خدا کا ہے چرچا کہیں منقصت میں پیمبر کے جلسہ
کہیں ذکر توہین ہے اولیا کا اماموں کی تنقیص کوئی ہے کرتا
کہیں عرس اور فاتحہ کی شناعت
کہیں ذکر میلاد کی ہے مذمت
کہیں ہے ندائے نبی کی برائی کہا یا نبی اور با سر پہ آئی
کسی کو مذمت مقلد کی بھائی کسی نے خرابی فقیہوں میں پائی
کہیں ذکر اس بات کا ہو رہا ہے
کہ آہستہ آمین کہنا خطا ہے
کہیں باب توصیف نجدی کھلا ہے کہیں ابن قیم کی مدح و ثنا ہے

کوئی دہلوی کی صفت کر رہا ہے　　کہیں وصف نواب بھوپال کا ہے

اسی میں وہ رہتے تھے مشغول ہر دم
سوا اس کے کوئی نہ تھا کار عالم

زمانے نے یکبارگی رخ جو بدلا　　توکم ہوگیا شرک وبدعت کا چرچا
ضلالت کا جاتا رہا شور و غوغا　　توہب پہ ادبار کا ابر چھایا

ہوئے ان کے ظاہر فتن اور مکائد
کھلے اہل ترہت پہ جملہ عقائد

یہ کس اہل سنت نے کی اتنی ہمت　　یہ کس شیر ملت نے کی اتنی جرأت
کہ ڈھائی ہے ان کے سروں پر قیامت　　پڑا تہلکہ ان میں اور خوف ودہشت

کیا دودھ کا دودھ پانی کا پانی
نہ باقی رکھی نام کو لن ترانی

یہ کس نے کی اس دور میں دین کی نصرت　　یہ کس نے بچھایا ہے فرش ہدایت
بچایا ہزاروں کا ایمان و ملت　　چھڑایا ہزاروں سے شرک اور بدعت

کرائی انہیں سیر گلزار سنت
دکھائی انہیں راہ دین و شریعت

یہ کس کی ہے ذات گرامی وعالی　　یہ ہے کون ترہت میں ملت کا والی
یہ ہے کون باغ شریعت کا مالی　　بساط جہاں نیست از مرد خالی

قیامت تک اس دیں کے حامی و ناصر
رہیں گے بعون خداوند قادر

ہزاروں بزوں کو ہے اک شیر کافی　　　یہی اہل حق کی تمثیل وافی
ہے اک سنی صدہا شیاطیں کا نافی　　　ہزاروں کی بیماری دین کا شافی

یہ جو لکھا میں نے حق و بجا ہے
ہوا بارہا ایسا اور ہو رہا ہے

میں لکھتا ہوں اب اس کا اسم گرامی　　　ہوا جو کہ ترہت میں سنت کا حامی
بیاں گر کروں اس کے اوصاف سامی　　　بزودے مسدس نیا بد تمامی

سنو عبد رحمن ہے نام معظم
مجبی لقب ہے معزز مکرم

ہوا جب کہ فتنہ بپا نجدیوں کا　　　کیا بے دھڑک اہل سنت پہ دھاوا
یہ سمجھے کہ میدان خالی ہی ہوگا　　　کرو خوب چل کے ضلالت کا افشا

سبھی حوصلے دل کے اپنے نکالو
جسے پاؤ اس کو وہابی بنالو

نہیں ہے یہاں کوئی سنت کا واقی　　　دے جام ضلالت ہمیں ایسا ساقی
نہ رہ جائے ارماں کوئی جس سے باقی　　　سمجھ لیں گے جب ہوگا یوم التلاقی

نہ ہے ہم کو خوف خدا و پیمبر
نہ اس سر زمیں پر کوئی دین کا یاور

مگر ایک ہی شیر سنت تھا اس جا　　　معاً نعرہ یا نبی اس نے مارا
فلک کیا کہ عرش بریں گونج اٹھا　　　ادھر اس کا نعرہ مدینہ میں پہنچا

فلک سے ملک اترے بہر اعانت

ادھر سے ہوئی شاہ عالم کی نصرت

خدا کے غضب اور قہر نبی کی گری نجدیوں کے ذخیرے پہ بجلی

جلا خرمن شر رہا کچھ نہ باقی ہوئی اہل باطل کی برباد مٹی

پس از بہر دفع ندامت خجالت

ہوئی یاوہ گوئی پہ مائل طبیعت

مجبی سنان زبان و قلم سے ہوا سن کے آمادہ رب کے کرم سے

بھرا سب کے دامن کو خون الم سے ہے وابستہ فتح و ظفر اس کے دم سے

بطالت سے اپنی پریشان ہوئے سب

ضلالت سے اپنی پشیماں ہوئے سب

مگر بغض ہے نجدیوں کو حیا سے بھرے ان کے سینے ہیں ظلم وجفا سے

نہیں ان کا اقرار خالی دغا سے نہیں باز آتے یہ اپنی ادا سے

جو عاجز ہوئے ہاں میں ہاں ہیں ملاتے

رہائی جو پائی تو پھر اپنی گاتے

نہیں ان کو اک حال پر استقامت بدلتا ہے رنگ ان کا ساعت بساعت

نہیں راستی راست گوئی کی عادت بھری ان کی طینت میں ناز شرارت

اٹھاتے ہیں دیں میں نئے فتنے ہر دم

سمجھتے ہیں ہر کام سے اس کو اقدم

نئے شعبدے ان کے افسوں نرالے چلاتے ہیں ان پر جو ہیں بھولے بھالے

جو کم علم سنی ہیں دیہات والے یہ اکثر دکھاتے ہیں ان کو رسالے

اگر ان پہ ایمان لائے تو لائے
وگرنہ تذبذب کے میدان میں آئے

رسالے کی تعریف اللہ اکبر کہ ہے یہ احادیث وقرآن کا دفتر
چڑھاتے مصنف کو ہیں آسماں پر کہ اس کا نہیں علم میں کوئی ہمسر

رسالہ جو دیکھو تو سنت کا قاطع
مصنف کو دیکھو تو شیطان کا تابع

سنی جب مجیبی نے پوری کہانی کہ گزری ہے حد سے بس اب لن ترانی
یہ اغوا میں بے شک ہیں شیطان ثانی ہزاروں کے مذہب پہ پھیرا ہے پانی

ہوا مستعد اور یہ کی اس نے نیت
بچاؤ کسی طور مولیٰ کی امت

مگر اب کرو کوئی تدبیر ایسی نہ ہرگز کبھی سر اٹھائیں یہ مغوی
رہیں ان کے فتنوں سے محفوظ سنی نہ دیکھیں کبھی راہ بدمذہبی کی

عقائد مسائل سے ان کو خبر ہو
نہ پھر ان پہ بدمذہبی کا اثر ہو

ولیکن ہو تدبیر اس کی بعجلت کیا جائے یہ کام باشان وشوکت
اثر اس کا ہر قلب میں ہو بکثرت نہ بھکیں رہ شرع سے اہل سنت

مدد ہو حبیب خدا کی جو شامل
نہیں اس کا اتمام دشوار و مشکل

ہوا اس میں غلطاں وپیچاں مجیبیؔ کیا جان نثاران سنت سے شوریٰ

ہوئے متفق اس پہ ادنیٰ واعلیٰ کہ ہو منعقد مذہب حق کا جلسہ

شریک اس میں ہوں وارثان پیمبر

زمانے میں جن کا نہ ہو کوئی ہمسر

خزان فتن کی ہے رخصت کی باری بہار سنن کی ہے آتی سواری

ہے چھڑکاؤ کرنے کو ابر بہاری نسیم سحر کی عجب عطر باری

صبا نے چمن میں ہر اک کو ندا دی

کہ تیار ہو آ گیا وقت شادی

بچھا مخمل سبز کا فرش ہر جا چمن میں ہوا شادمانی کا چرچا

مسرت سے ہر ایک غنچہ تھا ایسا نہیں اپنے جامے میں پھولا سماتا

بفرط مواجید ہر شاخ گل کی

یہ حالت کہ بس اب زمیں پر گرے گی

کہیں بلبل خوشنوا کے ترانے کہیں صلصل دلربا کے ترانے

کہیں طوطی خوش ادا کے ترانے کہیں قمری نغمہ زا کے ترانے

چمن میں مسرت کا تھا شور برپا

جدھر دیکھئے شادمانی کا چرچا

غرض صورت حل مشکل نمایاں ہوئی غیب سے باشکوہ فراواں

ہوا جلسۂ اہل سنت کا ساماں بتوفیق مشکل کشا سے ہر انساں

وہ ہر ایک مشکل کو کرتا ہے آساں

نہ ہو کوئی رحمت سے اس کی ہراساں

ہوئی اشتہاروں کی چھپ کر اشاعت — سنی سنیوں نے جو تازہ بشارت
مسرت ہوئی ان کو بے حد و غایت — کہ آتا ہے اب وقت خیر و سعادت

وہ وقت مبارک خدا جلد لائے
کہ ہر اہل سنت مراد اپنی پائے

کروں حال ترہت میں کیا خوش بیانی — ٹپکتی تھی ہر بیت سے شادمانی
ہدایت کی ہوتی ہے اب حکمرانی — برستا ہے اب نور و رحمت کا پانی

زمیں نے سنا ذکر دیں مجھ پہ ہو گا
تو چرخ بریں پر دماغ اس کا پہنچا

مکانوں میں اپنے ہر اک اہل سنت — بجاتا تھا حظ و مسرت کی نوبت
ہوئی اہل فتنہ پہ برپا قیامت — عجب ان کی صورت عجب ان کی حالت

بعون الٰہی با مداد حضرت
اب آتی ہے اس دین حق کی حمایت

مجبیٰ نے ہر عالم دیں کو لکھا — کہ پوکھریرے میں دین حق کا ہے جلسہ
اواخر میں ماہ صفر (۱۳۲۴ھ) کے وہ ہوگا — یہاں کا سفر آپ کیجئے گوارا

یہ ہے کار دینی ضرور آیئے گا
ہدایت شریعت کی فرمایئے گا

غرض یہ کہ تشریف لائے وہ فاضل — نہیں جن کا ہندوستان میں مماثل
ٹھہرتا نہیں جن کے سایے سے باطل — زیارت سے جن کی ہوں آثام زائل

سنو ان کے لکھتا ہوں اسمائے سامی

جو تشریف لاکر ہوئے دیں کے حامی

محدث، مفسر، فقیہوں میں نامی　　　وصی احمد ان کا ہے اسم گرامی

ہے تحدیث کی ان پہ بے شک تمامی　　　شب وروز رہتے ہیں سنت کے حامی

لرزتے ہیں گمراہ صورت سے ان کی

خصوصاً وہابی و نجدی و ندوی

وہ تدریس میں فی زمانہ ہیں یکتا　　　وہ افتا میں رکھتے نہیں مثل اپنا

ہے گرچہ کمال ان کو ہر علم وفن کا　　　مگر ہیں احادیث پر جان سے شیدا

شب و روز کرتے ہیں دیں کی حمایت

مٹاتے ہیں دنیا سے شرک و ضلالت

فیوض ان کے جاری رہیں تا قیامت　　　رہیں وہ زمانے میں باصد کرامت

بڑھے عمر ان کی رہیں وہ سلامت　　　ملے حشر میں عزو قرب وزماعت

وسیلے سے اپنے نبی کے الٰہی

دعا ہو یہ مقبول اس پُر گنہ کی

لقب جن کا قاضیؔ وہ ممدوح عالم　　　ہے عبد وحید ان کا نام مکرم

حمایت میں رہتے ہیں سنت کی ہر دم　　　سمجھتے ہیں ہر کام سے اس کو اقدم

کیا صرف مال کثیر اور ہیں کرتے

غوی و شقی نام سے ان کے ڈرتے

وہ ہیں چرخ تقریر کے بدر انور　　　نہیں گفتگو میں کوئی ان کا ہمسر

قضارا کوئی ان سے باطل کا یاور　　　ہوا جب مکالم گیا منہ کی کھا کر

بہاری کو آئی یہ نوبت ہے اکثر
ہوا پیش قاضی زبر زیر ابتر

انہیں نے بعون وبتوفیق باری   کیا مطبع دیں کو پٹنے میں جاری
کہ شائع ہوا اک پرچۂ ماہواری   ہمیشہ رہے اس سے سنت کی یاری

ہے قاضی کے دم سے یہ مذہب کی نصرت
فیوض ان کے دائم رکھے رب عزت

جو ہیں دیں کے عالموں میں مکرم   ہے عبد السلام ان کا نام معظم
وہ لاریب ہیں حلم وخلق مجسم   شریعت طریقت کے ناصر ہیں ہردم

جبل پور کیا ہند میں ان کا ڈنکا
گورمنٹ میں بھی ہے اعزاز ان کا

ہے وعظ اور تدریس میں جن کی شہرت   جو ہیں قالع بیخ شرک وضلالت
اگرچہ ہے الور میں ان کی سکونت   مگر عام ہے ہند بھر کو ہدایت

وہ مولی علی پر ہیں قربان وشیدا
الٰہی ہو دیدار ان کو علی کا

ہوا اہل بدعت کا منہ جن سے کالا   ہدایت رسول ان کا نام والا
شریعت کا ان سے ہوا بول بالا   ہوا شرک وبدعت کا ان سے ازالہ

وہ ہیں شیر سنت وہ ہیں دیں کے رہبر
نہیں واعظوں میں کوئی ان کا ہمسر

جو ہیں حامی دین وشرع مطہر   ہے عبد العزیز ان کا اسم موقر

خرابی ہے ان سے ضلالت کو یکسر　　وہابی لرزتے ہیں نام ان کا سن کر

وہ ہیں عالم و ناصر اہل سنت

وہ ہیں دافع جہل و ظلم و ضلالت

ہر اک اہل بدعت کو جس سے حسد ہے　　سبھی جانتے ہیں وہ عبد الاحد ہے

وہ حامی شرع حبیب صمد ہے　　ہر اک وقت اس پر خدا کی مدد ہے

وہ عالم وہ واعظ وہ رافع ضرر کا

وہ فرزند ہے فاضل نامور کا

مشائخ میں ہے جو گرامی ونامی　　ملا عین حق اس کا نام گرامی

وہ واعظ وہ حافظ وہ ذی قدر سامی　　وہ ملت کا ناصر وہ سنت حامی

بلاشک وہ قتال اہل فتن ہے

علی گنج سیوان میں اس کا وطن ہے

حسب اور نسب میں وہ ہے پر شرافت　　ملا اس کو اعزاز و فضل سیادت

ہوا اس سے ارشاد جاری بکثرت　　مٹا اس سے ترہت میں داغ ضلالت

مریدوں کو اس کے ہو بے حد بشارت

ملا ایسا مرشد زہے ان کی قسمت

ترقی دین کی ہے فکر اس کو ہر آں　　اسی میں وہ رہتا ہے ساعی و کوشاں

ہوا خرمن نجدیت اس سے سوزاں　　وہابی ہوئے اس سے نالاں پریشاں

مدام اس کا جاری رہے بحر فیضاں

شریعت کی اس سے بڑھے شوکت و شاں

مریدین بھی اس کے بمقدار طاقت کریں سنت مصطفی کی حمایت
نہ چھوڑیں نہ چھوڑیں صراط ہدایت رہے دین حق پر انہیں استقامت
طفیل شہ ملک عز و کرامت
دعا ہو یہ مقبول اے رب عزت
وہ فیروزآبادی زمانے میں اشہر گ ریزاں ونالاں ہیں جن سے ستم گر
وہ فرار ہوتے ہیں نام ان کا سن کر سمجھتے ہیں جو شیخ نجدی کو رہبر
غنیمت ہیں وہ واعظاں زماں میں
بہت ان کی شہرت ہے ہندوستاں میں
ہے ترہت میں عبد الصمد بس غنیمت کہ کرتا ہے دن رات وعظ ونصیحت
وہ بے شک ہے پروانۂ شمع سنت ہے دینی تصلب اسے بے نہایت
وہ ذی علم و شیدائے اہل ہدایت
وہ سرکوب اعدائے ایمان وملت
شرف ایسے جلسے کی شرکت کا حاصل کیا ہے ضیاؔ نے بھی بروجہ کامل
نہیں تاب لکھنے کی اس کے فضائل نظیر اس کی دنیا میں ملنا ہے مشکل
وہ رحمت برستی تھی رحمن کی اس پر
بیاں اس کا کرنا ہے طاقت سے باہر
نزول ملائک تھا اس جا برابر تھا انوار رحمت سے جلسہ منور
بٹا خوب انعام لطف پیمبر بھرے دامن دل میں رحمت کے گوہر
مقدر میں جن کے لکھی تھی شقاوت

نہ پائی انہوں نے یہ دینی سعادت

جدھر دیکھئے تھا ہدایت کا چرچا ضلالت پہ لعنت ہر اک کر رہا تھا
ظفر کے پھریرے میں وہ لہر پیدا جو تھی اشقیا کے لیے تیر بھالا

سماں قابل دید تھا اس گھڑی کا
بیاں میں نہیں وہ کسی طور آتا

عیاں کیا کروں حال اہل ہوا کا گئے بھول بالکل وہ سابق کا چرچا
سروں پر وہ کوہ الم پھٹ پڑا تھا کہ سر جس سے ہرگز کسی کا نہ اٹھا

شرور و فتن ان کے تنگ ان سے آئے
انہوں نے بھی ان سے یہی لطف پائے

بطالت کو دیکھو تو وہ نیم جاں ہے لب اہل باطل پہ آہ وفغاں ہے
خباثت پریشاں ونالہ کناں ہے خبیثوں میں باقی نہ تاب وتواں ہے

ضلالت کا ملتا نہیں اب نشاں ہے
بتائیں وہابی کہ اب وہ کہاں ہے

گھرا ابر ارشاد سے آسماں ہے بھرا آب رحمت سے اس نے جہاں ہے
ہوا اس سے تر رشد کا بوستاں ہے ہر اک پھول اس بیت سے تر زباں ہے

ضلالت کا ملتا نہیں اب نشاں ہے
بتائیں وہابی کہ اب وہ کہاں ہے

ہوا شرک وبدعت سے خالی جہاں ہے نہ باقی وہ اب کفر کی داستاں ہے
شقاوت پہ ہر اک نفریں کناں ہے غوایت میں باقی نہ روح وروان ہے

ضلالت کا ملتا نہیں اب نشاں ہے
بتائیں وہابی کہ اب وہ کہاں ہے

بھرا ارشد سے سینۂ مومناں ہے — ہوا آج ترہت کی رحمت رساں ہے
سراپا ہدایت سے مملو زماں ہے — ہر اک اہل سنت کی یہ داستاں ہے

ضلالت کا ملتا نہیں اب نشاں ہے
بتائیں وہابی کہ اب وہ کہاں ہے

سنو مجھ سے تحت الثری میں وہ پہنچی — برستی ہے آگ اس پہ قہر خدا کی
اسی آگ کی پاؤں میں ہے بیڑی — نہ ہرگز رہائی اسے جلد ہوگی

وہابی جدائی سے اس کی مریں گے
ملاقات جلد اس سے جاکر کریں گے

غرض ہریک از عالمان شریعت — باخلاص واکرداباب نصیحت
ز قرآں واخبار وفقہی روایت — باظہار آوردا حکام ملت

بیانات تھے ان کے آیات رحمت
سنو مختصر ان کی اب مجھ سے حالت

کوئی یوں تھا ارشاد حق سے سخن گو — جو پکڑے گا غیر رہ مومناں کو
تو ہم کریں گے سپرد اس کو وہ جو — کیا اختیار اس نے اور اس کو سن لو

جہنم میں ۔۔لیں گے اس کو مقرر
وساءت مصیرا ہے وہ نار اکبر

ملی ہے جنہیں خاص ایمان کی دولت — انہیں سے یہ فرماتا ہے رب عزت

کرو میری اور مصطفی کی اطاعت اولی الامر کی بھی باخلاص ورغبت

ہے حاصل جنہیں اجتہاد و فقاہت

وہی ہیں اولی الامر اے اہل بدعت

جسے شک ہو تفسیرین عالم کی چھانے فقیہوں کی تقلید کو فرض مانے

کیاان کی طاعت کوواجب خدانے پھراجو خدا سے وہ کیااس کو جانے

اسے اعتبار ان پر آئے تو کیوں کر

جو رکھتا ہو خود تہمت کذب حق پر

وہابی ہی کہہ دیں یہ ہے بات کیسی یہ ملت ہے جھوٹوں کی ہیہات کیسی

پھران سے ہماری مدارات کیسی کلام ان سے کیسا ملاقات کیسی

خدا کو بھی جھوٹا جو جانے وہ کیسا

وہ جھوٹا ہے اور اس کا مذہب بھی جھوٹا

ارے بد نصیبو خدا سے ڈرو تم کلام خدا کو نہ جھوٹا کرو تم

نہ شعلوں سے قبروں کواپنی بھروتم یقینا سمجھ لو اسے اے خرو تم

نہیں کوئی سچا برابر خدا کے

وہ سچا کلام اور رسول اس کے سچے

کوئی کہہ رہاتھاکہ قال الرسول بچو بدعتی سے نہ دواس کو قابو

اگر راہ میں پاؤ بد دین بدخو تو بچ کر کنارے کو ہو جاؤ یک سو

اگر تم نے توقیر کی بدعتی کی

تو اسلام ڈھانے پہ امداد ٹھہری

صحابہ کے بعد آئیں گے لوگ ایسے گھٹائیں ان کو برا بھی کہیں گے
اگر پاؤ تم ایسے شیطاں کے چیلے نہ عقد ان سے کرنا کہ ہیں غیر دیں کے
نہ کھانا نہ پینا تم ایسوں سے مل کر
نماز ان سے مل کر نہ پڑھنا نہ ان پر
سنو مجھ سے معنی ہوئے یہ خبر کے کہ گمراہ و بد دین ہیں دشمن تمہارے
یہ لیتے ہیں ایمان یہ دیتے ہیں دھوکے یہ روباہ زادے یہ دجال بچے
جو ہیں دار قطنی حدیثوں پہ حاوی
وہ ہیں ابن مسعود سے اس کے راوی
یہ قول امام ایک کی تھا زباں پر نہ ہاتھوں کو چنچل بچھیروں کی دم کر
نہ سینے پہ رکھ تو کلیجہ پکڑ کر نہ اسے مقتدی پڑھ کے منہ آگ سے بھر
نہ آمین بالجہر کا مرتکب ہو
ہمیشہ ان افعال سے مجتنب ہو
کوئی مذہب حق کے کرتا مدائح کوئی دین باطل کے کہتا قبائح
کہیں اہل سنت کو ہوتے نصائح کہیں اہل بدعت کے کھلتے فضائح
کوئی حمد باری میں رطب اللساں تھا
کوئی نعت خوانی سے شیریں زباں تھا
کسی کا بیاں معجزات پیمبر کسی کا بیاں مدحت آل اطہر
کسی کا بیاں مدح اصحاب انور اماموں کا کرتا کوئی وصف ازہر
خصوصاً امام الائمہ کی مدحت

بیاں کر رہے تھے غلامان حضرت

کوئی منع میلاد مولیٰ کا فتوی لکھا تھا جو گنگوہی نے اس کو پڑھتا

کہ اے حاضریں دیکھ لو یہ ہے لکھا کہ یہ فعل ہے فعل کفار جیسا

کنھیا کا واں سانگ ہے سال پیچھے

بنائے ہیں یہ سانگ ہر روز تم نے

سنو اس کے آگے یہ اس نے بکا ہے کہ یہ فعل ممنوع اور ناروا ہے

ابھی کیا ہے آگے بہت کچھ لکھا ہے غرض مرتے دم شرک پر دم لیا ہے

مسلم ہے سب اغویا کا یہ فتوی

اکابر نے ان کے لکھا اس کو سچا

غرض پانچ دن تک یہ جلسہ ہوا تھا شب و روز اس میں رہا دیں کا چرچا

شمار اس میں تھا چھ ہزار اہل حق کا نہیں اس سے کم بلکہ تھے کچھ زیادہ

شریک اس میں تھے لوگ بنگال تک کے

اور آئے تھے سرحد نیپال تک کے

تھے محو ایسے سننے میں احکام دین کے کہ کھانے سے پینے سے بھی بے خبر تھے

وہ آتے تھے سورج نکلنے سے پہلے نہیں پہلے جاتے تھے وہ نصف شب سے

امور ضروری اگر پیش آتے

تو ناچار جلسے وہ لوگ جاتے

ہر اک اہل بدعت پہ تھا رعب طاری زیادہ بڑھی اس کی جب بے قراری

تو اک رائے پوری نے کی ہوشیاری بناسنی اور دل میں ابلیس ساری

ہوئی وعظ گوئی پہ مائل طبیعت
اجازت نہ ملنے پہ کھولی حقیقت

کیا ذکر امکان کذب خدا کا — کہ اس میں نہیں کوئی بھی استحالہ
کیا اس کا بطلان قاضی نے ایسا — کہ منصف جو ہوتا تو خاموش رہتا

مگر خامشی کے نہیں ہیں یہ عادی
بکے جائیں گے گرچہ ہو بات الٹی

طبیعت ہوئی بعض کی اس پہ مائل — کوئی ان میں ناقص کوئی ان میں کامل
ہم اپنے وہاں کے بلاتے ہیں فاضل — ہوں احناف کے ان کے عالم مقابل

ہوئی جب یہ درخواست منظور ان کی
نہ وہ ان کی ہمت نہ وہ گفتگو تھی

یہ گپ ان کی تھی جو اڑائی انہوں نے — یہ گھر بیٹھے بے سر کی گائی انہوں نے
نہ پھر کچھ بھی تیزی دکھائی انہوں نے — نہ پھر کوئی جرأت جتائی انہوں نے

ہوئے گرچہ چہ سنی بہت اس میں ساعی
مگر اہل باطل سے میدان تھا خالی

ہے کس عالم اہل باطل کا پتّا — مقابل ہو جو عالم اہل حق کا
نہ اب تک ہوا ہے ابد تک نہ ہوگا — رہے گا انہیں کا سدا بول بالا

گیا آتے ہی حق کے باطل کا چرچا
کہا حق نے باطل کو کان زھوقا

سنو خیر خواہوں کی دینی نصیحت — بنو سب کے سب اہل سنت جماعت

ہے سچا انہیں کا بحق دین وملت انہیں کے ہیں حصے میں نعمائے جنت

سویرا ہے اب بھی بطالت کو چھوڑو

طریق ضلالت سے منہ اپنا موڑو

زمانہ میں بدعت کی ہو جب ترقی جو اس وقت ہو سنت شہ کا حامی

تو ہو سو شہیدوں کا اجر اس کو حتمی یہ ہے حکم و فرمان محبوب باری

جو ہیں حضرت بوہریرہ صحابی

انہیں سے ہوئے بیہقی اس کے راوی

ظہور علامات قرب قیامت بہت ہو چکا اور ہو گا بکثرت

مگر اس زمانے میں اے اہل سنت نہیں اس سے بڑھ کر ہے کوئی علامت

کہ رخصت ہوا علم پھیلی جہالت

گیا صدق وحق اور آئی بطالت

بہت کم زمانے میں ہے علم نافع خرابی و زشتی دینی کا دافع

ضلالت کے بدعت کے داغوں کا رافع بنائے شرور شیاطیں کا قالع

فضیلت کی دستار دو حرف پڑھ کر

بندھی اور کھلا اجتہادوں کا دفتر

مگر جس کے توفیق باری ہے شامل ہوا جب کہ تعلیم پا کر وہ فاضل

تو احقاق حق اور ابطال باطل وہ کرنے لگا اس کو بر وجہ کامل

ولیکن بہت کم ہیں دین دار ایسے

ہزاروں میں ہوتے ہیں دو چار ایسے

ہوا میری تحریر سے خوب زاہر　　نہیں امر مخفی یہ ہے سب پہ ظاہر
کہ جاہل سا جاہل بنا آج ماہر　　بتاتا ہے اپنی نجاست کو طاہر
اسی میں وہ دن رات ساعی ہے جاں سے
کہ معدوم ہو ملت حق جہاں سے
سنو حافظ دین خدائے جہاں ہے　　مددگار اس کا شہ مرسلاں ہے
کرے اس کو معدوم کس کی یہ شان ہے　　مٹائے اسے کس کی تاب وتواں ہے
نہ یہ دین مٹا ہے نہ ہرگز مٹے گا
جو اس کو مٹائے گا ہوگا وہ رسوا
یہ کیوں رائے پوری میں آئی بطالت　　ہوئی مذہب حق سے کیوں اس کو نفرت
اسی طرح اوروں کی اس طور حالت　　ہوئی کیوں سمجھتے ہوا ے اہل سنت
نہ کچھ روز پہلے تھے ایسے کرشمے
نہ دیکھے سنے تھے کبھی ایسے چکمے
یہی ہے سبب جس سے واقف ہو تم بھی　　کہ ہے نام کے مدرسوں کی ترقی
ہر اک مدرسہ کو سمجھتے ہو دینی　　نہ جانچا کسی کو نہ کوشش ہے اس کی
نہ سوچا نہ سمجھا جہاں جی میں آیا
وہاں نام لڑکوں کا اپنے لکھایا
کیا بعض نے غور اور اس کو سوچا　　بچے ان مدارس سے لڑکا ہمارا
کہ ہو دخل جن میں کسی غیر دیں کا　　کہ گمراہ بننے سے جاہل ہی اچھا
جزا دے الٰہی بہت خوب سوچے

مگر نجدیوں کے پرکھنے میں چوکے

جو دشمن ہیں تقلید اہل ہدی کے انہیں کو ہیں اکثر وہابی سمجھتے

وہابی مقلد بھی ہوتے ہیں جیسے یہی دیوبند اور گنگوہ والے

نمازیں بھی پڑھتے ہیں احناف جیسی

بتاتے ہیں ملت بھی اسلاف جیسی

مگر دین حق پر یہ کرتے ہیں حملے ہر اک بات میں سو ضلالت کے جملے

فریبوں کے جبے دغاؤں کے شملے یہ نجدی کے پچھلے ہیں اس سے بھی آگے

کئے یہ سمجھ کر مدارس بھی جاری

کہ ہو گمرہی ان سے دنیا میں ساری

سنیں غور سے اس کو ترہت کے سنی ضرورت ہے تم سب کو اک مدرسے کی

جہالت کی مہلک وبا تم میں پھیلی ازالے میں اس کے جو کی تم نے سستی

تو پھر خاتمہ دین و ایماں کا جانو

جو کہتا ہوں میں اس کو تم راست مانو

وہابی ہوئے کتنے اور ہو رہے ہیں ہیں کم ایسے ثابت قدم جو رہے ہیں

شب و روز ایمان و دیں کھو رہے ہیں یہ طرہ کہ پھر بے خبر سو رہے ہیں

بہت دن ہے باقی ہو بیدار اب بھی

بہت سو چکے تم ہو ہوشیار اب بھی

کرو مل کے اک مدرسہ دیں کا جاری کہ بنیان مذہب کی ہو استواری

ہو پڑھ لکھ کے اولاد عالم تمہاری رہے فیض جاری بتوفیق باری

یہ فیضان دینی ہمیشہ رہے گا

ہدایت کا جاری یہ دریا رہے گا

ہے جلسے سے اس کی زیادہ ضرورت وہ فوری ہے اس کی ہے دائم افاضت

رہے مہتمم عالم اہل سنت مدرس بھی ہوں اہل سنت جماعت

تو پھر مہر دین آسمان ہدی پر

ہمیشہ رہے گا درخشان و انور

بناؤ تم اس میں مجیؔ کو رہبر کہ ترہت میں ہے بس وہی دیں کا یاور

حمایت میں اس سے نہیں کوئی بڑھ کر وہ ہے جان سے شیدائے شرع پیمبر

الٰہی تو توفیق دے ان کو ایسی

کہ رغبت ہو ہر ایک کو علم دیں کی

جو باقی ہیں اس دور میں دیں کے حامی غنیمت ہے ایسوں کی ذات گرامی

کرے پیروی ان کی ہر ایک عامی انہیں کی کرے مرتے دم تک غلامی

انہیں کی اطاعت سے اے اہل سنت

ملے گی تمہیں دین و ایماں کی دولت

پے اہل حق جشن ملت مبارک پے دین حق نصر سنت مبارک

اعانت مبارک حمایت مبارک نمایاں چنیں فتح ونصرت مبارک

فطوبیٰ لکہ ایھا المومنا

وبشریٰ لکم ایھا الموقنونا

قیام قیامت تک اے رب عزت ترقی کرے روزافزوں ہدایت

رہے سبز و شاداب گلزار سنت نہ باد مخالف سے پائے اذیت

ہوں گھر گھر علوم وہدایت کے چرچے
کریں اہل حق ایسے ہر روز جلسے

ہوئی جن کی جلسے میں مالی اعانت ہوئی جن کی جانی وجسمی مشقت
ہوئی جن کے باعث یہ سنت کی نصرت ہوئی جن کی مہمان نوازی میں شرکت

صراط ہدایت پہ قائم رہیں سب
دعائے ضیاؔ ہو یہ مقبول یارب

بیان جلسۂ اہل سنت بنارس بطور اختصار وحال

تباہی ندوہ تباہ کار

جو ترہٹ سے رخصت ہوئے دین کے رہبر تو تشریف لائے وہ قاضی کے گھر پر
وہ ایام تھے نور رحمت کے مصدر وہ تھے کان خیر وسعادت سراسر

کہ ناگہ بنارس سے دو تار آئے
خبر جلسہ دیں کے ہونے کی لائے

کہ شہر بنارس میں باعون مولیٰ اولو العزم دربار سنت کا ہوگا
یہ ہے سنیاں بنارس منشا کہ تکلیف آنے کی کیجئے گوارا

بغیر آپ کے آئے دیں کی حمایت
نہ ہوگی سنیں عالمان شریعت

سنا جب یہ مژدہ تو فوراً یہاں سے روانہ ہوئے اور بنارس میں پہنچے
گوارا کیے خود مصارف سفر کے مقابل میں دیں کے نہ تھے کچھ سمجھتے

بہی خواہ اسلام ہوتے ہیں ایسے

شریعت کے خدام ہوتے ہیں ایسں۔

پہنچ کر وہاں دین حق کی حمایت　　کئی روز تک کی بصد شان وشوکت

انہیں نے نہیں صرف کی دیں کی نصرت　　بنارس کے بھی عالموں کی تھی شرکت

وہ عالم بھی کیسے زمانے میں نامی

طوالت ہو لکھوں جو اسمائے سامی

فراہم یہاں بھی بہت ہوتے سنی　　ہزاروں کی شرکت تھی اس جلسے میں بھی

باخلاص سنتے تھے وہ پند دیں کی　　کسی اور جانب توجہ نہ ہوتی

شب و روز اسی میں وہ مشغول رہتے

وہ غافل تھے دنیا سے اور ماسوا سے

ان ایام میں جلسۂ ندوہ بھی تھا　　مگر اس کا ارمان قلبی نہ نکلا

جو تھے اس کے بانی جو ہیں اس پہ شیدا　　وہی چند سر جوڑے بیٹھے تھے اس جا

عوام اس سے معرض رہے اور عالم

کھلے تھے زمانے پر اس کے مظالم

کیا اپنا منصب ادا سنیوں نے　　کہ ندوے کے حالات واطوار کھولے

بسعی تمام اشتہاروں کے رو سے　　یہ ندوے سے خواہاں ہوئے گفتگو کے

کہ تحقیق حق پر کمر چست باندھے

ادھر آئے حق سمجھے جھگڑا نہ باندھے

نکالے نہ کچھ اس میں حیلے حوالے　　نہ اس غرض دینی کو باتوں میں ٹالے

ہلاکت سے اپنے کو اب بھی نکالے　　وہ اب بھی طریق ورہِ اصفیا لے

جو پکڑے وہ راہ ہدایت کا ڈنڈا

تو ہو پار بیڑا بافضال مولیٰ

معائب مفاسد کو اپنے نکالے خصائل عقائد کو اپنے سنبھالے

شریک اس میں جتنے ہیں طغیان والے نکالے انہیں اور بناحق کی ڈالے

خرابی ہوئی جتنی اس کی اشاعت

کرے پھر یہ ہو مجلس اہل سنت

دے اشتہارات ہاتھوں میں ان کے کہ ندوے کے قائم ہیں جن سے کرشمے

کہ شاید خدا ان کو توفیق بخشے ہدایت پہ آئیں نہ پھیلائیں فتنے

مگر کون سنتا ہے حق کی صدا کو

بلاشک یہ بھولے ہیں روز جزا کو

نہ چونکا کوئی ان سے لیکن قضارا جہاں دیں کے عالم تھے تشریف فرما

سلیمان پھلواری آئے اس جا لگا ہونے آپس میں ندوے کا چرچا

کہا ہے وہ باطل میں کرتا ہوں توبہ

لیا میں نے احمد رضا کا طریقہ

وہ احمد رضا خاں زمانے میں یکتا کیا رفض و تفضیل و ندوہ کو رسوا

تو ہب کی جڑ کو اسی نے اکھیڑا اسی سے دبا قادیانی کا فتنہ

وہ بے شک مجدد ہے چودہ صدی کا

کیا اس نے شرع پیمبر کو زندہ

نہیں فاضلوں میں کوئی اس سے اعلیٰ وہ ممدوح ہے عالمان عرب کا

وہ محسود ان کا جو ہیں دیں کے اعدا　　　وہ محمود ان کا جو ہیں دیں پہ شیدا

ہے اسلام اور مسلمین کا وہ سید

بنائے شریعت کا ہے وہ مشید

ہوئی بارہا گفتگو اس طرح کی　　　نہ پیمان پہ قائم رہا کوئی ندوی

خدا دے سلیمان کو توفیق ایسی　　　کہ تا زیست توڑیں نہ توبہ کو اپنی

ہے شکر خدا مٹ گیا اس کا سب شر

فقط نام باقی ہے وہ بھی بدی پر

بہت روز حاصل کیا مال دنیا　　　بہت روز برپا کیا شور و فتنہ

ہزاروں کے اسلام و دولت کو کھویا　　　ہوا طشت از بام اب مکر ندوہ

کہاں تک چھپے رہتے ہیں شر و مکائد

بنا چلتی کب تک کہ مبنیٰ تھا فاسد

جو اس شوخ کافر پہ مرتے تھے ہر دم　　　فدا جان و دولت کو کرتے تھے ہر دم

محبت کا دم اس کی بھرتے تھے ہر دم　　　فراق و جدائی سے ڈرتے تھے ہر دم

انہیں ہو گئی اس سے ایسی عداوت

کہ اب نام سے اس کے ہوتی ہے نفرت

ہوئی ندوہ اب دربدر خوار ایسی　　　خبر تک نہیں پوچھتا کوئی اس کی

نظر سے گری اور ہوئی سب میں خواری　　　نہ وہ ترچھی چتون نہ وہ اونچی چوٹی

وہ جب تک رہی رفع حاجت کے قابل

طبیعت رہی اس پہ یاروں کی مائل

اڑا رنگ گلگونہ ٔ مکر و اغوا   کھلا جعل سازی کا پورا کرشمہ
ہوا حالت اندرونی کا افشا   رہے چند ہی لوگ اب نام لیوا
چھپائے سے چھپتا نہیں زور باطل
پسند اس کو کرتا نہیں کوئی عاقل

بس اب کوئی دم کی یہ ندوہ ہے مہماں   ہیں آثار اب جاں کنی کے نمایاں
علاج اس کا کرکے ہوئے وہ پریشاں   کہ تھا جن کے عیش وگزر کا یہ ساماں
مگر کام آئی نہ تدبیر و حکمت
نہ سوجھی کوئی جان بچنے کی حرفت

جنہوں نے کیا اس کو معدوم وغارت   خدا ان کو دے اجر بے حد وغایت
اکھیڑا ہے بیخ فتن کو بہمت   بچایا ہے صدہا کا ایمان و دولت
جو یہ کشت دیں کی نہ کرتے سقایت
نہ رہتی بلا ریب اس میں نضارت

الٰہی تصدق میں تو مصطفی کے   گنہ جتنے ہوں بخش دینا ضیاؔ کے
بچانا فتن سے تو روز جزا کے   اٹھانا مجھے ساتھ میں اولیا کے
شرور شیاطیں سے محفوظ رکھنا
نبی کی محبت سے محظوظ رکھنا

قطعۂ تاریخ تصنیف

از: عالم جلیل فاضل نبیل جناب مولانا مولوی حامد رضا خاں صاحب خلف سعید امام اہل سنت مجدد دین وملت حضرت فاضل بریلوی زید کرمھما

پڑھی جس نے یہ نظم عالی و دل کش — تو بے ساختہ اس نے کی مدح و تحسیں

کہ ہر شعر اس کا ہے عقد ثریا — ہیں کان فصاحت تمامی مضامیں

جو ہر سطر میں اس کے زیب وضیا ہے — کہاں کہکشاں میں ہے وہ نوروآئیں

حقیقت میں لکھی ہے یہ نظم ایسی — کہ چمکی فن شعر کی جس سے تمکیں

کہا قلب نے سال تصنیف اس کا — لکھا جائے باخوبی و حسن و تزئیں

تو حامدؔ کو فوراً دبیر فلک نے — ندا دی کہ ''نام خدا نظم پردیں''

(۱۳۲۴ھ)

ایضاً

از: فاضل نوجوان جناب مولانا مولوی عبد الاحد پیلی بھیتی خلف رشید جامع علوم عقلی ونقلی حضرت محدث سورتی صاحب زید مجدہما

عروسان مضامیں نے لباس رقم جب پہنا — ہوا شہرہ جہاں میں ان کے حسن بے نہایت کا

پڑی ان پر نگاہ سرسری بھی جس سخنور کی — کہا اللہ اکبر حصر کیا حق کی عنایت کا

ہوئے ہیں زیور تحقیق سے آراستہ ایسے — کہ قربان جن پہ ہے دل اہل تحقیق ودرایت کا

کسی میں جلوۂ حسن حدیث سید عالم — کسی میں ہے درخشان مثل اختر نور آیت کا

کسی سے صاف روشن لمعہ ماہ عقائد ہے — کسی میں ہے جمال بے کراں فقہی روایت کا

غرض جس نے زیارت کی رسالے کی وہ یہ بولا — تعالیٰ اللہ گلدستہ ہے یہ شرعی حمایت کا

صواب وصدق وحق کی بوئے خوش ہر گل سے آتی ہے نہیں ہے نام کو اک خار بھی جھوٹی حکایت کا
بھری بوئے ہدیٰ ورشد ہے اس کے ہر اک گل میں معطر جس سے ہوتا ہے دماغ اہل ولایت کا
کہا احقر سے جب دل نے لکھو سن ایسا نورانی مٹے جس سے نشان تاریکی کفر وغوایت کا
تو ہاتف نے کہا دل سے یہ از روئے ادب فوراً یقینا جو ہر انور ہے یہ بحر ہدایت کا

(۱۳۲۴ھ)

قطعۂ تاریخ طبع رسالہ

از: طبع رسائے واقف رموز شعر و سخن سر آمد شعرائے زمن جناب مولانا مولوی حسن رضا خاں صاحب حسنؔ بریلوی صین عن الفتن۔

وہ نظم لکھی ضیائے دیں نے ہوں جس کی چمک سے دل منور
ماتم ہے گروہ ماتمی میں ٹوٹا ہے پہاڑ نجدیوں پر
غم میں ہیں خبیث قادیانی آفت میں مقلدین نیچر
افتاد پڑی بڑے غضب کی ندوہ کا نگل گیا کچومر
ہاں طبع حسنؔ سنا سن طبع چمکا ہے ضیاؔ سے حق انور (۱۳۲۵ھ)

ایضاً

از: جناب مولانا مولوی عبد الرحمن صاحب مجبیٰ متوطن پوکھریرا ضلع مظفر پور صانہ اللہ الغفور عن الفتن والشرور

سنی جس نے یہ نظم بولا وہ فوراً ضیاؔ پر ہوئی ختم شیریں مقالی
فصاحت بلاغت ٹپکتی ہے اس سے ہے حشو و زوائد سے بالکل یہ خالی
مضامین اس کے مسلسل ہیں ایسے کہ ہر سطر گویا ہے نظم لآلی

لکھا سن مجیٰ نے ازروئے دانش　　چھپی قابل مدح یہ نظم عالی ۱۳۲۵ھ

قطعۂ تاریخ

چکیدہ خامہ ناظم عالی خیال جناب مولوی حاجی عبد اللہ خاں صاحب وجد لکھنوی دوست پوری اکرمہ اللہ المتعال

ضیا نے مسدس لکھا ایسا نوری　　جسے دیکھ کر خیرہ ہو چشم اختر
فصاحت ہر اک لفظ سے ہے ہویدا　　ہے ہر شعر بحر بلاغت کا گوہر
عیاں کیا کرے وجدؔ اس کے محاسن　　ہوئے اس کے مداح نامی سخنور
دکھایا وہ جوہر تیغ حق کو　　اڑے اہل باطل کے سر جس سے یکسر
بتایا ہے حق وہدایت کا رستا　　مٹایا ہے داغ بطالت سراسر
کیا خوب ہی اہل طغیاں کو رسوا　　حقیقت ہوئی ان کی عالم میں اشہر
جدا کر دیا صاف باطل کو حق سے　　خدا اجر دے اس کو حد سے فزوں تر
ہوئی اس کی تاریخ کی جستجو جب　　تو دل نے کہا وجدؔ سے ہے یہ بہتر
لکھو عیسوی سن یہ چھپنے کا اس کے　　رشادت کے گردوں کا ہے شمس انور

(۱۹۰۸ء)

ایضاً تاریخ طبع

از شاعر شیریں بیان ناظم فصیح اللسان جناب شاہ محمد حسین صاحب رمزؔ رئیس جرہوا متعلق حاجی پور وقاہ اللہ عن الآفات والشرور۔

توضیح ملل کو ہم نے دیکھا　　جو بات لکھی ہے اس میں حق ہے
بد دین کے لیے ہے تیز خنجر　　ہر دشمن دین کا سینہ شق ہے

کیا لکھوں ہے کیسی اس کی حالت | اندوہ ہے درد ہے قلق ہے
صورت سے عیاں ہے بدحواسی | چہرے کو جو دیکھے توفیق ہے
کی بیخ کنی عدو دین کی | لطف حق کا ضیا احق ہے
بددین کے لیے یہ برق جاں سوز | مومن کے لیے ضیائے حق ہے
مضمون میں وہ شوخیاں غضب کی | گویا پھولی ہوئی شفق ہے
ہر شعر پہ کہکشاں ہے صدقے | جو صفحہ ہے نور کا طبق ہے
لکھ مصرع سال طبع یہ رمزؔ | وہ نورفشاں ورق ورق ہے

(۱۳۲۵ھ)

ایضاً

از: جناب مولانامولوی حکیم سید عبدالعزیز صاحب عاجز ساکن موضع بھوساہی ضلع مظفرپور لازال بالفرح والسرور۔

جب چھپی یہ نظم نادر دلکشا | جو حقیقت میں ہے اک بے مثل شے
جس نے دیکھا اس کو عاجزؔ سے کہا | یہ مسدس تو عدیم المثل ہے

(۱۳۲۵ھ)

تمت

[تحفہ حنفیہ، ربیع الاول ۱۳۲۶ھ ۲۹تا۴۴، ربیع الآخر ۱۳۲۶ھ ص ۱۷تا۳۲، جمادی الاولیٰ ۱۳۲۶ھ ص ۳۷تا۴۲]

ضیائے رشاد

ہائے کیسی آج یہ حالت ہماری ہوگئی
کیسے مست و بے خبر پی کر ہوئے غفلت کا جام

کیسے کیسے ۔۔۔ ہو رہے ہیں انقلاب
ہو تصور ہی سے جن کے فہم ودانش میں تلخ کام

کیا نہ مالا مال تھے جس ہم شوکت واقبال سے
کیا نہ ہم پر سایہ افگن رہتے رحمت غمام

کون سا تھا وہ حظ جس سے ہم نہ رہتے ہمکنار
کون سی نعمتیں جن سے نہ پائے تھے سہام

کوششوں میں اپنی ہوتے تھے ہمیشہ کامیاب
پہنچا کرتے ہدف تک آرزووں کے سہام

کون سا باقی رہا تھا جو نہ پایا تھا عروج
اڑتا تھا اقبال مندی کا پھریرا صبح وشام

دست بستہ سامنے ہر دم کھڑی رہتی ظفر
تھا وقار و مجد و عز دنیوی ادنیٰ غلام

نیک طینت پاک گوہر ہم سے بڑھ کر کون تھا
کیا نہ تھی ہر سو ہماری خوئے خوشی کی دھوم دھام

راست گوئی میں ہمیں ضرب المثل تھے آج تک
راست بازی بھی تھی ایسی جو ہے مشہور انام

بوے اخلاق حسن سے تھا دماغ اپنا ایسا
سیر گلزار خلوص وصدق میں رہتے مدام

خوش مزاجی خندہ پیشانی سے تھے مسرور ہم
لطف وحظ شیریں کلامی کا اٹھاتے مستدام

جملہ علم وفن میں رکھتے تھے مہارت صرف ہم
جملہ قوموں کے ہمیں تھے خاص استاد وامام

رہتے تھے ہم ہمت عالی شہ پر سوار
دست وقابو میں ہمارے رہتی تھی ان کی لگام

جس طرف موڑ دیا پہنچا وہ مثل باد تند
فتحیابی مقاصد جملہ ہوتی لاکلام

کیا نہ بجتا تھا زمانے میں ہمارے کبوس عدل
کیا نہ تھی بیدار مغزی کی ہماری دھوم دھام

بال کی کھال ایک دم کھینچتا تھا وہ فہم
زیر کی عالی خیالی کا تھا ہم پر اختتام

کیا نہ کرتی تھی شجاعت ہم پہ ہر دم فخر وناز
کیا نہ حاصل شان وشوکت کو تھا ہم سے احتشام

کی ترقی ہم نے جیسی اور جتنی جلد کی
کیا وہ مخفی ہے نہیں واقف ہیں اس سے خاص وعام

ہم سے بڑھ کر کون تھا دنیا میں عالی حوصلہ
دبدبہ وہ تھا کہ تھراتے تھے شاہان ظلام

جس سے جو کرتے تھے وعدہ پورا کر دیتے تھے ہم
چاہے جیسی پیش آتی ہم کو سختی وھرام

معدن جود و سخا کے گوہر یکتا تھے ہم
پورے کرتے سدا اہل حوائج کے مرام

بے نواؤں کی غرض کے پورا کرنے میں تھے چست
اپنی حاجت اور مطلب سے نہ رکھتے کچھ بھی کام

راہ مولیٰ میں لٹاتے جس قدر ہوتا تھا مال
واسطے کل کے نہ اپنے پاس رکھتے تھے۔۔

تھا ہمیں حاصل قناعت کی بدولت وہ غنا
بادشاہوں سے غنی تر ہوتے بے فکر حطام

تھے ہمیں حلم وتواضع میں ہر اک سے سربلند
جملہ گردن کش کیا کرتے تھے جھک جھک کر سلام

خوئے خوش میں وہ اثر تھا موم ہوتے سنگ دل
تھی ہمارے ہاتھ میں ہر یک سرکش کی زمام

تھی بھری ہم میں مروت اور غیرت اور حیا
کیوں نہ ہوتے چرخ فرسا سربلندی کے خمام

قدر وقتوں کی کیا کرتے تھے ہم اس طور پر
اک منٹ بے کار جانے کو سمجھتے تھے حرام

تھا اخوت اور ہمدردی کا ہم میں وہ اثر
گر کسی کو چھینک آتی ہم کو ہو جاتا زکام

کار دنیا کو بقدر رفع حاجت کرتے ہم
تھے امور شرع میں مشغول دل سے مستدام

ہر گھڑی رہتے مطیع حکم رب بے نیاز
کیا تھا ممکن اس سے ہو جاتی جدائی وفطام

طاعت محبوب خالق میں تھے ایسے مستعد
جان پر اپنی مقدم اس کو رکھتے مدام

پنج وقتہ ہم جماعت سے ادا کرتے نماز
روزے رکھتے کیا خوشی سے آتا جب ماہ صیام

چاہے ژالہ باری ہوتی خواہ چلتی باد تند
جاتے مسجد میں جماعت کا تھا ایسا التزام

سال پورا ہوتے ہی دیتے تھے مالوں کی زکاۃ
فرض حج کے ہوتے ہی جاتے تھے ہم بیت الحرام

زہد وتقوی میں نہ تھا ہم سے زیادہ کوئی بھی
تھا امانت اور دیانت کا ہمیں پر اختتام

محترز ہر دم تو مکروہات سے رہتے ہی تھے
مشتبہ چیزوں سے بھی بچنا ہمارا ہی تھا کام

ملت حقہ کے تھے پابند ہم ہر امر میں
لیتے جو ہوتا حلال اور چھوڑ دیتے تھے حرام

امر کو لاتے بجا اور اس کے آمر تھے سدا
نہی سے خود بچتے اور ناہی تھے بروجہ تام

بول بالا کرنے میں اسلام کے تھے ایسے چست
جس قدر ہو شرح اس کی ٹھہرے وہ بھی ناتمام

پالا اپنی گود میں اس کو بنایا نور عین
بد نظر آسیب سے اس کو بچاتے تھے مدام

گر کوئی ترچھی نظر سے دیکھتا فی الفور ہم
سیدھا کر دیتے اسے اور لیتے اس سے انتقام

ہم پہ یہ نازاں تھا اور ہم کو تھا اس پر فخر وناز
خوب محبوب و محب آپس میں رہتے شادکام

یہ وہی محبوب ہے جس کی ادا اک آن میں
چھین لینے میں دلوں کے کرتی ہے جادو کا کام

جس کو دیکھو بھرتا تھا دم اس کے عشق ومہر کا
روز وشب پڑھتا تھا اس کا کلمہ ہر اک خاص وعام

ہم پہ کچھ تو دم کیا تھا کیسے پھر اک دم میں ہم
حب کا اس کی دم نہ بھرتے دل سے ہوجاتے نہ رام

واہ کیا پائی ہے اس نے شکل خوب و دل فروز
ہو گیا اک آن ہی میں کیا محبوب انام

ساری دنیا کیسی اس پر والہ وشیدا ہوئی
کیسا بے خود ہو گیا پی کر ہر اک الفت کا جام

نور سے اپنے منور کر دیا سارا جہاں
آن واحد میں مٹایا شرک وبدعت کا خدام

کفر کی دنیا پہ ایسا چھا گیا تھا اس کا رعب
سخت تر کافر بھی کانپ اٹھتے مجردسن کے نام

ہفت کشور کا ہوا اک دم میں یہ فرماں روا
کر لیا تسلیم سب نے اپنا سلطان وامام

ہر کرومہ حلقۂ فرماں میں دل سے آگیا
سرکشوں نے بھی جھکائے اپنے سر بہر سلام

نذر کرنے کے لیے پھر لایا ہر اک نقد جان
اس نے بھی ان کو دیا کونین کا آرام تام

اس صلے کو پا کے فوراً ہو گئے سب باغ باغ
ہر طرف تھی مرحبا وآفریں کی دھوم دھام

سکہ حکم اس کا چلتا تھا تمام اطراف میں
جو ذرا بھی کرتا سرتابی وہ پاتا انتقام

کیا تھی اس کی شان وشوکت کیا تھا اس کا دبدبہ
کیا تھی اس کی قدر وعزت کیا تھا اس احتشام

ہے عیاں وآشکارا مثل مہر نیم روز
دیکھو تاریخیں کہ حاصل ہو تمہیں ایقان تام

خوب محکم خوب مضبوط اپنے دست دل میں تھی
عروہ وثقائی دیں جس کو نہیں ہے انفصام

تھے بدولت اس کی ہم حصن حصین امن میں
تھا یہ ناممکن پہنچتا کوئی آسیب سقام

اب وہی ہم ہیں مگر ہے خوب ظاہر جیسے ہیں
دیکھ لو آئینہ انصاف میں بروجہ تام

دین ودنیا کی بھلائی اتباع دیں میں ہے
ہے بلاشک راحت ہر دوجہاں کی یہ زمام

فوراً اس کے ہر باو حزن کی بیڑی پڑی
جس نے حد شرع سے باہر نکالے اپنے گام

اہل سنت کی جماعت سے ہو جو بکری جدا
پھاڑ کھاتا ہے اسے گرگ لعین ہوتے ہی شام

آج کل جو چاہ ذلت میں گرے ہے یہ سبب
چھوڑ دی حبل متیں دیں نہ رکھا اس سے کام

دولت شرع حبیب کبریا جب چھوڑ کر
مال دنیا کی طرف مائل ہوئے باجہد تام

یہ گئی اس کو نہ پایا ہائے یہ کیا ہو گیا
غور سے دیکھو تو ہے یہ کیسی حسرت کا مقام

رہتے جو ہم دین پر مستحکم وثابت قدم
مال دنیا کیا تھا دنیا خود ہی ہو جاتی غلام

حیف اک دین چھوڑ کر صدہا مصائب میں پھنسے
پیش آتی ہے مصیبت ۔۔۔۔۔ ہر گام

اٹھ گیا نیکی بدی کا ہم سے بالکل امتیاز
کر دیا ہے یہ رطب ویابس کا سراسر۔۔۔

ایسی ہم پر چھا گئی خواری نگہت کی گھٹا
مہر خوبی چھپ گیا نازل ہوئے کیسے ظلام

ہم سے رخصت ہو گئی وہ نعمت عزو وقار
شان وشوکت جاہ ورفعت کا ہوا اب اختتام

اب کہاں دہ رعب وصولت وہیبت دبدبہ
ہم کو باقی نہیں اب وہ تزک وہ احتشام

کیا حیاداری کا شکوہ کر سکیں ہم جب کہ خود
نخل غیرت کیا کیا ہاتھوں سے اپنے اصطلام

حرمت ومجد وسعادت حسن اخلاق وکرم
اس طرح سے گم ہوئے باقی نہیں ہے جس کا نام

ہم ہیں غافل بھائیوں پر ہے مصیبت ہم نے حیف
کر دیا ہے قصر ہمدردی کا کامل انہدام

واہ رے محرومی قسمت کہ ہم کو آج کل
کیسی کیسی نعمتوں سے ہو گیا حاصل فطام

قعر پستی و مذلت میں گرے ناگاہ ہم
چھوٹی ہم سے مرکب اقبال مندی کی زمام

دیکھتے ہیں صورت ناکامیابی ہر طرف
پیش آجاتا ہے ہم کو جب کبھی ادنیٰ سا کام

جانتے ہیں صحبت نیکاں میں اپنی عار و ننگ
فخر کرتے ہیں ملے جو ہم نشینی لیام

جان دیتے ہیں وقار و عزت دنیا پہ ہم
اس کے حاصل کرنے میں مشغول ہیں باجہد تام

اتفاقاً ذلتیں سہہ کر کچھ عزت ملی
سمجھے اب ہم سے نہیں بڑھ کر کوئی ذی احتشام

کذب گوئی حیلہ سازی فتنہ پردازی میں ہم
ایسی سبقت لے گئے جو آئے چکر میں قزام

خودسری و رخنہ اندازی کو سمجھے ہم ہنر
خوش ہیں اس سے ہے جو خوئے افترا و اتہام

سرکشی و گردن افرازی ہے رگ رگ میں بھری
مغز حلم و بردباری سے ہوئے خالی عظام

ترش روئی اور بدخلقی میں حد سے بڑھ گئے
بے فاوئی نقض پیماں میں ہوا مشہور نام

قول سے پھر جانا بائیں ہاتھ کا یہ کھیل ہے
مونڈنے میں بھولے بالوں کے بڑھائی مشق تام

بے حیائی وہ کہ افعال قبیح و ناروا
کھل کے کرتے ہیں نہ ہم مطلق خیال خاص و عام

پاس داری و خیال خلق کیوں ہونے لگا
جب نکالا دل سے ہم نے خوف خلاق انام

خودغرض ایسے کسی سے بات تک کرتے نہیں
ہو نہ جب تک ہم کو خاص اس سے کوئی دنیا کا کام

جب ۔۔۔ اسلام پر چنداں توجہ ہوا نہیں
امر دینی کی غرض کا کیوں زباں پر آئے نام

امر و نہی دیں بجالانے سے غافل ہو گئے
خاص فرضوں کے ادا کا بھی نہیں کچھ اہتمام

تھا جو اول امور اہم اسلام کا فرض اس کو ہم
چھوڑ بیٹھے ایسے چھائے ہم پہ غفلت کے ظلام

جب نمازوں ہی کو چھوڑا کیا جماعت سے غرض
مسجدیں آباد یا ویراں ہوں کیا ہے ان سے کام

ہو گئیں کتنی ہیں ویراں اور کتنی منہدم ہو گئے صد ہا پہ قابض اہل کے خصام
سیکڑوں میں ہوتی ہے اس طور کی بے حرمتی غیر بھی ہیں دیکھ کر جن کو نہایت مستہام
رکھتے ہیں اپنے گھر کو کیا ہم آراستہ خانۂ حق کی ہو یہ حالت ہے جائے اغتمام
یادر کھو جڑ ہے ہر نیکی کی خوف کردگار حب دنیا کو یقینا سمجھو اصل ہر عزام
خوف خالق جس قدر ہے ہم وہ مخفی نہیں حب دنیا بھی ہے جتنی جانتے ہیں خاص وعام
پھر بتاؤ نیکیوں سے کیوں نہ خالی ہاتھ ہوں کس طرح شر و بدی سے ہم کو حاصل ہو فطام
کیا سبب ہے ہم سے جو خوف خدا جاتا رہا کیوں کیا عیب و بدی میں ہم نے پیدا اپنا نام
ہے یہی باعث علوم دین سے غافل ہو گئے موڑدی اس کی طرف سے اس پہ رغبت کی لگام
اس زمانے میں کہ فتنہ ہر طرف سے ہے بپا چاہیے تھا خوب ہی چستی سے لینا ہم کو کام
عکس کامل اس کا ہم نے کر دکھایا بے دھڑک اس سے زائد دین پر کیا ہو گا جور وا قتحام
علم کے بے سیکھے ہوا۔۔۔ دین پر کیا خبر نام کو نیکی بدی میں رہ گیا بس فرق نام
ہائے ہم شر القرون کے اس اشر القرن میں چھوڑ بیٹھے اس کو جو تھا خیر و خوبی کا قوام
کس طرح اب جہل کا کامل اثر ہم پر نہ ہو کیوں نہ آئے اس کا مرأت خواطر پر قتام
دیکھو ادنی اثر اس کا پڑا کیسا یہ سخت چند ہی دن میں ہوا جاتا ہے دین کا اختتام
ضعف وتنہائی کی حالت میں اسے پا کر وحید ہر طرف سے حملہ آور ہو گئی فوج طغام
مان لیجئے وہ تھے دشمن رہتے ہر دم گھات میں دیکھ کر میدان کو خالی پل پڑے بہر خصام
خاص تم میں سے ہزاروں ہو گئے اس کے عدو اور ہوتے جاتے ہیں بے انتہا ہر صبح و شام
کس زماں میں تھا گروہ قادیانی کا وجود دیکھا کب تھا ندوہ گمراہ کا شر و غرام
کب کسی حدثی محدث کا تھا نام اہل حدیث اہل قرآں بنا کن اعدائے قرآن کا تھا کام

کب تھے یہ لچر نیچر سنیچر کے ڈھچر
کب وہابی تھا کوئی کب تھے ائمہ کے خصام

دیوبندی تھانوی گنگوہی و نانوتوی
ایں وآں بہماں فلاں کن کن طوائف کالون لام

تو تمہیں سے پوچھتے ہیں یہ بتاؤ تو ہمیں
کچھ دنوں پہلے سنے تھے تم نے یہ فرقے لیام

ہے ابھی کیا آگے چل کر دیکھنا ہوتا ہے کیا
کتنی ہی شاخوں پہ پائیں گے یہ فرقے انقسام

ہوتے ایسے وقت میں پڑھ لکھ کے جو ہم ہوشیار
شرح اطہر کو پہنچتی بالیقیں امداد تام

علم پر گمرہ کیا جس کو خدائے پاک نے
قتل کرنے کے لیے اس کے تھی بس علمی حسام

ہو نہ جب تک پاس اپنے شمع علم دین حق
کیسے زائل ہوں جہولوں کی جہالت کے ظلام

ہے اسی پر دین کے ہر کام کا دارومدار
اور دنیا کے بھی کاموں کا اسی سے انصرام

مرحبا جس شخص نے اس علم کو حاصل کیا
پا گیا وہ جانشینی رسولان کرام

ہیں بہت اوصاف علمی گر کردن تفصیل کچھ
دور مطلب سے پڑوں اور طول پکڑے یہ کلام

علم دینی کی ترقی عین دیں کا ہے عروج
اور وہ دو شخصوں سے پاتا ہے علو واحتشام

پہلا عالم دین حق کا دوسرا اہل دول
ان کی جو حالت ہے اس کو جانتے ہیں خاص وعام

جب ہوئے احکام شرعیہ سے بے پرواخواص
کس طرح سنبھلے بتاؤ حالت دین عوام

نصرت دیں پر اگر کامل توجہ یہ کریں
دیکھ لیں پھر کیسا پاتا ہے وقار واحترام

آج وہ اگلا سماں پیش نظر آجائے گا
ہو گی اطراف جہاں میں دین حق کی دھوم دھام

حیف کیسی خواب غفلت میں پڑے ہیں اہل زر
کہتی ہے حالت نہ جاگیں گے وہ تا روز قیام

جانب نعمائے عقبیٰ ان کا رخ ہوتا نہیں
منہمک لذات دنیا میں وہ رہتے ہیں مدام

ایک حبہ خرچ کرنا دن کے کاموں میں شاق
کرتے ہیں دنیا پہ قرباں جس قدر پاتے ہیں دام

کارہائے بد میں جتنا زر اٹھے سب ہے حلال
نیکیوں میں صرف کو گویا سمجھتے ہیں حرام

نام دنیا کے لیے ہیں ہر طرح کی کوششیں
شرع کی نام آوری سے کچھ نہیں ہے ان کو کام

خاص میلان دل ہے آج کل کی وضع پر
ہوتے ہیں تحصیل میں اس کی بہت کچھ اہتمام

بس اسی پر ہو گیا تہذیب کا دارومدار
جو کنارہ کش ہے اس سے ہے وہ مثل دود دام

بات کرنے کا سلیقہ بیٹھنے اٹھنے کا ڈھنگ
سمجھا جاتا ہے ہر اک خوبی کا اس پر انصرام

اس کے حاصل کرنے میں جتنی ترقی جس نے کی
اتنا ہی اس کا بڑھا اعزاز و جاہ و احتشام

ہو نہ جب تک کرتی ان کی ہو نہیں سکتی نشست
میز پر جب تک نہ ہو کھا نہیں سکتے طعام

اس طرح سے بھا گئی ہے ان کو یہ وضع جدید
رکھتے اپنے باپ داد کی روش پر ہیں وہ نام

دین داروں پر اڑاتے ہیں بہت کچھ پھبتیاں
ہے غضب تو یہ کہ مذہب کو کرتے ہیں سلام

بال بچوں کو بھی اس کی کرتے ہیں تعلیم وہ
جیسے ہی ہوش ان کو آیا پڑ گیا بس اس سے کام

شغل اس کا ان کو جب ایام طفلی سے رہا
اور کاٹی صحبت اغیار میں جب صبح و شام

آپ ہی کے سر ہے اب انصاف کہئے ٹھیک ٹھاک
کیا وہ سمجھیں گے کہ ہے ایمان و دیں کس شی کا نام

گر لگانا ہی تھا اس رہ پر تو یہ تھا پر ضرور
پہلے پڑھواتے انہیں فقہ ضروری و کلام

توبہ توبہ پھر نہ کہنا بھولے سے بھی ایسی بات
ہے توجہ آج کل دین کی طرف سودائے خام

آہ کچھ تو ہوتے بہرہ یاب و نیک اطوار وہ
گر میسر ان کو ہوتی ہم نشینی کرام

صحبت نیکاں ہے کیا شے خود ہیں نیکوں سے نفور
پھیر لیں یہ اپنا منہ گر وہ کریں ان کو سلام

ہائے یہ کیسی بنا شر و بدی کی ڈال دی
پشتہا پشت ان کی پستی سے قوی پشت ظلام

کس طرح بے بہرہ ان کو مذہب حق سے کیا
کیا جواب اس کا خدا کو دو گے تم روز قیام

زینت دورزہ کیسی آگئی دل کو پسند
فکر جاہ و عزت دنیا میں رہتے ہیں مدام

کرتے جاری مدرسے پڑھواتے ان میں علم دین
عالموں اور فاضلوں کا کرتے اعزاز احترام

خدمت طلاب بھی کرتے تو پھر کیا پوچھنے ۔۔۔ سیکڑوں فاضل نکلتے ہوتا دین کا فیض عام

الغرض دین کی ترقی عالموں کے دم سے ہے ۔۔۔ عالمان دیں کی کثرت مال پر ہے لاکلام

حال اہل زر ہویدا ہے کروں اظہار کیا ۔۔۔ اے خدا دے غیب سے دین کو ترقی مستدام

ہے اگر کچھ بھی توجہ تنگ دستوں ہی کو ہے ۔۔۔ کچھ نہ کچھ پابندی دین کرتے رہتے ہیں مدام

چاہتے تحصیل علمی بھی ہیں لیکن کیا کریں ۔۔۔ رہتا ہے افکار گوناگوں کا ان پر ازدحام

اس پہ بھی کوئی نہ کوئی کلفتوں کو جھیل کر ۔۔۔ پا ہی جاتا ہے علوم دین کا عز واحترام

اغنیا پر ہم کو کیا اسلام کو افسوس ہے ۔۔۔ زر پہ پھولے دیں کو بھولے وہ پیا غفلت کا جام

ہاں خوشی سے ایسے کاموں میں کریں گے صرف زر ۔۔۔ کرتی ہو جن کی اعانت نخل دیں کا احترام

جس طرح سے نیچروں کے مدرسوں کی ہے مدد ۔۔۔ یا کہ عون ندوہ ناحق شناس وپر غرام

کرلو ان پر اس طرح کی اور باتوں کا قیاس ۔۔۔ کیا لکھوں زائد نہیں ہے حاجت طول کلام

کیا یہی منشائے فہم وعقل ہے اے اہل ہوش ۔۔۔ کیا اسی کا الفت اسلامی ودینی ہے نام

کیا یہی ہے مقتضا ہمدردی اسلام کا ۔۔۔ رکھو ان سے حب جو اس کا چاہتے ہیں انصلام

صحبتوں کو ان کی سمجھو حد سے زائد مغتنم ۔۔۔ ہم نوالہ ہم پیالہ ان سے ہو ہر صبح وشام

ارتباط واختلاط ان سے رکھو مثل عزیز ۔۔۔ اور کرو مثل بزرگاں ان کا عز واحترام

ہیں جو سچے مونس ویار ورفیق اسلام کے ۔۔۔ بھاگتے پھرتے ہو ان سے ہر گھڑی مثل خصام

دوستی کا ذکر کیا رکھتے ہو ان سے دشمنی ۔۔۔ چاہتے رہتے ہو ہر دم ان سے دوری وفطام

ان کے ارشادات کو ایسا سمجھتے ہو خلاف ۔۔۔ وہ کہیں گے جس کو املی تم اسے سمجھو گے آم

ایسی ہی تم کو ہدایت کیا تمہارے دیں نے کی ۔۔۔ حب للہ بغض للہ کو سمجھتے ہو حرام

ایسے ہی فعلوں سے نازل ہو رہا ہے قہر حق ۔۔۔ رہتا ہے صدہا طرح کے رنج وغم کا ازدحام

قحط وطاعون کی بلائے جاں گزا پیچھے لگی
ہو تنبہ کیسے جب طاری ہو بے ہوشی تام

کچھ دنوں میں دیکھ لینا اپنی آنکھوں سے یہ حال
محو ہو جائے گا ایسے کاموں سے مذہب کا نام

دیکھتے ہو بوستان دیں میں جو کچھ تازگی
بالیقیں دو چار ہی ذاتوں سے ہے اس کا قیام

تازگی کیا چیز تھی واللہ مٹ جاتا نشاں
جو نہ ہوتے یہ ہمارے پیشوا یا فخام

کر دیا ہے حفظ دیں میں وقف اپنے آپ کو
ہیں بلا شبہہ یہ اصحاب شریعت کے امام

کیی کیسی کوششیں اس کے مٹانے میں ہوئیں
اور کیسے حملے اس پر ہو رہے ہیں صبح وشام

سیکڑوں اعدا ہیں اور گنتی کے دو اک جاں نثار
ایسی حالت میں اعانت ہے انہیں کا خاص کام

کب کے اپنے عزم میں ہو جاتے اعدا کامیاب
گر یہ شیر ان خدا ان کی نہ کرتے روک تھا

لطف جاں بازی اٹھاتے ہیں وہ ایسے وقت میں
رحمت ولطف خدا شامل رہے ان کے مدام

اس کے بعد چند صفحات قاضی عبد الوحید فردوسی منتظم تحفہ کے وصال اور تاریخ وصال کے حوالے سے ہیں جو ہم نے قاضی صاحب کے وصال کے ضمن میں درج کر دئے ہیں اس کے علاوہ دو صفحات درج ذیل ہیں:

آہ کیسے کیسے ناصر دین کے اس میں اٹھے
جو رہا کرتے تھے احیائے سنن میں بالدوام

ہو نہیں سکتا ہویدا حال اہل دین حق
کون سی وہ چشم دل تھی تھا نہ جس سے انسجام

قلب عالم بن گیا اس صدمے سے ماتم کدہ
آئی سکتے میں زمیں گردش میں چرخ نیلہ فام

فرط رقت سے ہوئی چشم حجر تک اشک بار
نالۂ وگریہ میں آیا ہر در و دیوار و بام

کیوں ہوا جاتا ہے خالی ایسے لوگوں سے جہاں
کیوں مٹا جاتا ہے لوح دہر سے نیکی کا نام

یہ وہ عقدہ ہے کہ جس کشف ممکن ہی نہیں
کیا سمجھ سکتا ہے کوئی حکمت رب انام

صرف اتنا جانتے ہیں دیکھ کر یہ انقلاب
ہم کو سرگرمی سے دیتے ہیں قیامت کا پیام

کرتے ہیں بیدار ہم کو خواب غفلت سے مگر
چونکتے ہی ہم نہیں ہے کیسی حسرت کا مقام

کون سنتا ہے ضیاؔ اندرز دینی آج کل
کام کرتی ہے کہیں اپنا حجر پر بھی سطام

کیا غرض اس سے تمہیں تم کام کو اپنے کرو
جس کو چاہے دے ہدایت یا نہ دے رب انام

ہے یہ وقت امتحاں ہشیار ہو اے دوستو
حق پہ جو قائم رہا ہے بس وہی مرد تمام

راہ دین حق سے بھکے گا ذرا بھی جو کوئی
یادر کھو پائے گا وہ اس کی پاداش واثام

اعسر الافعال عون الدین فی ھٰذا الزمان
قول سلطان الوریٰ ھٰذا علی طرف الثمام

انصر والدین المتین فی الصباح والمسا
ایھا الخلان نیلوا الفوز من رب الانام

لیس للانسان الا ماسعی قال الکریم
فاستعدوا الاجتماع عندہ یوم القیام

انما الاعمال بالنیات جاء فی الحدیث
طہروا الاعمال من رجس الریاء والحرام

نورا اروا حکم یا مظلمی ظلم الھویٰ
بالصلاۃ فی ظلام اللیل والناس نیام

شر و فتنہ کی ہوا ایسی چلی اس دور میں
صاف اڑا کر لے گئی ہر نیکی و خیر و قسام

ہے جو انساں راستی پر اتفاقا آج کل
رنگ دوراں اس سے چھڑواتا ہے بازور تمام

ہے یہی تاکید اس کی چھوڑ دو خوبی و خیر
جو نہ ہو اس رنگ میں جھیلے گا تکلیف تمام

فہم و دانش ہے غریق بحر حیرت سربسر
حال دنیا دیکھ کر عشاق دین زر دفام

اے ضیاؔ نیرنگی دوراں سمجھ سے ہے ورا
طول اس قطعہ نے کھینچا اب کرو قطع کلام

لیکن آخر میں تو کر لو اپنے رب سے کچھ دعا
پائے گی فضل اجابت ہے یہ وقت لطف تام

ہے وہ قادر سب پہ غالب جس طرح چاہے کرے
بدلے ظلمت نور سے اور نور کو کر دے ظلام

روز روشن کو شب یلدا کرے اک آن میں
شام میں دے نور صبح اور صبح کو کر دے وہ شام

ہے ید قدرت میں اس کے اسپ دوراں کی عنان
پھیر دے جس سمت چاہے ہے کسے جائے کلام

زیر کو کر دے زبر اور پست کو کر دے بلند
الغرض ہے قادر مطلق وہ خلاق انام

اے تمام اشیا پہ قادر ایسی قوت دیں کو دے
دل سے جس کے حسن کا کلمہ پڑھے ہر خاص وعام

اس کے زیر حکم ہو جائیں تمام اہل جہاں
ہو درخت اختلاف و دشمنی کا انہدام

حالت ارباب ایماں ہو مبدل اس طرح
دیکھ لیں اس دور میں خیر القروں کا احتشام

ملت حقہ پہ ہم کو استقامت ہو نصیب
ذکر سے تیرے نہ اک لحظہ بھی حاصل ہو فطام

مکر واغوائے شیاطیں سے رہیں محفوظ ہم
تیری مرضی کے موافق ہوں ہمیشہ ہم سے کام

جائیں اس دار فنا سے نور ایماں لے کے ہم
تاکہ ہو معدوم اس سے دار وحشت کا ظلام

روز محشر ہر مصیبت سے ملے ہم کو نجات
باغ جنت ہو ہمارا مسکن و دار القیام

کر دعا مقبول اے مولیٰ طفیل مصطفی
اس پہ دائم اور بکثرت ہوں تحیات وسلام

[تحفۂ حنفیہ: محرم ۱۳۲۷ھ ص۲۶ تا ۴۲]

رسائل وغیرہ کے حوالے سے تاریخی قطعات

ماہنامہ تحفہ حنفیہ میں آپ کے لکھے ہوئے بہت سے تاریخی قطعات بھی ہیں۔جو آپ نے رسائل کی طباعت واشاعت اوردیگر مواقع پر تحریر فرمائے۔کتاب کے مختلف مواقع پر محل کی مناسبت سے کچھ درج ہوگئے ہیں باقی پیش ہیں۔ملاحظہ ہو:

قطعۂ تاریخ بررسالہ ’’اجتناب العمال عن فتاوی الجہال‘‘

طاعون کے حوالے سے حجۃ الاسلام علامہ حامدرضاخاں بریلوی قدس سرہ کے معرکۃ الآرا رسالہ کے حوالے سے مولاناضیاء الدین مدیرتحفہ نے درج ذیل تاریخی اشعاررقم فرمائے۔

کہاں ہے وہ نجدی فرخندہ خو — کہ امسال جاگے ہیں جس کے نصیب
بچھایا تھا عرصے سے دام فریب — کہ لوگوں کو پھانسے بناکر حبیب
دوورقی رسالہ بھی اک لکھ دیا — جہالات اس میں بھرے وہ عجیب
کہ اطفال سن کرہنسیں اورکہیں — اسی مادے پر بنا ہے ادیب
انہوں نے کیااس رسالہ کارد — جو بیماری جہل کے ہیں طبیب
کھلی سب حقیقت ہوارازفاش — جسے شک ہو دیکھے جواب مجیب
وہ ایساچھپاصاف اوربے نظیر — ہیں تعریف کرتے فہیم ولبیب
ضیاؔ کو ہوئی فکر تاریخ کی — خرد نے کہاسن لے میرے حبیب
تجھے فکرکیوں ہے یہ مشہور ہے — لکھاہے یہ اچھاجواب غریب،۱۳۲۰ھ

[تحفۂ حنفیہ:رجب ۱۳۲۰ھ ص۱۸،۱۷]

قطعۂ تاریخ طبع رسالہ "چہک بلبل نادان معروف بہ حدیث وہابیان" مرتبہ مولانا عبدالرحمن محبیؔ پوکھریروی"

پوکھریروی فاضل ذی علم اور عاقل — تائید دیں میں کامل سنت ہے وہ شیدا
بدمذہبوں پہ اس کا بیٹھا ہے رعب کیسا — سائے سے اس کے بھاگے شاگرد دہلوی کا
جتنے تھے اہل بدعت مخمور جام جدت — اللہ رے اس کی جرأت سب کا نشہ اتارا
ان رہزنان دین کے ملت پہ سخت حملے — اس مرد باخدا نے روکے ہیں خاص تنہا
لکھا ہے یہ رسالہ کیسا نفیس واعلیٰ — انصاف سے ہوں کہتا ہے چشم دیں کا تارا
وہابیوں کا کھولا احوال اس میں پورا — رازدروں کے ان کا تسمہ لگا نہ رکھا
احباب بے ریا نے پوچھا جو مجھ گدا سے — چھپنے کا سال اس کے میں نے کہا کہ اچھا
جو لطف اس کا چاہے "تاریخ نجدیاں" سے — حاسد کا سر اڑا دے سال طبع ہے پیدا

۱۲۳۱ھ

یہ التجا ضیاؔ کی تجھ سے ہے یاالٰہی — ہوں دشمنان دینی خوار و ذلیل ورسوا

[تحفۂ حنفیہ: ربیع الآخر ۱۳۲۱ھ ص ۵۰]

قطعۂ تاریخ بر رسالہ "خزانۂ کرامت"

جناب لعل خاں صاحب کے تصوف کے فوائد و نکات پر مشتمل رسالہ "خزانۂ کرامت" پر درج ذیل تاریخی قطعات تحریر فرمائے۔

ضیائے حزیں نے جو دیکھا رسالہ — تو پایا اسے بوستان حقیقت
بھرے اس کے ہر گل میں ہے بوئے معنی — ہر اک غنچہ ہے قبۂ نور ملت

روش اس کی ہر اک ہے راہ سعادت — چلے جو کوئی اس پہ پائے ہدایت

جو چاہا لکھوں سال تدویں کو اس کے — تو چرخ چہارم نے دی یہ بشارت

کہو گر ”شموس الافاضہ“ بجا ہے ۱۳۲۴ ھ — کہ ہر ایک مضموں ہے شمس افاضت

اسی طور گر ”شمس سرج طریقت“ ۱۳۲۴ھ — لکھو ہے بجا و مناسب نہایت

کہ وہ ہے کل رسالہ پُر از نور عرفاں — تو پھر اس کے کہنے میں کیا ہے قباحت

حقیقت میں تصویر نور حقیقت — مؤلف نے کھینچی ہے باشان و شوکت

بیابد ز حق اجر بے حد و غایت — پذیرا کند سعی اورب عزت

ولہ تاریخ طبع

لکھا لعل خاں نے یہ نادر رسالہ — خدا ان کو دارین میں دے اَیادی

رقم اس میں ایسے کئے ہیں فوائد — کہ سالک کو راہ طریقت دکھا دی

کئے حل وآساں رموز طریقت — حقیقت میں نہر افاضت بہا دی

یہ لاریب کافی ہے مقصد کو اس کے — جو ہے علم عرفان باری کا بادی

ہوا جب خیال اس کے چھپنے کا سَن کا — تو ہاتف نے فوراً ضیا کو ندا دی

کہ جائے تفکر نہیں سُن یہ مجھ سے — طریق حقیقت کا بے شک ہے ہادی ۱۳۲۵ھ

ایضا تاریخ طبع از ضیاے مذکور عفا عنہ الغفور

چہ گفتہ شود وصف و مدح رسالہ — ندیدش ندید ند اہل بصیرت

رساند بمطلوب ہر طالبے را — نماید بسالک صراط حقیقت

کند رہبری سوئے عرفان باری — تو گوئی ہمیں ست پیر طریقت

بگفتا ضیاؔ سال طبعش چہ نیکو　　بود قرت عین اہل ولایت ۱۳۲۱ھ

[تحفۂ حنفیہ:، جمادی الاولیٰ ۱۳۲۵ھ ص ۲۸، ۲۷]

قطعۂ دعائیہ بر سنۂ ولادت فرزندار جمند

جناب مولانا محمد عمر الدین ہزاروی

فضل رسول فضل رسول کریم سے　　یارب سعید وواقف علم جمیل ہو

پائے وہ عمر خضر فتن سے رہے مصون　　اس پر خدا کی ہر گھڑی لطف جزیل ہو

اطوار ناپسند سے کوسوں رہے وہ دور　　آزار جہل سے نہ ہو ہر گز علیل ہو

مشکل جو پیش آئے وہ آسان اس پہ ہو　　زنہار کوئی کام نہ اس پر وبیل ہو

کان سخاو بحر کرم حق اسے کرے　　حلم وحیاو خلق میں بھی بے مثیل ہو

علامۂ زمانہ وہ ہر علم وفن میں ہو　　راہ ہدی وجادہ حق کا دلیل ہو

آسان وحل ہوں اس سے غوامض علوم کے　　بڑھ کر جہاں میں سب سے فہیم وعقیل ہو

فیض کثیر سے وہ زمانے کو پر کرے　　شادات اس سے ملت حق کا نخیل ہو

شرع نبی کا حامی وناصر رہے مدام　　رب جہاں ہر امر میں اس کا کفیل ہو

اہل سنن کا راہبر وپیشوا رہے　　ہر اہل فتنہ اس سے ہمیشہ ذلیل ہو

اعدائے دیں کا دل میں رے اس کے بغض وکیں　　ابرار واصفیا کا حبیب وخلیل ہو

بدعات وشرک وکفر مٹائے جہان سے　　گمراہی وشرور فتن کا مزیل ہو

سال تولد از روئے ابجد یہ ہے ضیاؔ　　اقبال مند صاحب فضل جلیل ہو

(۱۳۲۴ھ)

[تحفۂ حنفیہ:، صفر ۱۳۲۵ھ صفحہ اخیرہ]

تقریظات وتصدیقات

ماہنامہ تحفہ حنفیہ میں شائع ہوئے کئی اہم فتاوی پر آپ کی تصدیقات بھی ملتی ہیں۔ ہم یہاں پیش کرتے ہیں۔

تصدیق رسالہ ”اجتناب العمال عن فتاوی الجہال“

طاعون وغیرہ وباؤں کے وقت دعائے قنوت پڑھنے سے متعلق حضور حجۃ الاسلام قدس سرہ کا ایک تفصیلی فتوی جو ماہنامہ تحفۂ حنفیہ کے شمارے بابت رجب اور رمضان ۱۳۲۰ھ میں بشکل رسالہ شائع ہوا۔ اس پر مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ کی تصدیق ملاحظہ ہو:

”حمد بیکراں اس باغبان گلزار کائنات کو سزاوار جس نے اشجار گوناگوں اثمار بوقلموں کو استار مسطورہ سے نکال کر اظہار فرمایا اور تماشا اپنی نیرنگی قدرت وبے رنگی وبے چونی خالقیت کا دکھایا۔ اور ہزاراں ہزار گلہائے شکر اس صانع حقیقی کی ذات مستجمع جمیع صفات پر نثار کہ ضعیف البنیان کو خلعت ”ولقد کرمنا بنی آدم“ پہنایا اور تمام مخلوقات سے معظم بنایا۔ اور نفحات درود نامعدود اس سید المرسلین خاتم النبیین کے نذر جو پیدائش گلستان عالم کا باعث بنا ور سرتاج بنی آدم ٹھہرا۔ اسرار مکنون پروردگار کا رازدار، امور ماکان ومایکون پر خبر دار، خزانۂ ارزاق تحت اختیار بلکہ کل اشیا کا مختار، مالک حوض کوثر، شافع یوم محشر، غرض وہ ایسا بشر کہ بشر اس کی درک کہنہ ماہیت میں ششدر۔ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔

فصلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ المکرمین وصحبہ المعظمین وعلیٰ من تبعھم باحسان من الایمۃ المجتہدین الباذلین وسعھم فی استنباط الاحکام من الآیۃ۔

وسنة سید المرسلین سیاعلی امام الائمة سراج الامة الامام الاعظم والھمام الاقدم الافخم ابی حنیفة سید التابعین۔

امابعد: خامۂ دلفگارونالہ کناں صفحۂ قرطاس پر اشک خونی ریزاں کہ اسلام کی شگفتہ کلی مرجھاگئی پژمردگی چھاگئی۔ بادسموم لامذہبی اپناپورااثردکھاگئی۔ آتش بددینی دینداری کی سرسبز وشادابی کوجلاگئی۔ اب اسلام برائے نام باقی۔ فرق باطلہ نے بیخ کنی شریعت کی ٹھانی کوئی اس کے بھیس میں دنیاکماتا، رہاسہانام مٹاتا، کوئی دام جہل مرکب میں پھنسا، اس سے ہاتھ دھویا، کسی پر خباثت باطنی خواہش نفسانی غالب آئی، اپنی نشست علاحدہ بنائی، کسی نے صلحاوابرارخاصان کردگاربلکہ اخص الخواص محبوب پروردگار شفیع روزشمارسے دشمنی پیداکی، اپنی عاقبت بگاڑی، سنت کی توہین کودین وآئین قراردیا، جماعت اہل سنت سے بغض پیداکیا، جہالت وبددینی کابھوت سرپرچڑھا، ہمائے عقل سلیم نے پروازکیا، نورایمان نے جواب دیالباس اسلام اتارپھینکا، شتربے مہارکی طرح جوجی میں آیاکیا، آزادانہ جوچاہابکا، خذلھم اللہ تعالیٰ فی الدنیاوالآخرۃ، چناں چہ دمنی صاحب کوازسرنوجوش پیداہوا۔

(ا) باسی کڑھی میں ابال آیا، چھ ورقی رسالہ مسمیٰ بہ ''ضروری سوال'' لکھ مارا، اچھاخاصابھانمتی کاتھیلا، ہرورق میں ایک نیاتماشا، کسی ورق میں قنوت طاعون کی ممانعت کسی میں اس کے پڑھنے کی اجازت، کسی میں محبوبان الٰہی علمائے ربانی کی شان عالی میں گستاخی، کسی میں اپنی وہابیت کھولی سابق کی توبہ توڑی، کسی میں عوام کوفریب دیا، چالاکی سے کام لیا، رسالہ لکھاگیا، گویامجموعہ جہالات گلدستہ مزخرفات بنایا، ان لوگوں نے اپنی قوت بھرشمع اسلام کے گل کردینے میں کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا، اگرشہسواران سنت، نگہبانان بوستان شریعت کی چندمتبرک صورتیں نظرنہ پڑتیں تونہ معلوم دشمنان دین متین

کی کس قدر ہمتیں بڑھتیں ، آخر ایک شیر بیشۂ شریعت، عالم اہل سنت ماحی بدعت اٹھ کھڑا ہوا، جملہ روباہ بازیوں کو آن کی آن میں نیست ونابود کر دیا۔ حالات اندورنی وبیرونی کو آشکارا کیا، یعنی ”ضروری سوال“ کا جواب لاجواب، سراپا صدق وصواب مسمیٰ باسم تاریخی ”اجتناب العمال عن فتاوی الجہال“ اس خوبی سے تحریر فرمایا کہ مخالفین نے بھی نعرہ مرحبا بلند کیا۔ حسن لیاقت کی کامل داد دی۔ تحقیق انیق کی بہت کچھ تعریف کی۔ اے قادر توانا حضرت مجیب لبیب مولانا مولوی محمد حامد رضا خاں صاحب کو دارین میں جزائے خیر عنایت فرما، جنھوں نے حمایت شریعت اعانت اہل سنت وجماعت فرما کے بہت سے سنیوں کو ورطۂ گمراہی سے نکالا۔“

(۱) دو مرتبہ علمائے اہل سنت کثرھم اللہ سوادھم، نے اچھی طرح سے خبر لی لیکن ملا صاحب نے اپنی پرانی روش نہ چھوڑی۔ اول سنت کے سچے حامی فاضی وگرامی مولوی نذیر احمد خاں مرحوم احمد آبادی نے دوسرے عالم اہل سنت ماحی بدعت فاضل جلیل مولانا مولوی عبید اللہ مغفور مقیم بمبئی نے اب تیسری مرتبہ یہ اذیت آئی، شاید اب ھی سنبھل جائیں ۔ بے جا کاروائیوں سے باز آئیں ، ورنہ کسی شہسوار عرصہ سنت کو پھر تکلیف کرنا ہوگی۔

ابو المساکین محمد ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین بحرمۃ طہ ویس۔“

[رجب ۱۳۲۰ھ ص ۱۸،۱۷]

فاسق کے پیچھے نماز سے متعلق فتوی پر تائیدی تحریر

زنا سے مطعون شخص کی امامت سے متعلق مفتی نجم الدین حنفی مدرس مدرسہ اہل سنت محلہ بخشی پٹنہ، کے فتوی پر مولانا ضیاء الدین مدیر تحفہ نے درج ذیل تفصیلی تصدیق تحریر فرمائی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ نحمدہ ونصلی علیہ حبیبہ الرؤف الکریم

پیارے مسلمانو! سنی بھائیو! ذار سوچو انصاف کرو کہ نماز دین کا کیسا ذی عظمت رکن اعظم ہے۔ کلام مجید واحادیث شریف میں اس کے ادا کی کیسی تاکید اکید۔ اس کے ترک میں کیسی وعید شدید ہے۔ یہی افضل العبادات یہی محافظ افعال منکرات وممنوعات۔ یہی نعمای اخروی کے ملنے کے وسیلہ۔ یہی آتش جہنم سے بچنے کا ذریعہ یہی رحمت ارحم الراحمین کے دروازے کی کنجی۔ اسی سے تصفیہ ظاہری وباطنی بے بسی وبے کسی کی حالت میں کام آنے والی غم واندوہ سے چھڑانے والی۔ سید عالم فخر بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور حضور پرنور اس سے کمال درجے کی رغبت والفت اسی نماز کی حالت میں پائے مبارک ورم کر آتے۔ مگر کچھ خیال نہ فرماتے۔ صحابہ کرام اولیائے عظام دیگر خاصان قادر علام بزرگان ذوی الاحترام کی محبوب جانی، ان کی غذائے روحانی اکثر اوقات نماز ہی میں استغراق رہتا اس سے فراق کسی طرح گوارا نہ ہوتا ۔

از من جدا مشو کہ توام نور دیدہ
آرام جان ومونس قلب رمیدہ
از دامن تو دست ندارند عاشقان
پیراہن صبوری ایشان دریدہ

وہی خاصان الٰہی جس وقت نماز کو کھڑے ہوتے اور دربار الٰہی میں حاضری دیتے تو ماسوی اللہ کی مطلق خبر رکھتے۔

بسود اے جانان زجان ز مشتغل
بذکر حبیب از جہان مشتغل

وہی پیشوایان دین، ان تعبد اللہ کاتک تراہ، کے مصداق تھے۔ ہم لوگ،

فان لم تکن تراہ فانہ یراك ، کا بھی لحاظ نہیں رکھتے۔ وأمراهلك بالصلوۃ، تو کجا۔ یہاں خود ادا کرنا دشوار پڑا۔ کیا کہیں ہمارا حال قابل ملال یہ ہے ۔

شب چو عقد نماز بر بندم
چہ خورد بامداد فرزندم

خیال کرنا چاہئے کہ ہماری یہ کیسی نماز ہے۔ کیسی فرماں برداری رب بے نیاز ہے۔ افسوس کہ نفس العین کے اتباع میں پھنسے۔ آخرت کو بھولے سلف صالحین کی نمازوں کا چربہ تک نہیں اتار سکتے ۔

زباں درذکر و دل در فکر خانہ
چہ حاصل زیں نماز پنجگانہ
بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر
ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جس امر میں نفسانیت غالب آئی اس امر میں باریک بینی کی سوجھی اگر وہ بات دنیوی ہوئی کچہریوں میں جاکر فریاد کی۔ مقدمہ بازی کی ٹھہرائی اور اگر دینی ہوئی تو علما کی خدمتوں میں بطور استفتا پیش کی۔ کیا اسی کا نام خلوص فی الدین یہی مقتضائے شرع متین ہے۔ اسلامی ہمدردی فی زماننا مفقود۔ مثل ہمانیست ونابود ہوئی۔ دینی وقعت دلوں سے نکلی۔ احکام شرعی سے بے خبری ہوئی۔ خواہش نفسانی میں چستی۔ امور دینی میں سستی۔ پابندی جماعت کا خیال چھوڑا۔ مساجد کو ویران کردیا۔ افسوس وہ جوش وخروش کہاں گیا۔ کس زاویہ گمنامی میں گم ہوا کہ یہ دین متین ایسا پیارا تھا کہ جس

نے اس کی طرف نظر حقارت سے دیکھا اس کی بصارت تحقیر کا ازالہ ہو گیا۔ جس نے اس میں ذرا بھی تراش خراش کی اس کی پھر خیریت نہ رہی، جس نے ایجاد کا ارادہ کیا اس کا حال دگرگوں ہو گیا۔ یہ ہماری بے پروائی و بے توجہی کا نتیجہ ہے جو آج بدمذہبوں نے اس قدر سر اٹھایا ہے۔

خدارا! اب بھی بیدار ہو، حالت سنبھالو سلف صالحین کے طریقے کو اختیار کرو پھر اپنے بدر ترقی وسعادت کو دیکھنا کہ دنیا بھر کو منور کئے دیتا ہے یا نہیں؟ اس بے پروائی کی بھی کوئی حد ہے کہ بہت سے حضرات نماز کے فرائض وواجبات وسنن تک جن کا جاننا فرض ہے نہیں جانتے اور جو جانتے ہیں وہ ان کو اچھی طرح ادا نہیں کرتے جھٹ پٹ الٹا سیدھا وضو کر کے اتفاق سے اگر مسجد چلے گیے تو فوراً جماعت تیار ہونے پر امام کے پیچھے پڑھ لی ورنہ جیسے تیسے علاحدہ پڑھ کر چلتے ہوئے۔ جب ایسی نعمت عظمیٰ کی اس درجہ بے قدری کی جائے تو امام کی حالت بخیال ہمدردی دینی کون دریافت کرے۔ خواہ وہ بدکار ہو یا دیندار، چاہے اس کی روش بالکل خلاف شریعت ہو یا وہ سراپا متبع سنت ہو۔ خواہ سنی ہو یا وہابی وندوی۔ چاہے مقلد ہو یا غیر مقلد۔

مسلمانو! یہ کیسی دین داری اور کیسی اسلام کی تابعداری ہے یاد رکھو کہ کسی بد دین کے پیچھے نماز درست نہیں اور فاسق معلن کے پیچھے درست تو ہے لیکن کراہت تحریمی کے ساتھ۔ خواہ وہ امام زنا میں شہرت رکھتا ہو (اور حقیقت میں زنا کا اثبات از بس دشوار ہے) یا داڑھی حد شرعی تک نہ پہنچنے دیتا ہو یعنی ایک قبضے کے اندر اندر کترواتا ہو یا سرے سے منڈاتا ہو۔ یا دیگر محرمات شرعیہ کو علی الاعلان کرتا ہو۔ ہر صورت میں اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوگی۔ پس مجیب لبیب نے جو کچھ

صورت مستفسرہ کے جواب میں تحریر فرمایا وہ بجااور حکم شریعت مطہرہ ہے۔ اگر واقعی امام کی یہ حالت ہے تو مقتدیوں کو چاہئے کہ دوسرا امام مقرر کرلیں۔ اس کے پیچھے ہرگز نماز نہ پڑھیں جو کوئی اس کو امام بنائے گا وہ گنہگار ہوگا۔ اگر خدانخواستہ سب کے سب قراءت مایجوز بہ الصلاۃ پر قادر نہ ہوں تو جب تک دوسرا امام نہ ملے اسی امام کے پیچھے پڑھا کریں۔ مگر دوسرے کی تلاش سے غافل نہ ہوجائیں۔ اور اگر اسی امام کو ہادی حقیقی ہدایت بخشے اور یہ توبۂ نصوح کرلے اور پھر اس کار شنیع، فعل قبیح کا کبھی ارتکاب نہ کرے اور لوگوں کا اس کی توبہ پر اعتماد کلی ہوجائے تو کیا کہنا۔ اسی کو برقرار رکھیں اور بلاتردد اس کا اقتدا کیا کریں۔

میرے سنی بھائیو! اپنے خیر خواہ کی عرض سنو!

نماز جیسے مہتم بالشان امر کو عمدہ طور سے بجالاؤ۔ وضو کو جو نماز کی شرط اور اس کا موقوف علیہ ہے اچھی طرح سے کیا کرو۔ نماز کے ارکان نہایت اطمینان سے بجالاؤ۔ واجبات کو مثل قومہ وجلسہ کے بفراغت ادا کرو۔ جماعت سے مساجد کو زینت دو۔ امام ایسا بناؤ کہ عقائد اہل سنت وجماعت میں پختہ ہو۔ نیکوکار دین دار ہو قراءت جانتا حروف کو مخارج سے ادا کرتا ہو مسائل صلاۃ پر آگاہ اور لوگوں میں اس کی وقعت وعزت ہو۔ میرا خیال یہ ہے کہ کلام الٰہی کی طرف بے توجہی اس کی بے قدری احکام صوم وصلاۃ وغیرہا ضروریات دینی سے بے خبری جیسی آج کل ہو رہی ہے شاید کسی وقت میں نہ ہوئی ہوگی۔ ہائے ہوز وحائے حطی دونوں کو ایک کردیا۔ سین وصاد کا فرق اڑایا۔ تا کو طا سے ملایا ضاد کو ظا بنایا۔ چاہے نماز صحیح ہو یا فاسد اس سے نہ غرض نہ مطلب۔ اگر صرف وضو ونماز کے فرائض وواجبات کو دریافت کیا جائے تو سوائے لاادری کے اور کوئی جواب نہ ملے۔ للہ کلام مجید کو صحیح صحیح پڑھو اور اپنی اولاد ودیگر متعلقین کو صحت کے ساتھ

